وضوء کے مسائل
کا انسائیکلوپیڈیا
حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق
جلد دوم
ش-ے
مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
بیت العمار کراچی

وضو

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

(حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق)

مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
دار الافتاء جامعة العلوم الاسلامية
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

(جلد دوم)

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: پنجم ۱۴۴۲-۲۰۲۰

ای میل: baitulammar2004@gmail.com
qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

ملنے کے پتے

ملک بھر کے مشہور کتب

خانوں میں دستیاب ہیں

ناشر

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔ ۷۴۴۰۰

0333-3136872, 0302-2205466

0333-3845224

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر
قیامت کے دن امت کی پہچان کیسے ہوگی	۱۲۲
قے	۱۲۲
قے بچہ کرے	۱۲۳
قے سے وضو ٹوٹنے کا راز	۱۲۳
قے منہ بھر کر ہو تو ناپاک ہے	۱۲۳
قے میں بلغم خارج ہوا	۱۲۴
قے میں پاک چیز نکلے	۱۲۴
قے میں خون آئے	۱۲۴
قے میں کیڑا نکلے	۱۲۵
﴿ک﴾	
کاغذ	۱۲۶
کاغذ پر آیت لکھی ہوئی ہو	۱۲۶
کاغذ پر بے وضو قرآن لکھنا	۱۲۶
کافر پہلے کلی کرتا ہے پھر ہاتھ دھوتا ہے	۱۲۶
کافر کا جھوٹا پانی	۱۲۷
کافر کے گھر سے پانی لے کر وضو کرنا	۱۲۷
کافر نے پانی میں ہاتھ ڈال دیا	۱۲۷
کافر ہو گیا	۱۲۸

صفحہ نمبر	عنوان
	«گ»
۱۶۲	گردن کا مسح
۱۶۳	گرم پانی سے وضو کرنا
۱۶۵	گرم پانی کا انتظام ہے تو تیمم کرنا
۱۶۶	گرمی دانہ
۱۶۷	گرمی کے موسم میں ڈھیلہ کیسے استعمال کرے
۱۶۷	گلوکوز چڑھوانا
۱۶۸	گلے کے مسح کا حکم
۱۶۸	گناہ دھل جاتے ہیں
۱۶۹	گناہ دھونے والی چیز
۱۶۹	گناہ کا کام
۱۷۰	گناہ معاف
۱۷۰	گناہ نکل جاتے ہیں
۱۷۰	گناہوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے
۱۷۱	گناہوں کی معافی کے طریقے
۱۷۱	گنجا
۱۷۱	گندگی خارج ہونے کے بعد
۱۷۱	گندی نالیوں کے پانی کو سائنسی طریقہ سے صاف کیا

عنوان	صفحہ نمبر

﴿......شک......﴾

شبہ ہوجائے

☆ اگر وضو مکمل کرنے کے بعد کسی عضو کو نہ دھونے کے بارے میں شبہ ہوجائے لیکن وہ عضو متعین نہ ہو تو ایسی صورت میں شک دور کرنے کے لئے بائیں پیر کو دھولے۔

☆ اور اگر وضو کے دوران کسی عضو کو نہ دھونے کے بارے میں شبہ ہو، اور وہ متعین نہ ہو، تو ایسی حالت میں آخری عضو کو دوبارہ دھولے، مثلاً کہنیوں تک ہاتھ دھونے کے بعد یہ شبہ ہو کہ کسی عضو کو دھویا نہیں تو منہ دھوڈالے، اور اگر پیر دھوتے وقت یہ شبہ ہوجائے تو ہاتھ دھوڈالے، اور یہ اس وقت ہے کہ کبھی کبھار شبہ ہوتا ہو، اور اگر کسی کو اکثر وبیشتر اس قسم کا شبہ ہوتا ہو، اس کو چاہئے کہ اس شبہ کی طرف خیال نہ کرے اور اپنے وضو کو کامل سمجھے۔[1]

---

(۱) شک في بعض وضوئه أعاد ما شک فيه لو في خلاله ولم يکن الشک عادة له والا لا، ولو علم أنه لم يغسل عضوا وشک في تعيينه غسل رجله اليسرى لأنه آخر العمل . وفي الرد: (قوله:شک في بعض وضوئه) أي شک في ترک عضو من أعضائه (قوله: والا لا) أي وان لم يکن في خلاله بل کان بعد الفراغ منه وان کان أول ما عرض له الشک أو کان الشک عادة له ، وان کان في خلاله فلا يعيد شيئا قطعا للوسوسة عنه کما في التاتارخانية وغيرها. (قوله : غسل رجله اليسرى) قال في الفتح ولا يخفی أنّ المراد إذا کان الشک بعد الفراغ: وقياسه أنّه لو کان في أثناء الوضوء يغسل الأخير کما إذا علم أنّه لم يغسل رجليه عينا وعلم أنه ترک فرضًا مما قبلهما وشک في أنه ما هو يمسح رأسه . والفرق بين هذه والمسئلة التي قبلها أنه لايتيقن بترک شئ هناک أصلاً . (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة ، (۱/ ۱۵۰) ط:سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، کتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في مسائل الشک ، (۱/ ۱۴۳) ط:ادارة القرآن.

☆ الفتاوى الهندية، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس ، (۱/ ۱۳) ط:رشيدية.

شراب

☆شراب ناپاک ہے، تمام گناہوں کی ماں ہے، اس پینا ناجائز اور حرام ہے، اس سے بچنا ہر مسلمان مرد وعورت پر لازم ہے۔ [۱]

ورنہ آخرت میں سخت عذاب ہوگا جسے برداشت کرنا ممکن نہیں ہوگا [۲]
تاہم اگر کسی نے وضو کرنے کے بعد شراب پی لی، اور نشہ نہیں ہوا تو وضو نہیں ٹوٹے

---

(۱) يٰأيها الذين امنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون . [سورة المائدة : ۹۰]

☆ عن شعبه ، عن سعيد بن إبراهيم عن أبيه أنه سمع عثمان رضي الله عنه يخطب فذكر الخمر ، فقال : هي مجمع الخبائث أو أم الخبائث ، ثم انشا يحدث عن بني اسرائيل ، فقال : إنّ رجلاً خيّر بين أن يقتل صبيا ، أو يمحو كتابا أو يشرب خمرًا ، فاختار الخمر ، فما برح حتى فعلن كلهن . (مصنف ابن ابي شيبة : (۹۷/۵) رقم الحديث : ۲۳۰۶۸ ، كتاب الأشربة في الخمر وماجاء فيها ، ط: مكتبة الرشد ، الرياض)

☆ سنن النسائي : (۳۳۰/۲) كتاب الأشربة ، ذكر الآثام المتولدة عن شرب الخمر ..... الخ ، ط: قديمي .

☆ وعن ابن عباس رضي الله عنهما ، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : إنّ الله تعالىٰ حرم الخمر والميسر والكوبة وقال : كل مسكر حرام . (مشكوة المصابيح : (ص: ۳۸۵) كتاب اللباس ، باب التصاوير ، الفصل الثاني ، ط: قديمي)

(۲) . قال عبدالله بن عمر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :من شرب الخمر لم يقبل الله له صلاة أربعين صباحا فان تاب تاب الله عليه فان عاد لم يقبل الله له صلاة أربعين صباحا فان تاب تاب الله عليه فان عاد في الرابعة لم يقبل الله له صلاة أربعين صباحاً فان تاب لم يتب الله عليه وسقاه من نهر الخبال. (سنن الترمذي، كتاب الأشربة، باب شارب الخمر ، (۸/۲) ط:قديمي)

☆ سنن النسائي، كتاب الأشربة، توبة شارب الخمر ، (۳۳۱/۲) ط:قديمي .

☆ مشكاة المصابيح، كتاب الحدود، باب بيان الخمر ووعيد شاربها ، (۳۱۷/۲) ط:قديمي

گا،[1] البتہ منہ ناپاک ہو جائے گا، نماز سے پہلے کلی کر کے منہ کو پاک کرنا لازم ہوگا ورنہ نماز نہیں ہوگی۔ [2]

☆ ہمیشہ شراب پینے والے کے بدن سے پسینہ نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ [3]

شرابی کا پسینہ

ہمیشہ شراب پینے والے کے بدن سے پسینہ نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ [4]

ومنها الاغماء والجنون والغشى والسكر ...... وحد السكر فى هذا الباب ان لايعرف الرجل من المرأة عند بعض المشايخ وهو اختيار صدر الشهيد والصحيح ما نقل عن شمس الائمة الحلوانى انه اذا دخل فى بعض مشيته تحرك ، كذا فى الذخيرة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس ، (۱/۱۲) ط: رشيدية)

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثانى، نوع آخر فى النوم والغشى والجنون، (۱/۱۳۸) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

رد المحتار، كتاب الطهارة ، (۱/۱۴۴) ط: سعيد

كل ما يخرج من بدن الانسان مما يوجب خروجه الوضوء والغسل فهو مغلظ كالغائط والبول وكذلك الخمر. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل السابع ، (۱/۴۶) ط: رشيديه)

الفتاوى التاتارخانية ، كتاب الطهارة، الفصل السابع، النوع الثاني ، (۱/۲۹۸) ط: ادارة القرآن

البحر الرائق ، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (۱/۲۳۰) ط: سعيد

والا لا وكدمع وعرق وفى الرد: اى بلا علة . ((رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۵) ط: سعيد)

العلة للنقض هى النجاسة بشرط الخروج. (البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۱/۳۰) ط: سعيد)

رد المحتار كتاب الطهارة، مطلب فى نواقض الوضوء ، (۱/۱۳۵) ط: سعيد

تبيين الحقائق ، كتاب الطهارة ، (۱/۴۵) ط: سعيد

انظر الهامش السابق ، رقم : ۳ .

شربت

شربت سے وضو، غسل درست نہیں ہے۔ (۱)

شرمگاہ

☆اگر عورت نے اپنی انگلی یا روئی وغیرہ شرمگاہ میں ڈالی اور تر نکلی تو وضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں۔ (۲)

☆شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا جبکہ مذی نہ نکلی ہو، اور اگر مذی نکلی ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۳)

---

(۱) (و) لا (بمعتصرنبات) أي معتصر من شجر أو ثمر لأنه مقيد. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱۸۰/۱) ط:سعيد)

ـ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع، نوع آخر في بيان المياه التي لا يجوز الوضوء بها على الوفاق وعلى الخلاف، (۲۰۷/۱) ط:ادارة القرآن

ـ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۲۱/۱) ط:رشيدية

(۲) مس ذكره أو ذكر غيره ليس بحدث عندنا كذا في الزاد. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۳/۱) ط:رشيدية)

ـ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، نوع آخر من هذا الفصل، (۱۴۳/۱) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

ـ تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، (۵۸/۱) ط:سعيد

(۳) وكذلك المرأة إذا وضعت اصبعها، أو قطنة، ونحوها في قبلها فإن خرج مبتلاً انتقض الوضوء، وإلا فلا. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۸۹/۱) كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، مبحث نواقض الوضوء، ط: المكتبة الحقيقية)

ـ وفي الظهيرية: المرأة لو أدخلت إصبعها في فرجها ينتقض وضوؤها، لأنّه لا يخلو عن البلة. (الفتاوى التاتارخانية: (۲۳۰/۱) كتاب الطهارة، الفصل الثاني في مايوجب الوضوء، ط: مكتبه فاروقيه)

ـ تبيين الحقائق: (۸/۱) كتاب الطهارة، ط: امداديه ملتان.

ـ المذي ينقض الوضوء. (الفتاوى الهندية: (۱۰/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، ط: رشيديه) =

☆اگر کوئی شخص وضو کر کے اپنی بیوی کے ساتھ ایک ہی پلنگ یا بیڈ وغیرہ پر لیٹ گیا، اور دونوں ننگے تھے، اور ایک کا وجود دوسرے سے لگ گیا تو دونوں میں سے کسی کا وضو نہیں ٹوٹے گا، بشرطیکہ مذی وغیرہ خارج نہ ہوئی ہو، اور دونوں کی شرمگاہیں آپس میں نہ لگی ہوں، ایسی صورت میں اگر مرد کے عضو میں ایستادگی ہوئی اور دونوں کے درمیان بدن کی حرارت کے احساس سے مانع ہونے والی کوئی چیز حائل نہیں تھی تو مرد کا وضو ٹوٹ جائے گا لیکن عورت کا وضو محض شرمگاہوں کے آپس میں ملنے ہی ٹوٹ جائے گا۔

☆اگر دو عورتیں برہنہ حالت میں اکٹھی لیٹیں اور ان کی شرمگاہیں آپس میں مل گئیں تو دونوں کا وضو ٹوٹ جائے گا لیکن دو عورتوں کا برہنہ ہو کر لیٹنا ناجائز اور حرام ہے۔

دو بالغ آدمیوں کی شرمگاہیں آپس میں مل جائیں خواہ دونوں مرد ہوں یا عورتیں یا ایک مرد اور دوسری عورت تو وضو ٹوٹ جائے گا، ہاں اگر درمیان میں کوئی ایسی چیز حائل ہو جس کی وجہ سے ایک کو دوسرے کے جسم کی حرارت محسوس نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

☆مرد و عورت کے عضو مخصوص کو شرمگاہ کہا جاتا ہے، شہوت کے وقت مرد کے عضو مخصوص میں قدرتی طور پر اُبھار پیدا ہو جاتا ہے، اسے انتشار کہتے ہیں، اس انتشار کی حالت میں اگر دونوں کی شرمگاہیں آپس میں مل جائیں اور درمیان میں کوئی

= ☆ المحيط البرهاني : (١/١٨١) كتاب الطهارات ، الفصل الثاني في بيان مايوجب الوضوء ، ط: إدارة القرآن .

☆ الفتاوى التاتارخانية : (١/٢٣٢) كتاب الطهارة ، الفصل الثاني في مايوجب الوضوء ، ط: مكتبة الفاروقية .

☆ وفي المغني لابن قدامة : المذي ينقض الوضوء وهو مايخرج لزجا متسببا عند الشهوة فيكون على رأس الذكر . (عمدة القاري : (٢/٢١٦) كتاب العلم ، باب من استحيا فأمر غيره بالسؤال ، ط: دار إحياء التراث العربي)

چیز کپڑا وغیرہ حائل نہ ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا، چاہے مذی وغیرہ نکلے یا نہ نکلے اور یہ ملنا دو عورتوں کے درمیان ہو، خواہ دو مردوں کے درمیان، یا ایک مرد اور ایک عورت کے درمیان سب کا حکم ایک ہے۔[1]

☆ مزید ''خاص حصہ'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔

۱: (ومباشرة فاحشة) بتماس الفرجين ولو بين المرأتين والرجلين مع الانتشار (للجانبين) المباشر والمباشر ولو بلا بلل على المعتمد.

وفي الرد: (قوله: بتماس الفرجين) أي من غير حائل من جهة القبل أو الدبر، شرح المنية ... (قوله: مع الانتشار) هذا في حق نقض وضوئه لا وضوئها فانه لا يشترط في نقضه انتشار آلة الرجل، منية --- (قوله: للجانبين) فينتقض وضوء المرأة ......(قوله: على المعتمد) وهو قولهما لأنها لا تخلو عن خروج مذي غالبا وهو كالمتحقق في مقام وجوب الاحتياط اقامة للسبب الظاهر مقام الأمر الباطن، وقال محمد لا تنقض ما لم يظهر شيئ وصححه في الحقائق ورده في البحر والنهر ......

ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۳۶/۱) ط:سعيد

۲: ومنها المباشرة الفاحشة، اذا باشر امرأته مباشرة فاحشة بتجرد وانتشار وملاقاة الفرج بالفرج فعليه الوضوء في قول ابي حنيفة و ابي يوسف رحمهما الله تعالى استحسانا......

(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۳/۱) ط:رشيدية)

۳: البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۴۲/۱) ط:سعيد

۴: عن ابي ريحانة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حرم عشرًا: الوشر، والوشم، والنتف، ومكامعة الرجل الرجل بغير شعار، ومكامعة المرأة المرأة بغير شعار، والحرير أن تصنعوه من اسفل ثيابكم كما يصنع العجم، والنمر، والنهبة، والخاتم إلاّ لذي سلطان. (المعتصر من المختصر: (۳۲۱/۲) كتاب جامع مما ليس في الموطا، في الخصال المنهي عنها، ط: عالم الكتب بيروت)

۵: قوله: (وعن مكامعة الرجل الرجل بغير شعار) ...... أي مضاجعة الرجل صاحبه في ثوب واحد لاحاجز بينهما بمعنى بأن يكونا عاريين، والظاهر الإطلاق. ويحتمل أن يكون النهي مقيدًا بما إذا لم يكونا ساتري العورة وكذا قوله: ومكامعة المرأة المرأة بغير شعار. (مرقاة المفاتيح: (۲۲۷/۸) رقم الحديث: ۴۳۵۵، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ط: دار الكتب العلمية)

وأما المضاجعة: فلايجوز أن يجتمع رجل وامرأة غير زوجته في مضجع واحد، لا متجردين، ولا غير متجردين، ولايجوز أن أن يجتمع رجلان ولا امرأتان في مضجع واحد، وقد نهى عن =

☆ مرد یا عورت اپنے خاص حصہ میں پچکاری یا کسی اور طریقہ سے تیل یا کوئی دواء، یا پانی ڈالیں اور وہ باہر نکل آئے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا کیونکہ خاص حصہ میں نجاست نہیں رہتی، اس لئے تیل اور دواء وغیرہ ناپاک ہو کر نکلنے کا احتمال نہیں ہوتا۔ [1]

☆ اگر کوئی مرد یا عورت اپنے خاص حصہ میں کوئی چیز مثلاً روئی، کپڑا وغیرہ رکھ لیں، اور ناپاکی اندر سے نکل کر اس روئی یا کپڑے کو گیلا کر دے تو وضو نہیں ٹوٹے گا، بشرطیکہ روئی اور کپڑے کی باہر کی جانب اس نجاست کا کچھ اثر نہ ہو یا وہ روئی یا کپڑا اس خاص حصہ میں اس طرح رکھا ہو کہ باہر سے نظر نہ آئے۔

مثال: ① کسی مرد نے اپنے خاص حصہ میں روئی رکھ لی اور پیشاب یا منی نے اپنے خاص مقام سے آ کر اس روئی کو گیلا کر دیا، مگر اس روئی کا وہ حصہ جو باہر سے دکھائی دیتا ہے گیلا نہیں ہوا یا وہ روئی اس خاص حصہ میں ایسی چھپی ہوئی ہے کہ باہر سے بالکل نظر نہیں آتی، تو اس صورت میں اگر پوری روئی گیلی ہو جائے تب بھی اس مرد کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔

مثال: ② کسی عورت نے اپنے خاص حصہ میں روئی یا کپڑا رکھ لیا اور پیشاب یا حیض نے اپنے خاص مقام سے آ کر اس روئی یا کپڑے کو تر کر دیا مگر روئی یا

= المكامعة أو المكاعمة ومعناها التي لاستر بينهما، وقد حرم الشافعية تلك المضاجعة بين رجلين أو امرأتين عاريين في ثوب واحد. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۳/ ۲۶۶۰) الباب السابع الحظر والإباحة، المبحث الرابع: الوطء والنظر واللمس ...... الخ، ثالثاً: اللمس، ط: دار الفكر دمشق)

[1] اذا اقطر في احليله ثم خرج لا ينقض كما في الصوم، كذا في الظهيرية.
الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة. الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۰) ط: رشيدية

[2] وان اقطر الدهن في احليله فعاد فلا وضوء عليه عند أبي حنيفة خلافا لهما ...... وذلك لأنه لم يستتبع شيئا من النجاسة اذ ليس في قصبة الذكر نجاسة.
(حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۱۲۶) ط: سهيل اكيڈمي)

[3] البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۳۰) ط: سعيد

کپڑے کا وہ حصہ جو باہر سے دکھلائی دیتا ہے تر نہیں ہوا یا وہ روئی اور کپڑا اس خاص حصہ میں ایسا چھپ گیا کہ باہر سے نظر نہیں آتا تو اس صورت میں اگر پوری روئی یا کپڑا اتر جائے تب بھی اس عورت کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

☆ اگر دو شخص اپنے خاص حصوں کو ملا دیں مگر درمیان میں ایسا موٹا کپڑا وغیرہ حائل ہے جس کی وجہ سے ایک کو دوسرے کے جسم کی گرمی محسوس نہیں ہوتی تو وضو نہیں ٹوٹے گا، خواہ دونوں مرد ہوں یا دونوں عورتیں یا ایک عورت دوسرا مرد، بالغ ہوں یا نابالغ۔ (۲) تاہم بیوی کے علاوہ کسی اور سے اس طرح ملنا ناجائز و حرام ہے۔

شرمگاہ پر تری دیکھی

کسی نے وضو کرنے کے بعد اپنی شرمگاہ پر تری دیکھی جو بہہ رہی تھی تو اس کا وضو ٹوٹ گیا وہ دوبارہ وضو کرے، اور اگر اس کو معلوم نہ ہو کہ وہ کیا ہے؟ یعنی صرف وہم سا ہو، حقیقت کچھ نہ ہو تو توجہ نہ دے اور شیطانی وسوسہ سمجھ کر نظر انداز کر دے۔

(۱) (كما) ينقض (لو حشا احليله بقطنة و ابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالية او محاذية لرأس الاحليل وان متسفلة عنه لا ينقض. وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل (وان ابتل) الطرف (الداخل لا) ينقض ولو سقطت فان رطبة انتقض والا لا.

(ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۴۹-۱۴۸) ط:سعيد)

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰) ط:سعيد

ﷺ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (۱/۱۲۱) ط:ادارة القرآن

(۲) انظر رقم الهامش : ۳.

ﷺ فرع: لو شك في السائل من ذكره اماء هو ام بول ان قرب عهده بالماء او تكرر مضى والا اعاده بخلاف ما لو غلب على ظنه انه احدهما، فتح.

ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۵۱) ط:سعيد

ﷺ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في مسائل الشك، (۱/۱۳۶) ط:ادارة القرآن

ﷺ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۱/۲۵) ط:سعيد

شرمگاہ پرنمی دیکھی

☆ اگر وضو یا غسل سے فارغ ہونے کے بعد اپنی شرمگاہ پرنمی دیکھی، لیکن اس کومعلوم نہیں ہے کہ یہ پانی ہے یا پیشاب ہے، تو اس کو دوبارہ وضو کرنا چاہئے۔ (۱)

☆ اور اگر نماز پڑھتے ہوئے یہ صورت پیش آئی ہے مگر خود اس کو نجاست کا یقین نہیں ہے تو اس کو چاہئے کہ نماز پڑھتا چلا جائے، تری کی طرف بالکل دھیان نہ دے، ہاں اگر پیشاب ہونے کا یقین ہو تو وضو کر کے نماز کو یا تو بناء کرے یا شروع سے پڑھے۔ (۲)

(کما) ینقض (لو حشا احلیله بقطنة و ابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالیة او محاذیة لرأس الاحلیل وان متسفلة عنه لا ینقض. وکذا الحکم فی الدبر والفرج الداخل (وان ابتل الطرف (الداخل لا) ینقض ولو سقطت فان رطبة انتقض والا لا.

(ردالمحتار، کتاب الطهارة، (۱/۱۳۹–۱۳۸) ط:سعید)

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۳۰) ط:سعید

الفتاوی التتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثاني في بیان ما یوجب الوضوء، (۱/۱۲۱) ط:ادارة القرآن

(۲) انظر رقم الهامش : ۳.

فرع: لو شک فی السائل من ذکره أماء هو ام بول ان قرب عهده بالماء او تکرر مضی والا اعاده بخلاف ما لو غلب علی ظنه انه احدهما، فتح.

ردالمحتار، کتاب الطهارة، (۱/۱۵۱) ط:سعید

الفتاوی التتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في مسائل الشک، (۱/۱۲۶) ط:ادارة القرآن

بدائع الصنائع، کتاب الطهارة، (۱/۲۵) ط:سعید(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان "شرمگاہ پر تری دیکھی"

ومن شک فی الحدث فهو علی وضوئه ولو کان محدثا فشک فی الطهارة فهو علی حدثه. خلاصة الفتاوی، الفصل الثالث فی الوضوء، (۱/۱۸) ط:قدیمی

ولو ایقن بالطهارة وشک بالحدث او بالعکس اخذ بالیقین. (الدر المختار مع الرد، کتاب الطهارة، نواقض الوضوء، (۱/۱۵۰) ط:سعید) =

اور ایسے شخص کے وسوسہ کا علاج یہ ہے کہ وہ استنجاء کے بعد پانی لے کر شرمگاہ پر چھڑک دے، تا کہ اگر تری نظر آئے تو اسے اطمینان ہو کہ یہ وہی پانی ہے جو اس نے خود چھڑکا تھا۔ (۱)

شرمگاہ کا حال تھن کا سا ہے

"استنجاء میں وسوسہ آئے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۷/۱)

شرمگاہ کی طرف دیکھنا

پاخانہ، پیشاب کرتے ہوئے بلاضرورت شرمگاہ کی طرف نہ دیکھے۔ (۲)

شرمگاہ کے باہر کے حصہ پر انگلی لگائی

بعض دفعہ سیلان اور لیکوریا کی مریضہ عورت نماز یا تلاوت کے دوران کچھ وقفے سے کھال کے اندر انگلی سے چھو کر دیکھ لیا کرتی ہے کہ آیا پانی نکلا ہے یا نہیں تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۳)

= ☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۳/۱) ط:رشيدية

☜ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۲۵/۱) ط:سعيد

(۱) ولو عرض له شيطان كثيرا لايلتفت الى ذلك كما في الصلاة وينضح فرجه بماء حتى لو رأى بللا حمله على بلة الماء، هكذا في الظهيرية.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۴۹/۱) ط:رشيدية

☜ ويلبس سراويله ويرش فيه الماء أو يحشو بقطنة ان كان يريبه الشيطان.

ردالمحتار، كتاب الطهارة باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، (۳۴۶/۱) ط:سعيد

(۲) ولا ينظر لعورته الا لحاجة. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۴۳/۱) ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱) ط:رشيدية

☜ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، (۳۴۵/۱) ط.سعيد

(۳) عشرة أشياء لا تنقض الوضوء ...... ومنها مس ذكر و دبر و فرج مطلقًا.

(قوله: مطلقًا) ولو من غير الماس، ولو كان الممسوس مشتهى، وسواء كان المس بباطن الكف، =

البتہ اگر آگے کول سوراخ کے اندر انگلی داخل کی تو وضوٹوٹ جائے گا، اس لئے کہ انگلی کے ساتھ اندرونی نجاست بھی باہر آئے گی اور اس سے وضوٹوٹ جائے گا۔[1]

شرمگاہ میں انگلی داخل کی

☆ اگر کسی نے اپنی بیوی کی شرمگاہ میں انگلی داخل کی تو عورت کا وضوٹوٹ گیا، خواہ انگلی پر کپڑا ہو یا نہ ہو، اس لئے کہ جب انگلی نکلے گی تو اس پر نجاست ضرور لگی ہوگی، اور نجاست نکلنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے، البتہ اگر انگلی فرج داخل میں یعنی گول

= او بغیره بشهوة أو لا . (حاشية الطحطاوي على المراقي : (ص: ۹۳) كتاب الطهارة ،فصل : عشرة أشياء لاتنقض الوضوء ، ط: قديمي)

قال الحنفية: لاينقض الوضوء بمس الفرج والذكر. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۱/ ۳۳۱) الباب الأول الطهارات، الفصل الرابع الوضوء ومايتبعه، مس الفرج القبل أو الدبر، ط: دار الفكر، دمشق)

.. مس ذكره أو ذكر غيره ليس بحدث عندنا كذا في الزاد.

(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس ، (۱/ ۱۳) ط:رشيدية)

. الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، نوع آخر من هذاالفصل ، (۱/ ۱۴۳) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

.. تبيين الحقائق، كتاب الطهارة ، (۱/ ۵۸) ط:سعيد

(۱) والا لا وكذا لو ادخل اصبعه في دبره ولم يغيبها فان غيبها او ادخلها عند الاستنجاء بطل وضوءه وصومه.

وفي الرد: (قوله: ولم يغيبها) لكن الصحيح أنه تعتبر البلة أو الرائحة، ذكره في المنتقى لأنه ليس بداخل من كل وجه ولهذا لايفسد صومه فلا ينتقض وضوءه اهـ حلبة عن شارح الجامع لقاضيخان فاذا وجدت البلة أو الرائحة ينقض وفي المنية: وان أدخل المحقنة ثم أخرجها وان لم يكن عليها بلة لم ينقض والأحوط ان يتوضأ اهـ وفي شرحها : وكذا كل شيء يدخله و طرفه خارج غير الذكر. (الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة ، (۱/ ۱۳۹) ط:سعيد)

. الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس ، (۱/ ۱۰) ط: رشيدية

.. الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في الاحتقان وغيره ، (۱/ ۱۲۸) ط:ادارة القرآن

سوراخ کے اندر نہیں گئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[1]

شرمگاہ میں انگلی ڈال لے

''مقعد میں انگلی ڈالی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۲/۲)

شرمگاہ میں روئی ڈال لے

☆ اگر عورت شرمگاہ میں روئی ڈال لے، اور روئی اس مقام سے ابھری ہوئی باہر ہے، یا کم از کم برابر کی سطح میں ہے، اور تری روئی کے اوپر آ گئی ہے، تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

اور اگر روئی کے اوپر کا حصہ تر نہیں ہوا صرف اندر کا حصہ تر ہوا ہے، تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اور اگر روئی سوراخ کے سرے سے اندر کی طرف ہے، تو اس صورت میں روئی تر ہونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ اس صورت میں نکلنا نہیں پایا گیا۔

☆ اور اگر روئی سوراخ سے نکل کر گر گئی، تو اگر وہ تر ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر خشک ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[2]

---

(۱) ولي الظهيرية: المرأة لو أدخلت إصبعها في فرجها ينتقض وضوؤها؛ لأنه لايخلو عن البلة. (الفتاوى التاتارخانية: (۲۳۰/۱) كتاب الطهارة، الفصل الثاني في مايوجب الوضوء، ط: مكتبه فاروقيه)

(۲) ولو أدخلت في فرجها أو دبرها بيدها أو شيئاً آخر ينتقض وضوءها إذا أخرجته؛ لأنه يستصحب النجاسة. (تبيين الحقائق: (۸/۱) كتاب الطهارة، ط: امداديه ملتان)

فتح القدير: (۳۳/۱) كتاب الطهارة، فصل في نواقض الوضوء، ط: رشيديه

(كما) ينقض (لو حشا إحليله بقطنة وابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالية أو محاذية لرأس الإحليل. وإن متسفلة عنه لا ينقض، وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل (وإن ابتلّ) الطرف (الداخل لا) ينقض ولو سقطت، فإن رطبة انتقض وإلا لا. (الدر مع الرد: (۱۴۸/۱، ۱۴۹) كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه، ط: سعيد)=

شرمگاہ میں روئی رکھ دی

''خاص حصہ میں کپڑا رکھ دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۹/۱)

شرمگاہ میں کپڑا رکھ دیا

''خاص حصہ میں کپڑا رکھ دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۹/۱)

شروع میں ہاتھ دھونا

وضو کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ شروع میں دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا جائے، مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وضو کا پانی لایا گیا، آپ نے دونوں ہتھیلیوں کو (اولاً) دھویا۔[1]

شریعت کے حکم پر جان بھی قربان

ایک مرتبہ صحابہ کرامؓ جہاد کی غرض سے سفر میں تھے ان میں سے ایک صاحب کے سر پر دشمنوں کی طرف سے پتھر آ کر اس زور سے لگا کہ سر پھٹ گیا، اس کے بعد غسل کی حاجت ہوئی تو ساتھیوں سے مسئلہ پوچھا کہ ایسی حالت میں تیمم جائز ہے یا

= البحر الرائق: (۳۰/۱) كتاب الطهارة، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: (۲٦/۱) كتاب الطهارة، فصل: بيان ما ينقض الوضوء، ط: سعيد.

(۱) عن عبد الرحمن بن ميسرة الحضرمي، قال: سمعت المقدام بن معديكرب الكندي قال: أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم بوضوء فتوضأ فغسل كفيه ثلاثا ... الحديث. (سنن أبي داود: (۲۸/۱) كتاب الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم، ط: رحمانيه)

المعجم الكبير للطبراني. (۲٦٦/۲۰) رقم الحديث: ٦٥۳، باب الميم، شريح بن عبيد الحضرمي، عن المقدام بن معديكرب، ط: مكتبه ابن تيميه، القاهرة

مسند أحمد. (۲۲٥/۲۸) رقم الحديث: ۱۷۱۸۸، مسند الشاميين، حديث المقدام بن معديكرب الكندي أبي كريمة، ط: مؤسسة الرسالة.

شک ہو گیا

اگر کسی کو وضو یا غسل کرنے کے بعد پیشاب نکلنے کا شک ہوا، لیکن غور سے دیکھنے کے بعد معلوم ہوا کہ کوئی چیز نہیں نکلی ہے تو شک کی بنا پر وضو نہیں ٹوٹے گا۔ دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اور اگر قطرہ نکلنے کا یقین ہوگا تو پھر وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

شمال کی طرف منہ کر کے پیشاب، پاخانہ کرنا

اگر جنوب و شمال کی جانب قبلہ نہیں ہے تو اس کی طرف منہ کر کے پیشاب و پاخانہ کرنا منع نہیں ہے۔ (۲)

---

(۱) ومن شک فی الحدث فهو علی وضوئه ولو کان محدثا فشک فی الطهارة فهو علی حدثه

خلاصة الفتاوی، الفصل الثالث فی الوضوء، (۱۸/۱) ط: قدیمی

: ولو ایقن بالطهارة وشک بالحدث أو بالعکس اخذ بالیقین.

الدر المختار مع الرد، کتاب الطهارة، نواقض الوضوء، (۱۵۰/۱) ط: سعید

: الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۳/۱) ط: رشیدیة

بدائع الصنائع، کتاب الطهارة، (۲۵/۱) ط: سعید

: (وینقضه خروج) کل خارج (نجس) .... (منه) أی من المتوضئ الحی معتادا أولا من السبیلین اولا (الی مایطهر) ثم المراد بالخروج من السبیلین مجرد الظهور.

وفی الرد: (قوله مجرد الظهور) أی الظهور المجرد عن السیلان فلو نزل البول الی قصبة الذکر لا ینقض لعدم ظهوره.

رد المحتار، کتاب الطهارة، (۱۳۵/۱-۱۳۴) ط: سعید

(وینقضه خروج نجس منه) افاد بقوله خروج نجس ان الناقض خروجه لا عینه. (البحر الرائق: (۲۹/۱) کتاب الطهارة. نواقض الوضوء، ط: سعید)

تبیین الحقائق: (۷/۱) نواقض الوضوء، ط: امدادیه ملتان

(۲) وقال الداودی: اختلف فی قوله: شرقوا او غربوا فقیل انما ذلک فی المدینة وما أشبهها کأهل شام والیمن وأما من کانت قبلته من جهة المشرق او المغرب فانه یتیامن أو یتشاءم. (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، کتاب الوضوء، باب لا تستقبل القبلة بغائط أو بول الخ، (۲۲۱/۲) ط. رشیدیة) =

شوربا

''شوربے'' سے وضو، غسل درست نہیں ہے۔ (۱)

شہادت کا ثواب

باوضو رہنے سے شہادت کا ثواب ملتا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بیٹے! اگر تم سے ہو سکے تو ہمیشہ باوضو رہا کرو، ملک الموت جب بندے کی روح قبض کرتے ہیں، تو اگر وہ باوضو ہوتا ہے تو شہادت اس کے لئے لکھتے ہیں۔ (۲)

شہادت کی موت

باوضو سونا سنت ہے، اور اس کی بڑی فضیلت ہے، موت آنے کی صورت میں

= فتح الباري شرح صحيح البخاري، كتاب الوضوء، باب لا تستقبل القبلة بغائط أو بول الخ، (۳۴۲/۱) ط: دار الكتب العلمية

(۱) (ولا) يجوز (بماء غلب عليه غيره فأخرجه عن طبع الماء كالأشربة والخل وماء الباقلاء والمرق وماء الورد وماء الزردج) لأنه لا يسمى ماء مطلقا والمراد بماء الباقلاء وغيره ما تغير بالطبخ فإن تغير بدون الطبخ يجوز التوضي به. (فتح القدير مع الهداية، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز، (۶۲/۱) ط: رشيدية)

= الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱۹۷/۱) ط: سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۶۹/۱) ط: سعيد

(۲) يا بني إن استطعت أن تكون أبدا على وضوء فافعل، فإن ملك الموت إذا قبض روح العبد وهو على وضوء كتب له شهادة، هب عن أنس (كنز العمال: (۲۹۳/۹) رقم الحديث: ۲۶۰۶۵، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني في الوضوء، الفصل الأول، النوع الثاني في فضائل الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة)

= المطالب العالية: (۴۷۳/۲) رقم الحديث: ۸۵، كتاب الطهارة، باب فضل إسباغ الوضوء وفضل الوضوء، ط: دار العاصمة، السعودية.

= مسند أبي يعلى: (۳۰۶/۶) رقم الحديث: ۳۶۲۴، مسند أنس بن مالك، شريك عن أنس، ط: دار المأمون، للتراث دمشق.

شہادت کا ثواب ملتا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت ہے کہ جو باوضو سوئے اور اسی رات انتقال ہو جائے تو شہید مرتا ہے (یعنی شہادت کا ثواب پاتا ہے)۔[۱]

شہد کی مکھی

"مچھر" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۹/۲)

شہید کا خون

شہید کے بدن پر جو خون ہوتا ہے وہ پاک ہے۔[۲]

شیاطین کے اڈے

بیت الخلاء شیاطین کے اڈے ہیں، جہاں وہ آتے جاتے ہیں، اور اس بات

عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من بات على طهارة ، ثم مات من ليلة مات شهيدا . (عمل اليوم والليلة لابن السني : (ص:٢٦٥) رقم الحديث : ٧٢٣ ، باب فضل من بات طاهرا ، ط: دار القبلة ، بيروت)

كنز العمال : (١٥/٣٣٧) رقم الحديث : ٤١٢٩٠ ، حرف الميم ، كتاب المعيشة والعادات من قسم الأقوال، الباب الرابع في معايش متفرقة الفصل الاول في النوم وآدابه وأذكاره ، ط: مؤسسة الرسالة .

۔ اتحاف السادة المتقين : (٢/٣٧٦) كتاب أسرار الطهارة ، باب آداب قضاء الحاجة ، فضيلة الوضوء ، ط: مؤسسة التاريخ العربي .

: وفي هذا الحديث ثلاث سنن مهمة مستحبة ليست بواجبة ، أحدها : الوضوء عند إرادة النوم . (شرح النووي على المسلم : (٢/٣٤٨) كتاب الذكر ، باب الدعاء عند النوم ، ط: قديمى)

(۲) (ودم) مسفوح من سائر الحيوانات الا دم شهيد ما دام عليه.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (١/٣١٩) ط:سعيد

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (١/٢٣٠) ط:سعيد

: طحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (١/٢١٩) ط:المكتبة الغوثية.

کا انتظار کرتے ہیں کہ کب کوئی شخص آئے اور وہ اس کو تکلیف پہنچائیں، اور اس کا نقصان کریں، کیونکہ بیت الخلاء ایک ایسی جگہ ہے جہاں نجاست اور غلاظت کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا اور انسان اپنا ستر کھول کر بیٹھ جاتا ہے، اور اللہ کا ذکر نہیں کر سکتا، اس لئے جنات اور شیاطین کی شرارت، خباثت اور تکلیف سے محفوظ رہنے کے لئے بیت الخلاء میں داخل ہونے کے وقت دروازے سے باہر یہ دعا پڑھ لینی چاہئے:

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ"[1]

شیر خوار بچے کا پیشاب

☆ دودھ پینے والے شیر خوار لڑکے یا لڑکی کا پیشاب بھی ناپاک ہے، اور یہ نجاست غلیظہ میں شامل ہے، لہٰذا اگر ایسا بچہ بھی کپڑے پر پیشاب کر دے تو اس کا دھونا ضروری ہے، اور اگر بدن پر لگ گیا تو بدن کو بھی دھو کر پاک کرنا ضروری ہے، اگر کپڑے اور بدن کو دھو کر پاک کئے بغیر نماز پڑھ لی تو نماز صحیح نہیں ہوگی، بدن اور کپڑے کو پاک کر کے نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہوگا، کیونکہ ناپاک بدن یا ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز نہیں ہوتی۔

☆ واضح رہے کہ بدن اور کپڑے کے اس حصے کو دھونا کافی ہے جس حصے پر پیشاب لگا ہے، باقی بدن اور کپڑے کو دھونا ضروری نہیں ہے۔

☆ چھوٹے لڑکے اور لڑکی نے کھانا شروع کیا ہو یا نہ کیا ہو، بہر صورت ان کا

---

(۱) عن زید بن ارقم رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : ان ھذہ الحشوش محتضرة فاذا اتی احدکم الخلاء فلیقل اعوذ باللہ من الخبث والخبائث.

سنن ابی داؤد، کتاب الطھارۃ، باب ما یقول الرجل اذا دخل الخلاء، (۱/۱۳) ط: رحمانیہ

☆ المستدرک علی الصحیحین، کتاب الطھارۃ، رقم الحدیث: ٦٦٨، (۱/۲۹۷) ط: دار الکتب العلمیۃ

☆ مسند احمد، حدیث زید بن ارقم، رقم الحدیث: ۱۹۳۰۵، (۴/۳۶۹) ط: عالم الکتاب

☆ مشکاۃ المصابیح، کتاب الطھارۃ، باب آداب الخلاء، الفصل الثانی، (۱/۴۳) ط: قدیمی

پیشاب نجاست غلیظہ ہے۔

☆ کپڑے پر پیشاب لگنے کی صورت میں پاک کرنے کے لئے اتنا کافی ہے کہ پیشاب کی جگہ اتنا پانی بہا دیا جائے کہ اتنے پانی سے وہ کپڑا تین مرتبہ بھیگ سکے۔ (۱)

شیرہ

''شیرہ'' سے وضو اور غسل درست نہیں۔ (۲)

شیشے کے برتن میں بھرے ہوئے پانی سے وضو کرنا

''برتن'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۲۳/۱)

---

(۱) كل ما يخرج من بدن الانسان مما يوجب خروجه الوضوء والغسل فهو مغلظ كالغائط والبول..... وكذلك بول الصغير والصغيرة أكلا أو لا ، كذا في الاختيار شرح المختار.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثاني ، (۴۶/۱) ط: رشيديه

(۲) الفتاوى التاتارخانية ، كتاب الطهارة، الفصل السابع ، (۲۸۷/۱) ط: ادارة القرآن

(۳) البحر الرائق ، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (۲۳۰/۱) ط: سعيد

(۴) غير المرئي من النجاسة يطهر بثلاث غسلات وبالعصر في كل مرة لأن التكرار لا بد منه للاستخراج ولا يقطع بزواله فاعتبر غالب الظن كما في أمر القبلة وانما قدروا بالثلاث لأن غالب الظن يحصل عنده فأقيم السبب الظاهر مقامه تيسيرا.

(۵) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (۲۳۷/۱) ط: سعيد

(۶) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس ، (۳۱۸/۱) ط: سعيد

(۷) الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول ، (۴۱/۱) ط: رشيدية

(۸) (و) لا (بعصير نبات) أي معتصر من شجر أو ثمر لأنه مقيد وكذا نبيذ التمر.

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ، (۱۸۰/۱–۱۸۱) ط: سعيد

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع، نوع آخر في بيان المياه التي لا يجوز الوضوء بها على الوفاق وعلى الخلاف . (۲۰۷/۱) ط ادارة القرآن

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني . (۲۱/۱) ط: رشيدية

شیطان بھاگتا ہے

شیطان مؤمن کا دشمن ہے، اور وضو مؤمن کا ہتھیار ہے، اور ہتھیار سے دشمن بھاگتا ہے اس لئے سنت کے مطابق وضو کرنے سے شیطان بھاگ جاتا ہے، غصہ کے وقت وضو کا حکم اس لئے دیا گیا ہے تاکہ شیطان بھاگ جائے اور غصہ کی تیزی ختم ہوجائے۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کامل وضو سے شیطان بھاگتا ہے۔[1]

شیطان کی سازش

عام طور پر شیطان وضو کے ٹوٹنے کا وسوسہ ڈال کر نماز خراب کرتا رہتا ہے، بسا اوقات معلوم ہوتا ہے کہ ہوا نکل گئی، یا پیشاب کا قطرہ نکل آیا تو ایسے وسوسہ پر دھیان نہ دے اور نماز نہ توڑے، ہاں علامتوں کے ذریعہ یقین ہوجائے، جسم کی ہیئت سے

---

۱. (وقال) عمر بن الخطاب رضي الله عنه (ان الوضوء الصالح) اي الكامل بالإسباغ والمبالغة (يطرد عنك الشيطان) لكونه سلاح المؤمن. (اتحاف السادة المتقين: (۲/ ۳۷۶) كتاب اسرار الطهارة، باب قضاء الحاجة، فضيلة الوضوء، ط: مؤسسة التاريخ العربي)

۲. ذكر ما يستفاد منه: فيه أن الذكر يطرد الشيطان، وكذا الوضوء والصلاة. (عمدة القاري: (۷/ ۱۹۳) كتاب التهجد، باب عقد الشيطان على قافية الرأس، ط: دار إحياء التراث العربي)

۳. التمهيد لما في الموطا من المعاني: (۱۹/ ۳۵) باب العين، تابع لحرف العين، تابع عبد الله بن ذكوان، حديث تاسع و أربعون لأبي الزناد، ط: وزارة عموم الأوقاف والشئون الإسلامية.

۴. عن عطية بن عروة السعدي قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الغضب من الشيطان وإن الشيطان خلق من النّار وإنّما يطفأ النار بالماء فإذا غضب أحدكم فليتوضأ. (مشكاة المصابيح: (ص: ۴۳۳) كتاب الآداب، باب الغضب والكبر، الفصل الثاني، ط: قديمى)

۵. ويستحب الوضوء عند الغضب. (شرح السنة للبغوي: (۱/ ۴۵۰) كتاب الطهارة، باب استحباب الوضوء لكل صلوة، ط: المكتب الإسلامي)

ہوا نکلنے کا علم اور احساس ہو جائے تب اس کا اعتبار کرے، ایسا بھی نہ ہو کہ علامتوں سے احساس ہو گیا کہ واقعۃً ہوا خارج ہوئی ہے، یا قطرہ نکلا ہے، پھر بھی اس کو وسوسہ سمجھے اور وضو نہ ہونے کے باوجود نماز پڑھتا رہے، ایسا بھی نہ کرے بلکہ یقین کی صورت میں وضو کر کے نماز میں شامل ہو جائے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ شیطان آدمی کی نماز میں نہایت ہی لطیف (باریک) طریقہ سے آتا ہے کہ اس کی نماز تڑوا دے، جب اس سے تھک جاتا ہے تو مقعد میں پھونک مارتا ہے، تم میں سے کسی کو اس کا وسوسہ آئے تو نماز نہ توڑے تاوقتیکہ آواز یا بو کا احساس نہ ہو جائے۔ (۱)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان نماز پڑھنے کی حالت میں تم میں سے کسی کے پاس آتا ہے، اور اس کے پاخانہ کی جگہ میں پھونکتا ہے، اور اسے وسوسہ ڈالتا ہے کہ تمہارا وضو ٹوٹ گیا، حالانکہ وضو نہیں ٹوٹتا، جب تم میں سے کسی کو ایسا وسوسہ آئے تو نماز نہ توڑے یہاں تک کہ اپنے

---

(۱) وعن عبد الله بن مسعود قال: إنّ الشيطان ليطيف بالرجل في صلاته ليقطع عليه صلاته فإذا أعياه نفخ في دبره، فإذا أحس أحدكم من ذلك شيئاً فلا ينصرف حتى يجد ريحًا أو يسمع صوتًا (مجمع الزوائد: (۲۴۲/۱) رقم الحديث: ۱۲۵۲، كتاب الطهارة، باب فيمن كان على طهارة وشك في الحدث، ط: مكتبة القدسي، القاهرة)

المعجم الكبير للطبراني: (۲۳۹/۹) رقم الحديث: ۹۲۳۱، باب العين، من اسمه عبد الله، عبد الله بن مسعود خطبة ابن مسعود ومن كلامه، ط: مكتبه ابن تيميه، القاهرة.

وليس السمع أو وجدان الريح شرطًا في ذلك، بل المراد حصول اليقين، وهذا الحديث الجليل أصل من أصول الإسلام، وقاعدة جليلة من قواعد الفقه، وهو أنه دل على أنّ الأشياء يحكم ببقائها على أصولها حتى يتيقن خلاف ذلك، وأنه لا أثر للشك الطارئ عليها، فمن حصل له ظن أو شك بأنه أحدث وهو على يقين من طهارته لم يضره ذلك حتى يحصل له اليقين، كما أفاده قوله: حتى يسمع صوتًا أو يجد ريحًا، فإنه علقه بحصول ما يحسه، وذكرهما تمثيل، وإلا فكذلك سائر النواقض كالمذي والودي. (سبل السلام: (۹۵/۱) كتاب الطهارة، باب نواقض الوضوء، مس الذكر وحكمه، ط: دار الحديث)

کان سے ہلکی آواز نہ سن لے یا اپنی ناک سے بوکا احساس نہ ہوجائے۔[1]

ان احادیث کا تعلق ان لوگوں سے ہے جن کو وہم، شک یا وسوسہ کی بیماری لاحق ہے، عام لوگوں کے ساتھ نہیں۔

شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے

وضو کے ساتھ رہنے سے آدمی شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے،[2] ہر وقت باوضو رہنا کامل مومن کے علاوہ کسی اور سے نہیں ہوسکتا۔[3]

---

[1] وعن ابن عباس رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم سئل عن الرجل يخيل إليه في صلاته أنه أحدث في صلاته ولم يحدث، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الشيطان يأتي أحدكم وهو في صلاته، حتى يفتح مقعده فيخيل إليه أنه أحدث ولم يحدث فإذا وجد أحدكم ذلك فلا ينصرف حتى يسمع صوت ذلك بأذنه أو يجد ذلك بأنفه. (مجمع الزوائد: (۲۴۲/۱) رقم الحديث: ۱۱۳۸، كتاب الطهارة، باب فيمن كان على طهارة و شك في الحدث، ط: مكتبة القدس، القاهرة)

= المعجم الكبير للطبراني: (۲۲۲/۱۱) رقم الحديث: ۱۱۵۵۶، باب العين، أحاديث عبد الله بن العباس بن عبد المطلب، ط: مكتبة ابن تيميه، القاهرة.

= كنز العمال: (۲۵۱/۱) رقم الحديث: ۱۲۶۹، حرف الهمزة، الكتاب الأول، الباب الثالث في لواحق الإيمان، الفصل الرابع: في الشيطان و وسوسته، ط: مؤسسة الرسالة.

[2] وقال عمر رضي الله عنه ان الوضوء الصالح يطرد عنك الشيطان. (احياء علوم الدين، كتاب أسرار الطهارة، القسم الثاني، فضيلة الوضوء، (۱۸۱/۱) ط: دار الحديث)

= ذكر ما يستفاد منه: فيه أن الذكر يطرد الشيطان و كذا الوضوء والصلاة. (عمدة القاري، كتاب التهجد، باب عقد الشيطان على قافية الرأس اذا لم يصل بالليل، (۲۸۲/۷) ط: رشيدية)

= فتح الباري، كتاب التهجد، باب عقد الشيطان على قافية الرأس اذا لم يصل بالليل، (۳۳/۳) ط: دار الكتب العلمية

= التمهيد لما في الموطأ من المعاني والأسانيد، باب العين، تابع حرف العين، تابع عبد الله بن ذكوان، حديث تاسع وأربعون لأبي الزناد، (۳۵/۱۹) ط: مؤسسة القرطبة

[3] عن ثوبان رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: استقيموا ولن تحصوا واعلموا أن خير أعمالكم الصلاة ولا يحافظ على الوضوء الا مؤمن، رواه مالك وأحمد =

شیطان ناک کے اندر رات گزارتا ہے

''ناک کے اندر شیطان رات گزارتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٢٧١/٢)

شیطان وضو کے دوران وسوسہ ڈالتا ہے

''وسوسہ ڈالتا ہے شیطان'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٢٩٦/٢)

شیطانی خواب سے محفوظ

''سوتے وقت وضو کی فضیلت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٣١٩/١)

شیعہ کے گھر سے پانی لے کر وضو کرنا

ضرورت کے وقت شیعہ کے گھر سے پانی لے کر وضو اور غسل کرنا جائز ہے، نماز ہوجائے گی، لیکن ان کے گھر کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔ (١)

= وابن ماجة والدارمي. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، الفصل الثاني ، (ص:٣٩) ط: قديمي)

المستدرك على الصحيحين، كتاب الطهارة، رقم الحديث:٤٣٧ ، (٢٢٠/١) ط:دارالكتب العلمية

صحيح ابن حبان، كتاب الطهارة، رقم الحديث:١٠٣٧ ، (٣١١/٣) ط:مؤسسة الرسالة

(١) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار)لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شيئ الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحرهو الطهور ماؤه والحل ميتته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه.

(الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذى يجوز به الوضوء وما لايجوز ، (٧١/١-٧٠) ط:رشيدية)

البحرالرائق، كتاب الطهارة ، (٦٦/١) ط:سعيد

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ، (١٧٩/١) ط:سعيد

﴿ ص ﴾

صابن سے ہاتھ دھونا

استنجا کرنے کے بعد ہاتھ کو صابن وغیرہ سے صاف کرنا چاہئے، ورنہ مٹی مل کر صاف کرلینا چاہئے۔ (۱)

صابن لگانا

سرد علاقوں میں ہاتھ پاؤں کو پھٹنے سے بچانے کے لئے وضو مکمل کرنے کے بعد ہاتھ پاؤں پر مختلف قسم کا صابن، ''لوشن'' یا ''کریم'' وغیرہ لگایا جاتا ہے، اور اس کے ساتھ نماز ادا کی جاتی ہے، تو یہ جائز ہے، وضو متاثر نہیں ہوگا کیونکہ صابن وغیرہ پاک ہے، صفائی ستھرائی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، اور یہ جائز ہے۔ (۲)

صاع

''مُد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۹۱/۲)

(۱) عن أبي هريرة قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا أتى الخلاء أتيته بماء في تور أو ركوة فاستنجى قال أبو داوٗد في حديث وكيع ثم مسح يده على الأرض ثم أتيته بإناء آخر فتوضأ. (سنن أبي داوٗد، كتاب الطهارة، باب الرجل يدلك يده بالأرض اذا استنجى، (۱۸/۱) ط: رحمانيه)

☆ مسند احمد، مسند أبي هريرة، رقم الحديث: ۹۸٦۱، (۳۵۴/۲) ط: عالم الكتاب

☆ السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الطهارة، باب دلك اليد بالأرض بعد الاستنجاء، رقم الحديث: ۵۲۱، (۱۰٦/۱) ط: مكتبة دار الباز، مكة المكرمة

☆ ويبدأ يغسل يديه ثلاثا ...... ثم يدلك يده على حائط أو أرض طاهرة ثم يغسلها ثلاثا.

(رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، (۳۳٦/۱-۳۳۵) ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۴۹/۱) ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۳۰/۱) ط: سعيد

(۲) وتجوز الطهارة بماء خالطه شيء طاهر فغير أحد أوصافه ... والماء الذي يختلط به الاشنان أو الصابون أو الزعفران. (حلبي كبير: (ص: ۹) فصل في المياه، ط: سهيل اكيڈمي لاهور)

☆ الجوهرة النيرة: (۱۳/۱) كتاب الطهارة، ط: حقانيه. =

صدقہ کا ثواب ہر قدم پر

مسجد میں نماز کے لئے جانے کی حالت میں ہر قدم پر صدقہ کا ثواب ملتا ہے،
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قدم مسجد کی جانب اٹھے، اس میں صدقہ کا ثواب ہے۔ (۱)

صرف ڈھیلے سے استنجاء کرنا

☆ اگر پیشاب مخرج سے تجاوز کر گیا، اور تجاوز کئے ہوئے حصہ کی مقدار ایک درہم سے زائد نہیں ہوئی، تو پانی سے دھوئے بغیر صرف ڈھیلہ استعمال کر کے وضو کرنے کے بعد نماز پڑھنے سے نماز ہو جائے گی، اور پاخانہ کا حکم یہ ہے کہ ڈھیلے سے استنجاء کرنے کے بعد اگر مخرج سے متجاوز نجاست کا وزن ایک مثقال یا اس سے کم ہو تو نماز ہو جائے گی، اگر چہ پھیلاؤ میں ایک درہم سے بھی زیادہ ہو۔

☆ اور اگر پیشاب مخرج سے تجاوز کر کے ایک درہم کی مقدار سے زائد پھیل گیا ہے اسی طرح پاخانہ نکلنے کے بعد ایک مثقال سے زیادہ پھیل گیا ہے تو اس کو پانی سے دھونا ضروری ہے، ان حالتوں میں صرف ڈھیلے سے استنجاء کر کے نماز پڑھنے سے نماز نہیں ہوگی۔ (۲)

= اللباب في شرح الكتاب: (۱۹/۱) كتاب الطهارة، ط: المكتبة العلمية.

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: الكلمة الطيبة صدقة وكل خطوة تمشيها إلى الصلاة صدقة. (صحيح ابن خزيمة: (۲/۳۷۵) رقم الحديث: ۱۴۹۳، كتاب الإمامة، باب ذكر كتابة الصدقة بالمشي إلى الصلاة، ط: المكتب الإسلامي، بيروت)
السنن الكبرى للبيهقي: (۳/۲۲۳) رقم الحديث: ۵۸۷۵، كتاب الجمعة، باب فضل المشي إلى الصلاة وترك الركوب، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.
صحيح البخاري: (۱/۴۱۹) كتاب الجهاد، باب من أخذ بالركاب ونحوه، ط: قديمي.

(۲) (ويجب أي يفرض غسله (إن جاوز المخرج نجس) مانع ويعتبر القدر المانع للصلاة (فيما وراء موضع الاستنجاء) لأن ما على المخرج ساقط شرعا وإن كثر لهذا لا تكره الصلاة معه. =

☆ درہم کا وزن تین ماشہ، ایک رتی اور ایک رتی کا پانچواں حصہ اور موجودہ حساب سے ٣،٠٦١٨ گرام ہے۔

☆ مثقال کا وزن ٤ ماشہ، ٤ رتی اور موجودہ حساب سے ٤،٣٧٤ گرام ہے۔

﴿......ض......﴾

ضرب

تیمم کرنے کے لئے پاک مٹی وغیرہ پر جو ہاتھوں کو مار کر ملا جاتا ہے اس کو "ضرب" کہتے ہیں۔ (١)

ضرر کا اعتبار کب ہوگا؟

پانی کے ضرر کرنے اور بیمار ہو جانے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ اسی حالت میں معتبر ہے کہ خود اپنی عادت سے معلوم ہو، یا عام تجربہ اور مشاہدہ سے معلوم ہو، یا کوئی مسلمان معتبر طبیب یا ڈاکٹر کہے کہ ضرر ہوگا، یا مرض بڑھ جائے گا، یا دیر میں اچھا ہوگا تو تیمم کرنا جائز ہوگا۔ (٢)

= (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء (١/ ٣٣٨- ٣٣٩) ط: سعيد)

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (١/ ٣٩) ط. رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس (١/ ٢٣٢) ط: سعيد

(١) وإنما آثر عبارة الضرب على عبارة الوضع لكونها مأثورة وإلا فهي ليست بشرط لازم لأن محمدا قد نص في بعض روايات الأصول على أن الوضع كاف. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (١/ ٢٣٧) ط سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (١/ ١٤٥) ط سعيد

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، (١/ ٢٢٦) ط. ادارة القرآن

(٢) (من عجز عن استعمال الماء لبعده ميلا أو لمرض) يشتد أو يمتد بغلبة ظن أو قول حاذق مسلم وفي الرد: (قوله: بغلبة ظن) أي عن أمارة أو تجربة. شرح المنية (قوله: أو قول حاذق مسلم) =

﴿......ط......﴾

طبی فوائد وضو کے

طبی اور ڈاکٹری مشاہدہ یہ ہے کہ انسان کے اندرونی جسم کے زہریلے مواد بدن کے اطراف سے خارج ہوتے رہتے ہیں، اور وہ ہاتھ پاؤں منہ کے اطراف اور سر پر آکر ٹھہر جاتے ہیں اور مختلف قسم کے زہریلے پھوڑے، پھنسیوں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں، اور بدن کے اطراف کو دھونے سے وہ گندے مواد دور ہوتے رہتے ہیں، یا تو جسم کے اندر ہی اندر ان کا جوش پانی سے بجھ جاتا ہے، یا خارج ہوتا رہتا ہے۔ (۱)

طواف بے وضو کرنا

☆ بے وضو کعبہ شریف کا طواف کرنا جائز نہیں ہے۔ (۲)

: ای اخبار طبیب حاذق مسلم غیر ظاهر الفسق وقیل عدالته شرط، شرح المنیة. (رد المحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۲۳) ط:سعید)

: البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۱۴۰) ط:سعید

: الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول، (۱/۲۸) ط:رشیدیة

وللمه ذلک أنها ظاهرة تسرع الیها الأوساخ وهي التي ترى و تبصر عند ملاقاة الناس بعضهم لبعض و أيضا التجربة شاهدة بأن غسل الأطراف و رش الماء على الوجه والرأس ينبه النفس من نحو النوم والغشي المثقل تنبيها قويا وليرجع الانسان في ذلک الى ما عنده من التجربة والعلم والى ما أمر به الأطباء في تدبير من غشي عليه أو أفرط به الاسهال والفصد. (حجة الله البالغة، القسم الأول، المبحث الخامس، باب أسرار الوضوء والغسل (۱/۱۶۷-۱۶۶) ط:قدیمی)

۲: الوضوء أنواع ثلاثة ... وواجب وهو الوضوء للطواف ان طاف بالبيت بغير وضوء جاز ويكون تاركا للواجب. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۹) ط:رشیدیة)

: وصفتها فرض للصلاة وواجب للطواف. (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، (۱/۸۹) ط:سعید)

: الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الأول، (۱/۱۱۳) ط:ادارة القرآن

طوائف کے بنائے ہوئے کنویں

طوائف کے بنائے ہوئے کنویں سے وضو اور غسل کرنا منع نہیں ہے، اگر دوسرا پانی موجود ہے تو احتیاط کرے۔ (۱)

= وایضا فیه : ولو طافه (ای طواف القدوم . من النافل) محدثا ، فعلیه صدقة ولو اعاده ای طواف القدوم طاهرا من الحدثین فی الجنابة او الحدث سقط عنه الجزاء وحکم کل طواف تطوع کحکم طواف القدوم . (ص: ۴۹۸) فصل : فی الجنایة فی طواف القدوم ، ط: ایضا)

وایضا فیه : ولو طاف للعمرة کله او اکثره او اقله ولو شوطا جنبا او حائضا او نفساء او محدثا فعلیه شاة ، ...... ولا فرق فیه ای فی طواف العمرة بین الکثیر والقلیل والجنب ، والمحدث ، لأنه لامدخل فی طواف العمرة للبدنة ...... لا للصدقة ...... وإن اعاده ای الأقل منه سقط عنه الدم ، ولو ترک کله او اکثره فعلیه أن یطوفه حتما او وجوبا ، او فرضا ، ولا یجزی عنه البدل اصلا ، لأنه رکن العمرة . (ص: ۴۹۹ ، ۵۰۰) فصل : فی الجنایة فی طواف العمرة ، ط: ایضا)

الدر مع الرد : (۲/ ۵۵۰ ، ۵۵۱) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط :سعید .

غنیة الناسک : (ص: ۲۷۲) باب الجنایات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی افعال الحج المطلب الأوّل فی ترک الواجب فی طواف الصدر ، المطلب الثانی : فی ترک الواجب فی طواف الصدر ، المطلب الثالث : فی ترک الواجب فی طواف القدوم ، و : (ص:۲۷٦) المطلب الرابع : فی ترک الواجب فی طواف العمرة ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامیة) .

(۱) فتاوی دارالعلوم دیوبند، کتاب الطهارة، الباب الثالث، فصل ثالث ، (۱/ ۱۷۱) ط. دارالاشاعت

(الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودیة و العیون والآبار والبحار)لقوله تعالی وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله علیه السلام الماء طهور لا ینجسه شیئ الا ما غیر لونه او طعمه او ریحه وقوله علیه السلام فی البحرهو الطهور ماؤه والحل میته ومطلق الاسم ینطلق علی هذه المیاه. الهدایة مع فتح القدیر، کتاب الطهارة، باب الماء الذی یجوز به الوضوء وما لایجوز ، (۱/ ٦۱-٦۰) ط:رشیدیة)

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/ ٦٦) ط:سعید

الدر المختار مع ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب المیاه ، (۱/ ۱۷۹) ط:سعید

وعن الحسن بن علی رضی الله عنهما قال : حفظت من رسول الله صلی الله علیه وسلم : دع ما یریبک إلی مالا یریبک ...... الحدیث . (مشکاة المصابیح : (ص: ۲۴۲) کتاب البیوع، الفصل الثانی ، ط: قدیمی) =

طہارت کاملہ کی نیت سے تیمم کیا

اگر کسی مریض کے لئے پانی استعمال کرنا مضر ہے، اور اس نے طہارت کاملہ کی نیت سے تیمم کیا، تو اس سے نماز پڑھنا درست ہے۔[1]

= والنبي صلى الله عليه وسلم يقول : دع ما يريبك إلى ما لا يريبك و يقول : فمن اتقى الشبهات فقد استبرأ لدينه وعرضه . (مرعاة المفاتيح : (۲۰۸/۸) تحت رقم الحديث : ۲۵۵۳ ، كتاب المناسك ، ط : إدارة البحوث الإسلامية)

۔ ولو كان يجد الماء الا انه مريض يخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه او ابطأ برؤه يتيمم . (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول (۲۸/۱) ط: رشيدية)

۔ الفتاوى التتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز ، (۲۴۳/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

۔ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۲۳۲/۱-۲۳۴) ط: سعيد.

(۱) : منها النية، وكيفيتها ان ينوي عبادة مقصودة لاتصح الا بالطهارة ونية الطهارة او استباحة الصلاة تقوم مقام ارادة الصلاة ... لو تيمم لصلاة الجنازة او لسجدة التلاوة اجزاه ان يصلي به المكتوبة بلاخلاف، كذا في المحيط ولو تيمم لقراءة القرآن عن ظهر القلب او عن المصحف او لزيارة القبور او لدفن الميت او للاذان او للاقامة او لدخول المسجد او لخروجه بان دخل المسجد وهو متوضئ ثم احدث او لمس المصحف وصلى بذلك التيمم قال عامة العلماء لا يجوز كذا في فتاوى قاضي خان. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول ، (۲۶/۱-۲۵) ط: رشيدية)

۔ ردالمحتار، كتاب الطهارة ، باب التيمم ، (۲۳۷/۱-۲۳۸) ط: سعيد

۔ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱۵۰/۱) ط: سعيد

﴿ع﴾

عام حوض سے وضو کرنا

مسجد کا عام وضو خانہ اور عام حوض جس سے ہر طبقہ اور ہر مزاج کے لوگ وضو کرتے ہیں اس سے وضو کرنا بہتر ہے، تاکہ ذہن میں تشدد نہ رہے اور تواضع، عاجزی وانکساری کا ذہن بن جائے۔

حضرت شعبی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ بڑھیا کے بند گھڑے کے پانی سے عام وضو خانہ کا پانی بہتر ہے۔ (۱)

عذاب والی جگہ کا پانی

جن مقامات پر اللہ تعالیٰ کا عذاب کسی قوم پر آیا ہو جیسے قوم ثمود اور عاد کی قوم، اس مقام کے پانی سے وضو اور غسل نہیں کرنا چاہئے، ہاں اگر مجبوری ہے کہ پانی ایک میل سے پہلے نہ ملے اور ضروری پاکی کسی اور طرح سے بھی حاصل نہ ہو سکے تو پھر اسی پانی سے وضو غسل کر لے۔ (۲)

---

(۱) عن الشعبی قال: مطاهر کم أحب إلى من جرّ عجوز مخمرّ. (مصنف عبد الرزاق: (۱/۷۳) رقم الحديث: ۲۳۹، كتاب الطهارة، باب الوضوء من المطاهر، ط: المكتب الإسلامي، بيروت)

(۲) عن نافع أن عبدالله بن عمر اخبره أن الناس نزلوا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم على الحجر أرض ثمود فاستقوا من آبارها وعجنوا به العجين فأمرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يهريقوا ما استقوا ويعلفوا الابل العجين وأمرهم أن يستقوا من البئر التي كانت تردها الناقة. (الصحيح لمسلم، كتاب الزهد، باب النهي عن الدخول على أهل الحجر الا من يدخل باكيا، رقم الحديث: ۷۶۵۷، (۲/۴۱۱) ط: قديمي)=

عذر آدمیوں کی طرف سے ہے

اگر وہ عذر جس کی وجہ سے تیمم کیا گیا ہے آدمیوں کی طرف سے ہو، تو جب وہ عذر باقی نہ رہے، تو جتنی نمازیں اس تیمم سے پڑھی ہیں، سب وضو کر کے دوبارہ پڑھنی چاہئیں۔

مثال کے طور پر اگر کوئی شخص جیل میں ہے اور جیل کے ملازم اس کو پانی نہ دیں، یا کوئی شخص اس سے کہے کہ اگر تو وضو کرے گا تو میں تجھ کو مار ڈالوں گا، تو یہ آدمی تیمم کر کے نماز پڑھے، اور عذر ختم ہونے کے بعد ان تمام نمازوں کو دوبارہ پڑھے۔

البتہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک دوبارہ پڑھنا لازم نہیں ہے، حالات اور ضرورت کے اعتبار سے اس قول پر فتویٰ دیا جاسکتا ہے۔[1]

تفصیل کے لئے "نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا" کے "جیل میں نماز" عنوان کے تحت دیکھیں۔

= صحيح ابن حبان، كتاب التاريخ، باب بدء الخلق، رقم الحديث: ٦٢٠٢، (٨٢/١٤) ط: مؤسسة الرسالة، بيروت

وفي هذا الحديث فوائد ... ومنها مجانبة آبار الظالمين والتبرك بآبار الصالحين. (شرح النووي: كتاب الزهد، باب النهي عن الدخول على أهل الحجر إلا من يدخل باكيا، (٤١١/٢) ط: قديمي)

تتمة: ينبغي أن يزاد في المندوبات أن لا يتطهر من ماء أو تراب من أرض مغضوب عليها كآبار ثمود فقد نص الشافعية على كراهة التطهير منها بل نص الحنابلة على المنع منه وظاهره أنه لا يصح عندهم ومراعاة الخلاف عندنا مطلوبة. (رد المحتار، كتاب الطهارة قبيل مطلب في تعريف المكروه، (١٣١/١) ط: سعيد)

(١) المحبوس في السجن إذا منع عن الطهارة بالماء يصلي بالتيمم ويعيد، وقال أبو يوسف لا يعيد) قيد السجن إما باعتبار الغالب أو الإشارة إلى كونه في المصر، فإن محل الخلاف ما إذا كان محبوسا في المصر أما لو كان محبوسا في موضع في الصحراء فإنه لا يعيد بالاتفاق كذا في المبسوط لنا إذا حبس في موضع في الصحراء فعند أبي يوسف لا يعيد، لأنه عاجز عن =

عذر دور کرنے کی کوشش کرنا

''معذور عذر دور کرنے کی کوشش کرے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۳٤/۲)

عذر کو روکنے کی کوشش کرے

''معذور عذر دور کرنے کی کوشش کرے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۳٤/۲)

عذر کی وجہ سے کپڑا ناپاک ہوجائے

''نجاست لگ جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۷/۲)

عذر کے بغیر تیمم کرنا

جب تک بیماری وغیرہ کا کوئی عذر نہ ہو تیمم کرنا درست نہیں ہے، اور اگر سردی کے موسم میں ضرر کا اندیشہ ہو، تو اگر پانی گرم کرنے کی قدرت ہے تو پانی گرم کرا کے اس سے وضو کرے، ایسی حالت میں بھی تیمم کرنا درست نہیں ہے۔ (۱)

= استعمال الماء، فصار كالخائف من عدو و نحوه الخ. (حلبي كبير: (ص: ٧٢) فصل في التيمم، ط: سهيل اكيڈمی لاهور)

ثم ان نشا الخوف بسبب وعيد عبد أعاد الصلاة والا لا لانه سماوي.

وفي الرد: اعلم ان المانع من الوضوء ان كان من قبل العباد كأسير منعه الكفار من الوضوء ومحبوس في السجن ومن قيل له: ان توضأت قتلتك جاز له التيمم ويعيد الصلاة اذا زال المانع كذا في الدرر والوقاية اي وأما اذا كان من قبل الله تعالى كالمرض فلا يعيد (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۵/۱) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۸/۱) ط. رشيديه

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۳۲/۱) ط سعيد

ومنها عدم القدرة على الماء والأصل انه متى امكنه استعمال الماء من غير لحوق الضرر في نفسه او ماله وجب استعماله (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۹/۱) ط: رشيديه)

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۲۳۲/۱) ط سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱۳۹/۱) ط سعيد

عرش الٰہی میں محفوظ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص وضو سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے گا اسے مہر لگا کر عرش الٰہی میں محفوظ کر دیا جائے گا اور قیامت کے دن ہی اسے لایا جائے گا۔

سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ۔ (۱)

عرق

کسی پھل یا درخت یا پتوں سے نچوڑے ہوئے عرق سے وضو کرنا درست نہیں، ایسی صورت میں اگر پانی نہ ملے تو تیمم کرے۔ (۲)

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال: من توضأ ثم فرغ من وضوئه فقال: سبحانک اللّٰهم وبحمدک اشهد ان لا إله إلا انت استغفرک واتوب إلیک ختم علیها بخاتم ثم وضعت تحت العرش فلم تکسر إلی یوم القیامة. (مصنف عبد الرزاق: (۱/۱۸٦) رقم الحدیث: ۷۳۰، کتاب الطهارة، باب وضوء المقطوع، ط: المکتب الإسلامي، بیروت)
ث: الترغیب والترهیب: (۱/٦۹) کتاب الطهارة، الترغیب فی کلمات یقولهن بعد الوضوء، ط: دار الکتب العلمیة.
ج: مصنف ابن ابی شیبة: (۱/۱۳) رقم الحدیث: ۱۹، کتاب الطهارة، فی الرجل ما یقول إذا فرغ من وضوئه، ط: مکتبة الرشد، الریاض.
(۲) وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الوضوء =

کریم

''سرخی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۰۱/۱)

کلمۂ شہادت

''جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸۲/۱)

کلی تین مرتبہ کرنا

وضو کے دوران تین مرتبہ کلی کرنا مسنون ہے۔

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کو نقل کرتے ہوئے کلی اور ناک میں پانی تین تین مرتبہ ڈالا۔(۱)

= على من نام مضطجعًا فإنّه إذا اضطجع استرخت مفاصله . (مشكاة المصابيح : كتاب الطهارة ،باب مايوجب الوضوء ، الفصل الأوّل ، (ص: ۴۱)، ط: قديمي)

(و) ينقضه حكمًا (نوم يزيل مسكته) أي قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الأرض ، وهو النوم على أحد جنبيه أو وركيه أو قفاه أو وجهه (وإلاّ) يزل مسكته (لا) ينقضه . (الدر المختار مع الرد : كتاب الطهارة ، (۱۴۱/۱) ،ط: سعيد)

(و) ناقضه أيضًا (نوم يزيل مسكته) وهو النوم بحيث يزول مقعده عن الأرض ، وهو النوم مضطجعًا أي واضعًا أحد جنبيه على الأرض أو متكئًا على أحد ...... (وإلاّ) أي وإن لم يزل النوم مسكته ...... (فلا) أي لاينقض الوضوء مطلقًا . (درر الحكام شرح غرر الأفكار : كتاب الطهارة، فصل في نواقض الوضوء ،(۱۵/۱)، ط: دار إحياء الكتب العربية)

(۱) عن عمرو بن يحيى المازني عن أبيه أنّ رجلاً ، قال لعبد الله بن زيد بن عاصم وهو جد عمرو بن يحيى وكان من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم : هل تستطيع أن تريني كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ ؟ فقال عبد الله بن زيد : نعم ! فدعا بوضوء فأفرغ على يديه فغسل يديه مرتين ، ثم تمضمض واستنشق ثلاثًا ... الحديث . (السنن الكبرى للبيهقي : (۹۷/۱) رقم الحديث : ۲۷۰ ، كتاب الطهارة ، باب الاختيار في استيعاب الرأس بالمسح ، ط: دار الكتب العلمية بيروت) =

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ کلی تین مرتبہ کی اور ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالا۔ (۱)

کلی سے وضو کی ابتدا کرنا منع ہے

وضو کی ابتدا میں دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک اچھی طرح دھونے بغیر کلی کرنا سنت کے خلاف ہے، سب سے پہلے دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین مرتبہ دھوئے پھر اس کے بعد کلی کرے پھر اس کے بعد ناک میں پانی ڈالے پھر اس کے بعد چہرہ دھوئے پھر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھوئے، پھر سر کا مسح کرے پھر اس کے بعد دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھوئے تا کہ سنت کے مطابق ہو جائے۔

حضرت ابوجبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے ان کو وضو کرنے کا حکم دیا، حضرت ابوجبیر نے پہلے منہ میں پانی ڈالا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے ابوجبیر: پہلے منہ میں پانی مت ڈالو، کیونکہ کافر (ہاتھ دھونے سے) پہلے کلی کرتا ہے، پھر آپ نے وضو کا پانی منگوایا اپنی ہتھیلیوں کو دھویا اور خوب صاف کیا، پھر کلی کی، ناک میں پانی ڈالا، پھر چہرہ تین مرتبہ

= ☜ مسند أحمد: (۲۶/۳۷۲) رقم الحديث: ۱۶۴۴۳، مسند المدنيين، حديث عبد الله بن زيد بن عاصم المازني، ط: مؤسسة الرسالة.

☜ سنن النسائي: (۱/۲۸) كتاب الطهارة، باب صفة مسح الرأس، ط: قديمي.

(۱) عن عثمان بن عبد الله التيمي، قال: سئل ابن أبي مليكة، عن الوضوء، فقال: رأيت عثمان بن عفان رضي الله عنه، سئل عن الوضوء فدعا بماء، فأتي بالميضأة، فأكفاها على يده اليمنى ثم أدخلها في الماء، فتمضمض ثلاثاً واستنشق ثلاثاً. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱/۸۲) رقم الحديث: ۲۲۵، كتاب الطهارة، باب سنة التكرار في المضمضة، ط: دار الكتب العلمية.

☜ المعجم الصغير للطبراني: (۱/۳۱۱) رقم الحديث: ۵۱۵، باب العين، من اسمه: عمر، ط: المكتب الإسلامي.

☜ كنز العمال: (۱۲/۸۵) رقم الحديث: ۲۶۸۷۱، حرف الطاء، كتاب الطهارة، فرائض الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة.

دھویا، داہنا ہاتھ کہنی تک دھویا۔ [۱]

کلی میں پانی کس ہاتھ سے ڈالے

دائیں ہاتھ سے پانی لے کر کلی کرنی چاہیے، یہی سنت ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ سے پانی لیا اور کلی کی، پھر ناک میں پانی ڈالا۔ [۲]

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے دائیں ہاتھ میں پانی لیا اور منہ میں ڈالا، اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور بائیں سے ناک صاف کیا اور فرمایا: اسی طرح آپ وضو کرتے تھے۔ [۳]

---

(۱) عن عبد الرحمٰن بن جبير بن نفير، عن أبيه جبير، أنه قدم على رسول الله صلى الله عليه وسلم فأمر له بوضوء، فقال: توضأ يا أباجبير. فبدأ أبوجبير بفيه، فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تبتدئ بفيك يا أباجبير، فإن الكافر يبتدئ بفيه. ثم دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم بوضوء، فغسل كفيه حتى أنقاهما، ثم تمضمض واستنشق ثلاثاً وغسل وجهه ثلاثاً، وغسل يده اليمنى إلى المرفق ثلاثاً، واليسرى ثلاثاً، ومسح رأسه وغسل رجليه. (السنن الكبرى: (۷۷/۱) رقم الحديث: ۲۱۱، كتاب الطهارة، باب التكرار في غسل اليدين، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

☜ صحيح ابن حبان: (۳۶۹/۳) رقم الحديث: ۱۰۸۹، كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ذكر الزجر عن ابتداء المرء في وضوئه بفيه قبل غسل اليدين، ط: مؤسسة الرسالة.

☜ نصب الراية: (۱۳/۱) كتاب الطهارات، ط: مؤسسة الريان.

(۲) عن حمران مولى عثمان بن عفان رضي الله عنه قال: رأيت عثمان توضأ، فأفرغ على يديه من الإناء فغسلهما ثلاث مرات، ثم أدخل يده اليمنى في الوضوء فمضمض واستنشق ... الحديث. (السنن الكبرى للبيهقي: (۴۸/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه، باب إدخال اليمين في الإناء والغرف بها للمضمضة والاستنشاق، ط: دار الإشاعت)

☜ سنن أبي داود: (۲۶/۱) كتاب الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم، ط: رحمانيه.

☜ ثم اعلم أنّ السنّة أن تكون المضمضة والاستنشاق باليمنى. (عمدة القاري: (۲۶۵/۲) كتاب الوضوء، باب غسل الوجه باليدين من غرفة، ط: دار إحياء التراث العربي)

(۳) عن عبد خير عن علي رضي الله عنه أنه أتي بوضوء فيه ماء فأفرغ على يديه من الإناء =

کلی میں ہر مرتبہ الگ الگ پانی لینا

وضو کے دوران تین مرتبہ کلی کرنا مسنون ہے، اور ہر دفعہ کلی کرتے وقت الگ الگ پانی لینا سنت ہے، اور اگر کسی نے ایک چلو سے تین دفعہ کلی کر لی وہ بھی صحیح ہے، لیکن ہر مرتبہ الگ الگ پانی لینا یہ سنت ہے۔

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ کلی کی، تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا، اور ہر مرتبہ الگ الگ پانی لیا۔[1]

= لغسلهما ثلاثاً قبل أن يدخل يده في الإناء، فأدخل يده اليمنى في الإناء فملأ فمه فتمضمض واستنشق واستنثر بيده اليسرى ...... ثم قال: هذا طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم، فمن أحب أن ينظر إلى طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم فهذا طهوره. (السنن الكبرى: (۳۸/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه، باب كيفية المضمضة والاستنشاق، ط: دار الإشاعت)

⟸ سنن أبي داود: (۲۶/۱) كتاب الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم، ط: رحمانيه.

⟸ سنن النسائي: (۲۷/۱) كتاب الطهارة، باب الأمر بالاستنثار عند الاستيقاظ من النوم و باب غسل الوجه، ط: قديمي.

(۱) ومنها المضمضة والاستنشاق، والسنة أن يتمضمض ثلاثاً أولاً ثم يستنشق ثلاثاً ويأخذ لكل واحد منهما ماء جديداً في كل مرّة ...... وإن أخذ الماء بكفه ورفع منه بفيه ثلاث مرات وتمضمض يجوز. (الفتاوى الهندية: (۷/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الثاني في سنن الوضوء، ط: رشيديه)

⟸ والأصرح في الباب والنص في الفرض على مسلك الحنفية: هو سياق الطبراني في معجمه لحديث طلحة، وفيه فمضمض ثلاثاً واستنشق ثلاثاً يأخذ لكل واحدة ماء جديداً. (معارف السنن: (۱۶۹/۱) أبواب الطهارة، باب المضمضة والاستنشاق من كف واحد، ط: سعيد)

⟸ إعلاء السنن: (۸۲/۱) كتاب الطهارة، باب إفراد المضمضة من الاستنشاق ط: إدارة القرآن.

⟸ المعجم الكبير للطبراني: (۱۸۰/۱۹) رقم الحديث: ۴۰۹، باب الكاف، كعب بن عياض الأشعري، ط: مكتبة ابن تيمية، القاهرة.

کلی نہ کرنا

☆اگر کوئی شخص ایسا ہے کہ اگر وضو کے دوران کلی کرتا ہے تو اس کے منہ سے خون نکلتا ہے کچھ دیر بعد بند ہو جاتا ہے، تو ایسی حالت میں کلی نہ کرنا درست ہے کلی کے بغیر وضو کر کے نماز پڑھنا جائز ہوگا۔

☆اسی طرح دانت نکالنے کے بعد بھی ڈاکٹر کلی سے منع کرتے ہیں تو ایسی صورت میں کلی نہ کرے کلی کے بغیر وضو کر کے نماز پڑھ لے۔ [۱]

☆البتہ جنابت کے غسل میں کلی کرنا ضروری ہے۔ [۲]

کلی وضو میں نہ کرنا

بعض لوگوں کو یہ بیماری ہوتی ہے کہ اگر وہ کلی کرتے ہیں تو دانتوں سے خون آتا

---

[۱] (وغسل الفم بمياه ثلاثة والانف بمياه)وهما سنتان مؤكدتان

قوله: (وهماسنتان مؤكدتان) فلوتركهما اثم على الصحيح سراج ، قال في الحلية:لعله محمول على مااذاجعل الترك عادة له من غيرعذر. (الدرمع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في منافع السواك،(۱/۱۱٦)، ط:سعيد)

☆ والسنة ان يتمضمض ثلاثاًاولاً،ثم يستنشق ثلاثاًوياخذلكل واحدمنهماماء جديدافي كل مرة......ان ترك المضمضة والاستنشاق اثم على الصحيح لأنهمامن سنن الهدى وتركهمايوجب الاساءة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/٦)، ط:رشيدية)

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة،(۱/۲۱)،ط:سعيد

[۲] (وفرض الغسل) ...... (غسل) كل (فمه).

وفي الرد : (قوله : غسل كل فمه) عبر عن المضمضة والإستنشاق بالغسل لافادة الاستيعاب أو للاختصار كما قدمه في الوضوء. (الدر مع الرد : كتاب الطهارة ، مطلب في ابحاث الغسل ، (۱/۱۵۱) ،ط: سعيد)

☆ الهداية : كتاب الطهارات ، فصل في الغسل ، (۱/۲۹) ،ط: المصباح

☆ البحر الرائق : كتاب الطهارة ، (۱/۳۵)، ط: سعيد .

شروع ہوجاتا ہے، تو اگر اس عذر کی وجہ سے کلی نہیں کرے گا تو وضو ہوجائے گا گناہ گار نہیں ہوگا۔

☆ واضح رہے کہ کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا وضو میں سنت ہے اگر کوئی شخص اس کو عذر کے بغیر ترک کرے گا گناہ گار ہوگا، اور اگر عذر کی وجہ سے کلی کرنا ترک کرے گا تو وضو متاثر نہیں ہوگا اور گناہ بھی نہیں ہوگا۔ (۱)

کمرہ کے اندر کسی برتن میں پیشاب کرنا

''برتن میں پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۲۳/۱)

کنگن

''انگوٹھی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۰٤/۱)

کنواں

☆ کسی شخص کی مملوک زمین میں کنواں ہو، تو دوسرے لوگوں کو پانی پینے سے یا جانوروں کو پانی پلانے سے یا وضو و غسل وغیرہ کرنے سے منع نہیں کرسکتا۔ (۲)

(۱) نفس المرجع السابق.

(۲) اعلم أن المياه أربعة أنواع...... والثالث: ما دخل في المقاسم أي المجاري المملوكة لجماعة مخصوصة وفيه حق الشفة.

ردالمحتار، كتاب احياء الموات، فصل في الشرب، (۳۳۸/٦)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الشرب، (۳۹۰/٥، ۳۹۱)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب احياء الموات، مسائل الشرب، (۲۱۳/۸)، ط: سعيد

⇐ (والشفة شرط بني آدم) أي استعمالهم الماء لدفع العطش أو الطبخ أو الوضوء أو الغسل أو غسل الثياب أو نحوها. (مجمع الأنهر: كتاب إحياء الموات، فصل في الشرب، (۲۳٥/۱)، ط: دار الكتب العلمية)

⇐ الدر مع الرد: كتاب إحياء الموات، فصل في الشرب، (۳۳۸/٦)، ط: سعيد

کنواں وہ دہ دردہ سے چھوٹا ہے لیکن کافی گہرا ہے، اور عرصہ سے بے کار ہے، لوگوں کے استعمال میں نہیں ہے، اس دوران اس میں کتے، بلی اور مرغیاں گری ہیں اور مرکر گل سڑ گئی ہیں، اس کے اندر گوبر اور فضلات بھی پھینکا جاتا رہا ہے، اب علاقہ کے لوگ اس کنویں کو صاف کر کے استعمال میں لانا چاہتے ہیں، مگر وہ کتے، بلی وغیرہ جو اشیاء تھیں وہ اندر ہی ہیں، تو اس کو پاک کرنے کی صورت یہ ہے کہ اس کنویں کو اتنے عرصے تک چھوڑ دیا جائے کہ اس میں کتے اور بلی وغیرہ کی ہڈیاں، گوشت، کھال گل کر مٹی اور گارا ہو جائیں، اور بعض فقہاء نے فرمایا ہے کہ چھ مہینے تک اس کو چھوڑ دیا جائے، اس کے بعد اس کنویں کا سارا پانی نکال دیا جائے اور اگر نیچے سے پانی کا سلسلہ جاری رہنے کی وجہ سے سارا پانی نکالنا مشکل ہے، تو دو سوڈول سے تین سوڈول تک پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا۔ (۱)

---

(۱) (إذا وقعت نجاسة......في بئر دون القدر الكثير......أو مات فيها) أو خارجها وألقي فيها ولو فارة يابسة على المعتمد......ينزح كل مائها بعد اخراجه الا اذا تعذر كخشبة أو خرقة متنجسة فينزح الماء الى حد لا يملأ نصف الدلو يطهر الكل تبعًا.

وفي الرد: واشار بقوله متنجسة الى انه لا بد من اخراج عين النجاسة كلحم ميتة وخنزير قلت فلو تعذر ايضًا ففي القهستاني عن الجواهر: لو وقع عصفور فيها فعجزوا عن اخراجه فما دام فيها فنجسة فترك مدة يعلم انه استحال وصار حماة و قيل مدة ستة اشهر. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، فصل في البئر، (۱/ ۲۱۱، ۲۱۲)، ط: سعيد)

(۲) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۲۰)، ط: سعيد

(۳) الحمار او الخنزير وقع في المملحة فصار ملحا او بئر البالوعة اذا صار طينًا يطهر عندهما خلافًا لابي يوسف.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول، (۱/ ۴۵)، ط: رشيدية

کوا ٹینکی میں گر جائے

"پرندہ ٹینکی میں گر جائے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۸/۱)

کولہے پر ٹیک لگا کر سونا

کسی ایک کولہے پر ٹیک لگا کر سونے سے وضوٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ اس صورت میں قوت ماسکہ (روکنے والی قوت) باقی نہیں رہتی، اور اگر ایسی نیند ہو کہ اس سے قوت ماسکہ باقی رہتی ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

کھارا پانی

کھارے پانی سے وضو غسل کرنا جائز ہے، مزید تفصیل کے لئے "پانی" کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۱/۱)

کھال الگ کردی

"چھلکا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۸/۱)

---

(۱) وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنّ الوضوء على من نام مضطجعًا فإنّه إذا اضطجع استرخت مفاصله. (مشكاة المصابيح: كتاب الطهارة، باب مايوجب الوضوء، الفصل الأوّل، (ص: ۴۱)، ط: قديمى)

(و) ينقضه حكمًا (نوم يزيل مسكته) أي قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الأرض، وهو النوم على أحد جنبيه أو وركيه أو قفاه أو وجهه (وإلاّ) يزل مسكته (لا) ينقضه. (الدر المختار مع الرد: كتاب الطهارة، (۱۴۱/۱)، ط: سعيد)

(و) ناقضه أيضًا (نوم يزيل مسكته) وهو النوم بحيث يزول مقعده عن الأرض، وهو النوم مضطجعًا أي واضعًا أحد جنبيه على الأرض أو متكئًا على أحد ...... (وإلاّ) أي وإن لم يزل النوم مسكته ...... (فلا) أي لاينقض الوضوء مطلقًا. (درر الحكام شرح غرر الأفكار: كتاب الطهارة، فصل في نواقض الوضوء، (۱۵/۱)، ط: دار إحياء الكتب العربية)

کھانا پینا باتھ روم میں

پاخانہ، پیشاب کرتے وقت کچھ کھانا پینا مکروہ ہے۔ (۱)

کھانے پینے کی چیزوں سے استنجاء کرنا

انسان اور جانوروں کے کھانے پینے کی چیزوں سے استنجاء کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۲)

کھانے کے بعد مسواک کرنا

کھانے کے بعد بھی مسواک کرنا سنت ہے۔ (۳)

کھٹمل

☆ کھٹمل نے خون پیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

---

(۱) ومن آدابه ان لایاکل ولایشرب في الخلاء، کما قاله القاضي زکریا عن المحب الطبري. (شرح البخاري للسفيري: المجلس الثاني والأربعون، (۲/۲۲۲)، ط: دار الکتب العلمية)

(۲) (ولایستنجي بعظم ولا بروث ..... ولا بطعام) لآدمي أو بهيمة. (اللباب في شرح الکتاب: کتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۷۰)، ط: قديمی)

فان ما یکره الاستنجاء به ثلاثة عشر کما في السراج الوهاج: العظم والروث والرجيع والفحم والطعام ..... (البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۴۳)، ط: سعيد)

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس، مطلب القول مرجح علی الفعل، (۱/۳۲۱-۳۳۹)، ط: سعيد

الفتاوی الهندية، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط: رشيدية

(۳) بل يستحب في مواضع اصفرار السن و تغير الرائحة والقيام من النوم و القيام الی الصلاة و اول ما يدخل البيت و عند اجتماع الناس و عند قراءة القرآن. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۲۰)، ط: سعيد)

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، مطلب في دلالة المفهوم، (۱/۱۱۳)، ط: سعيد

فتح القدير، کتاب الطهارات، (۱/۲۳)، ط: دار الکتب العلمية

☆اگر کھٹمل نے اس قدر خون پیا کہ وہ اگر جسم پر چھوڑا جائے تو اپنی جگہ سے بہہ کر چلا جائے گا تو وضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں۔ (۱)

☆مزید "جونک" عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔(۲۸۶/۱)

کھجلی دانہ

کھجلی کے دانوں سے بعض مرتبہ مسلسل پانی بہتا ہے، اگر وہ پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے اپنی جگہ سے بہہ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا، (۲) اور جس کپڑے پر لگے گا وہ بھی ناپاک ہوجائے گا۔ (۳)

(۱) (وينقضه خروج) كل خارج (نجس) بالفتح ويكسر (منه) أي من المتوضئ الحي معتادًا أولا من السبيلين أولا (إلى ما يطهر) أي يلحقه حكم التطهير ...... (وكذا ينقضه علقة مصت عضوا وامتلأت من الدم ومثلها القراد إن) كان (كبيرا) لأنه حينئذ (يخرج منه دم مسفوح) سائل (وإلا) تكن العلقة والقراد كذلك (لا) ينقض.

وفي الرد: (قوله: علقة) دويبة في الماء تمص الدم (قوله: وامتلأت) كذا في الخانية، وقال: لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱/۱۳۴-۱۳۹)، ط: سعيد)

ط البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط: سعيد

ت الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/۱۱-۱۰)، ط: رشيدية.

(۲) بخلاف نحو الدم والقيح ولذا أطلقوا في الخارج من غير السبيلين كالدم والقيح والصديد أنه ينقض الوضوء ولم يشترطوا سوى التجاوز إلى موضع يلحقه حكم التطهير. (شامي: كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه، (۱/۱۴۸)، ط: سعيد)

ه والمعاني الناقضة للوضوء كل ما يخرج من السبيلين ..... والدم والقيح والصديد إذا خرجا من البدن فتجاوزا إلى موضع يلحقه حكم التطهير. (الهداية: كتاب الطهارات، فصل في نواقض الوضوء، (۱/۲۲) ط: المصباح)

ى حلبي كبير: فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۲۷)، ط: سهيل اكيڈمی لاهور

(۳) كل ما يخرج من بدن الإنسان مما يوجب خروجه الوضوء أو الغسل، فهو مغلظ ...... فإذا أصاب الثوب أكثر من قدر الدرهم يمنع جواز الصلاة، كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية: كتاب الطهارة، الباب السابع في النجاسة وأحكامها، (۱/۴۶)، ط: رشيديه) =

کھڑے ہوکر پیشاب کرنا

☆ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا منع ہے۔ (۱)

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت یہ تھی کہ ہمیشہ بیٹھ کر پیشاب کرتے تھے، اسی طرح ہم لوگوں کو چاہئے کہ بیٹھ کر پیشاب کرنے کی عادت بنائیں۔ (۲)

☆ کھڑے ہوکر پیشاب کرنے میں بدن اور کپڑے ناپاک ہونے کا اندیشہ ہے، حالانکہ اس سے بچنے کے بارے میں حدیث میں خاص تاکید آئی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبر کا اکثر عذاب پیشاب کی پرواہ نہ کرنے اور اس سے نہ بچنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ (۳)

= الهدايه : كتاب الطهارات ، باب الأنجاس ، (۱/۷۴) ، ط: المصباح .

المحيط البرهاني : كتاب الطهارات ، الفصل السابع في النجاسات وأحكامها ، النوع الثاني من هذا الفصل مقدار النجاسة التي تمنع جواز الصلاة ، (۱/۳۷۱) ، ط: إدارة القرآن .

(۱) عن جابر رضي الله قال : نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يبول قائمًا . (سنن ابن ماجه : أبواب الطهارة وسننها ، باب في البول قاعدًا ، (ص: ۲۶) ، ط: قديمي)

عمدة القاري: كتاب الوضوء ، باب البول قائمًا و قاعدًا ، (۳/۱۳۵) ، ط: دار إحياء التراث العربي بيروت .

فيض القدير للمناوي : رقم الحديث : ۱۴۱۷ ، حرف النون ، باب المناهي ، (۶/۳۴۸) ، ط: المكتبة التجارية الكبرى .

(۲) وكانت عادته المستمرة البول قاعدًا . (شرح أبي داود للعيني : كتاب الطهارة ، باب البول قائمًا ، (۱/۹۳) ، ط: مكتبة الرشد)

والحاصل أن عادته صلى الله عليه وسلم هو البول قاعدًا ، وما وقع منه قائمًا فعلى خلاف العادة لضرورة أو لبيان الجواز . (حاشية السندي على سنن النسائي : أبواب الطهارة ، الرخصة في البول في الصحراء قائمًا ، (۱/۱۱) ، ط: قديمي)

شرح النووي على مسلم : كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، (۱/۱۳۳) ، ط: قديمي.

(۳) عن أبي هريرة رضي الله عنه أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : استنزهوا من البول فإنّ عامة عذاب القبر منه . (سنن الدار قطني : رقم الحديث : ۴۶۳ ، كتاب الطهارة ، باب نجاسة البول والأمر بالتنزه منه ...... الخ ، (۱/۲۳۲) ، ط: مؤسسة الرسالة بيروت) =

۱/ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک عادت اور طریقہ کے خلاف ہے، اس لئے بھی اس سے بچنا چاہئے۔ (۱)

۲/ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک مرتبہ عذر کی وجہ سے کھڑے ہو کر پیشاب کیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہیں تشریف لے جا رہے تھے، گذرتے ہوئے ایک اونچی جگہ تھی جس پر لوگ گھروں کا کوڑا کرکٹ وغیرہ لاکر پھینک دیا کرتے تھے، وہاں پر بیٹھنے میں گر جانے کا اندیشہ بھی تھا۔ نیز وہ جگہ ناپاک اور گیلی تھی، کپڑے آلودہ ہونے کا خوف تھا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر مبارک میں درد بھی تھا، ان وجوہات کی بناء پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوگئے تھے، ورنہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی عادت نہیں تھی، (۲) اب بھی اگر کسی کو واقعی عذر ہو، بیٹھنا مشکل ہو تو کھڑے ہوکر پیشاب کرنا جائز ہوگا، پھر بھی پیشاب کی چھینٹوں سے احتیاط کرنا

= : فتح الباري، كتاب الجنائز، باب عذاب القبر من الغيبة والبول، (۳/ ۲۲۲)، ط: دار المعرفة، بيروت.

: الكبائر للذهبي، الكبيرة السادسة والثلاثون، عدم التنزه من البول وهو شعار النصارى، (ص: ۱۳۸)، ط: رحيمي كتب خانه.

(۱) أنظر رقم الحاشية: ۲.

(۲) قال الشيخ الإمام محي السنة رحمه الله قد صح عن حذيفة رضي الله عنه قال: أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم سباطة قوم، فبال قائمًا. متفق عليه. قيل: كان ذلك لعذر. (مشكاة المصابيح: كتاب الطهارة، باب آداب الخلاء، الفصل الثاني، (ص: ۴۳)، ط: قديمي)

: وقال الأبهري: قيل كان ما يقابله من السباطة عاليًا ومن خلفه منحدر مستفلًا لو جلس مستقبل السباطة سقط إلى خلفه ولو جلس مستدبرًا لها بدا عورته للنّاس. قال الشيخ: لو صحّ هذا الحديث لكان فيه غنى عن جميع ما تقدم، لكن ضعّفه الدار قطني والبيهقي، والأظهر أنه فعل ذلك لبيان الجواز نقله الأبهري. (قيل: كان ذلك لعذر) قال السيد جمال الدين: قيل: فعل ذلك لأنّه لم يجد مكانًا للقعود لامتلاء الموضع بالنجاسة، و قيل: كان برجله جرح، روى أبو هريرة كما أخرجه الحاكم والبيهقي "أن النبي صلى الله عليه وسلم بال قائماً لجرح مأبضه" وهي بهمزة ساكنة بعدها موحدة بعدها معجمة باطن الركبة، إذا لم يتمكن من القعود، وعن الشافعي أنّ العرب تستشفي لوجع الصلب بالبول قائمًا، فلعله كان به ذلك وإلاّ فالمعتاد =

(۱)
ضروری ہے۔

= منه عليه الصلاة والسلام بوله قاعدًا وهو الأختيار . (مرقاة المفاتيح : كتاب الطهارة ، باب آداب الخلاء ، الفصل الثاني ، (۲/۳۷) ، ط: رشيديه)

: (وأن يبول قائماً) ......

وفي الرد: قوله (وأن يبول قائماً) لما ورد من النهي عنه ولقول عائشة رضي الله عنها من حدثكم أن النبي كان يبول قائماً فلا تصدقوه ما كان يبول إلا قاعداً رواه أحمد والترمذي والنسائي وإسناده جيد قال النووي في شرح مسلم وقد روي في النهي أحاديث لا تثبت ولكن حديث عائشة ثابت فلذا قال العلماء يكره إلا لعذر وهي كراهة تنزيه لا تحريم وأما بوله في السباطة التي بقرب الدور فقد ذكر عياض أنه لعله طال عليه مجلس حتى حفزه البول فلم يمكنه التباعد ا هـ أو لما روي أنه صلى الله عليه وسلم بال قائماً لجرح بمأبضه بهمزة ساكنة بعد الميم وباء موحدة وهو باطن الركبة أو لوجع كان بصلبه والعرب كانت تستشفي به أو لكونه لم يجد مكانا للقعود أو فعله بيانا للجواز وتمامه في الضياء . (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء مطلب في الفرق بين الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء، (۱/۳۴۴)، ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۴۳)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط:رشيدية

(۱) عن أبي وائل قال : كان أبو موسى الأشعري يشدد في البول ويقول إنّ بني إسرائيل كان إذا أصاب ثوب أحدهم قرضه ، فقال حذيفة : ليته امسك أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم سباطة قوم فبال قائمًا . (الصحيح للبخاري : كتاب الوضوء ، باب البول عند سباطة قوم ، (۱/۳۶) ،ط: قديمي)

: قوله : (يشدد) ...... ومعناه : كان يحتاط عظيمًا في الاحتراز عن رشاشته ، حتى كان يبول في القارورة ، أن يصيبه من رشاشة شئ . وأخرج ابن المنذر من طريق عبد الرحمن بن الأسود عن أبيه أنه سمع أبا موسى ، ورأى رجلاً يبول قائمًا ، قال : ويحك أفلا قاعدًا ، ثم ذكر قصة بني إسرائيل

قوله : (ليته امسك) ، قول حذيفة أي : ليت أبا موسى امسك نفسه عن هذا التشديد ، أو لسانه عن هذا القول ، أو كليهما عن كليهما ، ومقصوده : أنّ هذا التشديد خلاف السنة ، فإنّ عليه الصلاة والسلام بال قائمًا ، ولا شك في كون القائم معرضا للرشاش ولم يلتفت عليه الصلاة والسلام إلى هذا الاحتمال ، ولم يتكلف البول في القارورة ، وقال ابن بطال : وهو حجة لمن رخص في يسير البول ، لأنّ المعهود ممن بال قائمًا أن يتطاير إليه مثل رؤوس الأبر ، وفيه يسر و سماحة على هذه الأمة حيث لم يوجب القرض كما أوجب على بني إسرائيل . (عمدة القاري : كتاب الوضوء ، باب البول عند سباطة قوم ،(۳/۱۳۸ ، ۱۳۹) ، ط: دار إحياء التراث العربي) =

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جو شخص تم میں سے یہ کہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے، اس کی تصدیق نہیں کرنا (یعنی کبھی اعتبار نہ کرنا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ بیٹھ کر پیشاب کیا کرتے تھے۔ (۱)

☆ عذر کے بغیر کھڑے ہو کر پیشاب کرنا مکروہ اور بدتہذیبی ہے۔ (۲)

☆ آج کل مغربی تعلیم یافتہ لوگوں میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا فیشن ہو گیا ہے، اس میں کپڑے اور جسم پر نہ جانے کتنی چھینٹیں پڑتی ہیں، جب کہ حدیث

= شرح صحيح البخاري لابن بطال : كتاب الوضوء ، باب البول عند سباطة قوم ، (۱/۳۳۷) ، ط: مكتبة الرشد .

وقد ثبت عن عمر و علي ، و زيد بن ثابت ، وغيرهم : أنهم بالوا قيامًا ، وهو دال على الجواز من غير كراهة إذا أمن الرشاش . (فتح الملهم : كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، (۳/ ۹) ، ط: دار إحياء التراث العربي)

(۱) عن عائشة رضي الله عنها قالت : من حدثكم أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يبول قائمًا فلا تصدقوه ، ما كان يبول إلا قاعدًا ، رواه أحمد والترمذي والنسائي. (مشكاة المصابيح: كتاب الطهارة باب آداب الخلاء ، الفصل الثالث ، (ص: ۴۳) ، ط: قديمي)

جامع الترمذي : أبواب الطهارة ، باب النهي عن البول قائمًا ، (۱/ ۹) ، ط: قديمي .

قوله : (كان يبول قائمًا) قيل : إن الصديقة تنفي عادته من البول قائمًا ، أي لم يكن يعتاده ..... أو نقول : إن رواية حذيفة في حال العذر . (العرف الشذي على هامش الترمذي : أبواب الطهارة ، باب النهي عن البول قائمًا ، (۱/ ۹) ط: قديمي)

(۲) (كما كره استقبال القبلة واستدبارها لأجل بول أو غائط ..... وأن يبول قائمًا) قوله : وأن يبول قائمًا) كما ورد من النهي عنه ، ولقول عائشة رضي الله عنها : من حدثكم أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يبول قائمًا فلا تصدقوه ، ما كان يبول إلا قاعدًا ..... قال النووي في شرح مسلم: وقد روى في النهي أحاديث لاتثبت ولكن حديث عائشة ثابت فلذا قال العلماء يكره إلا لعذر . (الدر مع الرد : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، فصل في الاستنجاء ، (۱/ ۳۴۴) ط: سعيد)

شرح النووي على مسلم : كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، (۱/ ۱۳۳) ط: قديمي.

عمدة القاري : كتاب الوضوء ، باب البول قائمًا و قاعدًا ، (۳/ ۱۳۵) ، ط: دار إحياء التراث العربي.

شریف میں صاف الفاظ میں آیا ہے کہ ایک شخص کو صرف پیشاب کی چھینٹ سے نہ بچنے پر قبر کا عذاب ہوا ہے، اس لئے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے بچنا چاہئے ورنہ قبر کے عذاب میں گرفتار ہونے کا خطرہ ہے۔ (۱)

کھڑے ہو کر رکوع سجدہ کے لئے اشارہ کرنا

اگر کسی آدمی کا بیٹھنے اور سجدہ کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اور رکوع اور سجدہ پر بھی قادر نہیں ہے تو ایسا مریض کھڑے ہو کر رکوع سجدہ اشارہ سے کرے، نماز صحیح ہو جائے گی۔ (۲)

---

(۱) ثم إنّ البول قائمًا وإن كانت فيه رخصة، والمنع للتاديب لا للتحريم كما قال الترمذي ولكن اليوم الفتوى على تحريمه أولى، حيث اصبح شعارًا لغير المسلمين من الكفار وأهل الأديان الباطلة، وكم من مسائل تختلف باختلاف العصور وتغير المصالح. (معارف السنن للبنوري: أبواب الطهارة، باب النهي عن البول قائمًا، باب ماجاء في الرخصة في ذلك، (۱/۱۰۶)، ط: سعيد)
☜ انظر أيضًا الحواشي السابقة.

(۲) (قوله: وقد يتحتم القعود الخ) اى يلزمه الايماء قاعدا لخليفته عن القيام الذى عجز عنه حكما اذ لو قام لزم فوت الطهارة او الستر او القراءة او الصوم بلا خلف حتى لو لم يقدر على الايماء قاعدا كما لو كان بحال لو صلى قاعدا يسيل بوله او جرحه ولو صلى مستلقيا لايسيل منه شيئ فانه يصلي قائما بركوع و سجود كما نص عليه في المنية، قال شارحها لان الصلاة بالاستلقاء لاتجوز بلاعذر كالصلاة مع الحدث فيترجح ما فيه الاتيان بالاركان وعن محمد انه يصلي مضطجعا ولا اعادة في شيئ مما تقدم اجماعا.
(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، (۱/۴۴۵)، ط: سعيد)

(۳) (قوله: وخير إن طهر أقلّ من ربعه) يعني بين أن يصلي فيه وهو الأفضل لما فيه من الإتيان بالركوع والسجود وستر العورة وبين أن يصلي عريانًا قاعدًا يؤمي بالركوع والسجود وهو يلي الأوّل في الفضل لما فيه من ستر العورة الغليظة وبين أن يصلي قائمًا عريانًا بركوع وسجود وهو دونهما في الفضل وفي ملتقى البحار إن شاء صلى عريانًا بالركوع والسجود أو مومئًا بهما إما قاعدًا وإمّا قائمًا فهذا نص على جواز الإيماء قائمًا. (البحر الرائق: كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، (۱/۲۸۳)، ط: سعيد)

(۴) تبيين الحقائق: كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، (۱/۹۸)، امداديه ملتان =

کھڑے ہو کر وضو کرنا

☆ قبلہ رخ بیٹھ کر وضو کرنا افضل ہے، اور کھڑے ہو کر وضو کرنے میں چھینٹے پڑنے کا احتمال ہے، اس لئے جہاں تک ہو سکے بیٹھ کر وضو کرنا چاہئے لیکن اگر مجبوری ہو تو کھڑے ہو کر وضو کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

☆ موجودہ دور میں تقریباً ہر جگہ واش بیسن لگے ہوئے ہوتے ہیں، لوگ کھڑے ہو کر بیسن سے وضو کر لیتے ہیں، وضو تو اس طرح بھی ہو جاتا ہے، لیکن افضل یہ ہے کہ قبلہ رخ بیٹھ کر وضو کرے۔

☆ اگر بیٹھ کر وضو کرنے کی جگہ نہیں ہے، تو کھڑے ہو کر وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن چھینٹوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔

☆ بیٹھے ہوئے وضو کرتے ہوئے اگر بیٹھ کر پاؤں دھونے میں دقت ہو یا کھڑے ہو کر مستعمل پانی سے حفاظت ہوتی ہو تو کھڑے ہو کر پاؤں دھونے میں کوئی حرج نہیں ہے، بلکہ استعمال کئے ہوئے پانی سے حفاظت کے لئے کھڑے ہو کر پاؤں دھونا بہتر ہے۔ (۱)

= ج: الفتاوى الهندية، كتاب الصلاة، الباب الرابع عشر، (۱/۱۳۸)، ط: رشيدية

د: الفتاوى التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الحادى والثلاثون، (۲/۱۳۱)، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

(۱) وفي رواية عبد الله بن عباس ..... ثم قام (رسول الله صلى الله عليه وسلم) إلى شن معلقة فتوضأ منها فأحسن وضوءه ثم قام يصلي ..... الحديث. (صحيح البخاري: كتاب الوضوء، باب قراءة القرآن بعد الحدث وغيره، (۱/۳۰)، ط: قديمي)

ـ: وفيه أيضًا: كتاب الوضوء، باب التخفيف في الوضوء، (۱/۲۵)، ط: قديمي.

ـ: (ومن آدابه) عبر بمن لأن له آدابا أخر أوصلها في الفتح إلى نيف وعشرين وأوصلها في الخزائن إلى نيف وستين (استقبال القبلة ..... (والجلوس في مكان مرتفع) تحرزا عن الماء المستعمل وعبارة الكمال: وحفظ ثيابه من المتقاطر، وهي أشمل. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة: آداب الوضوء، (۱/۱۲۳-۱۲۷)، ط: سعيد) =

کھنکھارنا

پاخانہ، پیشاب کرتے ہوئے بلا ضرورت نہ کھنکھارے۔ (۱)

کہنی

☆ وضو کے فرائض میں سے دوسرا فرض ہاتھوں کا کہنیوں تک دھونا ہے۔
''کہنی'' سے مراد ہاتھ کے نچلے سرے پر وہ ابھری ہوئی ہڈی ہے جو کلائی اور بازو کا جوڑ ہے۔ (۲)

---

(۱) حلبی کبیر شرائط الصلاۃ، الشرط الاول، باب فی آداب الوضوء، (ص:۲۸)، ط: مکتبہ نعمانیہ

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث، (۱/۹)، ط: رشیدیة

ولا یتنحنح أی إلا بعذر کما إذا خاف دخول أحد علیه. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، مطلب فی الفرق بین الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء، (۱/۳۴۴)، ط: سعید)

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط: رشیدیة

البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۴۳)، ط: سعید

(۲) أرکان الوضوء أربعة......غسل الوجه......وغسل الیدین......والرجلین مع المرفقین.

قوله (مع المرفقین) تثنیة مرفق بکسر المیم وفتح الفاء وفیه العکس اسم لملتقی العظمین عظم العضد وعظم الذراع

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، (۱/۹۸)، ط: سعید

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، (۱/۳)، ط: رشیدیة

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط: سعید

ومن هو مقطوع الیدین من المرفقین اذا تیمم یمسح موضع القطع وهو طرف عظم العضد لأنه من المرفق اذ المرفق نهایة کل من عظمی الساعد و العضد وفی الوضوء یجب غسله.

حلبی کبیر، کتاب الطهارة، فصل فی التیمم، (ص:۵۶)، ط: مکتبه نعمانیه

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۳۶)، ط: رشیدیة

ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۳۷)، ط: سعید

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط: سعید

☆اگر ہاتھ کی انگلیاں پانچ سے زائد ہوں تو ان کا دھونا واجب ہے۔[۱]

☆اگر کسی آدمی کا پورا ایک ہاتھ زیادہ ہے، اور وہ زائد ہاتھ اس کے قدرتی ہاتھ کے برابر ہے تو اس کو بھی دھونا واجب ہے، اور اگر وہ زائد ہاتھ اس کے قدرتی ہاتھ سے آگے نکلا ہوا ہے تو صرف وہاں تک دھونا واجب ہے جہاں تک برابر ہے، اور زائد حصہ کا دھونا واجب نہیں ہے، لیکن اس کو بھی دھو لینا مستحب ہے۔[۲]

☆اگر ہاتھ میں کوئی چیز چپک جائے، یا ناخنوں میں مٹی یا آٹا وغیرہ جم جائے، تو اس کو وضو کرنے سے پہلے نکال کر صاف کرنا لازم ہے، تاکہ ناخنوں کی جڑ تک پانی پہونچ جائے، ورنہ وضو درست نہیں ہوگا، اور ناخنوں کی جڑ سے مراد وہ حصہ ہے جو انگلیوں کے گوشت سے چپکا ہوا ہے۔[۳]

مزید "ناخن" عنوان تحت دیکھیں۔(۲۶۱/۲)

☆مہندی لگانے یا کپڑا وغیرہ رنگنے سے جو رنگ وغیرہ لگا رہ جائے اس سے وضو میں خلل نہیں آتا البتہ اگر جمی ہوئی مہندی ہاتھ پر جمی رہ گئی تو اس پر وضو نہیں ہوگا کیونکہ وہ جسم پر پانی پہونچنے سے مانع ہوتی ہے۔[۴]

---

(۱) ویجب غسل کل ما کان مرکبا علی اعضاء الوضوء من الأصبع الزائدة والکف الزائد کذا فی السراج الوهاج . (الفتاوی الهندیة : (۴/۱) کتاب الطهارة ، الباب الأول فی الوضوء ، ط: رشیدیه)

☜ البحر الرائق : کتاب الطهارة ، (۱۳/۱) ، ط: سعید .

☜ الفتاوی التاتارخانیة : کتاب الطهارة ، الفصل الأول فی الوضوء ، (۲۰۰/۱) ، ط: مکتبه فاروقیه

(۲) ولو خلق له یدان علی المنکب فالتامة هی الأصلیة یجب غسلها والأخری زائدة فما حاذی منها محل الفرض وجب غسله وما لا فلا یجب بل یندب غسله . (البحر الرائق : کتاب الطهارة ، (۱۳/۱) ، ط: سعید)

ط الفتاوی الهندیة : کتاب الطهارة ، الباب الأول فی الوضوء ، (۴/۱) ، ط: رشیدیه .

☜ الدر مع الرد : کتاب الطهارة ، (۱۰۲/۱) ، ط: سعید

(۳،۴) (ولا یمنع) الطهارة (ونیم) ای خرء ذباب و برغوث لم یصل الماء تحته (وحناء) ولو جرمه، به یفتی (ودرن ووسخ) عطف تفسیر وکذا دهن ودسومة (وتراب) وطین ولو (فی ظفر =

☆اگر کسی کے ہاتھ کا کچھ حصہ کٹا ہوا ہے تو باقی حصے کو دھونا فرض ہے، اور اگر عضو کٹ گیا تو اس کا دھونا ساقط ہو جائے گا۔ (۱)

☆وضو میں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھونے کے بعد انگلیوں کا خلال کیا جائے اور پاؤں کو دھونے کے بعد پاؤں کی انگلیوں کا خلال کیا جائے، افضل یہی ہے۔ (۲)

☆رنگ ریز جو کپڑے رنگنے کا کام کرتے ہیں ان کے ہاتھوں پر جو رنگ لگا ہوتا ہے، اس کو اتارنے کی ضرورت نہیں، البتہ لکڑی، لوہا اور دیوار وغیرہ پر چپکنے والا رنگ و روغن اگر ہاتھ پر جم گیا ہو تو اس کو اتارے بغیر وضو نہیں ہوگا، ہاں اگر ایسے روغن

= مطلقا) بخلاف نحو عجين (و) لا يمنع (ما على ظفر صباغ و) لا (طعام بين اسنانه) او في سنه المجوف، به يفتى، وقيل ان صلبا منع وهو الاصح.

قوله: بخلاف نحو عجين) اي كعلك وشمع و قشر سمك و خبز ممضوغ متلبد جوهرة. لكن في النهر: ولو في اظفاره طين او عجين فالفتوى على انه مغتفر قرويا او مدنيا. اهـ نعم ذكر الخلاف في شرح المنية في العجين واستظهر المنع، لأن فيه لزوجة وصلابة تمنع نفوذ الماء. (قوله: إن صلبا) بضم الصاد المهملة وسكون اللام وهو التشديد حلية: اي إن كان ممضوغا متأكدا، بحيث تداخلت أجزاؤه و صار له لزوجة وعلاكة كالعجين شرح المنية. قوله: (وهو الأصح) صرح به في شرح المنية وقال لامتناع نفوذ الماء مع عدم الضرورة والحرج. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۵۳-۱۵۲)، ط: سعيد)

- حلبي كبير فرائض الغسل، (ص: ۴۹) ط: سهيل اكيڈمي.
- الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، (۱/۳)، ط: رشيدية
- البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط: سعيد.

(۱) قال في البحر: ولو قطعت يده أو رجله فلم يبق من المرفق والكعب شيء سقط الغسل ولو بقي وجب غسله. (شامي: كتاب الطهارة، مطلب في الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام ۱/۱۰۲)، ط: سعيد)

- البحر الرائق: كتاب الطهارة، (۱/۱۳) ط: سعيد.
- حاشية الطحطاوي على الدر المختار: كتاب الطهارة، (۱/۶۵) ط: المكتبة العربية.

(۲) وسننه أيضا ...... تخليل الأصابع من اليد والرجلين بعد التثليث. (درر الحكام شرح غرر الأحكام: كتاب الطهارة، (۱/۱۱)، ط: دار إحياء التراث العربي)

- البحر الرائق: كتاب الطهارة، (۱/۲۲) ط: سعيد.
- الدر مع الرد: كتاب الطهارة، مطلب في منافع السواك، (۱/۱۱۷)، ط: سعيد.

کی تہہ نہیں جمی صرف رنگ نظر آتا ہو تو وضو ہو جائے گا، کیونکہ یہاں پانی پہنچنے سے کوئی مانع نہیں ہے۔ [۱]

کہنیوں تک ہاتھ دھونے کا راز

☆دل وجگر کے خون کو صاف کرنے اور اس کو طاقت ور بنانے کے لئے ہاتھوں کا دھونا بہت مفید ہے، اور جو رگیں دل وجگر تک پہونچتی ہیں وہ کچھ ہاتھوں کی انگلیوں سے اور کچھ ہتھیلی اور بازو سے اور کچھ کہنیوں سے شروع ہوتی ہیں، اسی وجہ سے کہنیوں تک ہاتھوں کا دھونا مقرر ہوا تاکہ ہاتھوں کی وہ تمام رگیں جو بواسطہ اور بلاواسطہ دل وجگر کو پہونچتی ہیں وہ بھی دھونے میں شامل ہو جائیں، ہاتھ اور منہ دھونے سے دل اور جگر کو تقویت پہونچتی ہے اور پانی کا اثر رگوں کے ذریعہ سے اندر جاتا ہے۔

جو لوگ سرجری کے ماہر ہیں وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ "اکحل" رگ جس کا دوسرا نام ہفت اندام اور تیسرا نام "نہر البدن" ہے، جب کبھی دلی، جگری، اور جلدی بیماریوں کو دور کرنے اور خون کی صفائی کے لئے اس رگ کا خون نکالنا تجویز کیا جاتا ہے تو کہنیوں کے برابر سے ہی اس رگ پر نشتر لگا کر خون نکالا کرتے ہیں کیونکہ اس جگہ میں یہ رگ ظاہر اور باہر ہوتی ہے۔

دل وجگر کے علاوہ اس کا اثر سارے بدن پر بھی ہوتا ہے، اس لئے ہاتھوں کو کہنیوں تک دھونا مقرر ہوا تاکہ "نہر البدن" کے ذریعے پانی کا اثر پورا پورا اندر چلا جائے۔

---

(۱) ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین أسنانه أو في سنه المجوف، به یفتی، وقیل ان صلبا منع وهو الأصح. (قوله: وهو الأصح) صرح به في شرح المنیة وقال: لامتناع نفوذ الماء مع عدم. (الدر مع الرد: کتاب الطهارة، مطلب في أبحاث الغسل، (۱/۱۵۴)، ط: سعید)

: حلبي کبیر: فرائض الغسل، (ص: ۴۹)، ط: سهیل اکیڈمی لاهور.

الفتاویٰ الهندیة: کتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، (۱/۴)، ط: رشیدیه.

☆ وضو میں بدن کے اطراف یعنی ہاتھ پاؤں وغیرہ دھونا مقرر ہے تو ہاتھوں کا کہنیوں تک دھونا اس لئے مقرر ہوا کہ اس سے کم کا اثر انسانی نفس پر کچھ محسوس نہیں ہوتا، کیونکہ کہنی سے کم ناتمام عضو ہے۔ (۱)

کہنیوں سے اوپر پانی پہنچانا

وضو کے دوران ہاتھ دھوتے وقت کہنیوں سے اوپر اور پاؤں دھوتے ہوئے ٹخنوں سے اوپر پانی پہنچانا مستحب ہے، اگر سردی کے زمانہ میں نہ ہوسکے تو گرمی کے زمانہ میں کہنی اور ٹخنے سے کچھ زائد حصہ دھونا چاہیے، تا کہ قیامت کے دن اوروں کے مقابلہ میں ہمارے اعضاء زائد چمکیں۔

نعیم بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کیا، چہرہ کو دھویا، خوب اچھی طرح دھویا، پھر دائیں ہاتھ کو دھویا (کہنی کے اوپر) بازو تک پہنچایا، اسی طرح بائیں ہاتھ کو دھویا، پانی بازو تک پہنچایا، پھر سر کا مسح کیا، پھر دائیں پیر کو دھویا، پنڈلی کی جانب تک پانی پہنچایا، پھر بائیں پیر کو دھویا تو پنڈلی تک پانی پہنچایا، پھر کہا میں نے اسی طرح رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا، اور فرمایا: رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قیامت کے دن وضو کی وجہ سے چمکو گے، پس تم میں سے جو اپنے اعضاء کو زیادہ چمکا سکے وہ (تھوڑا) زیادہ کر لے۔ (۲)

---

(۱) والحد الوضوء غسل الأطراف فضبط الوجه واليدين إلى المرفقين ؛ لأنّ دون ذلک لایحس نفسه، والرجلين إلى الكعبين ؛ لأنّ دون ذلک ليس بعضو تام. (حجة الله البالغة : القسم الثاني : في بيان أسرار ماجاء عن النبي صلى الله عليه وسلم من أبواب الطهارة، (۲۹۵/۱)، ط: دار الجيل)

المصالح العقلية : باب الوضوء، عنوان : وضو میں کہنیوں تک ہاتھ دھونے کا راز، (ص: ۴۸)، ط: دار الإشاعت.

(۲) عن نعيم بن عبد الله المجمر قال : رأيت أبا هريرة رضي الله عنه يتوضأ فغسل وجهه فأسبغ=

کہنیوں کے مقام سے ہاتھ کٹے ہوئے ہوں

جس شخص کے دونوں ہاتھ کہنیوں کے مقام سے کٹے ہوئے ہوں تو جب ؛
کسی سے تیمم کرائے تو کٹی ہوئے جگہ پر مسح کرائے ۔ (۱)

کیڑا

☆ اگر نماز کے دوران پاخانہ کے مقام سے کیڑا باہر نکل آئے تو نماز اور وضو

= الوضوء ثم غسل يده اليمنى حتى أشرع في العضد ، ثم يده اليسرى حتى أشرع في العضد ثم
مسح برأسه ، ثم غسل رجله اليمنى حتى أشرع في الساق ، ثم غسل رجله اليسرى حتى أشرع
في الساق ، ثم قال : هكذا رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ وقال : قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم : أنتم الغر المحجلون يوم القيامة من إسباغ الوضوء ، فمن استطاع منكم
فليطل غرته وتحجيله . (صحيح مسلم : (۱/۱۲٦) كتاب الطهارة ، باب استحباب إطالة الغرة
والتحجيل في الوضوء ، ط: قديمي)

☜ قلت: قد ثبت إطالة التحجيل من فعله صلى الله عليه وسلم في حديث الباب ، وقول
الصحابة حجة عندنا إذا لم يخالفه مرفوع ...... وفي رد المحتار : وفي البحر : وإطالة الغرة
بالزيادة على الحد المحدود ، وفي الحلية : والتحجيل يكون في اليدين والرجلين ، وهل له حد
؟ لم أقف فيه على شئ لأصحابنا ، ونقل النووي اختلاف الشافعية على ثلاثة أقوال : الأول : أنه
يستحب الزيادة فوق المرفقين والكعبين بلا توقيت ، الثاني : إلى نصف العضد والساق ، الثالث
إلى المنكب والركبتين ، قال : والأحاديث تقتضي ذلك كله اهـ ونقل ط الثاني عن شرح
الشرعة مقتصراً عليه . (إعلاء السنن : (۱/۱۲٦) كتاب الطهارة ، باب استحباب إطالة الغرة
والتحجيل ، ط: إدارة القرآن)

⇦ رد المحتار : (۱/۱۳۰) كتاب الطهارة ، مطلب في الغرة والتحجيل ، ط: سعيد .

(۱) ومن هو مقطوع اليدين من المرفقين اذا تيمم يمسح موضع القطع وهو طرف عظم العضد
لأنه من المرفق اذ المرفق نهاية كل من عظمي الساعد و العضد وفي الوضوء يجب غسله.
حلبي كبير، كتاب الطهارة، فصل في التيمم،(ص:٥٦)، ط: مكتبه نعمانيه

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۳٦)، ط: رشيدية

☜ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۷)، ط: سعيد

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۳)، ط: سعيد

دونوں ٹوٹ جائیں گے، اور نماز نہیں ہوگی، وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھنا لازم ہوگا۔

☆ اگر کسی کے پاخانہ کے مقام سے کیڑے کا کچھ حصہ نکلا پھر وہ خود ہی اندر گھس گیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، جبکہ نجاست نہ گرے، اور اگر نجاست گرے گی تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ [1]

کیسٹ

☆ بے وضو کیسٹ میں آواز بھرنا، اور اس کا ہاتھ میں لینا سب جائز ہے؛ کیونکہ کیسٹ میں صرف آواز والی ہوا محبوس ہوتی ہے، الفاظ وکلمات جیسی کوئی چیز محبوس ہو کر مقید نہیں ہوتی، البتہ کتابت میں الفاظ اور کلمات جیسی چیز محبوس ہو کر مقید ہوتی ہے، اس لئے قرآن مجید کے الفاظ کو بے وضو لکھنا اور چھونا جائز نہیں ہے۔

☆ قرآن کریم کی کیسٹ کو بے وضو ہاتھ لگانا جائز ہے۔ [2]

---

[1]: (و) خروج غير نجس مثل (ريح او دودة أو حصاة من دبر).

وقال ابن عابدين (قوله من دبر) و كذا من ذكر أو فرج في الدودة والحصاة بالاجماع.

الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (١٣٦/١)، ط: سعيد

☆ (منها) مايخرج من السبيلين من البول والغائط والريح الخارجة من الدبر والودى والمذى والمنى والدودة والحصاة.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (٩/١)، ط: رشيدية

☆ خلاصة الفتاوى، كتاب الطهارات، الفصل الثالث في نواقض الوضوء، (١٧/١)، ط: رشيدية

☆ وذكر الحلواني: إن تيقن خروج الدبر تنتقض طهارته بخروج النجاسة من الباطن إلى الظاهر فتخرج على هذا لو خرج بعض الدودة فدخلت اهـ. (البحر الرائق: كتاب الطهارة، (٣١/١)، ط: سعيد)

☆ الدر مع الرد: كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه (١٥٠/١)، ط: سعيد.

[2]: (ويمنع حل دخول مسجد ..... وقراءة ..... ومسه. (قوله: ومسه) اي القرآن ولو في لوح أو درهم أو حائط، لكن لا يمنع إلا من مس المكتوب، بخلاف المصحف ..... ففي الحلية عن المحيط: لو كان المصحف في صندوق فلا بأس للجنب أن يحمله. (شامي: كتاب الطهارة، =

کیمیکل ڈال کر ناپاک پانی کو صاف کیا

گندے اور ناپاک پانی کو کیمیکل ڈال کر صاف کرنے سے پانی صاف تو ہو جائے گا، لیکن پاک نہیں ہوگا، اس سے وضو اور غسل کرنا جائز نہیں ہوگا، صاف اور پاک میں بہت بڑا فرق ہے۔ (۱)

= باب الحیض، مطلب لو افتی مفت بشئ من هذه الأقوال في مواضع الضرورة طلبا للتیسیر کان حسنا، (۱/۲۹۳)، ط: سعید)

(۲) وهل یجوز للجنب کتابة القرآن، قال في منیة المصلی لایجوز، وفي الخجندي: یکره للجنب والحائض کتابة القرآن إذا کان مباشر اللوح والبیاض وإن وضعهما علی الأرض یکره من غیر ان یضع یده علی المکتوب لابأس به. (الجوهرة النیرة: کتاب الطهارة، باب الحیض، (۱/۳۵) ط: حقانیه)

(۳) حلبي کبیر: فروع ان اجنبت المرأة، (ص: ۵۸) ط: سهیل اکیڈمی لاهور.
پلیٹ یا ٹیپ ریکارڈ میں نہ قرآن کریم کی کتابت ہے اور نہ ہی اس کی آواز قرآن کی آواز ہے بلکہ صدائے بازگشت کی طرح آواز کی نقل ہے لہذا اس کے احکام قرآن کریم جیسے نہیں، اسے بے وضو چھونا جائز ہے۔
احسن الفتاوی، کتاب الطہارۃ، (۲/۱۹)، ط: سعید

(۴) ان نقوش میں جب تک پڑھے جانے کی صلاحیت ثابت نہ ہو حروف مکتوبہ کے حکم میں نہیں اس لیے ان کا مس کرنا محدث وجنب کو جائز ہے جیسا دماغ میں ارتسام الفاظ قرآنیہ کا ہوتا ہے اور اس دماغ کا مس کرنا جائز ہے البتہ اگر وہ پڑھے جانے لگیں تو اس وقت دلالت وضعیہ غیر لفظیہ کی وجہ سے ان کا حکم حروف مکتوبہ کا دیا جائے گا۔
امداد الفتاوی، کتاب الطہارۃ، مسائل منثورۃ، (۱/۱۴۷)، ط: دار الاشاعت

(۱) والدلیل علی تحریم استعمال الماء الّذي فیه جزء من النجاسة وإن لم یتغیر طعمه أو لونه أو رائحته، قول اللّٰه تعالی: ویحرم علیهم الخبائث، والنجاسات من الخبائث، لأنّها محرمة (شرح مختصر الطحاوي: کتاب الطهارة، باب تکون به الطهارة، مسألة: النجاسة في الماء القلیل والکثیر، (۱/۲۳۹)، ط: دار السراج المدینة المنوّرة)

(۲) البحر الرائق: کتاب الطهارة، (۱/۷۸، ۷۹)، ط: سعید.

(۳) (و) یطهر (زیت) تنجس (بجعله صابونًا) به یفتی للبلوی، کتنور رش بماء نجس لا بأس بالخبز فیه. قوله: (ویطهر زیت الخ) قد ذکر هذه المسألة العلامة قاسم في فتاواه، وکذا ماسیأتي متنًا وشرحها من مسائل التطهیر بانقلاب العین ..... ثم هذه المسألة قد فرعوها علی قول محمد بالطهارة بانقلاب العین الّذي علیه الفتوی واختاره اکثر المشایخ خلافًا لأبي یوسف کما =

= في شرح المنية والفتح وغيرهما . وعبارة المجتبى : جعل الدهن النجس في صابون يفتى بطهارته ؛ لأنه تغير والتغير يطهر عند محمد و يفتى به للبلوى اهـ . وظاهره أن دهن الميتة كذلك لتعبيره بالنجس دون المتنجس إلا أن يقال هو خاص بالنجس ؛ لأن العادة في الصابون وضع الزيت دون بقية الأدهان تأمل ، ثم رأيت في شرح المنية مايؤيد الأول حيث قال : وعليه يتفرع ما لو وقع إنسان أو كلب في قدر الصابون فصار صابونًا يكون طاهرًا لتبدل الحقيقة اهـ . ثم اعلم أن العلة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة وأنه يفتى به للبلوى كما علم مما مر ، ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون ، فيدخل فيه كل ما كان فيه تغير وانقلاب حقيقة وكان فيه بلوى عامة .

... لأن الدبس ليس فيه انقلاب حقيقة ؛ لأنه عصير جمد بالطبخ ، وكذا السمسم إذا درس واختلط دهنه بأجزائه ففيه تغير وصف فقط كلبن صار جبنًا ، وبر صار طحينًا ، وطحين صار خبزًا بخلاف نحو خمر صار خلًّا أو حمار وقع في مملحة فصار ملحًا ، وكذا روث خمر صار طرطيرًا وعذرة صارت رمادًا أو حمأة فإن ذلك كله انقلاب حقيقة إلى حقيقة أخرى لا مجرد انقلاب وصف . (الدر مع الرد : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ،(۱/۳۱۵، ۳۱۶) ، ط: سعيد)

د وخرج عن هذه القضية الماء النجس لقوله تعالىٰ ﴿ ولكن يريد ليطهّركم ﴾ والنجس لا يفيد الطهارة . (أصول الشاشي : البحث الأوّل في كتاب الله ، فصل في المطلق والمقيد ،(ص: ۲۳ ، ۲۵)، ط: بشرى

﴿..... گ .....﴾

گردن کا مسح

☆ گردن کا مسح انگلیوں کی پشت کو کھینچ کر کرنا درست ہے۔ (۱)

☆ گردن کا مسح مستحب ہے، البتہ حلقوم کا مسح سنت سے ثابت نہیں ہے۔ (۲)

☆ گردن کا مسح کرنا مستحب ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے گردن پر مسح کرنا ثابت ہے، لہٰذا اس کو بدعت کہنا یا اس کا انکار کرنا درست نہیں ہے۔

۱: ومسح الرقبة بظهر يديه.

(قوله بظهر يديه) أي لعدم استعمال بلتهما بحر، فقول المنية: بماء جديد لا حاجة اليه كما في شرحها الكبير، وعبر في المنية بظهر الأصابع ولعله المراد هنا. (رد المحتار، كتاب الطهارة (۱/ ۱۲۳)، ط: سعيد)

۲: البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۲۸)، ط: سعيد

۳: الفتاوى الهندية كتاب الطهارة الباب الأول، الفصل الثالث (۱/ ۸)، ط: رشيدية

: ومستحبه ـــ (ومسح الرقبة) بظهر يديه (لا الحلقوم) لأنه بدعة

(قوله ومسح الرقبة) هو الصحيح وقيل إنه سنة كما في البحر وغيره ـــ (قوله: لأنه بدعة) فلم يرد في السنة. (رد المحتار، كتاب الطهارة (۱/ ۱۲۳)، ط: سعيد)

۲: (قوله: ومسح رقبته) حتى بظهر اليدين لعدم استعمال بلتهما، وقد اختلف فيه فقيل بدعة وقيل سنة وهو قول الفقيه أبي جعفر وبه أخذ كثير من العلماء كذا في شرح مسكين وفي الخلاصة: الصحيح أنه أدب وهو بمعنى المستحب كما قدمناه وأما مسح الحلقوم فبدعة. (البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۲۸)، ط: سعيد)

۳: الفتاوى الهندية كتاب الطهارة الباب الأول، الفصل الأول، (۱/ ۸)، ط: رشيدية

عن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من توضأ ومسح عنقه وقي الغل يوم القيامة

۳: البناية شرح الهداية كتاب الطهارات، باب الوضوء (۱/ ۱۶۱)، ط: دار الفكر

۵: عنه (وائل بن حجر) قال: شهدت النبي صلى الله عليه وسلم وأتي بإناء فأكفأ على يمينه ثلاثا ثم غمس يمينه في الماء فغسل بها ذراعه اليمنى حتى جاوز المرفق ثلاثا ثم غسل يساره بيمينه حتى جاوز المرفق ثلاثا، ثم مسح على رأسه ثلاثا وظاهر أذنيه ثلاثا وظاهر رقبته. (نصب الراية كتاب الطهارات (۱/ ۱۳)، ط: مؤسسة الريان)

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ ان کے دادا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا کہ آپ نے سر کا مسح کیا اور گدی پر دونوں ہاتھوں کو (مسح کرتے ہوئے) پھیرا۔[1]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ گردن کا مسح کرنا قیامت کے دن طوق سے امان کا باعث ہے۔[2]

گرم پانی سے وضو کرنا

☆ گرم پانی سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

☆ پاک پانی خواہ گرم ہو یا ٹھنڈا دونوں سے وضو کرنا جائز ہے۔

---

[1] عن طلحة عن أبيه عن جده أنه أبصر النبي صلى الله عليه وسلم حين توضأ مسح رأسه والذنيه وأمر يديه على قفاه. (السنن الكبرى للبيهقي: (۶۰/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه، باب إمرار الماء على القفا، ط: دار الإشاعت)

- انظر أيضًا الحاشية الآتية.

[2] وقد روى الديلمي في الفردوس من حديث ابن عمر مرفوعًا: مسح الرقبة أمان من الغل يوم القيامة — فهذه أحاديث قولية وفعلية قد دلت على أن مسح الرقبة أصلاً فلا محل لنفيه القول الذي قدمت وهو مختار بعض أصحابنا منهم الشرنبلالي وصاحب الاختيار. وفيه نظر أيضًا فإن حد السنة عندهم المواظبة وإذ ليست فليست.

القول الثالث وهو الذي اختاره المصنف وغيره من أصحاب المتون والشروح والفتاوى المعتمدة وهو الأصح لانتفاء المواظبة وثبوت فعله صلى الله عليه وسلم وترغيبه — وقد طال الكلام في نفس مسح الرقبة في زماننا هذا فظن كثير من متقشفي عصرنا أنه بدعة لا أصل له مطلقًا واغتروا بعبارة النووي وغيره ولم يمر تحت أنظارهم ما سردنا من الأخبار. (السعاية: (۱۸/۱) كتاب الطهارة، مستحب مسح الرقبة، ط: سعيد)

- نيل الأوطار: (۲۰۷/۱) تحت رقم الحديث: ۱۹۹، كتاب الطهارة، أبواب صفة الوضوء فرضه وسنته، باب مسح العنق، ط: دار الحديث، مصر)

- مجموعه رسائل الكهنوي: (۲۵۳/۱) رسالة: تحفة الطلبة في تحقيق مسح الرقبة، ط: بجارة القرآن.

البتہ دھوپ سے گرم شدہ پانی استعمال کرنا طبی لحاظ سے مکروہ ہے۔ (۱)

---

(۱) وعن عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال: لا تغتسلوا بالماء المشمس فإنه يورث البرص. رواه الدار قطني. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، باب أحكام المياه (ص: ۵۲)، ط: قديمي)

(۲) فإن تغير بالطبخ بعد ما خلط به غيره لا يجوز التوضؤ به. (الهداية: كتاب الطهارات، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز به (۳۵/۱)، ط: المصباح)

(۳) (فإن تغير بالطبخ بعد ما خلط به غيره) قيد به، لأنه إذا طبخ به وحده وتغير يجوز الوضوء به. (البناية شرح الهداية: كتاب الطهارات، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز به (۳٦۷/۱)، ط: دار الكتب العلمية)

(۴) (يرفع الحدث)...... (وبماء قصد تشميسه بلا كراهة) وكراهته عند الشافعي طبية، وكره أحمد المسخن بالنجاسة.

قوله: قصد تشميسه) قيد اتفاقي لأن المصرح به في كتب الشافعية أنه لو تشمس بنفسه كذلك (قوله: وكراهته الخ) أقول: المصرح به في شرحي ابن حجر والرملي على المنهاج أنها شرعية تنزيهية لا طبية، ثم قال ابن حجر: واستعماله يخشى منه البرص كما صح عن عمر رضي الله عنه، واعتمده بعض محققي الأطباء لقبض زهومته على مسام البدن فتحبس الدم، وذكر شروط كراهته عندهم وهي أن يكون بقطر حار وقت الحر في اناء منطبع غير نقد وأن يستعمل وهو حار. أقول: وقدمنا في مندوبات الوضوء عن الامداد أن منها أن لا يكون بماء مشمس وبه صرح في الحلية مستدلا بما صح عن عمر من النهي عنه ولذا صرح في الفتح بكراهته ومثله في البحر. وقال في معراج الدراية وفي القنية وتكره الطهارة بالمشمس لقوله صلى الله عليه وسلم لعائشة رضي الله عنها حين سخنت الماء بالشمس: لا تفعلي يا حميراء فإنه يورث البرص، وعن عمر مثله، وفي رواية لا يكره وبه قال أحمد ومالك والشافعي يكره إن قصد تشميسه. وفي الغاية: وكره بالمشمس في قطر حار في أوان منطبعة واعتبار القصد ضعيف وعدمه غير مؤثر اهـ ما في المعراج. فقد علمت أن المعتمد الكراهة عندنا لصحة الأثر وأن عدمها رواية. والظاهر أنها تنزيهية عندنا أيضا بدليل عده في المندوبات فلا فرق حينئذ بين مذهبنا ومذهب الشافعي، فاغتنم هذا التحرير. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ۱۷۹/۱ ـ ۱۸۰ ط: سعيد)

(۵) البحر الرائق، كتاب الطهارة، قبيل نواقض الوضوء (۲۹/۱) ط: سعيد

(٦) فتح القدير، كتاب الطهارات، قبيل فصل في نواقض الوضوء، (۳۲/۱) ط: سعيد

(۷) ان عمر: كان يسخن له ماء في قمقمة ويغتسل به.

ان عمر رحمه الله قال: لا تغسلوا بالماء المشمس فإنه يورث البرص. دار قطني، كتاب الطهارة، باب الماء المسخن (۵۰/۱، ۵۲)، ط: مؤسسة الرسالة. =

آگ پر گرم کئے ہوئے پانی سے وضو اور غسل کرنا درست ہے۔

نافع نے کہا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما گرم پانی سے وضو کرتے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم لوگ گرم پانی سے وضو کر لیتے ہیں۔ (۱)

گرم پانی کا انتظام ہے تو تیمم کرنا

اگر کسی بیماری میں گرم پانی استعمال کرنا نقصان نہیں کرتا، اور جسم پر مل بھی سکتا ہے اور گرم پانی کا انتظام بھی ہے، تو تیمم کرنا جائز نہیں ہے۔ (۲)

= عن الاسلع بن شريك..... قلت اصابتني جنابة فخشيت البرد على نفسي فامرته ان يرحلها ر وضعت احجار فاسخنت ماء فاغتسلت به.

وعن عائشة رضى الله عنها قالت نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتوضا بالماء المشمس. نصب الراية، كتاب الطهارات، باب الماء الذى يجوزبه الطهارة (۱۰۲/۱، ۱۰۳)، ط: مؤسسة الريان.

(۱) عن ايوب قال : سالت نافعًا عن الماء المسخن ، فقال : كان ابن عمر يتوضا بالحميم ..... حدثنا ابوسلمة ، قال : قال ابن عباس رضى الله عنه : انا ندهن بالدهن وقد طبخ على النّار ، ونتوضا بالحميم وقد اغلى على النّار . (مصنف ابن ابي شيبة : (۳۱/۱) رقم الحديث : ۲۵۸،۲۵۶، كتاب الطهارات ، باب في الوضوء بالماء الساخن ، ط: مكتبة الرشد الرياض)

☆ التلخيص الحبير : (۱۳۶/۱) تحت رقم الحديث : ۷، كتاب الطهارة ، باب الماء الطاهر ، ط: دار الكتب العلمية .

☆ واما عدم الكراهية بالماء المسخن بالنّار فلما اخرجه الدار قطني والبيهقي عن علي بن غراب عن هشام بن سعيد بن زيد بن اسلم عن ابيه عن عمر انّه كان يسخن له الماء في قمقمة فيغتسل به ، قال الدار قطني : اسناده صحيح ..... عن ايوب عن نافع انّ ابن عمر كان يتوضا بالماء الحميم ، وعن ابن عباس ، رواه ابو بكر بن ابي شيبة في مصنفه ..... قال ابن عباس : إنا نتوضا بالحميم (السعاية : (۳۳۷/۱) كتاب المياه ، الكراهة في كراهة الماء المشمس ، ط: سعيد)

(۲) (من عجز عن استعمال الماء لبعده ميلا أو لمرض او برد) يهلك الجنب او يمرضه ولو في المصر اذا لم تكن له اجرة حمام ولا مايدفئه ..... (..... تيمم) .

(في الرد: (قوله: ولا ما يدفئه) ..... قال في البحر: فصار الأصل انه متى قدر على الاغتسال بوجه =

گرمی دانہ

گرمی کے موسم میں اکثر گرمی دانے نکل آتے ہیں اور کھجلی دینے سے ان میں سے پانی نکلتا ہے، اگر دانہ ٹوٹنے سے پانی از خود نہیں بہا، بلکہ ہاتھ یا کپڑا وغیرہ سے پھیل گیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اور اگر پانی زخم سے ابھر کر اوپر آ گیا اور دانہ کے سوراخ سے زائد جگہ میں پھیل گیا، مگر اوپر ابھرنے کے بعد نیچے نہیں اترا تو اس سے وضو ٹوٹنے میں اختلاف ہے راجح قول یہ ہے کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔[1]

= من الوجوه لا يباح له التيمم اجماعا. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ۱/ ۲۳۶-۲۳۲ ط سعيد)

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول (۱/ ۲۸) ط رشيدية

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/ ۱۲۱) ط سعيد

(والمخرج) بضم (والخارج) بضمه (سيان) في حكم النقض على المختار كما في البزازية قال: لأن في الإخراج خروجا فصار كالفصد وفي الفتح عن الكافي أنه الأصح واعتمده القهستاني. وفي القنية و جامع الفتاوى أنه الأشبه وصححه أنه الأشبه بالمعنى روايتان والراجح رواية أنه يكون الفتوى عليه (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة ۱/ ۱۳۶-۱۳۷ ط سعيد)

: الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني (۱/ ۱۲۳) ط ادارة القرآن

: البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۳۳) ط سعيد

: ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة ...

وفي الرد: (قوله: عين السيلان) اختلف في تفسيره ففي المحيط عن أبي يوسف أن يعلو و ينحدر وعن محمد إذا انتفخ على وفي الجرح وصار أكبر من رأسه نقض والصحيح لا ينقض قال في الفتح بعد نقله ذلك وفي الدراية جعل قول محمد أصح ومختار السرخسي الأول وهو الأولى هذا القول وكذا صححه قاضي خان وغيره وفي البحر تحريف تبعه عليه الحجة الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب نواقض الوضوء ۱/ ۱۳۵-۱۳۴ ط سعيد

: المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء ۱/ ۲۰۰ ط سعيد.

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس ۱/ ۱۰، ط رشيدية =

گرمی کے موسم میں ڈھیلہ کیسے استعمال کرے

"ڈھیلا استعمال کرنے کا طریقہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۵۸)

گلوکوز چڑھوانا

اگر گلوکوز چڑھانے سے خون یا پیپ وغیرہ کچھ بدن سے نکلے گا تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر خون وغیرہ نہیں نکلے گا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ بدن سے نجاست نکلنے سے وضو ٹوٹتا ہے، اور اگر نجاست نہیں نکلی تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ [1]

= ونظيره ما ليس فيه قوة السيلان من الخارج من الجسد فإنه ساقط الاعتبار وإن كثر وعم الثوب. وقد صرح في الحلية بعين ما قلنا فقال: ما ليس بكثير من النجاسة منه ما هو مهدر الاعتبار للإجماع بحال. وعليه مشى الحلوى القلنسي أن ما أصاب من رش البول مثل رء وس الإبر ونحوه الدم على ثوب القصاب وما لا ينقض الوضوء من بلة الجرح أو القيء معفو عنه وإن كثر. (فتاوى شامي، (۱/۳۲۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: سعيد)

[1] ومنها ما يخرج من غير السبيلين ويسيل إلى ما يطهر من الدم والقيح والصديد والماء لعلة. (فتاوى الهندية كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۰) ط: رشيدية)

[2] رد المحتار، كتاب الطهارة (۱/۱۳۳) ط: سعيد

[3] البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۳۱) ط: سعيد

[4] ينقض الوضوء تسعة أشياء منها: ما يخرج من غيرهما: أي السبيلين لقوله عليه الصلاة والسلام: الوضوء من كل دم سائل. (مراقي الفلاح) والمراد أن يتجاوزه ولو بالعصر وما لا يتجاوز أو لا القطع كما لو حت علقة فامتلأت بحيث لو شقت لسال منها الدم كذا في الحلبي. (حاشية الطحطاوي على مراقي: كتاب الطهارة، فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۸۷) ط: قديمي)

[5] ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة لما قالوا: لو مسح الدم كلما خرج ولو تركه لسال نقض وإلا لا. (الدر المختار مع الرد: كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۵) ط: سعيد)

[6] قلت: وحسن ما في التهر عن بعض المتأخرين من أن المراد السيلان ولو بالقوة. أي فإن دم الفصد ونحوه سائل إلى ما يلحقه حكم التطهير حكما. (شامي: كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۳) ط: سعيد)

گلے کے مسح کا حکم

وضو کے دوران گردن کا مسح کرنا مستحب ہے، لیکن گلے کا مسح کرنا بدعت ہے کیونکہ گلے کا مسح ثابت نہیں ہے۔ (۱)

گناہ دھل جاتے ہیں

وضو کرنے سے وضو کے تمام اعضاء سے گناہ دھل جاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ صنابحی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مومن بندہ وضو کرتا ہے، کلی کرتا ہے، تو اس کے منہ کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب ناک میں پانی ڈالتا ہے تو اس کے ناک سے گناہ جھڑ جاتے ہیں، اور جب چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرہ کے گناہ دھل جاتے ہیں یہاں تک کہ آنکھ کی پلکوں کے گناہ بھی دھل جاتے ہیں، اور جب ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ کے گناہ یہاں تک کہ ناخن کے نیچے کے گناہ بھی دھل جاتے ہیں، پھر جب سر کا مسح کرتا ہے تو سر کے گناہ دھل جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کے کانوں کے گناہ، پھر جب اپنے دونوں پیروں کو دھوتا ہے تو اس کے دونوں پیروں کے گناہ دھل جاتے ہیں یہاں تک کہ پیروں کے ناخن کے، پھر اس کا مسجد کی طرف چلنا اور نماز پڑھنا اس کے علاوہ زائد (گناہ کی معافی کے بعد بلندی درجات کا باعث) ہوتا ہے۔ (۲)

---

(۱) لقدم تخریجه تحت العنوان "گردن کا مسح"

(۲) عن عبد الله الصنابحي رضي الله عنه أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا توضأ العبد المؤمن فتمضمض خرجت الخطايا من فيه، فإذا استنثر خرجت الخطايا من أنفه فإذا غسل وجهه خرجت الخطايا من وجهه حتى تحت أظفار يديه، فإذا مسح برأسه خرجت الخطايا من رأسه حتى تخرج من أذنيه، فإذا غسل رجليه خرجت الخطايا من رجليه حتى تخرج من تحت أظفار رجليه ثم كان مشيه إلى المسجد وصلاته نافلة له. (سنن النسائي: (۱/ ۲۹) كتاب الطهارة، باب مسح الأذنين مع الرأس ... الخ، ط: قديمي) =

حضرت عمرو بن عبسہ کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ جب وضو کرتا ہے، اپنا ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب اپنا چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب بازو کو دھوتا ہے اور سر کا مسح کرتا ہے تو بازو اور سر کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب اپنے دونوں پیروں کو دھوتا ہے تو اس کے پیروں کے گناہ دھل جاتے ہیں۔

گناہ دھونے والی چیز

"سردی میں وضو کا ثواب" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۰۴/۱)

گناہ کا کام

گناہوں کا کام کرنا گناہ ہے، لیکن اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، البتہ مکروہ ضرور ہو جاتا ہے اس لئے دوبارہ وضو کر لینا مستحب ہے۔ (۱)

: سنن ابن ماجہ : (ص: ۲۴) أبواب الطهارة ، ثواب الطهور ، ط: قديمي .

: مشكاة المصابيح : (ص: ۳۹) كتاب الطهارة ، الفصل الثالث ، ط: قديمي .

: عن عمرو بن عبسه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : أن العبد إذا توضأ فغسل يديه خرجت خطاياه من يديه ، فإذا غسل وجهه خرجت خطاياه من وجهه ، فإذا غسل ذراعيه ومسح برأسه خرجت خطاياه من ذراعيه ورأسه ، فإذا غسل رجليه خرجت خطاياه من رجليه . (سنن ابن ماجه : (۲۵) أبواب الطهارة ، ثواب الطهور ، ط: قديمي)

: المستدرك على الصحيحين : (۲۲۲/۱) رقم الحديث : ۲۵۳، كتاب الطهارة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت .

: صحيح ابن خزيمة : (۱۲۸/۱) رقم الحديث : ۲۶۰ ، كتاب الوضوء ، باب ذكر دليل ان النبي صلى الله عليه وسلم قد كان يأمر بالوضوء قبل نزول سورة المائدة ، ط: المكتب الإسلامي بيروت.

: المندوب في نيف وثلاثين موضعا ذكرتها في الخزائن منها بعد كذب وغيبة ... وبعد كل خطيئة (الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة ، (۹۰/۱-۸۹)، ط:سعيد)

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۹/۱)، ط:رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱۶/۱)، ط:سعيد

گناہ معاف

"وضو سے گناہ معاف" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۰۸/۲)

گناہ نکل جاتے ہیں

وضو کرنے کی وجہ سے تمام اعضاءِ وضو کے گناہ نکل جاتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مسلمان بندہ یا مومن بندہ وضو کرتا ہے اور اپنے چہرہ کو دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ جسے آنکھ سے دیکھا ہوگا، پانی کے قطرے کے ساتھ یا آخری قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں، اور جب وہ اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ کے تمام گناہ جسے ہاتھوں نے کیا ہوگا پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں، اور وہ جب اپنے پیروں کو دھوتا ہے تو اس کے تمام گناہ جس کی طرف اس کا پیر چلا ہوگا پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں، یہاں تک کہ وہ گناہوں سے بالکل پاک صاف ہو جاتا ہے۔ (۱)

گناہوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے

"گناہ نکل جاتے ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۰/۲)

---

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا توضأ العبد المسلم أو المؤمن فغسل وجهه خرج من وجهه كل خطيئة نظر إليها بعينيه مع الماء أو مع آخر قطر الماء، فإذا غسل يديه خرج من يديه كل خطيئة كان بطشتها يداه مع الماء أو مع آخر قطر الماء، فإذا غسل رجليه خرجت كل خطيئة مشتها رجلاه مع الماء أو مع آخر قطر الماء حتى يخرج نقيا من الذنوب. (صحيح مسلم: (۱۲۵/۱) كتاب الطهارة، باب خروج الخطايا مع ماء الوضوء، ط: قديمي)

: مشكاة المصابيح: (ص: ۳۸) كتاب الطهارة، الفصل الأول، ط: قديمي.

: كنز العمال: (۲۸۵/۹) رقم الحديث: ۲۶۰۳۲، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني: في الوضوء، الفرع الثاني: في فضائل الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة.

گناہوں کی معافی کے طریقے

"وضو کے ذریعہ کون سے گناہ معاف ہوتے ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔

گنجا

"پیشانی" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۱/۱-۲)

گندگی خارج ہونے کے بعد

گندگی مثلاً پیشاب، پاخانہ، مذی اور ودی وغیرہ خارج ہونے کے بعد، پیشاب پاخانہ کے مقامات کو آلودہ رہنے دینا اور صرف وضو کرلینا طہارت حاصل کرنے کے لئے کافی نہیں ہے، بلکہ جہاں جہاں سے گندگی خارج ہوئی ہے اس جگہ کو خشک اور پاک کیا جائے۔ (۱)

گندی نالیوں کے پانی کو سائنسی طریقہ سے صاف کیا

اگر ناپاک اور گندی نالیوں کے پانی کو سائنسی طریقہ سے صاف کیا تو صاف ہو جائے گا لیکن پاک نہیں ہوگا، اس سے وضو اور غسل کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (۲)

---

(۱) (ويجب) أي يفرض غسله (إن جاوز المخرج نجس) مانع (ويعتبر القدر المانع للصلاة (فيما وراء موضع الاستنجاء) لأن ما على المخرج ساقط شرعا وإن كثر ولهذا لا تكره الصلاة معه (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، (۱/۳۳۹)، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۴۸)، ط: رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس (۱/۲۴۲)، ط: سعيد

(۲) والدليل على تحريم استعمال الماء الذي فيه جزء من النجاسة وإن لم يتغير طعمه أو لونه أو رائحته، قول الله تعالى: ﴿ويحرم عليهم الخبائث﴾، والنجاسات من الخبائث؛ لأنها محرمة (شرح مختصر الطحاوي: كتاب الطهارة، باب تكون به الطهارة، مسألة: النجاسة في الماء قليل والكثير (۱/۲۳۹)، ط: دار السراج المدينة المنورة)

البحر الرائق: كتاب الطهارة (۱/۷۸، ۷۹)، ط: سعيد =

گوبر سے استنجاء منع ہونے کی وجہ

گوبر اور ہڈیوں سے استنجاء کرنے سے اس لئے منع فرمایا ہے کہ ان میں ایذ تکلیف پہنچانے والے موذی جانور سانپ، بچھو وغیرہ اور بعض قسم کے کاٹنے والے کیڑے بیٹھے رہتے ہیں۔ (۱)

= (و) يطهر (زيت) تنجس (بجعله صابونًا) به يفتى للبلوى، كتنور رش بماء نجس لا بأس بالخبز فيه. قوله: (ويطهر زيت الخ) قد ذكر هذه المسألة العلامة قاسم في فتاواه، وكذا ما سيأتي متنًا وشرحًا من مسائل التطهير بانقلاب العين ..... ثم هذه المسألة قد فرعوها على قول محمد بالطهارة بانقلاب العين الذي عليه الفتوى واختاره أكثر المشايخ خلافًا لأبي يوسف كما في شرح المنية والفتح وغيرهما. وعبارة المجتبى: جعل الدهن النجس في صابون يفتى بطهارته، لأنه تغير والتغير يطهر عند محمد و يفتى به للبلوى اهـ. وظاهره أنّ دهن الميتة كذلك لتعبيره بالنجس دون المتنجس إلّا أن يقال هو خاص بالنجس، لأنّ العادة في الصابون وضع الزيت دون بقية الأدهان تأمل، ثم رأيت في شرح المنية ما يؤيد الأوّل حيث قال: وعليه يتفرع ما لو وقع إنسان أو كلب في قدر الصابون فصار صابونًا يكون طاهرًا لتبدل الحقيقة اهـ. ثم اعلم أنّ العلّة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة وأنّه يفتى به للبلوى كما علم ممّا مر، ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون، فيدخل فيه كل ما كان فيه تغير وانقلاب حقيقة وكان فيه بلوى عامة، ---- لأن الدبس ليس فيه انقلاب حقيقة، لأنّه عصير جمد بالطبخ، وكذا السمسم إذا درس واختلط دهنه بأجزائه ففيه تغير وصف فقط كلبن صار جبنًا، وبر صار طحينًا، وطحين صار خبزًا بخلاف نحو خمر صار خلًا وحمار وقع في مملحة فصار ملحًا، وكذا روى خمر صار طرطيرًا وعذرة صارت رمادًا أو حمأة فإنّ ذلك كله انقلاب حقيقة إلى حقيقة أخرى لا مجرد انقلاب وصف. (الدر مع الرد: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۳۱۵، ۳۱۶)، ط: سعيد)

☜ وخرج عن هذه القضية الماء النجس لقوله تعالىٰ ﴿ولكن يريد ليطهّركم﴾ والنجس لا يفيد الطهارة. (أصول الشاشي: البحث الأوّل في كتاب الله، فصل في المطلق والمقيد، (ص: ۲۴، ۲۵)، ط: بشرى)

(۱) والخامس: أن يتوقى البول في ثقب أو سرب من آداب الاستجاء لئلا يخرج عليه من حشرات الأرض ما يؤذيه أو لئلا يؤذي حيوانًا فيه. (الحاوي الكبير: كتاب الطهارة، باب الاستطابة، (۱/ ۲٦٥)، ط: دار الفكر)

☜ المصالح العقلية: باب نواقض الوضوء والتيمّم، عنوان: گوبر اور ہڈیوں سے منع استنجاء کا راز، (ص: ۳۱)، ط: دار الاشاعت۔

گویا آج ہی پیدا ہوا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص وضو سے فارغ ہونے کے بعد یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے، وہ اٹھے گا نہیں کہ اس سے گناہ مٹ جائیں گے اور ایسا ہو جائے گا جیسے اس کی ماں نے آج ہی جنا "أشهد أن لا إله إلاّ اللّٰه" ۔[1]

گھاس

اگر سبز یا خشک گھاس پر گرد وغبار نہیں ہے تو اس پر تیمم کرنا درست نہیں ہے اور اگر گھاس پر گرد وغبار ہے تو اس پر تیمم کرنا جائز ہے۔[2]

---

(۱) من قال حين يفرغ من وضوئه : أشهد أن لا إله إلاّ اللّٰه ثلاث مرات لم يقم حتى تمحى عنه ذنوبه حتى يصير كما ولدته أمه . ابن السني عن عثمان . (كنز العمال : (۲۹۸/۹) رقم الحديث : ۲۶۰۸۱، حرف الطاء ، كتاب الطهارة من قسم الأقوال ، الباب الثاني في الوضوء ، الفصل الثاني في آداب الوضوء ، التسمية والأذكار ، ط: مؤسسة الرسالة)

☆ عمل اليوم والليلة لابن السني : (ص: ۳۰) رقم الحديث : ۲۹ ، باب مايقول إذا فرغ من وضوئه ، ط: دار القبلة للثقافة .

(۲) (ولايجوز عندنا بما ليس من جنس الأرض ...... كالذهب والفضة ...... وكالحنطة وسائر الحبوب والأطعمة) من الفواكه وغيرها وأنواع النباتات مما يترمد بالنّار إذا لم يكن عليها غبار (وإن كان على هذه الأشياء المذكورة غبار يجوز التيمم بغبارها) . (حلبي كبير : فصل في التيمم ،(ص: ۷۶) ، ط: سهيل اكيڈمي لاهور)

☆ ولو وضع يديه على حنطة او شعير او غير ذلك من الحبوب فلصق بيديه غبار فان بان اثره جاز به التيمم، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول،(۲۷/۱)، ط:رشيدية)

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ،(۲۴۰/۱)، ط:سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ،(۱۴۸/۱)، ط:سعيد

کھائی

اگر انگلیوں کی کھائی (دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ) میں خلال کے بغیر پانی نہ پہونچے تو خلال کرنا فرض ہے۔[1]

گھٹنا کھل گیا

وضو کے دوران گھٹنے کھل جانے سے وضو میں کوئی نقص نہیں آتا،[2] البتہ دوسرے کے سامنے بلا ضرورت گھٹنے کھولنا سخت گناہ ہے۔[3]

---

(۱) وخلا بعد دخول الماء خلالها فلو منضمة فرض

و في الرد: قوله (وخلا) أي وكون التخليل سنة، قوله (فرض) أي التخليل لأنه حينئذ لا يمكن إيصال الماء إلا به فافهم. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة (۱/۱۱۸) ط: سعيد)

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني (۱/۷) ط: رشيدية

= الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، نوع منه في بيان سنن الوضوء و آدابه (۱/۱۰۹) ط: إدارة القرآن

(۲) (وينقضه خروج نجس منه) أي وينقض الوضوء خروج نجس، فدخل تحت هذه الكلمة جميع النواقض الحقيقية. (تبيين الحقائق: كتاب الطهارة (۱/۷) ط: امدادیہ ملتان)

= والحاصل أن الصوم يبطل بالدخول والوضوء بالخروج. (شامي: كتاب الطهارة، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه، (۱/۱۳۹)، ط: سعيد)

= (سوال ۵۶) ستر کھلنے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

(جواب) نہیں ٹوٹتا فقط

فتاوی دار العلوم دیوبند، کتاب الطہارۃ، نواقض وضو (۱/۱۲۷-۱۲۸) ط: دار الاشاعت

= احسن الفتاویٰ، کتاب الطہارۃ (۲/۲۳) ط: سعید

(۳) عن علي قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكشف فخذك ولا تنظر إلى فخذ حي ولا ميت. (نصب الراية، كتاب الكراهية، فصل في اللبس، رقم الحديث: ۷۳۱۹، (۴/۲۴۳)، ط: المكتبة المكية جدة)

= وينظر الرجل من الرجل سوى ما بين سرته إلى ما تحت ركبته. بدائع الصنائع، كتاب الحظر والإباحة (۵/۱۲۲) ط: سعيد

گھر سے وضو کر کے آنا افضل ہے

☆گھر سے وضو کر کے مسجد میں آنا افضل ہے،احادیث میں اس کی فضیلت آئی ہے،اوراس میں مسجد اور جماعت کا احترام بھی ہے،اگر کوئی شخص کسی دربار میں حاضر ہونا چاہے تو اس کی عظمت کا تقاضہ ہے کہ گھر سے صاف ستھرا ہو کر چلے،اور دربار میں پہونچ کر پانی تلاش کرنا عظمت کے خلاف ہے،جیسا کہ حرم میں داخل ہونے والے کے لئے میقات سے احرام باندھنے کا حکم بیت اللہ کی عظمت کا اظہار کرنے کے لئے ہے۔

☆موجودہ دور میں بھی جو شخص مکان،دکان اور آفس سے وضو کر کے مسجد میں آئے گا اس کو ثواب زیادہ ملے گا،لیکن مسجد کے لئے وضوخانہ اور غسل خانہ وغیرہ بنانا اور بنا دینا ثواب کا کام ہے،اور سنت کے مطابق ہے۔

☆نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص فرض ادا کرنے کے لئے وضو کر کے اپنے گھر سے نکلتا ہے(اور مسجد کو جاتا ہے)تو اس کو اسی طرح ثواب ملتا ہے جس طرح حج کرنے والے،احرام باندھنے والے کو ثواب ملتا ہے۔

اس سے معلوم ہوا گویا وضو احرام کے مشابہ اور نماز حج کے مشابہ ہے،حاجی جب حج کا احرام باندھ کر گھر سے نکلتا ہے تو حج سے فارغ ہو کر گھر واپس آنے تک برابر اس کو ثواب ملتا رہتا ہے،اسی طرح نمازی وضو کر کے جب نماز کے لئے مسجد کو جانے کے واسطے گھر سے نکلتا ہے تو نماز سے فارغ ہو کر گھر آنے تک اُسے برابر ثواب ملتا رہتا ہے۔

فرض نماز پڑھنے والے کو حج کرنے والے کے ساتھ اور نفل یعنی اشراق اور

چاشت وغیرہ پڑھنے والے کو عمرہ کرنے والے کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ (۱)

(۱) عن عثمان بن عفان قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من توضأ للصلاة فأسبغ الوضوء ثم مشى الى الصلاة المكتوبة فصلاها مع الناس أو مع الجماعة أو في المسجد غفر الله له ذنوبه. (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء والصلاة عقبه (۱/۱۲۲)، ط: قديمي)

(۲) وعنه (أي عن أبي أمامة الباهلي) قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من خرج من بيته متطهرًا إلى صلاة مكتوبة فأجره كأجر الحاج المحرم، ومن خرج إلى تسبيح الضحى لا ينصبه إلا إياه فأجره كأجر المعتمر، وصلاة على إثر صلاة لا لغو بينهما كتاب في عليين. رواه أحمد وأبوداود. (مشكاة المصابيح: كتاب الصلاة، باب المساجد و مواضع الصلاة، الفصل الثاني، (ص: ۷۰)، ط: قديمي)

(۳) سنن أبي داود: كتاب الصلاة، باب ماجاء في فضل المشي إلى الصلاة، (۱/۹۳)، ط: رحمانية.

(۴) (قوله: كأجر الحاج) أو مثل أجره قال زين العرب: أي كأصل أجره، وقيل: كأجره من حيث إنه يكتب له بكل خطوة أجر كالحاج، وإن تفاير الأجران كثرة و قلة أو كمية وكيفية، أو من حيث إنه يستوفي أجر المصلين من وقت الخروج إلى أن يرجع، وإن لم يصل إلا في بعض تلك الأوقات كالحاج فإنه يستوفي أجر الحاج إلى أن يرجع وإن لم يحج إلا في عرفة. (قوله: المحرم) شبه بالحاج المحرم لكون التطهر من الصلاة بمنزلة الإحرام من الحج لعدم جوازهما بدونهما، ثم إن الحاج إذا كان محرمًا كان ثوابه أتم، فكذلك الخارج إلى الصلاة إذا كان متطهرًا كان ثوابه أفضل ...... (قوله: ومن خرج إلى تسبيح الضحى) أي صلاة الضحى ...... وقال ابن حجر: ومن هذا أخذ أئمتنا قولهم: السنة في الضحى فعلها في المسجد. ويكون من جملة المستثنيات من خبر: أفضل صلاة المرء في بيته إلا المكتوبة اهـ. وفيه أنه على فرض صحة حديث المتن يدل على جوازه لا على الفضلية، أو يحمل على من لا يكون له مسكن أو في مسكنه شاغل. ونحوه على أنه ليس للمسجد ذكر في الحديث أصلاً، فالمعنى من خرج من بيته أو سوقه أو شغله متوجهًا إلى صلاة الضحى تاركًا أشغال الدنيا. (مرقاة المفاتيح: كتاب الصلاة، باب المساجد و مواضع الصلاة، الفصل الثاني، (۲/۳۰۳)، ط: رشيدية)

(۵) عبد الرزاق عن ابن جريج قال: سألت عطاء عن الوضوء الذي بباب المسجد فقال: لا بأس به كان على عهد ابن عباس وهو جعله، وقد علم أنه يتوضأ منه الرجال، والنساء الأسود والأحمر وكان لا يرى به بأسًا، ولو كان به بأس لنهي عنه، قال: أكنت متوضئًا منه؟ قال: نعم. (مصنف عبد الرزاق: كتاب الطهارة، باب الوضوء عن المطاهر، (۱/۷۳)، ط: إدارة القرآن) =

گھر سے وضو کرکے مسجد جانے کا ثواب

"باوضو گھر سے مسجد جانے پر حج کا ثواب" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۱۶/۱)

گیس

"ریح" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۷۵/۱)

گیس خارج ہو

"ریح خارج ہو" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۷۶/۱)

گیلی مٹی

اگر پاک گیلی مٹی پر پانی غالب نہیں ہے تو اس سے تیمم کرنا جائز ہے، مگر گیلی مٹی سے اس وقت تیمم کرنا چاہئے جب وقت فوت ہوجانے کا خوف ہوتا کہ بلاضرورت بدشکل بننے کی نوبت نہ آئے۔ (۱)

= حدثنا وكيع قال : حدثنا الأعمش عن إسماعيل بن رجاء عن أبيه قال : رأيت البراء بن عازب، بال ثم جاء إلى مطهرة المسجد فتوضأ منها . (مصنف لابن أبي شيبة : رقم الحديث : ۱۳۷۱ ، كتاب الطهارات ، في الوضوء من المطاهر التي توضع للمسجد ،(۱۲۱/۱) ، ط: مكتبة الرشد)

= وفي الخلاصة وغيرها : ويكره الوضوء والمضمضة في المسجد إلا أن يكون موضع فيه اتخذ للوضوء ولا يصلى فيه . (البحر الرائق : كتاب الطهارة ، فصل لما فرغ من بيان الكراهة في الصلاة ،(۳۳/۲) ،ط: سعيد)

= عمدة القاري : كتاب الوضوء ، باب ترك النبي صلى الله عليه وسلم والناس الأعرابي حتى فرغ من بوله في المسجد ،(۱۲۷/۳) ، ط: دار إحياء التراث العربي .

(۱) ولو كان المسافر في طين و ردغة لا يجد ماء ولا صعيدا وليس في ثوبه و سرجه غبار يلطخ ثوبه أو بعض جسده بالطين فإذا جف تيمم به ولا ينبغي أن يتيمم ما لم يخف ذهاب الوقت لأن فيه تلطخ الوجه من غير ضرورة فيصير بمعنى المثلة وإن تيمم به أجزأه عند أبي حنيفة و محمد رحمهما الله تعالى لأن الطين من أجزاء الأرض وما فيه من الماء مستهلك هكذا في البدائع. =

گیلے پاؤں گزرنے کا حکم

''پاؤں گیلے ہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۰/۱)

گیند کنویں میں گر جائے

☆اگر کنواں چاروں طرف سے چالیس ہاتھ یا اس سے زیادہ ہے تو وہ ناپاک چیز گرنے سے ناپاک نہیں ہوگا۔

☆اور اگر کنویں کے چاروں طرف چالیس ہاتھ سے کم ہے اور اس میں گیند گر جائے اور اس گیند کا ناپاک ہونا یقینی طور پر معلوم نہ ہو، یا اس میں نجاست لگی ہوئی تھی کسی نے دیکھا ہی نہیں، تو صرف شک کی بنا، پر ناپاک ہونے کا حکم نہیں دیا جائے گا۔

☆اور اگر گیند میں نجاست لگی ہوئی تھی، یا اس کا ناپاک ہونا یقینی تھا تو پانی ناپاک ہو جائے گا، اس سے وضو اور غسل کرنا درست نہیں ہوگا۔[۱]

= وإن صار الطين مغلوبا بالماء فلا يجوز به التيمم. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل: (۲۷/۱)، ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۸/۱)، ط: سعيد

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، مطلب الكراهة حيث أطلقت فالمراد منها التحريم، (۲۳۰/۱)، ط: سعيد

(۱) ولو وقع في البئر خرقة أو خشبة نجسة ينزح كل الماء. (الخانية على هامش الهندية: كتاب الطهارة، فصل فيما يقع في البئر، (۹/۱)، ط: رشيديه)

☆ (إذا وقعت نجاسة) ليست بحيوان ولو مخففة أو قطرة بول أو دم أو ذنب فارة لم يشمع فلو شمع ففيه ما في الفارة (في بئر دون القدر الكثير) على ما مر ولا عبرة للعمق على المعتمد (ينزح كل مائها) الذي كان فيها وقت الوقوع ذكره ابن الكمال (بعد إخراجه)

وفي الرد: (قوله: على ما مر) أي من أن المعتبر فيه أكبر رأي المبتلى به أو ما كان عشرا في عشر.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، فصل في البئر، (۲۱۱-۲۱۲/۱)، ط: سعيد

☆ والمراد بالبئر ههنا التي لم تكن عشرا في عشر أما إذا كانت عشرا في عشر لا تنجس بوقوع نجس إلا بالتغير. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱۱۰/۱)، ط: سعيد) =

....

ﮯ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/ ۱۹)، ط: رشيدية

ؒ قوله: اليقين لايزول بالشک ...... ودليلها ما رواه مسلم عن أبي هريرة رضي الله عنه مرفوعًا «إذا وجد أحدكم في بطنه شيئًا فأشكل عليه أخرج منه شيء أم لا فلايخرجن من المسجد حتى يسمع صوتًا أو يجد ريحًا . قال الحموي: قيل هذه القاعدة تدخل في جميع أبواب الفقه والمسائل المخرجة عليها تبلغ أرباع الفقه وأكثر . (الأشباه مع حاشية الحموي: القاعدة الثالثة اليقين لايزول بالشک، (۱/ ۱۹۳، ۱۹۴)، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

﴿......ل......﴾

لاکٹ

ایسے لاکٹ جن پر لفظ ''اللہ'' لکھا ہوا ہو پہن کر بیت الخلاء میں جانا منع ہے، اس لئے بیت الخلاء میں جانے سے پہلے ان کو اتار دیں۔ (۱)

لال بیگ

''مچھر'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۹/۲)

لعنت کی تین چیزیں

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لعنت کی تین چیزوں سے بچو:

① پانی کے گھاٹ پر پاخانہ کرنا، ② یا راستہ کے سرے پر پاخانہ پیشاب کرنا ③ یا اس سایہ کی جگہ پر پاخانہ پیشاب کرنا جو آرام کے لئے ہو۔ (۲)

---

(۱) و یکرہ ان یدخل الخلاء و معہ خاتم مکتوب علیہ اسم اللہ تعالی او شیء من القرآن. (البحر الرائق، کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، (۲۲۳/۱)، ط: سعید)

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطہارۃ، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱)، ط: رشیدیہ

☆ ردالمحتار کتاب الطہارۃ، فصل فی الاستنجاء، (۳۴۵/۱)، ط: سعید

(۲) ..... عن معاذ بن جبل قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتقوا الملاعن الثلاثة، البراز فی الموارد و قارعة الطریق و الظل.

سنن ابی داود، کتاب الطہارۃ، باب المواضع التی نهی عن البول فیها، (۱۵/۱)، ط: رحمانیہ

☆ سنن ابن ماجہ: ابواب الطہارۃ وسننها، باب النهی عن الخلاء علی قارعة الطریق، (ص: ۲۸)، ط: قدیمی.

☆ مشکلة المصابیح: کتاب الطہارۃ، باب آداب الخلاء، الفصل الثانی، (ص: ۴۳)، ط: قدیمی)

لکڑی

وضو نہ ہونے کی صورت میں لکڑی وغیرہ سے قرآن مجید کو چھونا مکروہ نہیں ہے۔ (۱)

لکڑی پر تیمم کرنا

اگر لکڑی پر گرد وغبار نہیں ہے تو اس پر تیمم کرنا درست نہیں ہے، اور اگر لکڑی کے اوپر گرد وغبار ہو تو اس پر تیمم کرنا جائز ہے۔ (۲)

---

(۱) یجوز للمحدث الذي يقرأ القرآن من المصحف تقليب الاوراق بقلم او عود او سكين. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۰۲)، ط:سعيد)

☆ لايجوز لهما وللجنب والمحدث مس المصحف الا بغلاف متجاف عنه كالخريطة والجلد الغير المشرز. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۳۹)، ط:رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب: يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء، (۱/۱۷۲)، ط:سعيد

(۲) ولايجوز عندنا بما ليس من جنس الأرض ...... كالذهب والفضة ...... وكالحنطة وسائر الحبوب والأطعمة) من الفواكه وغيرها وأنواع النباتات مما يترمد بالنّار إذا لم يكن عليها غبار فلو كان على هذه الأشياء المذكورة غبار يجوز التيمم بغبارها. (حلبي كبير: فصل في التيمم (ص: ٧٦)، ط: سهيل اكيڈمي لاهور)

☆ تيمم بطاهر من جنس الارض، كذا في محيط السرخسي. كل ما يحترق فيصير رمادا كالحطب والحشيش ونحوهما او ما ينطبع ويلين كالحديد والصفر والنحاس والزجاج وعين الذهب والفضة ونحوها فليس من جنس الارض.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲٦)، ط:رشيدية

☆ وصورة التيمم بالغبار أن يضرب بيده ثوبا أو لبدا او وسادة أو ما اشبهها من الأعيان الطاهرة التي عليها غبار فاذا وقع الغبار على يديه تيمم. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فيما يجوز به التيمم، (۱/۲۴۰)، ط:ادارة القرآن)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۴۱)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۷)، ط:رشيدية

لنگی میں پیشاب نکل جائے

"پاجامہ میں پیشاب نکل جائے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۴۶/۱)

لوگوں کے سامنے مسواک کرے تو

"مسواک مجلس میں کرے تو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۲۶/۲)

لیٹ کر پاخانہ پیشاب کرنا

بلاعذر لیٹ کر پیشاب پاخانہ کرنا بری بات ہے۔ (۱)

لیکوریا

☆ بیماری کی وجہ سے رینٹ کی طرح لیس دار پانی عورتوں کے آگے کے راستے سے نکلتا ہے، اس کو "لیکوریا" کہتے ہیں، یہ پانی ناپاک ہے۔
ایسا پانی نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۲)

---

(۱) (وكذا يكره)...... (وأن يبول قائما أو مضطجعا أو مجردا من ثوبه بلا عذر...) (الدر المختار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، (۱/ ۳۴۳-۳۴۲)، ط: سعيد)
- الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/ ۵۰)، ط: رشيدية
- البحر الرائق، قبيل كتاب الصلاة، (۱/ ۲۴۳)، ط: سعيد

(۲) ومنها ودي...... وهو ماء أبيض كدر ثخين لا رائحة له يعقب البول وقد يسبقه. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: كتاب الطهارة، فصل عشرة أشياء لا يغتسل منها، (ص: ۱۰۱)، ط: قديمي)
: أي برطوبة الفرج فيكون مفرعا على قولهما بنجاستها أما عنده فهي طاهرة كسائر رطوبات البدن، جوهرة.
وفي الرد: ومن وراء باطن الفرج فإنه نجس قطعًا ككل خارج من الباطن كالماء الخارج مع الولد أو قبيله. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۳۱۳)، ط: سعيد)
: تحفة المحتاج في شرح المنهاج، كتاب أحكام الطهارة، باب النجاسة وإزالتها، (۱/ ۳۰۱)، ط: دار إحياء التراث العربي.
إعانة الطالبين، باب الصلاة، (۱/ ۱۰۴)، ط: دار الفكر. =

☆ لیکوریا کی بیماری میں رحم سے جو سفید رطوبت خارج ہوتی ہے، وہ ناپاک ہے مذی کی طرح نجاست غلیظہ ہے۔ (۱)

☆ یہ رطوبت کپڑے میں لگنے کی وجہ سے کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں۔ (۲)

☆ باوضو ہونے کی صورت میں یہ رطوبت خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۳)

☆ اگر یہ رطوبت ہر وقت خارج ہوتی رہتی ہے، اور اتنا وقفہ بھی نہیں ملتا کہ اس میں وضو کے ساتھ چار رکعت نماز ادا کی جا سکے، تو پھر یہ عورت ''معذور'' کے حکم میں ہے، ایسی عورت کا حکم یہ ہے کہ ہر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد نیا وضو کرے اور اس سے فرض، واجب، سنت اور نوافل میں سے جتنی نمازیں چاہے پڑھتی رہے، پھر جب دوسری نماز کا وقت داخل ہو تو دوبارہ نیا وضو کرے۔ (۴)

☆ اور اگر یہ رطوبت ہر وقت مسلسل خارج نہیں ہوتی، تو نماز کے دوران

= ومنها ما يخرج من السبيلين من البول والغائط والريح الخارجة من الدبر والودي والمذي والمني والدودة والحصاة.

(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۹)، ط: رشيدية)

رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۴)، ط: سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط: سعيد

(۱، ۳) ''لیکوریا'' عنوان کے پہلے اسنار کے تحت کی گئی تخریج ملاحظہ ہو۔

(۲) إذا أصابت النجاسة الغليظة الثوب أو البدن أكثر من قدر الدرهم الذي هو مثل الكف لا يجوز وقدر الدرهم لا يضره. (الفتاوى السراجية: كتاب الصلاة، باب الصلاة بالنجاسة (ص: ۱۲)، ط: مطبوعه نول كشور)

النجاسة إن كانت غليظة وهي أكثر من قدر الدرهم فغسلها فريضة والصلاة بها باطلة وإن كانت مقدار درهم فغسلها واجب والصلاة معها جائزة. (الفتاوى الهندية: كتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، (۱/۵۸)، ط: رشيديه)

تحفة الفقهاء: كتاب الطهارة، باب النجاسات، (۱/۶۴)، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

(۴) المستحاضة ومن به سلس البول أو استطلاق البطن أو انفلات الريح أو رعاف دائم أو جرح =

خارج ہونے سے نماز نہیں ہوگی اور وضو بھی دوبارہ کرنا لازم ہوگا۔ (۱)

☆ اکثر عورتوں کے رحم سے سفید رطوبت ہمیشہ بہتی رہتی ہے، وہ خواہ کسی وجہ سے ہو، اس کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ وہ ناپاک ہے، ایسی عورتوں کو چاہئے کہ نماز سے پہلے شرمگاہ کے اندر اسفنج یعنی پانی اور رطوبت جذب کرنے والی کوئی چیز رکھ دیں، تاکہ یہ رطوبت جذب کرتا رہے، جب تک اسفنج کے اس حصہ پر رطوبت نہیں آئے گی جو شرمگاہ کے گول سوراخ سے باہر ہے، اس وقت تک وضو نہیں ٹوٹے گا نماز ہوجائے گی۔ (۲)

☆ اگر یہ رطوبت ہر وقت بہتی رہتی ہے، تو وہ عورت معذور ہے، نیا وقت داخل ہونے کے بعد نیا وضو کرے۔ (۳)

= لا يرقأ يتوضئون لوقت كل صلاة ويصلون بذلك الوضوء في الوقت ما شاء وا من الفرائض والنوافل هكذا في البحر الرائق. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع ،(۱/۴۱)، ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۱۵)، ط: سعيد

☆ حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۱۵۵)، ط: رشيدية

(۱) انظر رقم الحاشية: (۲۰۱)

(۲) "لیکوریا" عنوان کے پہلے اسٹار کے تحت کی گئی تخریج ملاحظہ ہو۔

(۳) (كما) ينقض (لو حشا احليله بقطنة وابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالية او محاذية لرأس الاحليل وان متسفلة عنه لا ينقض. وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل (وان ابتل الطرف (الداخل لا) ينقض ولو سقطت فان رطبة انتقض والا لا.

رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه، (۱/۱۴۸-۱۴۹)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰)، ط: سعيد

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (۱/۱۲۱)، ط: ادارة القرآن

☆ انظر: الحاشية السابقة رقم: ۳.

﴿......۴......﴾

مباح پانی

اگر کسی جگہ پر اتفاق سے جنبی (جس پر غسل واجب ہے)، حائضہ عورت، بے وضو شخص اور میت جمع ہو جائیں، اور مباح پانی موجود ہو لیکن وہ ان میں سے کسی ایک کے لئے کافی ہو، تو اس مباح پانی کو استعمال کرنے کا زیادہ حق دار جنبی ہوگا، حائضہ عورت، بے وضو شخص اور میت کے غسل پر اس کو ترجیح حاصل ہوگی، اس کی وجہ یہ ہے کہ جنابت کی ناپاکی زیادہ اہم ہے، لہٰذا اس کا دور کرنا بھی اتنا ہی اہم ہوگا۔

اور اگر وہ پانی ان میں سے کسی ایک کی ملکیت ہے، تو وہ مالک سب سے مقدم ہوگا، یعنی سب سے پہلے اس کو استعمال کرنے کا حق ہوگا۔

اور اگر وہ پانی تینوں میں مشترک ہے، تو مناسب یہ ہے کہ اسے میت کے غسل میں خرچ کیا جائے۔ [1]

---

(۱) الجنب اولی بمباح من حائض او محدث و میت و لو لأحدهم فهو اولی و لو مشتركا ينبغي صرفه للميت.

وفي الرد: (قوله: الجنب اولی بمباح الخ) هذا بالاجماع تاتارخانية: أي ويتيمم الميت ليصلى عليه وكذا المرأة و المحدث و يقتديان به لأن الجنابة أغلظ من الحدث والمرأة لا تصلح اماما — (قوله: فهو اولی) لأنه احق بملكه سراج (قوله: ينبغي صرفه للميت) أي ينبغي لكل منهم أن يصرف نصيبه للميت حيث كان كل واحد لا يكفيه نصيبه ولا يمكن الجنب ولا غيره أن يستقل بالكل لأنه مشغول بحصة الميت وكون الجنابة اغلظ لا يبيح استعمال حصة الميت فلم يكن الجنب اولى بخلاف ما لو كان الماء مباحا فانه حيث امكن به رفع الجنابة كان أولى، فافهم.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۵۲–۲۵۳)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۰)، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۴۳)، ط: سعيد.

متعدد نمازیں ایک وضو سے پڑھنا

''ایک وضو سے متعدد نمازیں پڑھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۰۸)

مٹی پاک ہو

☆ تیمم صحیح ہونے کے لئے مٹی پاک ہونا ضروری ہے ناپاک مٹی سے تیمم کرنا صحیح نہیں ہے۔ (۱)

☆ اگر ناپاک زمین خشک ہوجائے تو خود پاک ہوجائے گی، مگر دوسروں کو پاک کرنے والی نہیں ہوگی، ایسی زمین پر خشک ہونے کے بعد نماز پڑھنا تو جائز ہے، مگر اس سے تیمم کرنا درست نہیں ہے۔ (۲)

مٹی سے تیمم کو خاص کرنے کی وجہ

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ مٹی خود آلودہ ہے گندہ کرنے والی چیز ہے، ناپاکی اور میل کچیل کو دور نہیں کرتی ہے، اور بدن اور کپڑے کو پاک نہیں کرتی ہے، اس لئے مٹی سے تیمم کرنے کا حکم بظاہر عقل کے مطابق نہیں ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے

---

(۱) وشرطه ستة: النية و المسح ...... والصعيد و كونه مطهرا......

الدر المختار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۰)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲٦)، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۴۷)، ط: سعيد

(۲) الأرض اذا أصابتها النجاسة فيبست و ذهب أثرها لا يجوز التيمم بها.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۷)، ط: رشيدية

☆ وظاهر كلامهم أن الأرض التي جفت نجسة في حق التيمم طاهرة في حق الصلاة والحل لها طاهرة في حق الكل و انما منع التيمم منها لفقد الطهورية كالماء المستعمل طاهر غير طهور.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۴۷)، ط: سعيد

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۳۱۱)، ط: سعيد

اس عالم (دنیا،مخلوق) کی ہر چیز کو مٹی اور پانی سے پیدا کیا ہے، ہماری پیدائش کی اصل یہی دونوں چیزیں ہیں، جن سے ہماری نشوونما، ہماری تقویت اور غذا ہوتی ہے، اور اس کو ہم ہر وقت اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، کہ پیدائش کے وقت ہم کتنے چھوٹے تھے، اور آج کتنے بڑے ہیں، اور ہم کتنے کمزور تھے اور آج کتنے طاقتور ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس مٹی اور پانی کو ہماری نشوونما، اور طاقت کا ذریعہ بنایا ہے، تو ہمارے پاک اور صاف ستھرا ہونے کے لئے اور عبادت میں مدد لینے کے لئے بھی پانی اور مٹی کو مقرر کیا، وجہ یہ ہے کہ مٹی وہ اصل چیز ہے جس سے بنی آدم وغیرہ کی پیدائش ہوئی ہے، اور پانی ہر چیز کی زندگی کا باعث ہے۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس عالم (دنیا،مخلوق) کی تمام چیزوں کی پیدائش کی اصل یہی مٹی اور پانی ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ نے اس عالم کو مرکب کیا ہے، جس طرح ہماری ابتدائی پیدائش، طاقت وقوت اور نشوونما مٹی اور پانی سے ہوئی ہے، بالکل اسی طرح جسمانی اور روحانی پاکی کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے انہی چیزوں کو مقرر کیا ہے۔

☆ عام طور پر ناپاکی اور گندگی کو زائل کرنے کے لئے پانی زیادہ استعمال کیا جاتا ہے، جبکہ مرض کی حالت میں یا پانی نہ ملنے کے عذر ہونے کی حالت میں طہارت اور پاکی کے لئے اللہ تعالیٰ نے پانی کا ساتھی اور ہمسر مٹی کو بنایا ہے، اور یہ دوسری چیزوں کی نسبت سے زیادہ بہتر ہے، کیونکہ یہ ہر جگہ دستیاب ہے۔

☆ تیمم کرنے کے لئے زمین اس واسطے خاص کی گئی ہے کہ زمین کہیں بھی غائب نہیں ہوتی ہے ہر جگہ زمین موجود ہے، ایسی چیز مقرر کر کے لوگوں کی پریشانی کو دور کرنا آسان ہے۔

☆ منہ پر مٹی ملنا کسر نفسی، انکساری اور عاجزی پر دلالت کرتا ہے، اور یہ چیز

اللہ کو بہت پسند ہے، لہٰذا تیمم کے لئے مٹی استعمال کرنے میں یہ خاکساری، عاجزی اور ذلت پائی جاتی ہے، ذلت اور عاجزی کی حالت گناہوں کی مغفرت طلب کرنے کے لئے زیادہ مناسب ہے، اسی وجہ سے سجدہ کرتے وقت اپنے منہ کو مٹی سے نہ بچانا پسندیدہ اور مستحب ہے۔ (۱)

---

(۱) ومما يظن أنه على خلاف القياس باب التيمم، قالوا: إنه على خلاف القياس من وجهين: أحدهما: أن التراب ملوث لايزيل درنا ولا وسخا ولايطهر البدن كما لايطهر الثوب. والثاني: أنه شرع في العضوين من أعضاء الوضوء دون بقيتها، وهذا خروج عن القياس الصحيح. ولعمر الله إنه خروج عن القياس الباطل المضاد للدين، وهو على وفق القياس الصحيح، فإن الله سبحانه جعل من الماء كل شيء حيّ، وخلقنا من التراب، فلنا مادتان: الماء والتراب، فجعل منهما نشأتنا وأقواتنا، وبهما تطهرنا وتعبدنا، فالتراب أصل ما خلق منه النّاس، والماء حياة كل شيء، وهما الأصل في الطبائع الّتي ركب الله عليهما هذا العالم وجعل قوامه بهما، وكان أصل ما يقع به تطهير الأشياء من الأدناس والأقذار هو الماء في الأمر المعتاد، فلم يجز العدول عنه إلّا في حال العدم والعذر بمرض أو نحوه، وكان النقل عنه إلى شقيقه وأخيه أولىٰ من غيره، وإن لوث ظاهرًا فإنّه يطهر باطنًا ثم يقوى طهارة الباطن فيزيل دنس الظاهر أو يخففه، وهذا أمر يشهده من له بصر نافذ بحقائق الأعمال وارتباط الظاهر بالباطن وتأثر كل منهما بالآخر وانفعاله عنه ..... وأما كونه في عضوين ففي غاية الموافقة للقياس والحكمة، فإن وضع التراب على الرؤوس مكروه في العادات وإنّما يفعل عند المصائب والنوائب، والرجلان محل ملابسة التراب في أغلب الأحوال، وفي تتريب الوجه من الخضوع والتعظيم لله والذلّ له والإنكسار لله ما هو من أحب العبادات إليه وأنفعها للعبد، ولذلك يستحب للساجد أن يترّب وجه لله، وأن لا يقصد وقاية وجهه من التراب. (إعلام الموقعين: فصل ليس في الشريعة شيء على خلاف القياس، فصل: التيمم جار على وفق القياس ۲/ ۳۰۰، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

⇐ أقول: إنما خص الأرض لأنها لا تكاد تفقد فهي أحق ما يرفع به الحرج ولأنها طهور في بعض الأشياء كالخف والسيف بدلا عن الغسل بالماء ولأن فيه تذللا بمنزلة تعفير الوجه في التراب وهو يناسب طلب العفو.

حجة الله البالغة، القسم الثاني في بيان أسرار ما جاء عن النبي ﷺ تفصيلا، التيمم، الأرض خصت بالتيمم (ص: ۳۰۶)، ط: قديمي

⇐ المصالح العقلية، باب التيمم (ص: ۳۳)، ط: دار الإشاعت.

مٹی کو پانی کا قائم مقام کیوں بنایا گیا؟

''تیمم میں مصلحت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۵٦/۱)

مٹی گیلی ہے

''گیلی مٹی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۷۷/۱)

مٹی ہاتھوں پر لگ گئی

''ہاتھوں پر مٹی لگ گئی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۹۷/۲)

مجلس میں مسواک کرے تو

''مسواک مجلس میں کرے تو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۲٦/۲)

مجمع کے قریب پیشاب کرنا

کسی مجمع کے قریب پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۱)

مجنون

☆ مجنون پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا۔

چنانچہ اگر مجنون نے وضو کیا پھر اس کے تھوڑی دیر بعد جنون ختم ہوگیا، تو اس وضو سے نماز درست نہیں ہوگی۔ (۲)

(۱) اللهم لتخريجه تحت العنوان ''قافلہ کے قریب پیشاب کرنا''

(۲) واما شروط وجوبه و صحته معا فمنها العقل فلا يجب الوضوء على مجنون و لا مصروع ولا معتوه ولا مغمى عليه وإن توضأ واحد من هؤلاء فإن وضوءه لا يصح، بحيث لو توضأ المعتوه لم بعد لحظة برئ من مرضه هذا فإنه لا تصح صلاته بهذ الوضوء، ومثله المجنون۔ الفقه على المذاهب الاربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، شروط الوضوء، (۵۱/۱)، ط: احياء التراث العربي =

☆ مجنون ربا گل کو جنون ختم ہونے کے بعد غسل کرنا مستحب ہے۔[۱]

مچھر

☆ مچھر نے خون پیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ اس میں بہنے والا خون نہیں ہوتا۔[۲]

☆ اگر مکھی، مچھر، لال بیگ، بچھو اور شہد کی مکھی وغیرہ جن میں بہتا ہوا خون نہیں ہے، وہ پانی میں گر کر مر جائیں، یا باہر مر کر پانی میں گر جائیں تو پانی ناپاک نہیں ہوتا۔[۳]

= ⇦ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/۸۸)، ط:سعيد

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۹)، ط:سعيد

(۱) ومن المندوب على ما ذكره بعض المشايخ رحمهم الله تعالى الاغتسال لدخول مكة — والمجنون اذا افاق.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث، (۱/۱٦)، ط: رشيدية

⇦ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/۱۷۰)، ط:سعيد

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/٦٦)، ط:سعيد

(۲) (وكذا ينقضه علقة مصت عضوا وامتلأت من الدم ومثلها القراد ان) كان (كبيرا) لانه حينئذ (يخرج منه دم مسفوح) سائل (والا) تكن العلقة والقراد كذلك (لا) ينقض (كبعوض و ذباب) وفي الرد: (قوله: وامتلأت) كذا في الخانية، وقال: لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل.

(الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱/۱۳۹)، ط:سعيد)

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط:سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/۱۱-۱۰)، ط:رشيدية

(۳) وموت ماليس له نفس سائلة في الماء لا ينجسه كالبق والذباب و الزنابير و العقارب و نحوها. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل، (۱/۲۴)، ط:رشيدية)

⇦ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱/۱۸۳)، ط:سعيد

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۸۸)، ط:سعيد

مچھر کا پاخانہ

"مکھی کا پاخانہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۲۴۵)

مخرج نجاست

اگر نجاست مخرج کے عین اوپر ہو تو اس کو زائل کرنا سنت مؤکدہ ہے، اور یہ نجاست معمول کے مطابق نکلنے والی ہو، جیسے پیشاب، پاخانہ، یا معمول کے مطابق نکلنے والی نہ ہو، جیسے مذی، ودی اور خون وغیرہ، خواہ اس کو پانی سے زائل کیا جائے یا کسی اور طریقہ سے، اس کو "استنجاء" اور "استجمار" کہتے ہیں، لیکن اگر نجاست نکلنے کی جگہ سے اوپر نیچے دائیں بائیں تجاوز کر جائے تو اس کو زائل کرنا فرض ہے اور اس کو استنجاء نہیں کہتے بلکہ ازالۂ نجاست کہتے ہیں۔ (۱)

مُد

☆ حدیث شریف میں وضو اور غسل میں استعمال ہونے والے پانی کی مقدار

(۱) الحاصل أنّ الحنفية يقولون أنّ إزالة ما على نفس المخرج سواء كان معتادًا كبول و غائط أو غير معتاد كمذي و ودي ودم ونحو ذلك سنة مؤكدة سواء أزيل بالماء أو بغيره ، ويقال لهذا استنجاء أو استجمار أو استطابة أمّا ما زاد على نفس المخرج ، فإن إزالته فرض ، ولا يسمى استنجاء ، بل هو من باب إزالة النجاسة . (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : كتاب الطهارة ، مباحث الاستنجاء ، حكم الاستنجاء ، (۱/ ۹۵) ، ط: مكتبة حقيقة)

- حاشية الشلبي على التبيين : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، (۱/ ۷۶) ، ط: امداديه ملتان .
- (ويجب) أي يفرض غسله (ان جاوز المخرج نجس) مائع ويعتبر القدر المانع لصلاة (فيما وراء موضع الاستنجاء) لان ما على المخرج ساقط شرعا وان كثر و لهذا لا تكره الصلاة معه. الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة ، باب الانجاس ، فصل في الاستنجاء ، (۱/ ۳۳۸-۳۳۹) ، ط: سعيد)
- الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة ، الباب السابع ، الفصل الثالث ، (۱/ ۴۸) ، ط: رشيدية
- البحر الرائق ، كتاب الطهارة ، باب الانجاس ، (۱/ ۲۴۲) ، ط: سعيد

کے بارے میں ''مُد'' اور ''صاع'' کا ذکر آیا ہے، یہ تحدید کے لئے نہیں ہے اس پر
زیادتی جائز ہے، اور اسراف کرنا مکروہ ہے۔

دوسرے الفاظ میں یہ ہے کہ حدیث شریف میں وضو اور غسل کے
''مُد'' اور ''صاع'' کی مقدار پانی کا جو ذکر ہے وہ واجب نہیں ہے، البتہ مسنون
ہے کہ اس مقدار سے کم نہ ہو (وضو میں تقریباً ایک کلو اور غسل میں چار پانچ کلو پانی)
اگر کسی کا وضو یا غسل پانی کی مذکورہ مقدار سے کم میں ہو جاتا ہے۔ یا مذکورہ مقدار سے
زیادہ لینا پڑتا ہے تو بھی وضو اور غسل ہو جائے گا۔[1]

مدہوش

مدہوش پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا، چنانچہ

(۱) حدثنا أبو نعيم قال حدثنا مسعر قال حدثني ابن جبير قال سمعت أنسا يقول كان النبي صلى الله عليه وسلم يغسل أو كان يغتسل بالصاع إلى خمسة أمداد ويتوضأ بالمد. (صحيح البخاري، كتاب الوضوء، باب الوضوء بالمد، (۱/ ۳۳)، ط: قديمي)

☆ حدثنا محمد بن كثير، قال حدثنا همام، عن قتادة، عن صفية بنت شيبة، عن عائشة، أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل بالصاع، ويتوضأ بالمد.. (سنن أبي داود، كتاب الطهارة باب ما يجزئ من الماء في الوضوء، (۱/ ۲۳)، ط: رحمانيه)

☆ يستنبط منه حكمان، الأول: أنه عليه الصلاة والسلام كان يغتسل بالصاع فيقتصر عليه وربما يزيد عليه إلى خمسة أمداد فدل ذلك أن ماء الغسل غير مقدر بل يكفي فيه القليل والكثير إذا أسبغ وعم ولهذا قال الشافعي وقد يرفق الفقيه بالقليل فيكفي ويخرق الأخرق فلا يكفي ولكن المستحب أن لا ينقص في الغسل والوضوء عما ذكر في الحديث. (عمدة القاري، كتاب الوضوء، باب الوضوء بالمد، (۳/ ۱۳۱)، ط: دار الكتب العلمية)

☆ قوله (وقيل المقصود الخ) الأصوب حذف قيل لما في الحلية أنه نقل غير واحد إجماع المسلمين على أن ما يجزئ في الوضوء والغسل غير مقدر بمقدار وما في ظاهر الرواية من أن أدنى ما يكفي في الغسل صاع وفي الوضوء مد للحديث المتفق عليه كان صلى الله عليه وسلم يتوضأ بالمد ويغتسل بالصاع إلى خمسة أمداد ليس بتقدير لازم بل هو بيان أدنى القدر المسنون اهـ قال في البحر حتى إن من أسبغ بدون ذلك أجزأه وإن لم يكفه زاد عليه لأن طباع الناس وأحوالهم مختلفة كذا في البدائع اهـ وبه جزم في الإمداد وغيره. (رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في تحرير الصاع والمد والرطل، (۱/ ۱۵۸ - ۱۵۹)، ط: سعيد)

اگر اس نے وضو کر لیا پھر اس کے بعد وہ ہوش میں آ گیا تو اس وضو سے نماز درست نہیں ہوگی۔ [1]

مذی

☆ شہوت کے جوش کے وقت مرد وعورت کے آگے کے راستے سے جو پانی نکلتا ہے اس کو "مذی" کہتے ہیں۔

☆ "مذی" نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

☆ مرد کے عورت کو ہاتھ لگانے سے، یا یوں ہی خیال کرنے سے اگر مرد یا عورت کے آگے کے راستے سے پانی (مذی) نکل آئے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ [2]

مذی نکلنے کے بعد

"گندگی خارج ہونے کے بعد" عنوان کے تحت دیکھیں۔

مراقبہ کی حالت میں سونا

مراقبہ کی حالت میں کسی چیز سے سہارا لئے بغیر چارزانو بیٹھ کر سونے سے وضو

---

(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان "مجنون"

(۲) وودي ...... وهو ماء أبيض كدر ثخين لا رائحة له يعقب البول، وقد يسبقه. (قوله: وهو ماء أبيض كدر ثخين) يشبه المني في الثخانة و يخالفه في الكدرة ...... وينقض الوضوء. (حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، فصل عشرة أشياء لايغتسل منها، (ص: ۱۰۰، ۱۰۱)، ط: قديمي)

☆ المذي ينقض الوضوء و كذا الودي ...... والمذي رقيق يضرب الى البياض يخرج عند ملاعبة مع اهله بالشهوة.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۰)، ط: رشيدية

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱٦٥)، ط: سعيد

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ٦۱)، ط: سعيد

نہیں ٹوٹتا۔ (۱)

مرتد ہوگیا

اگر کسی مسلمان نے مجبوری میں تیمم کیا، پھر اس کے بعد وہ دین اسلام سے پھر کر مرتد ہوگیا (نعوذ باللہ) پھر اللہ تعالیٰ نے توفیق دی دوبارہ مسلمان ہوگیا، تو اگر اس درمیان میں وضو نہیں ٹوٹا تو مرتد ہونے سے پہلے اسلام کی حالت میں جو تیمم کیا تھا اس سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ (۲)

مردہ جانور

اگر کسی نے مردہ جانور کے ساتھ برا کام کیا لیکن مذی یا منی خارج نہیں ہوئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا، لیکن مردہ جانور کے ساتھ بھی ایسی حرکت کرنا سخت گناہ ہے۔ (۳)

---

(۱) وان نام متربعا لا ينتقض الوضوء. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۲/۱)، ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۳۲/۱)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۷/۱)، ط: سعيد

(۲) لو تيمم المسلم ثم ارتد عن الاسلام والعياذ بالله ثم اسلم جاز له ان يصلي بذلك التيمم.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۱/۱)، ط: سعيد

☆ الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، باب التيمم، مطلب حكم النية في التيمم، (۲۱/۱)، ط: قديمي

☆ الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵۶/۱)، ط: سعيد

(۳) (و) لا عند (وطء بهيمة أو ميتة أو صغيرة غير مشتهاة)...... (بلا انزال) لقصور الشهوة لما يحال عليه.

الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۶۶/۱)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۵۸/۱)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث، (۱۵/۱)، ط: رشيدية

☆ وانظر أيضا تحت العنوان: "مذى"

مرزائی کے گھر سے پانی لے کر وضو کرنا

ضرورت کے وقت مرزائی کے گھر سے پانی لے کر وضو اور غسل کرنا جائز ہے، نماز ہو جائے گی، لیکن ان کے گھر کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔ [۱]

مرض بڑھ جانے کے اندیشے کا اعتبار کب ہوگا؟

"ضرر کا اعتبار کب ہوگا؟" عنوان کے تحت دیکھیں۔(٦٤/٢)

مرض بڑھنے کا اندیشہ نہ ہو تو تیمم نہ کرے

معمولی امراض، نزلہ، زکام، بخار وغیرہ میں جب تک مرض بڑھ جانے کا اندیشہ نہ ہو تیمم کرنا جائز نہیں ہے، اور اگر گرم پانی نقصان نہیں کرتا، اور جسم پر گرم پانی ڈالا جا سکتا ہے، اور گرم پانی کا انتظام بھی ہے تو بھی تیمم کرنا جائز نہیں ہے۔ [۱]

---

(۱) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شيء الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميتته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. (الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز، (٦١/١-٦٠)، ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (٦٦/١)، ط: سعيد

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (١٧٩/١)، ط: سعيد

☆ وفي التاتارخانية قبيل الأضحية عن جامع البيان لأبي يوسف: من اشترى لحمًا فعلم أنه مجوسي وأراد الرد، فقال: ذبحه مسلم يكره أكله اهـ. ومفاده أنّ مجرّد كون البائع مجوسيًا يثبت الحرمة لأنّه بعد إخباره بالحل بقوله: ذبحه مسلم كره أكله فكيف بدونه تأمل. (شامي: كتاب الحظر والإباحة، (٣٤٣/٦)، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية: كتاب الكراهية، الباب الأوّل، الفصل الأوّل، (٣٠٩/٥)، ط: رشيدية.

☆ الفتاوى التاتارخانية: كتاب الذبائح، الفصل الرابع في مايتعلّق بالتسمية على الذبح، (٤٠٢/١٦)، ط: مكتبه فاروقيه.

☆ احسن الفتاوى، كتاب الطهارة، باب المياه، (٣٦/٢)، ط: سعيد

(۱) ومنها عدم القدرة على الماء والأصل انه متى امكنه استعمال الماء من غير لحوق ضرر في=

مرغی مرگی

"کنواں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۴۲/۲)

مرگی زدہ

مرگی زدہ پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا، مرگی کا دورہ ختم ہونے کے بعد نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔[1]

مروجہ موزے

قسم کے سوتی، اونی یا نائیلون کے موزے آج کل رائج ہیں ان پر مسح کرنا جائز نہیں ہے، امت مسلمہ کے تمام مستند فقہاء کرام اور مجتہدین عظام کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ باریک موزے جن سے پانی چھن جاتا ہے، یا وہ کسی چیز سے باندھے بغیر پنڈلی پر کھڑے نہیں رہتے، یا ان میں میل دو میل مسلسل چلنا ممکن نہ ہو، تو ان پر مسح کرنا جائز نہیں، اور جوتوں پر بھی مسح کرنا درست نہیں، اور ہمارے زمانے میں جو سوتی، اونی اور نائیلون کے موزے رائج ہیں وہ باریک ہیں، اور ان میں مذکورہ اوصاف نہیں پائے جاتے اس لئے ان پر مسح کرنا کسی حال میں بھی جائز نہیں ہے، جو

(۱) وأما شروط وجوبه و صحته معا فمنها العقل فلا يجب الوضوء على مجنون و لا مصروع ولا معتوه ولا مغمى عليه وإن توضأ واحد من هؤلاء فإن وضوءه لا يصح بحيث لو توضأ المعتوه ثم بعد لحظة برئ من مرضه هذا فإنه لا تصح صلاته بهذا الوضوء، ومثله المجنون، أما المعتوه أو المصروع والمغمى عليه فإنه لا يتصور وقوع الوضوء منهم. ولكن ذكر هذه الصورة لبيان أن الله سبحانه قد رفع عنهم التكليف في هذه الحالة من جميع الوجوه بحيث لو فرض ووقع منهم شيء من ذلك فإنه لا يصح. (الفقه على المذاهب الاربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، شروط الوضوء، (۵۱/۱)، ط: احياء التراث العربي)
☆ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في اعتبارات المركب التام، (۸۸/۱)، ط: سعيد
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۹/۱)، ط: سعيد

شخص ایسا کرے گا اس کا وضو اور نماز صحیح نہیں ہوگی۔ (۱)

مریض کی طبیعت یا ڈاکٹر کا قول معتبر ہے

"تیمم کے لئے مریض کی طبیعت یا ڈاکٹر کے قول کا اعتبار ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۲/۱)

مسّا

"بواسیر" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۱/۱)

مستحبات وضو

"وضو کے مستحبات" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۶۸/۲)

---

(۱) وأمّا المسح على الجوارب فلايخلو: إمّا إن كان الجوارب رقيقًا غير منعل، وفي هذا الوجه لايجوز المسح بلاخلاف، وإمّا إن كان ثخينًا منعلاً ففي هذا الوجه يجوز المسح بلا خلاف؛ لأنّه يمكن قطع السفر، وتتابع المشي عليه، فكان بمعنى الخف. والمراد من الثخين: أن يستمسك على الساق من غير أن يشد بشيء، ولا يسقط فأمّا إذا كان لايستمسك ويسترخي، فهذا ليس بثخين ولايجوز المسح عليه. (المحيط البرهاني: كتاب الطهارات، الفصل السادس في المسح على الخفين، نوع آخر في بيان مايجوز عليه المسح من الخفاف وما بمعناه، ومالا يجوز، (۳۳۳/۱)، ط: إدارة القرآن)

(۲) (أو جوربيه) ولو من غزل أو شعر (الثخينين) بحيث يمشي فرسخًا ويثبت على الساق ولايرى ما تحته ولا يشف. (الدر المختار مع الرد: كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (۲۶۹/۱)، ط: سعيد)

(۳) (قوله: شرط مسحه) أي مسح الخف المفهوم من الخفين. (قوله: ثلاثة أمور) زاد الشرنبلالي: لبسهما على طهارة، وخلو كل منهما عن الخرق المانع، واستمساكهما على الرجلين من غير شد، ومنعهما وصول الماء إلى الرجل. (شامي: كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (۲۶۱/۱)، ط: سعيد)

(۴) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (۱۸۳/۱)، ط: سعيد

مستحب ہے وضو کرنا ان موقعوں پر

"وضو کرنا مستحب ہے ان موقعوں پر" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۳۱/۲)

مسجد کی چھت پر پیشاب کرنا

مسجد میں یا مسجد کی چھت پر پیشاب پاخانہ کرنا حرام ہے۔ (۱)

مسجد کے فرش پر وضو کرنا

☆مسجد کے فرش پر وضو کرنا درست نہیں ہے، ہاں اگر اس طرح وضو کرے کہ وضو کا مستعمل پانی مسجد میں نہ گرے تو جائز ہے۔

(نوٹ) مسجد کے فرش سے مراد وہ جگہ ہے جو نماز پڑھنے کے لئے متعین کر کے وقف کی گئی ہے۔

☆اگر وضو کا پانی مسجد کے فرش پر گرنے کا احتمال ہے تو مسجد کے فرش سے علیحدہ جا کر وضو کرے۔ (۲)

---

(۱) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ...... إنّ هذه المساجد لاتصلح من هذا البول ولا القذر إنّما هي لذكر الله والصلاة وقراءة القرآن . (الصحيح لمسلم : كتاب الطهارة ، باب وجوب غسل البول الخ ، (۱۳۸/۱) ، ط: قديمى)

☆ وكره تحريمًا (الوطء فوقه ، والبول والتغوط) ؛ لأنّه مسجد إلى عنان السماء . (الدر المختار مع الرد : كتاب الصلاة ، باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها ، (۶۵۶/۱)، ط: سعيد)

☆ قوله : والوطء فوقه والبول والتخلى) أي وكره الوطء فوق المسجد وكذا البول والتغوط ؛ لأنّ سطح المسجد له حكم المسجد حتى يصح الاقتداء منه بمن تحته ...... والمراد بالكراهة كراهة التحريم . (البحر الرائق : كتاب الصلاة ، فصل : لما فرغ من بيان الكراهة في الصلاة ، (۳۴/۲)، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية : كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة ومايكره فيها ، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة وما لايكره ، وممّا يتّصل بذلك مسائل ، (۱۰۹/۱)، ط: رشيديه .

(۲) (وحرم عليه) أي على المعتكف اعتكافًا واجبًا ...... (الخروج إلّا لحاجة الإنسان) =

مسجد کے قریب پیشاب پاخانہ کرنا

مسجد کے اس قدر قریب بھی پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ ہے جس کی بدبو سے نمازیوں کو تکلیف ہو۔ (۱)

= طبيعية كبول و غائط و غسل لو احتلم ولا يمكنه الاغتسال في المسجد . وفي الرد : (قوله طبيعية) ... الأولى تفسيرها بالطهارة ومقدماتها ، ليدخل الاستنجاء والوضوء والغسل ، لمشاركتها لهما في الاحتياج وعدم الجواز في المسجد ...... فلو أمكنه (الغسل) من غير أن يتلوث المسجد فلا بأس به بدائع أي بأن كان فيه بركة ماء أو موضع معد للطهارة أو اغتسل في إناء بحيث لا يصيب المسجد الماء المستعمل ، قال في البدائع : فإن كان (الغسل) بحيث يتلوّث بالماء المستعمل يمنع فيه ؛ لأنّ تنظيف المسجد واجب اهـ . (الدر مع الرد : كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، (۲/ ۴۴۴ ، ۴۴۵)، ط : سعيد)

⇐ إذا ظهر شئ من البول والغائط على رأس المخرج انتقضت الطهارة لوجود الحدث ، وهو خروج النجس ، وهو انتقاله من الباطن إلى الظاهر ؛ لأن رأس المخرج عضو ظاهر ، وإنما انتقلت النجاسة إليه من موضع آخر فإن موضع البول المثانة ، وموضع الغائط موضع في البطن ، يقال لو قولون ، وسواء كان الخارج قليلاً أو كثيرًا سال عن رأس المخرج ، أو لم يسل لما قلنا ، وكذا المني ، والمذي ، والودي ، ودم الحيض ، والنفاس ، ودم الاستحاضة ؛ لأنها كلها أنجاس لما نذكر في بيان أنواع الأنجاس وقد انتقلت من الباطن إلى الظاهر فوجد خروج النجس من الآدمي الحي فيكون حدثًا إلا أن بعضها يوجب الغسل ، وهو المني ، ودم الحيض ، والنفاس ، وبعضها توجب الوضوء ، وهو المذي ، والودي ، ودم الاستحاضة لما نذكر إن شاء الله تعالىٰ . وكذلك خروج الولد ، والدودة والحصاة ، واللحم ، وعود الحقنة ، بعد غيبوبتها ؛ لأن هذه الأشياء وإن كانت طاهرة في أنفسها لكنها لاتخلو عن قليل نجس يخرج معها ، والقليل من السبيلين خارج لما بينا . (بدائع الصنائع: فصل في بيان ما ينقض الوضوء ، كتاب الطهارة ، (۱/ ۲۵)، ط: سعيد)

مشترک حصہ میں کپڑا ڈالا جائے

''مشترک حصہ میں لکڑی ڈالی جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۰۶)

مشترک حصہ میں لکڑی ڈالی جائے

اگر کسی کے مشترک حصہ میں کوئی چیز مثلاً لکڑی یا انگلی یا کپڑا وغیرہ ڈالا جائے خواہ وہ خود ڈالے یا کوئی دوسرا، اگر وہ نجاست یا رطوبت لے کر نکلے گی تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر نجاست ورطوبت اس پر نہیں لگی تب بھی وضو کرنا افضل ہے۔ (۱)

مشرکین کا جھوٹا پانی

اگر مشرک اور کفار کا منہ پاک ہے، شراب نہیں پی، اور کوئی ناپاک چیز نہیں کھائی تو ان کا جھوٹا پانی پاک ہے، اس سے وضو اور غسل کرنا درست ہے۔ (۲)

---

(۱) لو أدخل اصبعه في دبره ولم يغيبها فانه تعتبر فيه البلة و الرائحة وهو الصحيح لأنه ليس بداخل من كل وجه، كذا في شرح قاضي خان واستفيد منه أنه اذا غيبه نقض مطلقا. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰)، ط:سعيد)

ت وكذا لو أدخل اصبعه في دبره ولم يغيبها، فإن غيبها أو أدخلها عند الاستنجاء بطل وضوءه وصومه.

(قوله: ولم يغيبها) لكن الصحيح أنه تعتبر البلة أو الرائحة، ذكره في المنتقى؛ لأنه ليس بداخل من كل وجه، ولهذا لايفسد صومه فلاينتقض وضوءه اهـ حليه عن شرح الجامع لقاضي خان، فإذا وجدت البلة أو الرائحة ينقض. وفي المنية: وإن أدخله المحقنة ثم أخرجها وإن لم يكن عليها بلة لم ينقض والأحوط أن يتوضأ اهـ. وفي شرحها: وكذا كل شيء يدخله وطرفه خارج غير الذكر (الدر المختار مع الرد: فصل في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۹)، ط: سعيد)

ت حلبي كبير: فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۲٦)، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

(۲) وسؤر الآدمي والفرس وما يؤكل لحمه طاهر، أما الآدمي فلأن لعابه متولد من لحم طاهر وانما لا يؤكل لكرامته ولا فرق بين الجنب والطاهر والحائض والنفساء والصغير والكبير والمسلم والكافر والذكر والأنثى ..... واستثنوا من هذا العموم سؤر شارب الخمر اذا شرب من ساعته فان سؤره نجس. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۲٦)، ط:سعيد) =

مشکوک پانی

اگر کسی کے پاس مشکوک پانی ہو جیسے گدھے کا جھوٹا پانی تو ایسی حالت میں وضو یا غسل کرلے، اس کے بعد تیمم کرے۔ (۱)

مشین سے ناپاک پانی کو صاف کیا

"ناپاک پانی کو مشین سے صاف کیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۵۶)

مصنوعی بال (وِگ)

☆"وِگ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۸۵)

☆ مصنوعی بال اگر سر پر اس طرح لگے ہوئے ہیں کہ الگ کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا تو یہ بال اصلی بال کے حکم میں ہو جائیں گے اور ان کے اوپر مسح کرنا جائز ہوگا، اور اگر اس طرح لگے ہوئے نہیں ہیں تو اتار کر سر کا مسح کرنا لازم ہوگا، ورنہ وضو نہیں ہوگا۔ (۲)

= ☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، مطلب في السؤر، (۱/۲۲۲)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۲۳)، ط:رشيدية

(۱) وسؤر البغل والحمار مشكوك ...... فان لم يجد غيرهما توضأ بهما وتيمم وأيهما قدم جاز --- والأفضل تقديم الوضوء والاغتسال به عندنا.

الفتاوى الهندية، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۲۳)، ط:رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۳)، ط:سعيد

☆ الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، أحكام السؤر، (۱/۲۲-۲۳)، ط:قديمي

(۲) فلو مسح على طرف ذوابة شدت على رأسه لم يجز. (ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱/۹۹)، ط:سعيد)

☆ درر الحكام شرح غرر الأفكار، كتاب الطهارة، (۱/۱۰)، ط:دار احياء الكتب العربية.

☆ لو مسحت على شعر مستعار لا يصح لأن المسح عليه كالمسح فوق غطاء الرأس وهذا لا يجزئ في الوضوء. (الفقه الحنفي في ثوبه الجديد، أحكام الطهارة، الطهارة من الحدث، شروط صحة الوضوء، (۱/۶۹)، ط:دار القلم، دمشق)

مصنوعی پاؤں

☆اگر ٹخنے کے اوپر سے پاؤں کٹا ہوا ہے، تو وضو کے دوران مصنوعی پاؤں کو کھولنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مصنوعی پاؤں وغیرہ کا دھونا ضروری نہیں ہے۔
☆اور اگر پاؤں ٹخنے کے اوپر سے کٹا ہوا نہیں ہے بلکہ نیچے کٹا ہوا ہے تو مصنوعی پاؤں کو کھول کر ٹخنے سمیت جتنا حصہ موجود ہے، اتنا حصہ دھونا فرض ہوگا۔ (۱)

معذور

اگر کسی آدمی سے مسلسل پیشاب نکلتا رہتا ہے یا بار بار ہوا خارج ہوتی رہتی ہے، یا استحاضہ یا دائمی پیچش (معدہ کی بیماری کی وجہ سے برابر دست ہوتے رہتے ہیں) یا اسی طرح اور مشہور امراض میں سے کسی مرض میں مبتلا ہے تو اس کو معذور کہا جاتا ہے۔
لیکن شریعت میں معذور اس وقت کہا جائے گا جب فرض نماز کا پورا وقت اسی وضو ٹوٹنے والی کیفیت میں گذر جائے، اگر بیماری کی یہ کیفیت اتنا عرصہ باقی نہ رہے تو مریض معذور نہیں ہوگا، اسی طرح جب تک ایک فرض نماز کا پورا وقت حدث (بیماری) کی حالت کے بغیر نہیں گزرے گا تب تک اس کو عذر سے خالی نہیں کہا جائے گا، البتہ عذر کی کیفیت لاحق ہو خواہ نماز کے وقت کسی حصہ میں بھی ہو عذر مانا جائے گا۔
چنانچہ اگر ظہر کا وقت شروع ہوتے ہی اُسے پیشاب کا مرض لاحق ہو گیا تو ظہر

(۱) (والثالث غسل الرجلين) ويدخل الكعبان في الغسل عند علمائنا الثلاثة والكعب هو العظم الناتي ..... ولو قطعت يده أو رجله فلم يبق من المرفق والكعب شيء سقط الغسل ولو بقي وجب كذا في البحر الرائق. (الفتاوى الهندية : كتاب الطهارة ، الباب الأول في الوضوء ، الفصل الأول في فرائض الوضوء ، (۵/۱)، ط: رشيديه)
⇐ البحر الرائق : كتاب الطهارة ، (۱۳/۱)، ط: سعيد.
⇐ الدر مع الرد : كتاب الطهارة ، مطلب في معنى الاشتقاق و تقسيمه إلى ثلاثة أقسام، (۱/ ۱۰۲)، ط: سعيد.

کا وقت ختم ہونے تک اسے معذور تصور کیا جائے گا اور جب تک ظہر کا وقت پورا گزر کر عصر کا وقت داخل نہیں ہوگا یہ معذور رہے گا۔

☆ اگر ظہر کے ابتدائے وقت سے عذر شروع ہوا اور ظہر کا وقت ختم ہونے تک یہ عذر جاری رہا تو یہ معذور ہو جائے گا، پھر عصر کے وقت میں کسی میں قطرہ آیا اور پھر بند ہو گیا، خواہ ایک ہی بار آیا ہو، تو پورا وقت معذوری ہی کا سمجھا جائے گا۔ (۱)

معذور اشراق کے وضو سے ظہر پڑھ سکتا ہے یا نہیں

معذور آدمی اشراق کے وضو سے چاشت اور ظہر کی نماز بھی پڑھ سکتا ہے کیونکہ معذور کا وضو فرض نماز کا وقت نکلنے سے ٹوٹتا ہے، اس سے پہلے نہیں ٹوٹتا اس لئے ظہر کا وقت ختم ہونے تک فرائض اور نوافل جو چاہے پڑھ سکتا ہے۔ (۲)

(۱) الحنفية قالوا: يتعلق بهذا أمور أحدها تعريف السلس، ثانيها، حكمه، ثالثها: مايجب على المعذور فعله، فأمّا تعريفه فهو خاص يترتب عليه نزول البول، أو انفلات الريح، أو الاستحاضة أو الإسهال الدائم، أو نحو ذلک من الأمراض المعروفة، فمن أصيب بمرض من هذه الأمراض، فإنّه يكون معذورًا، ولكن لايثبت عذره في ابتداء المرض، إلاّ إذا استمرّ نزول حدثه متابعًا وقت صلاة مفروضة، فإن لم يستمرّ كذلک لايكون صاحبه معذورًا، وكذلک لايثبت زوال العذر إلاّ إذا انقطع وقتًا كاملاً لصلاة مفروضة، أمّا بقاءه بعد ثبوته فإنّه يكفي في وجوده، ولو في بعض الوقت فلو تقاطر بوله مثلاً من ابتداء وقت الظهر إلى خروجه، صار معذورًا، ويظلّ معذورًا حتى ينقطع تقاطر بوله وقتًا كاملاً، كان ينقطع من دخول وقت العصر إلى خروجه، أمّا إذا استمرّ من ابتداء وقت الظهر إلى نهايته، وصار معذورًا، ثم انقطع في بعض وقت العصر دون بعضه، ولو مرة فإنّه يظل معذورًا فهذا تعريف المعذور عند الحنفية. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول و نحوه، (۱۰۶/۱)، ط: مكتبة الحقيقة)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، ۲۱۵/۱ ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۴۱/۱)، ط: رشيدية

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۳۰۵/۱)، ط: رشيدية

(۲) وحكمه الوضوء......لكل فرض......ثم يصلى به فيه فرضا ونفلا......فإذا خرج الوقت =

معذور عذر دور کرنے کی کوشش کرے

معذور شخص کو چاہئے کہ اپنی معذوری کی حالت کو دور کرنے یا اسکو جہاں تک ممکن ہو کم کرنے کی کوشش کرے، اگر علاج سے مرض کو دور کرنا یا کم کرنا ممکن ہے اور علاج کرنے کی گنجائش بھی ہے تو علاج کرنا واجب ہوگا، گنجائش کے باوجود علاج نہ کرنے کی وجہ سے اگر مرض میں اضافہ ہوگا تو گناہ گار ہوگا۔ (۱)

معذور عذر کو روکنے کی کوشش کرے

اگر کسی مریض کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے پیشاب آجاتا ہے، یا خون بہنے لگتا ہے، یا ایسی ہی وضو توڑنے والی کوئی اور چیز پیش آجاتی ہے تو بیٹھ کر نماز پڑھ لینی چاہئے اور اگر رکوع یا سجدے میں ایسی کیفیت ہوتی ہے تو رکوع اور سجدہ نہ کرے بلکہ اشارے

= يبطل ...... وأفاد أنه لو توضأ بعد الطلوع ولو لعيد أو ضحى لم يبطل الا بخروج وقت الظهر (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض مطلب في احكام المعذور (۱/۳۰۶)، ط: رشيدية)

ط الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۱/۴۱)، ط: رشيدية

ح البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض (۱/۲۱۶)، ط: سعيد

(۱) ولنا ما يجب على المعذور أن يفعله، فهو أن يدفع عذره، أو يقلله بما يستطيع من غير ضرر، بل عليه أن يعالجه بما يستطيع، فإذا كان يمكنه أن يعالجه نفسه من هذا المرض بمعرفة الأطباء وقعد عن ذلك فإنه يأثم لأنهم صرحوا بأن المريض بهذا المرض يجب عليه أن يعالجه، ويدفعه عن نفسه بكل ما يستطيع. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس البول ونحوه (۱/۱۰۷)، ط: مكتبة الحقيقة)

ح متى قدر المعذور على رد السيلان برباط أو حشو أو كان لو جلس لا يسيل ولو قام سال وجب رده. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۱/۴۱)، ط: رشيدية)

د الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، قبيل باب الأنجاس، (۱/۳۰۸)، ط: رشيدية

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض (۱/۲۱۶)، ط: سعيد

نماز پڑھے۔(۱)

معذور کا حکم

معذور کا حکم یہ ہے کہ ہر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد وضو کرے، اور اس وضو سے اس وقت کے اندر جتنے بھی فرائض اور نوافل پڑھنا چاہے پڑھ سکتا ہے، (۲)

(۱) وإن كان الصلاة من قيام يترتب عليها تقاطر البول ، أو نزول الدم أو نحو ذلك فإن المريض يصلي وهو قاعد ، وإذا كان الركوع أو السجود يوجبه فإنه لا يركع ، ولا يسجد بل يصلي بالإيماء. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : كتاب الطهارة ، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول ونحوه ،(۱/۱۰۷)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ البحر الرائق : كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ،(۱/۲۹۲)، ط: سعيد .

☆ حاشية الطحطاوي على المراقي : كتاب الطهارة ، باب صلاة المريض،(ص: ۱۳۳)،ط: قديمي.

☆ (قوله: وقد يتحتم القعود الخ)اى يلزمه الايماء قاعدا لتعليقه عن القيام الذى عجز عنه حكما اذ لو قام لزم فوت الطهارة او الستر او القراءة او الصوم بلا خلاف حتى لو لم يقدر على الايماء قاعدا كما لو كان بحال لو صلى قاعدا يسيل بوله او جرحه ولو صلى مستلقيا لايسيل منه شئ فانه يصلي قائما بركوع و سجود كما نص عليه في المنية، قال شارحها لان الصلاة بالاستلقاء لاتجوز بلاعذر كالصلاة مع الحدث فيترجح ما فيه الاتيان بالاركان وعن محمد انه يصلي مضطجعا ولا اعادة في شئ مما تقدم اجماعا.(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، (۱/۳۳۵)،ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الصلاة، الباب الرابع عشر،(۱/۱۳۸)، ط:رشيدية

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الصلاة،الفصل الحادى والثلاثون، (۲/۱۳۱)، ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

(۲) المستحاضة ومن به سلس البول او استطلاق البطن او انفلات الريح او رعاف دائم او جرح لايرقا يتوضئون لكل صلاة ويصلون بذلك الوضوء في الوقت ما شاؤا من الفرائض والنوافل هكذا في البحر الرائق.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع ،(۱/۴۱)، ط:رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة ،باب الحيض،(۱/۲۱۵)، ط:سعيد

☆ حاشية الطحطاوى على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض ،(۱/۱۵۵)، ط:رشيدية

پھر جب وہ وقت ختم ہو جائے گا تو وضو بھی ٹوٹ جائے گا،[۱] ہاں اگر اس دوران اس عذر کے علاوہ کسی اور وجہ سے وضو ٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کرنا پڑے گا، مثلاً پیشاب کے قطرات مسلسل آنے کی وجہ سے معذور ہوا اور وقت داخل ہونے کے بعد وضو کیا اور اس کے بعد ریح خارج ہوئی یا جسم سے خون نکلا یا منہ بھر کر قے کی یا پاخانہ کیا تو نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔[۲]

معذور کا وضو

جس آدمی کا وضو مرض کی وجہ سے باقی نہیں رہتا ہے وہ اگر سورج نکلنے کے بعد وضو کرے اور ظہر کا وقت داخل ہونے تک اس مرض کے علاوہ کوئی اور وضو توڑنے والی چیز اُسے پیش نہ آئے، تو ظہر کا وقت آنے سے اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ ظہر کا وقت ختم ہونے کے بعد اس کا وضو ٹوٹ جائے گا اور عصر کے واسطے اس کو دوسرا وضو کرنا لازم ہوگا۔[۳]

(۱) فاذا خرج الوقت بطل وضوءهم. (الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۱۵/۱)، ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض، (۲۱۵/۱)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۴۱/۱)، ط:رشيدية

(۲) وانما تبقى طهارة صاحب العذر في الوقت اذا لم يحدث حدثا آخر، اما اذا حدث حدثا آخر فلا تبقى. (البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض، (۲۱۵/۱)، ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۴۱/۱)، ط:رشيدية

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، مطلب في احكام المعذور، (۳۰۷/۱)، ط:رشيدية

(۳) ويتضح من هذا أنّ شرط نقض الوضوء هو خروج وقت الصلاة المفروضة، فإن توضأ بعد طلوع الشمس لصلاة العيد، ودخل وقت الظهر فإن وضوءه لاينتقض، لأنّ دخول وقت الظهر ليس ناقضا ... فله أن يصلي بوضوء العيد ماشاء إلى أن يخرج وقت الظهر، فإذا خرج وقت الظهر انتقض وضوءه، لخروج وقت المفروضة. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول ونحوه، (۱۰۶/۱)، ط: مكتبة الحقيقة)

پھر اس کے بعد جب تک اس کا وہ مرض بالکل دفع نہ ہو جائے اور ایک نماز کا پورا وقت ایسا نہ ملے جس میں وہ مرض ایک دفعہ بھی پورا نہ پایا جائے تو وہ شخص معذور سمجھا جائے گا۔ (۱)

مثال کے طور پر کسی کو سلس البول یعنی ہر وقت پیشاب جاری رہنے کا مرض ہے، یا کسی کو گیس کی بیماری ہے ہر وقت گیس خارج ہوتی رہتی ہے، یا پاخانہ نکلتا رہتا ہے، یا کسی کے زخم سے ہر وقت خون یا پیپ یا پانی خارج ہوتا رہتا ہے، یا کسی کو ناک سے ہر وقت خون آتا رہتا ہے، یا کسی کے خاص حصہ سے منی یا مذی ہر وقت بہتی ہے، یا کسی عورت کو استحاضہ ہو یعنی کسی بیماری کی وجہ سے خون آتا رہتا ہو، تو ہر فرض نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد اس پر وضو کرنا لازم ہوگا، ایک وقت کے وضو سے دوسرے وقت کی نماز پڑھنا جائز نہیں ہوگا۔ (۲)

= ☆ والمفاد أنه لو توضأ بعد الطلوع ولو لعيد أو ضحى لم يبطل إلا بخروج وقت الظهر.
الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۳۰۶)، ط: رشيدية
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۴۱)، ط: رشيدية
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۱۶)، ط: سعيد

(۱) ويصلي معذورًا حتى ينقطع تقاطر بوله وقتًا كاملاً كأن ينقطع من دخول وقت العصر إلى خروجه. (كتاب الفقه على المذاهب: مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول و نحوه، (۱/۱۰۶)، ط: مكتبة الحقيقة)
☆ والعذر يبقى إذا لم يمض على أصحابهما وقت صلاة إلاّ والحدث الّذي ابتليت به يوجد فيه ولو قليلاً حتى لو انقطع وقتًا كاملا خرج عن كونه معذورًا. (البحر الرائق: كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۱۷)، ط: سعيد)
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۴۱)، ط: رشيدية
☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۳۰۵)، ط: رشيدية

(۲) فأمّا تعريفه فهو خاص يترتب عليه نزول البول، أو انفلات الريح، أو الاستحاضة أو الإسهال الدائم، أو نحو ذلك من الأمراض المعروفة، فمن أصيب بمرض من هذه، فإنّه يكون معذورًا ...... وأمّا حكمه، فهو أن يتوضأ لوقت كل صلاة، ويصلي بذلك الوضوء ما شاء من =

معذور کا وضو کب ٹوٹتا ہے

☆اگر معذور نے فرض نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد وضو کیا، تو اس فرض نماز کا وقت ختم ہونے کے بعد وضو ٹوٹ جائے گا۔

اگر کسی نے سورج طلوع ہونے کے بعد عید کے لئے وضو کیا، اور ظہر کا وقت آ گیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ عید کا وقت نکل جانے اور ظہر کی نماز کا وقت آ جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، عید کی نماز کا یہ وضو جس وقت کیا گیا تھا وہ فرض نماز کا وقت نہیں تھا بلکہ ایسا وقت تھا جس میں کوئی نماز فرض نہیں تھی، لہذا عید کی نماز کے لئے جو وضو کیا ہے اس سے ظہر کا وقت ختم ہونے تک جو بھی نماز چاہے پڑھ سکتا ہے، ظہر کا وقت ختم ہوتے ہی وضو ٹوٹ جائے گا، کیونکہ وہ فرض نماز کا وقت ہے۔

☆اگر معذور نے سورج نکلنے سے پہلے وضو کیا تو سورج نکلتے ہی وضو ٹوٹ جائے گا، کیونکہ فجر کی فرض نماز کا وقت سورج نکلنے پر ختم ہو جاتا ہے۔

= الفرائض والنوافل ---- ومتى خرج وقت المفروضة انتقض وضوءه . (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : كتاب الطهارة ، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول ونحوه، (١٠٦/١)، ط: مكتبة الحقيقة)

ت: فالمتوضئ وقت الفجر لايصلي به بعد الطلوع عند علمائنا الثلاثة لانتقاض طهارته بالخروج. (مجمع الأنهر: كتاب الطهارة ، باب الحيض ،(٨٥/١) ،ط: دار الكتب العلمية)

ت: يبطل وضوء المعذور بخروج الوقت لا بدخوله ، فإذا خرج الوقت بطل وضوء المعذور واستأنف الوضوء لصلاة أخرى عند أئمة الحنفية الثلاثة . (الفقه الإسلامي وأدلته : القسم الأول: العبادات ، الباب الأول : الطهارات ، الفصل الرابع : الوضوء وما يتبعه ، المطلب الثامن وضوء المعذور ،(٢٨٩/١)، ط: دار الفكر)

ت: فإذا خرج الوقت بطل وضوء هم.

الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، باب الحيض، (٢١٥/١)، ط:سعيد

ت: البحر الرائق، كتاب الطهارة ،باب الحيض، (٢١٥/١)، ط:سعيد

ت: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (٤١/١)، ط:رشيدية

اسی طرح اگر ظہر کی نماز پڑھنے کے بعد وضو کیا، پھر عصر کا وقت داخل ہو گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا، کیونکہ ظہر کا وقت ختم ہو گیا تھا۔ (۱)

معذور کو علاج کرنا چاہئے

اگر معذور کا عذر علاج کے قابل ہے، اور اس کے پاس علاج کرانے کی گنجائش بھی ہے تو علاج کرانا واجب ہے، تا کہ عذر ختم ہو جائے یا جہاں تک ممکن ہو کم ہو جائے۔

اگر مرض علاج کے قابل ہے، اور علاج کرانے کی گنجائش بھی ہے، اس کے باوجود علاج نہیں کرایا اور مرض بڑھ گیا، تو وہ شخص گنا ہگار ہوگا۔ (۲)

---

(۱) وأمّا حكمه، فهو أن يتوضأ لوقت كل صلاة، ويصلي بذلك الوضوء ما شاء من الفرائض والنوافل ...... ومتى خرج وقت المفروضة انتقض وضوءه. ويتضح من هذا أن شرط نقض الوضوء هو خروج وقت الصلاة المفروضة، فإن توضأ بعد طلوع الشمس لصلاة العيد، ودخل وقت الظهر فإن وضوءه لاينتقض، لأنّ دخول وقت الظهر ليس ناقضًا وكذا خروج وقت العيد ليس ناقضًا، لأنّه ليس وقت صلاة مفروضة، بل هو وقت مهمل فله أن يصلي بوضوء العيد ماشاء إلى أن يخرج وقت الظهر، فإذا خرج وقت الظهر انتقض وضوءه، لخروج وقت المفروضة، وإن توضأ بعد صلاة الظهر، ثم دخل وقت العصر انتقض لخروج وقت الظهر. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول ونحوه (۱۰۶/۱)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ الدر مع الرد: كتاب الطهارة، مطلب في أحكام المعذور (۳۰۶/۱)، ط: سعيد.

☆ البحر الرائق: كتاب الطهارة، باب الحيض (۲۱۶/۱، ۲۱۷)، ط: سعيد.

(۲) وأمّا ما يجب على المعذور أن يفعله، فهو أن يدفع عذره، أو يقلله بما يستطيع من غير ضرر، بل عليه أن يعالجه بما يستطيع، فإذا كان يمكنه أن يعالجه نفسه من هذا المرض بمعرفة الأطباء، وقعد عن ذلك فإنّه يأثم لأنّهم صرحوا بأن المريض بهذا المرض يجب عليه أن يعالجه، ويدفعه عن نفسه بكل ما يستطيع. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس البول ونحوه (۱۰۷/۱)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ متى قدر المعذور على رد السيلان برباط أو حشو أو كان لو جلس لا يسيل ولو قام سال وجب رده. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۳۱/۱)، ط: رشيدية) =

معذور کے لئے وقت سے پہلے وضو کرنا

معذور کے لئے فرض نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد تازہ وضو کرنا ضروری ہے، اس لئے اگر معذور آدمی فرض نماز کا وقت داخل ہونے سے پہلے وضو کرے گا تو فرض نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد اس وضو کا اعتبار نہیں ہوگا، بلکہ وقت داخل ہونے کے بعد نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔

مثلاً کوئی معذور آدمی ایسا ہے کہ مغرب کا وقت داخل ہونے کے بعد اگر وضو کرتا ہے تو جماعت کی ایک دو رکعت نکل جاتی ہیں، یا پوری جماعت فوت ہو جاتی ہے تو بھی مغرب کا وقت داخل ہونے سے پہلے مغرب کی نماز پڑھنے کے لئے وضو کرنا درست نہیں ہے، وقت داخل ہونے کے بعد ہی وضو کرے چاہے جماعت فوت بھی ہو جائے تو کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ [1]

= ≈ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض مطلب في أحكام المعذور، (١/ ٣٠٧)، ط: رشيدية

≈ البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض، (١/ ٢١٦)، ط: سعيد

(١) ويبطل وضوء المعذور بخروج وقت الصلاة المفروضة فقط ، فإن توضأ بعد طلوع الشمس لصلاة العيد ، و دخل وقت الظهر ، فإن وضوءه لاينتقض ، لأنّ دخول وقت الظهر ليس ناقضًا وكذا خروج وقت العيد ليس ناقضًا ، لأنه ليس وقت صلاة مفروضة ، بل هو وقت مهمل ، وصلاة العيد بمنزلة صلاة الضحى ، وهذا يعني أنه يصحّ في هذه الحالة فقط وضوء المعذور قبل دخول الوقت (وقت الظهر) ليتمكّن من الأداء عند دخول الوقت ، وأنّه يبطل وضوء المعذور بخروج الوقت لا بدخوله ، فإذا خرج الوقت بطل وضوء المعذور واستأنف الوضوء لصلاة أخرى عند أئمة الحنفية الثلاثة ...... وكذلك ينتقض وضوءه إن توضأ بعد صلاة الظهر ثم دخل وقت العصر . (الفقه الإسلامي وأدلّته : القسم الأوّل العبادات ، الباب الأوّل : الفصل الرابع: الوضوء ومايتبعه ، المطلب الثامن : وضوء المعذور، (١/ ٢٨٩)، ط: دار الفكر)

≈ المستحاضة ومن به سلس البول او استطلاق البطن او انفلات الريح او رعاف دائم او جرح لايرقأ يتوضئون لكل صلاة ويصلون بذلك الوضوء في الوقت ما شاء وا من الفرائض والنوافل هكذا في البحر الرائق...... ولو توضأ مرة للظهر في وقته واخرى فيه للعصر فعندهما =

معذور نوافل پڑھ سکتا ہے

جب معذور کسی وقت میں وضو کر لیتا ہے تو اس وضو سے اس وقت کے اندر اندر جتنے بھی فرائض اور نوافل ادا کرنا چاہے ادا کر سکتا ہے، خواہ نفل نماز فرض سے پہلے ادا کرے یا فرض کے بعد دونوں صورتیں درست ہیں، البتہ وقت ختم ہونے کے بعد دوبارہ وضو کرنا ضروری ہے۔ (۱)

معذور وضو کے وقت کیا نیت کرے

معذور لوگ وضو کرتے وقت دل میں یہ ارادہ کریں کہ اس وضو سے میرے لئے نماز ادا کرنا جائز ہو، اس کی وجہ یہ ہے کہ معذور کا وضو حقیقی معنوں میں وضو نہیں ہے، کیونکہ وہ وضو پیشاب وغیرہ مسلسل آنے کی وجہ سے باطل ہو جاتا ہے، یہ تو دین اسلام میں سہولت رکھی گئی ہے کہ اس وضو سے نماز پڑھی جائے تو ثواب سے محرومی نہیں ہوگی، کیونکہ شریعت کے تمام احکام میں لوگوں کی بہتری اور دنیا اور آخرت دونوں جہاں کی بھلائی مدِ نظر ہے۔ (۲)

= ليس له أن يصلي العصر به، كذا في الهداية، وهو الصحيح. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/ ۴۱)، ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، ۱/ ۲۱۵ ط: سعيد

☆ حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/ ۱۵۵)، ط: رشيدية

☆ فتاویٰ دار العلوم دیوبند، کتاب الطہارات، فصل رابع: معذور سے متعلق احکام و مسائل، (۱/ ۲۱۸)، ط: دار الاشاعت۔

(۱) نفس المرجع السابق

(۲) ولقد تكلم في "مباحث النية" أنّ المعذور يجب عليه أن ينوي بوضوئه استباحة الصلاة بمعنى أن يقول في نفسه: نويت بوضوئي أن يبيح الشارع لي به الصلاة. وذلك لأنّه في الواقع ليس وضوءًا حقيقيًا، بل هو منقوض بما ينزل من بول و نحوه، ولكن سماحة الدين الإسلامي قد أباحت له أن يباشر الصلاة بهذا الوضوء، فلا يحرم من ثوابها، لأنّها شريعة مبنية على الحرص التامّ على =

مقعد

☆اگر کسی نے اپنے پاخانہ کے مقام کو ہاتھ لگایا تو وضو نہیں ٹوٹے گا لیکن اگر انگلی یا کوئی اور چیز مثلاً حقنہ (دوائی چڑھانے کی نلکی) کا سرا داخل کیا گیا اور وہ چھپ گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا، کیونکہ یہ عمل اندرونی حصہ میں کچھ ڈالنے اور نکالنے کے برابر ہے، اور اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

☆اگر کچھ حصہ داخل ہوا اور اندر غائب نہیں ہوا تھا کہ اس کو نکال لیا، تو دیکھنا چاہئے کہ اگر وہ گیلا ہے یا اس میں بدبو ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں۔ (۱)

☆مزید ''سونا'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔

مقعد میں انگلی ڈالی

☆اگر کسی نے اپنی انگلی اپنے پیچھے کے مقام میں ڈالی لیکن پوری انگلی اندر

= مصالح الناس، ومنافعهم في الدنيا والآخرة. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول و نحوه (۱/۱۰۹)، ط: مكتبة الحقيقة)

⇐ وفيه أيضًا: كتاب الطهارة، فرائض الوضوء، (۱/۶۲)، ط: مكتبة الحقيقة.

⇐ الفقه الإسلامي وأدلّته: القسم الأوّل: العبادات، الباب الأوّل: الطهارات، الفصل الرابع: الوضوء وما يتبعه، النوع الثاني: فرائض الوضوء، أوّلاً: النية، (۱/۲۳۰)، ط: دار الفكر.

(۱) وكذلك لاينتقض الوضوء لمس أي جزء بدنه، فلو مس حلقة دبره فإنّ وضوئه لاينتقض، وكذا إذا مست المرأة قبلها، ولكن لو أدخل اصبعه أو شيئًا كطرف حقنة وغيبها انتقض وضوءه، لأنها بمنزلة دخول شئ في الباطن، ثم خروجه، فإن أدخل بعضها ولم يغيبها فإن أخرجها مبلّة أو بها رائحة انتقض وضوءه وإلّا فلا. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث نواقض الوضوء، (۱/۸۹)، ط: مكتبة الحقيقة)

⇐ لو أدخل اصبعه في دبره ولم يغيبها فإنه تعتبر فيه البلة و الرائحة وهو الصحيح لأنه ليس بداخل من كل وجه، كذا في شرح قاضي خان واستفيد منه أنه اذا غيبه نقض مطلقا.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰)، ط: سعيد

⇐ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف، (۱/۱۴۹)، ط: سعيد

نہیں گئی تو اگر انگلی تر نکلی ہے تو وضوٹوٹ جائے گا، اور اگر انگلی خشک نکلی ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

☆اور اگر پوری انگلی اس طرح ڈال لے کہ چھپ جائے تو وضوٹوٹ جائے گا، اور اگر وہ روزہ دار تھا اور اس نے استنجاء کے وقت ایسا کیا کہ پوری انگلی پچھلے حصے کے اندر ڈال لی تو روزہ باطل ہو جائے گا، کیونکہ اس صورت میں انگلی کے ساتھ باہر سے اندر پانی چلا جاتا ہے۔[1]

☆عورت کی شرمگاہ کا بھی یہی حکم ہے۔

مقعد میں روئی ڈال لے

☆اگر کسی نے بیماری کی وجہ سے پیچھے پاخانے کی جگہ (مقعد) میں روئی ڈال لی، تو وہ روئی اگر اس مقام سے ابھری ہوئی باہر ہے، یا کم از کم برابر کی سطح میں ہے اور تری اوپر آ گئی تو وضوٹوٹ جائے گا، اور اگر روئی کا اوپری حصہ تر نہ ہو بلکہ صرف اندر کا حصہ تر ہو جائے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اور اگر روئی سوراخ کے سرے سے اندر کی طرف ہے تو اس صورت میں روئی تر ہونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

☆اور اگر وہ روئی سوراخ سے نکل کر گر گئی، تو اگر وہ تر ہے تو وضوٹوٹ جائے

(۱) وکل شیء اذا غیبه ثم اخرجه أو خرج فعليه الوضوء و قضاء الصوم لأنه كان داخلا مطلقا فترتب عليه الخروج وكل شيء اذا ادخل بعضه و طرفه خارج لا ينقض الوضوء وليس عليه قضاء الصوم لأنه غير داخل مطلقا فلا يترتب عليه الخروج.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۳۰)، ط: سعيد

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف، (۱/ ۱۴۹)، ط: سعيد

☆ حلبی کبیر فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۲۶)، ط: سهيل اكيڈمی.

گا، اگر خشک ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ [1]

مکروہاتِ وضو

''وضو کے مکروہات'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۲۷۲)

مکروہ چیز سے استنجاء کرنا

مکروہ چیز سے استنجاء کرنا مکروہ تحریمی ہے، مثلاً ہڈی یا گوبر وغیرہ سے استنجاء کرنا مکروہ تحریمی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چیزوں سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا ہے۔ [2]

مکھی

☆مکھی نے خون پیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ اس میں بہنے والا خون نہیں

---

(۱) (كما) ينقض (لو حشا احليله بقطنة و ابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالية او محاذية لرأس الاحليل وان متسفلة عنه لا ينقض. وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل (وان ابتل الطرف (الداخل لا) ينقض ولو سقطت فان رطبة انتقض والا لا.

ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه (۱/۱۴۹-۱۴۸)، ط:سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰)، ط:سعيد

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (۱/۱۲۱)، ط:ادارة القرآن

(۲) (وكره) تحريما (بعظم و روث)

وفي الرد:أما العظم و الروث فالنهي ورد فيهما صريحا في صحيح مسلم ...... فقال النبي ﷺ: فلا تستنجوا بهما فانهما طعام اخوانكم.

الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۳۳۱-۳۳۹)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط: رشيدية

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول، نوع منه في بيان سنن الوضوء، ومن السنة الاستنجاء، (۱/۹۹)، ط:ادارة القرآن

ہوتا۔ (۱)

☆ مزید "مچھر" عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔ (۲/۱۹۰)

مکھی کا پاخانہ

اگر مکھی اور مچھر کا پاخانہ بدن یا کپڑے پر لگ جائے تو معاف ہے، نماز ہو جائے گی۔ (۲)

منسوخ آیتیں

قرآن مجید کی جن آیتوں کی تلاوت منسوخ ہوگئی ہے، ان کا حکم قرآن مجید کے علاوہ دوسری آسمانی کتابوں کا ہے، وہ اگر کسی چیز پر لکھی ہوں، تو بے وضو اس کے صرف اسی مقام کو چھونا مکروہ ہے جہاں لکھا ہو سارے مقام کا چھونا مکروہ نہیں ہے۔ (۳)

---

(۱) مص القراد فامتلأ ان كان صغيرا لا ينقض كما لو مص الذباب وان كان كبيرا نقض كمص العلقة وعللوه بأن الدم في الكبير يكون سائلا. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۳)، ط:سعيد)

☆ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب: بيان نواقض الوضوء، (۱/۱۳۹)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۱)، ط:رشيدية

(۲) وفي الوهبانية دود القز وماؤه وبزره وخرؤه طاهر كدودة متولدة من نجاسة. (الدر المختار، كتاب الطهارة، باب المياه، مطلب في مسئلة الوضوء من الفساقي، (۱/۱۸۳)، ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثاني، (۱/۴۶)، ط:رشيدية

☆ لبوال البراغيث لا تمنع جواز الصلاة. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۳۶)، ط:سعيد)

☆ بول الخفاش و خرؤه لا يفسد الماء و الثوب، كذا في فتاوى قاضي خان.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۲۳)، ط:رشيدية

(۳) (قوله: ومسه) اى مس القرآن وكذا سائر الكتب السماوية. قال الشيخ اسماعيل: وفي المبتغى ولا يجوز مس التوراة والانجيل والزبور وكتب التفسير اهـ وبه علم انه لا يجوز مس القرآن المنسوخ تلاوة وان لم يسم قرآنا متعبدا بتلاوته خلافا لما بحثه الرملي فان التوراة ونحوها مما نسخ تلاوته وحكمه معا، فافهم. رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب يطلق الدعاء على مايشمل الثناء، (۱/۱۷۳)، ط: سعيد) =

منہ کے اندر کا حصہ دھونا

وضو میں منہ کے اندر کا حصہ دھونا فرض نہیں ہے۔ (۱)

منی

اگر منی اپنے مقام سے نکل گئی مگر اس نے اپنے خاص حصہ کو اتنے زور سے دبا لیا کہ منی باہر بالکل نہیں نکلی تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور غسل بھی واجب نہیں ہوگا۔ (۲)

= ☜ ولقد تقدم أنّ ما نسخ تلاوته وحكمه كالتوراة ونحوها فتلاوته للجنب ومن بمعناه مكروهة على الصحيح كما اعتمده الحلبي ؛ لأنّ ما بدل منه بعض غير معين وكونه منسوخًا لايخرجه عن كونه كلام الله تعالىٰ كالآيات المنسوخة من القرآن وأمّا مسه فقد علم حكمه مما نقله القهستاني عن الذخيرة وهو عدم الجواز حتى للمحدث . (منحة الخالق على البحر الرائق : كتاب الطهارة باب الحيض ،(۱/ ۲۰۱)، ط: سعيد)

☜ (قوله: ومسه) أي القرآن ولو في لوح أو درهم أو حائط ، لكن لايمنع إلّا من مس المكتوب بخلاف المصحف فلايجوز مس الجلد وموضع البياض منه . (شامي : كتاب الطهارة، باب الحيض ، مطلب لو أفتى مفت بشيء ...... الخ ،(۱/ ۲۹۳) ، ط: سعيد)

(۱) وجبت المضمضة والاستنشاق في الغسل ؛ لأنّ إيصال الماء إلى داخل الفم والأنف ممكن بلا حرج ، وإنّما لايجبان في الوضوء لا ؛ لأنّه لايمكن إيصال الماء إليه بل ؛ لأنّ الواجب هناك غسل الوجه ، ولا تقع المواجهة إلى ذلك رأسًا . (بدائع الصنائع : كتاب الطهارة ، فصل وأمّا الغسل ،(۱/ ۳۴)، ط: سعيد)

☜ بدليل قوله صلى الله عليه وسلم: انهما فرضان في الجنابة سنتان في الوضوء.
البحر الرائق، كتاب الطهارة ،(۱/ ۳٦)، ط:سعيد

☜ الدر المختار ، كتاب الطهارة، مطلب : بيان نواقض الوضوء، (۱/ ۱۱۵)، ط:سعيد

☜ الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، سنن الوضوء، (۱/ ۳۰)، ط:قديمي

(۲) و فرض الغسل عند خروج مني من العضو وإلا فلايفرض اتفاقا ،لأنه في حكم الباطن.
وفي الرد:(قوله: من العضو) هو ذكر الرجل و فرج المرأة الداخل احترازا عن خروجه من مقره ولم يخرج من العضو بأن بقي في قصبة الذكر أو الفرج الداخل.
الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۵۹)، ط:سعيد

☜ حاشية الطحطاوى على الدر المختار ، كتاب الطهارة،(۱/ ۹۱)،ط:المكتبة العربية.

☜ الدر المنتقى مع المجمع، كتاب الطهارة،(۱/ ۳۸)ط:دار الكتب العلمية.

منی شہوت کے بغیر خارج ہو

اگر منی شہوت کے بغیر خارج ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور غسل واجب نہیں ہوگا مثلاً کسی شخص نے کوئی بھاری بوجھ اٹھایا، یا کسی اونچے مقام سے گر پڑا اور صدمہ سے شہوت کے بغیر منی نکل گئی تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر شہوت کے ساتھ نکلے گی تو غسل واجب ہوگا۔ (۱)

مواد رستا رہتا ہے

''زخم سے مواد رستا رہتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۸۸/۱)

موٹر میں تیمم صحیح ہونے کی شرائط

''ریل میں تیمم صحیح ہونے کی شرائط'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۸۰/۱)

مونچھ

''مونچھ'' کے بالوں کے بارے میں اختلاف ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ اگر مونچھیں گنجان اور گھنی ہوں تب بھی مونچھوں کے اندر کھال تک پانی پہنچانا ضروری ہے اگر نہ پہنچایا تو وضو نہیں ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ وضو ہو جائے گا، ڈاڑھی کی طرح اوپر سے دھو لینا کافی ہے، اور اسی پر فتوی ہے، البتہ غسل میں گھنی مونچھوں کے اوپر سے دھو لینے سے غسل نہیں ہوگا، جب تک کہ کھال

(۱) وفرض الغسل عند خروج منى من العضو...... منفصل عن مقره...... بشهوة.
قوله: (بشهوة)......احترز به عمالو انفصل بضرب او حمل ثقيل على ظهره فلا غسل عندنا.
ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب في تحرير الصاع والمد والرطل (۱/ ۱٦٠)، ط: سعيد
(۲) الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، مطلب في ما يوجب الغسل، (۱/ ۳۳)، ط: قديمى
(۳) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۵۳)، ط: سعيد

تک پانی نہیں پہونچایا جائے گا، اس لئے مونچھیں بڑھانا منع ہے۔ [1]

اگر مونچھیں اس قدر گھنی ہوں کہ ان کے نیچے کی جلد چھپ جائے اور نظر نہ آئے تو ایسی صورت میں اس قدر بالوں کا دھونا واجب ہے جن سے جلد چھپی ہوئی ہے، باقی بال جو جلد کے آگے بڑھ گئے ہیں ان کا دھونا واجب نہیں۔ [2]

---

(۱) وأمّا حكم الشارب فقد اختلف فيه ، فبعضهم قال : إن كان كثيفًا غزيرًا لايصل الماء إلى ماتحته من الجلد ، فإنّ الوضوء يبطل ، وبعضهم قال : لا يبطل الوضوء بذلك ، بل يكفي بغسل ظاهره كاللحية ، وهذا هو الّذي عليه الفتوىٰ في الوضوء، أمّا في الغسل فإنّه لا يغتفر ذلك، بل يبطل الغسل إذا كان الشارب كثيفًا، ولعل علة ذلك أن الشارع قد نهى عن إطالته، لما يحمل من القذار الطعام ونحوه، فشدد في غسله كي لايطيله النّاس بدون اية فائدة . (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : كتاب الطهارة ،فرائض الوضوء ،(۱/ ۵۹) ، ط: مكتبة الحقيقة)

⇦ فوجب غسله قبل نبات الشعر فاذا نبت الشعر يسقط غسل ما تحته عند عامة العلماء كثيفا كان الشعر او خفيفا لأن ما تحته خرج أن يكون وجها لأنه لا يواجه اليه وكذلك لا يجب ايصال الماء الى ما تحت شعر الحاجبين و الشارب اهـ والمراد بالخفيفة التي لاترى بشرته أما التي ترى بشرتها فانه يجب ايصال الماء الى ما تحتها كذا في فتح القدير ...... وصرح الولوالجي في باب الكراهية على أن المفتى به أنه لا يجب ايصال الماء الى ماتحته كالحاجبين. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۱)، ط:سعيد)

⇦ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، (۱/ ۹۷)، ط:سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول ، الفصل الأول، (۱/ ۳)، ط:رشيدية

⇦ ويجب أن يوصل الماء الى جميع شعره و بشره و معاطف بدنه فان بقي منه شيء لم يصبه الماء فهو على جنابته حتى يغسل ذلك الموضع. (الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، سنن الغسل، (۱/ ۳۲)، ط:قديمي)

⇦ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في أبحاث الغسل، (۱/ ۱۵۲)، ط:سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثاني ، الفصل الأول، (۱/ ۱۳)، ط:رشيدية

(۲) (والعذار) عذار اللحية جانباها ...... (لايسقط حكم ما وراءه) وهو البياض بين العذار و الأذن يسمى العارض وحكمه وجوب غسله فإنّ العذار لايسقطه ...... (بل ينقل حكم ما تحته) وهو وجوب الغسل (إليه) أي إلى العذار حتى يجب غسله (كالشارب والحاجب) حيث ينقلان حكم ما تحتها إليهما حتى يجب غسلهما ولا يجب إيصال الماء إلى ما تحتهما . (درر الحكام شرح غرر الأفكار : كتاب الطهارة ، (۱/ ۸)، ط: دار إحياء الكتب العربية)=

مویشی کو خطرہ ہو

اگر مویشی چرانے والے کو جنگل میں یہ خطرہ ہو کہ وہ پانی سے وضو کرنے کے لیے جائے گا تو مویشی کسی کے کھیت میں گھس جائیں گے یا مویشی کے گم ہو جانے کا خوف ہو تو اس صورت میں تیمم کرنا جائز ہے۔ (۱)

مہاسا

اگر پورے چہرے پر مہاسے ہیں جن میں خون اور پیپ ہے، پانی لگنے سے مہاسوں سے خون نکلنے لگتا ہے، اگر واقعی اتنی سخت تکلیف ہے اور مسح بھی نہیں کر سکتے تو تیمم کرنا جائز ہے۔ (۲)

"مہاسا" وہ دانے جو جوانی میں منہ پر نکل آتے ہیں۔

(فیروز اللغات، (ص:۱۳۲۱)، ط: فیروز سنز)

= فوجب غسله قبل نبات الشعر فاذا نبت الشعر يسقط غسل ما تحته عند عامة العلماء كثيفا كان الشعر أو خفيفا لأن ما تحته خرج أن يكون وجها لأنه لا يواجه اليه وكذلك لا يجب ايصال الماء الى ما تحت شعر الحاجبين و الشارب اهـ والمراد بالخفيفة التي لاترى بشرته أما التي ترى بشرتها فانه يجب ايصال الماء الى ما تحتها كذا في فتح القدير ...... وصرح الولوالجي في باب الكراهية على أن المفتى به أنه لا يجب ايصال الماء الى ماتحته كالحاجبين.

البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۱)، ط: سعيد

الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام (۱/۹۷)، ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۳)، ط: رشيدية

(۱) من عجز عن استعمال الماء لبعده......او برد او خوف عدو او نار على نفسه ..... أو ماله تيمم لهذه الأعذار.

الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۲، ۲۳۶)، ط: سعيد

البحرالرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/۱۳۲) ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۷ و ۲۸)، ط: رشيدية

(۲) ولو كان يجد الماء إلا أنه مريض فخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه يتيمم (الهداية، كتاب =

مہندی

☆ مہندی لگانے یا رنگنے سے جو رنگ لگا رہ جائے اس سے وضو میں خلل نہیں آتا البتہ اگر جمی ہوئی مہندی ہاتھ پر جمی رہ گئی تو اس پر وضو صحیح نہیں ہوگا کیونکہ، جسم پر پانی پہنچنے سے مانع ہوتی ہے۔

☆ موجودہ دور میں بعض مہندیاں ایسی ہیں کہ لگانے کے بعد جب ہاتھ دھولیتے ہیں، تو رنگ کے ساتھ ساتھ ایک باریک جھلی نما تہہ بن جاتی ہے اور بعد میں جب رنگ اترنے لگتا ہے تو ایک باریک تہہ چھلکا بن کر الگ ہو جاتی ہے، ایسی مہندی لگا کر وضو کرنے سے وضو صحیح ہو جائے گا کیونکہ وہ جسم پر پانی پہنچنے سے مانع نہیں ہوتی ہے۔

☆ اگر سر پر مہندی لگائی گئی اور اس پر مہندی جمی ہوئی ہے اس کو دھویا نہیں گیا تو اس پر مسح کرنے سے سر کا مسح درست نہیں ہوگا۔(۱)

= الطهارات، باب التيمم، (۱/۳۹)، ط: المصباح)

⇐ او لمرض يشتد أو يمتد بغلبة ظن أو قول حاذق مسلم ولو بتحرك.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۳)، ط: سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۳۰)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۸)، ط: رشيدية

(۱) (و لا يمنع) الطهارة (ونيم) أي خرء ذباب و برغوث لم يصل الماء تحته (وحناء) ولو جرمه به يفتى......

(قوله: به يفتى) صرح به في المنية عن الذخيرة في مسألة الحناء والطين والدرن معللا بالضرورة قال في شرحها ولأن الماء ينفذه لتخلله و عدم لزوجته و صلابته، و المعتبر في جميع ذلك نفوذ الماء و وصوله الى البدن. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في أبحاث الغسل، (۱/۱۵۴)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، (۱/۴)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط: سعيد

⇐ انظر أيضا الحاشية الآتية.

☆ سر یا ڈاڑھی پر مہندی خشک ہوجانے کے بعد وضو صحیح ہونے کے لئے سوکھی ہوئی مہندی کا اتارنا ضروری ہے، ورنہ وضو صحیح نہیں ہوگا باقی مہندی کے رنگ پر وضو اور غسل صحیح ہوجائے گا۔ [۱]

میت کا استنجاء

میت کا استنجاء پانی اور ڈھیلے دونوں سے کیا جائے، پانی اور ڈھیلہ کا جمع کرنا سنت اور افضل ہے۔ [۲]

میت کو غسل دینے کا امکان نہ ہو

جس میت کو غسل دینا ممکن نہ ہوتو اس کو تیمم کرادیا جائے اور دفن کردیا جائے۔ [۳]

---

(۱) والخضاب اذا تجسد و يبس يمنع تمام الوضوء والغسل، كذا في السراج الوهاج ناقلا عن الوجيز. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۴)، ط: رشيدية)
☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في أبحاث الغسل، (۱/۱۵۴)، ط: سعيد
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط: سعيد

(۲) وهو سنة مؤكدة مطلقا...... ولو كانه اربعة: شخص مستنج بوشي مستنجى به كماء وحجر.
وفي الرد: فكان الجمع سنة على الإطلاق في كل زمان وهو الصحيح وعليه الفتوى...... ثم اعلم أن الجمع بين الماء والحجر أفضل ويليه في الفضل الاقتصار على الماء ويليه الاقتصار على الحجر وتحصل السنة بالكل وإن تفاوت الفضل كما أفاده في الإمداد وغيره
(رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، مطلب إذا دخل المستنجي في ماء قليل، (۱/۳۳۸)، ط: سعيد
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۴۱)، ط: سعيد
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۴۸)، ط: رشيدية

(۳) (يتيمم لو كان أكثره) أي أكثر أعضاء الوضوء عددا وفي الغسل مساحة (مجروحا) أو به جدري اعتبارا للأكثر (وبعكسه يغسل) الصحيح ويمسح الجريح (و) كذا (إن استويا غسل الصحيح) من أعضاء الوضوء ولا رواية في الغسل (ومسح الباقي) منها (وهو) الأصح لأنه =

میری امت پکاری جائے گی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری امت اس حال میں پکاری جائے گی کہ وضو کے سبب سے ان کی پیشانیاں روشن ہوں گی اور اعضاء چمکتے ہوں گے، لہٰذا تم میں سے جو شخص چاہے کہ وہ اپنی پیشانی کی روشنی کو بڑھائے تو اسے چاہئے کہ وہ ایسا ہی کرے۔ (۱)

مینڈک مرجائے

اگر کنویں میں مینڈک مر کر پانی کے نیچے بیٹھ گئی ہے تو پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ (۲)

= (الأحوط) وكان أولى. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم مطلب فاقد الطهورين، (۲۵۷/۱)، ط:سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز له، (۲۳۲/۱)، ط:ادارة القرآن

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۶۳/۱)، ط:سعيد

(۱) عن نعيم المجمر قال: رقيت مع أبي هريرة على ظهر المسجد فتوضأ قال: اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: ان أمتي يدعون يوم القيامة غرا محجلين من آثار الوضوء فمن استطاع منكم أن يطيل غرته فليفعل. (صحيح البخاري، كتاب الوضوء، باب فضل الوضوء والغر المحجلون من آثار الوضوء، (۲۵/۱)، ط:قديمي)

☆ الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب استحباب اطالة الغرة و التحجيل في الوضوء، (۱۲۶/۱)، ط:قديمي

☆ مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، الفصل الأوّل، (ص:۳۹)، ط:قديمي.

(۲) و موت مايعيش في الماء لا يفسده كالسمك و الضفدع و السرطان ...... والضفدع البحري و البري سواء، وقيل: البري يفسد لوجود الدم و عدم المعدن.

الهداية، كتاب الطهارات، باب الماء الذي يجوز به الوضوء، (۳۷/۱)، ط:شركت علمية

☆ الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مسئلة الوضوء من الفساقي، (۱۸۵/۱)، ط:سعيد =

مینگنی

اگر تالاب سے برتن وغیرہ میں پانی لیتے وقت کوئی مینگنی آ گئی تو اگر اسے فوراً برتن سے نکال کر پھینک دیا تو پانی پاک ہوگا اور اگر مینگنی برتن میں رہ گئی تو اس سے وضو اور غسل نہ کیا جائے۔(۱)

= ⇐ البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۸۸)، ط:سعید

(۱) فان وقعت فيها بعرة أو بعرتان من بعر الابل أو الغنم لم تفسد الماء.... ولا يعفى القليل في الاناء على ماقيل لعدم الضرورة وعن ابى حنيفة انه كالبئر في حق البعرة والبعرتين

الهداية، كتاب الطهارات، باب الماء الذي يجوز به الوضوء، (۱/۳۲)، ط:شركة علمية.

⇐ في الشاة تبعر في المحلب قالوا: ترمى البعرة أى من ساعته، فلو اخر .... لايجوز.

فتح القدير، كتاب الطهارات، باب الماء الذي يجوز به الوضوء، (۱/۸۷)، ط:رشيدية.

⇐ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، فصل في البئر، (۱/۱۸۵)، ط:سعيد

﴿……ن……﴾

نابالغ

☆نابالغ بچہ کے لئے قرآن پاک بے وضو چھونا، یا اس تختی کو بے وضو چھونا جس پر قرآن کریم لکھا ہوا ہے مکروہ نہیں ہے۔

☆باوضو بالغ آدمی کے لئے قرآن پاک کو اٹھا کر بے وضو نابالغ بچے کو دینا، یا بے وضو نابالغ لڑکے سے باوضو بالغ آدمی کے لئے قرآن پاک طلب کرنا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

☆نابالغوں سے ہر وقت وضو کرانا مشقت میں ڈالنا ہے، اور بالغ ہونے کے انتظار میں نابالغی میں قرآن مجید کو حفظ نہ کرانا نقصان کی بات ہے، اس لئے بچوں کے لئے قرآن پاک چھونے میں وضو کی شرط نہیں ہے، وہ بلا وضو بھی چھو سکتے ہیں۔ (۱)

نابالغ کا قرآن بے وضو چھونا

نابالغ بچوں کو وضو نہ ہونے کی حالت میں بھی پڑھنے کے لئے قرآن مجید دینا، اور اُن کا بے وضو قرآن مجید چھونا مکروہ نہیں ہے، البتہ وضو ہو تو زیادہ بہتر ہے،

(۱) و لا یکرہ مس صبي لمصحف و لوح.

وفي الرد: فیه أن الصبي غیر مکلف. (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، مطلب: یطلق الدعاء علی ما یشمل الثناء، (۱/ ۱۷۳)، ط: سعید)

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/ ۳۹)، ط: رشیدیة

☆ ولا بأس بدفعه الیه و طلبه منه للضرورة اذ الحفظ في الصغر کالنقش في الحجر.

وفي الرد: أي لا بأس بأن یدفع البالغ المتطهر المصحف الی الصبي (قوله: للضرورة) لأن في تکلیف الصبیان و أمرهم بالوضوء حرجا بهم و في تأخیره الی البلوغ تقلیل حفظ القرآن.

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، مطلب: یطلق الدعاء علی ما یشمل الثناء، (۱/ ۱۷۳)، ط: سعید

اس لئے انہیں وضو کرنے کی ترغیب دینی چاہئے۔ [۱]

نابالغ کا وضو

اگر کوئی نابالغ وضو کرے تو اس کا وضو صحیح ہوگا، چنانچہ اگر نابالغ نے وضو کیا پھر اس کے بعد بالغ ہوا تو اس کا وضو برقرار رہے گا اس وضو سے نماز پڑھنا جائز ہوگا۔ [۲]

نابالغ کو قرآن دینا

''نابالغ کا قرآن بے وضو چھونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

ناپاک پانی

ایسا ناپاک پانی جس کے تینوں وصف یعنی مزہ، بو اور رنگ نجاست کی وجہ سے بدل گئے ہوں اس کا استعمال کرنا کسی طرح بھی درست نہیں ہے، جانوروں کو پلانا اور مٹی اور سیمنٹ وغیرہ میں ڈال کر گارا بنانا بھی جائز نہیں ہے۔

اور اگر تینوں وصف نہیں بدلے تو اس کا جانوروں کو پلانا، مٹی میں ملا کر گارا بنانا اور مکان میں چھڑکاؤ کرنا درست ہے، مگر ایسے پانی کے گارے کو مسجد میں نہ لگائیں۔ [۳]

---

[۱] تقدم تخریجه تحت العنوان "نابالغ"

[۲] فلا يجب الوضوء على من لم يبلغ الحلم سواء كان ذكرا او انثى ولكن يصح وضوء غير البالغ فإذا توضأ قبل البلوغ بساعة مثلا لم يبلغ فظهر ناقض للوضوء فإن وضوءه يستمر. (الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، (۱/۴۷)، ط: دار الكتب العلمية)

[۳] الدر مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في اعتبارات المركب التام (۱/۸۶، ۸۷)، ط: سعيد.
الفقه الإسلامي وأدلته، القسم الأول: العبادات، الباب الأول: الطهارات، الفصل الأول: الطهارة، المبحث الثاني: شروط وجوب الطهارة، (۱/۹۱)، ط: دار الفكر

[۴] وفي جامع الجوامع: إذا تنجس الماء القليل بوقوع النجاسة فيه إن تغيرت أوصافه لا ينتفع =

ناپاک پانی کنویں میں چلا گیا

اگر استنجاء خانوں کا پانی یا ناپاک پانی کنویں میں چلا گیا تو کنویں کا پانی ناپاک ہوگیا، اگر سارا پانی نکالنا ممکن ہے تو سارا پانی نکالنا ضروری ہے،[1] اور اگر سارا پانی نکالنا ممکن نہیں تو دو سو سے تین سو ڈول تک پانی نکالنے سے کنویں کا پانی پاک ہوجائے گا، بشرطیکہ پانی کے اندر نجاست کے آثار، اوصاف، ذائقہ یا بدبو ظاہر نہ ہوں۔[2]

ناپاک پانی کو مشین سے صاف کیا

گندے ناپاک پانی کو جدید مشین یا دوا، کیمیکل کے ذریعہ صاف کرنے سے

= به من كل وجه كالبول والا جاز سقى الدواب و بل الطين ولا يطين به المسجد . (الفتاوى الهندية : كتاب الطهارة، الباب الثالث: المياه، الفصل الثاني فيما يجوز به التوضؤ، (۲۵/۱)، ط: رشيديه)

⇐ الماء إذا وقعت فيه نجاسة فإن تغير وصفه لم يجز الانتفاع به بحال كبل الطين وسقي الدواب . (شامي: كتاب الطهارة، باب المياه، مطلب: مسألة البئر جحط، (۲۰۱/۱)، ط: سعيد)

⇐ البحر الرائق : كتاب الطهارة، (۹۶/۱)، ط: سعيد .

(۱) اذا وقعت في البير نجاسة نزحت و كان نزح ما فيها من الماء طهارة لها.

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱۹/۱)، ط: رشيدية

الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، مطلب في مسائل الآبار، (۵۶/۱)، ط: قديمي

⇐ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، فصل في البير، (۲۱۲/۱)، ط: سعيد

(۲) وان تعذر نزح كلها لكونها معينا فبقدر ما فيها ...... وقيل: يفتى بمائة الى ثلاث مائة وهذا ايسر وذاك احوط.

وفي الرد: و أفاد في النهر أن المائتين واجبتان و المائة الثالثة مندوبة. ...... (قوله: طهرت) أي إذا لم يظهر أثر النجاسة. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، فصل في البئر (۲۱۵/۱-۲۱۵) ، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱۹/۱)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱۲۲/۱)، ط: سعيد

پانی صاف تو ہوجائے گا لیکن پاک نہیں ہوگا اس سے وضو غسل کرنا جائز نہیں ہوگا، صاف اور پاک میں بڑا فرق ہے، صاف ہونے سے پاک ہونا ضروری نہیں۔ (۱)

---

(۱) والدليل على تحريم استعمال الماء الّذي فيه جزء من النجاسة وإن لم يتغير طعمه أو لونه أو رائحته، قول الله تعالىٰ: ﴿ ويحرّم عليهم الخبائث ﴾ والنجاسات من الخبائث، لأنّها محرمة.
شرح مختصر الطحاوي: كتاب الطهارة، باب تكون به الطهارة، مسألة: النجاسة في الماء القليل والكثير، (۲۳۹/۱)، ط: دار السراج المدينة المنوّرة)

☆ البحر الرائق: كتاب الطهارة، (۷۸/۱، ۷۹)، ط: سعيد.

☆ (و) يطهر (زيت) تنجس (بجعله صابونًا) به يفتىٰ للبلوىٰ، كتنور رش بماء نجس لابأس بالخبز فيه.

(قوله: ويطهر زيت الخ) قد ذكر هذه المسألة العلامة قاسم في فتاواه، وكذا ما سيأتي متنًا وشرحها من مسائل التطهير بانقلاب العين . . . ثم هذه المسألة قد فرعوها على قول محمد بالطهارة بانقلاب العين الّذي عليه الفتوىٰ واختاره أكثر المشايخ خلافًا لأبي يوسف كما في شرح المنية والفتح وغيرهما. وعبارة المجتبىٰ: جعل الدهن النجس في صابون يفتىٰ بطهارته، لأنّه تغير والتغير يطهر عند محمد ويفتى به للبلوىٰ اهـ. وظاهره أنّ دهن الميتة كذلك لتعبيره بالنجس دون المتنجّس إلّا أن يقال هو خاص بالنجس، لأنّ العادة في الصابون وضع الزيت دون بقية الأدهان تأمل، ثم رأيت في شرح المنية مايؤيد الأوّل حيث قال: وعليه يتفرّع ما لو وقع إنسان أو كلب في قدر الصابون فصار صابونًا يكون طاهرًا لتبدل الحقيقة اهـ. ثم اعلم أنّ العلة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة وأنّه يفتى به للبلوىٰ كما علم مما مرّ، ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون، فيدخل فيه كل ما كان فيه تغير وانقلاب حقيقة وكان فيه بلوىٰ عامة ...... أنّ الدبس ليس فيه انقلاب حقيقة، لأنّه عصير جمد بالطبخ، وكذا السمسم إذا دُرس واختلط دهنه بأجزائه ففيه تغير وصف فقط كلبن صار جبنًا، وبر صار طحينًا، وطحين صار خبزًا بخلاف نحو خمر صار خلاً وحمار وقع مملحة فصار ملحًا، وكذا دردي خمر صار طرطيرًا وعذرة صارت رمادًا أو حمأة فإنّ ذلك كله انقلاب حقيقة إلى حقيقة أخرىٰ لا مجرد انقلاب وصف. (الدر مع الرد: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۳۱۵/۱، ۳۱۶)، ط: سعيد)

☆ وخرج عن هذه القضية الماء النجس بقوله تعالىٰ: ﴿ ولكن يريد ليطهّركم ﴾ والنجس لايفيد الطهارة. (أصول الشاشي: (ص: ۲۳، ۲۵) البحث الأول في كتاب الله، فصل في المطلق والمقيد، ط: بشرىٰ.

ناپاک جگہ پر وضو کرنا

ناپاک جگہ پر وضو کرنا درست نہیں ہاں اگر وضو سے پہلے اس کو دھو کر پاک کر لیا جائے پھر اس پر وضو کرنا جائز ہے۔[۱]

ناپاک چیز نکلے

☆اگر زندہ آدمی کے جسم سے ناپاک چیز نکل کر ٹپک جائے یا اپنے مقام سے بہہ کر اس مقام پر پہنچ جائے جس کا دھونا وضو یا غسل میں فرض یا واجب ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[۲]

☆اگر زندہ آدمی کے جسم سے کوئی ناپاک چیز نکلے اور اپنے مقام سے نہ بہے مگر ایسی ہو کہ اگر وہ جسم پر چھوڑ دی جائے تو ضرور اپنی جگہ سے بہہ کر دوسری جگہ چلی جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[۳]

(۱) ومن منهياته التوضؤ بفضل ماء المرأة و في موضع نجس لأن لماء الوضوء حرمة. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في الاسراف في الوضوء، (۱/۱۳۳)، ط: سعيد)

☆ البحر الرائق: كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط: سعيد.

الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، مكروهات الوضوء، (۱/۸۱)، ط: مكتبة الحقيقة.

☆ الحنفية قالوا: مندوبات الوضوء ...... منها الجلوس في مكان مرتفع ...... وطهارة موضع الوضوء. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، مبحث المندوب والمستحب ونحوهما، (۱/۷۹)، ط مكتبة الحقيقة)

(۲) وأما الخارج من غير السبيلين فناقض بشرط أن يصل الى موضع يلحقه حكم التطهير. البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۱)، ط: سعيد

☆ الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۳۷-۳۵)، ط: قديمي

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱/۱۳۳)، ط: سعيد

(۳) ولو كان الدم في الجرح فأخذه بخرقة أو أكله الذباب فازداد في مكانه فإن كان بحيث يزيد و يسيل لو لم يأخذه بنفسه بطل وضوءه و لا فلا. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۳)، ط: سعيد) ☆

ناپاک کپڑا

اگر مریض کے لئے ناپاک کپڑے بدلنا مشکل ہے تو ایسے مریض کو اسی حالت میں نماز پڑھ لینی چاہئے۔ (۱)

ناپاکی کو دور کرنے کا حکم

☆ شریعت اسلامیہ میں پیشاب، پاخانہ وغیرہ ناپاکی کو دور کرنے کے بارے میں جو کچھ احکام آئے ہیں، وہ تمام احکام ایسے ہیں جنہیں عقل سلیم تسلیم کرتی ہے، اور حفظانِ صحت کے اصول اور تقاضوں کے عین مطابق ہیں، اور صفائی اور پاکیزگی کا جو طریقہ لازمی قرار دیا گیا ہے وہ معاشرتی نظام کے لئے بے حد ضروری ہے۔

☆ شریعت اسلامیہ نے جن چیزوں کا حکم دیا ہے اُن احکام کی علت اور مصلحت کے بارے میں سوال نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ یہ تمام شرعی احکام جو انسان کے لئے مخصوص ہیں، وہ سب اللہ تعالیٰ کی عبادت اور بندگی میں داخل ہیں، اور انسان کو اللہ کا بندہ ہونے کے اعتبار سے یہ حق نہیں ہے کہ جب تک اس کی بجا آوری سے عاجز نہ ہو اس سے روگردانی کرے، مزید یہ کہ یہ تمام چیزیں عقل کے مطابق ہیں، اور انسان کے لئے جو عبادتیں شریعت میں مقرر کی گئی ہیں وہ صحت اور معاشرتی تقاضوں کے مطابق ہیں۔

= ج: الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۳۶/۱)، ط: فهمي

ب: الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱۳۵/۱)، ط: سعيد

(۱) مريض تحته ثياب نجسة، وكلما بسط شيئاً تنجس من ساعته صلى على حاله وكذا لو لم يتنجس إلا أنه يلحقه مشقة بتحريكه. (الدر المختار: كتاب الصلاة، باب صلاة المريض، (۱۰۲/۲)، ط: سعيد)

و: الفتاوى الهندية: كتاب الصلاة، الباب الرابع عشر: في صلاة المريض، (۱۳۷/۱)، ط: رشيدية.

و: حاشية الشلبي على التبيين: كتاب الصلاة، باب صلاة المريض، (۲۰۳/۱)، ط: إمدادية ملتان.

گندگی سے پاک وصاف ہونا سب کے نزدیک ضروری ہے، اور جو طریقے شریعت نے بتلائے ہیں وہ انسان کے لئے بے انتہاء مفید ہے، اور شریعت اسلامیہ کے تمام احکام پوری دنیا کی تمام معاشرہ کی بہبود اور انسان کی بھلائی کے لئے فائدہ مند ہیں، کسی کے لئے بھی اس پر اعتراض کرنے کی گنجائش نہیں، تاہم اگر گمراہ ہونے کے لئے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہونے کے لئے شیطان کی طرح اعتراض کر کے مردود ہونا چاہے تو الگ بات ہے۔ (۱)

ناپاکی کی مقدار درہم سے زیادہ ہو

جب کپڑے پر ناپاکی کی مقدار درہم کی مقدار سے بڑھ جائے، تو کپڑے کو دھو کر پاک کر کے نماز پڑھے، ورنہ اس ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز نہیں ہوگی۔ (۲)

اگر پانی کے استعمال کرنے پر قادر نہ ہونے کی صورت میں ایک نماز کے لئے تیمم کیا، اور دوسرا وقت داخل ہونے تک وہ فاسد نہیں ہوا تو اس سے دوسرے وقت کی نماز پڑھنا بھی درست ہے، اور اس تیمم سے قرآن مجید کو چھونا بھی درست ہے۔ (۲)

ننگا ہونا

☆ وضو کے بعد ننگے ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، (۳) البتہ لوگوں کے سامنے ننگا

---

(۱) (وان عجز عن استعمال الماء لبعده میلا او لمرض او برد یهلک الجنب او یمرضه ولو في المصر اذا لم تکن له أجرة حمام ولا ما یدفئه ...... (او خوف عدو) ...... او عطش أو عدم آلة تیمم).

ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۳۲-۲۳۶)، ط: سعید

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۸)، ط: رشیدیة

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۱۴۱)، ط: سعید

(۲) لو تیمم قبل دخول الوقت جاز عندنا، هکذا في الخلاصة، ویصلی بالتیمم الواحد ماشاء من الصلوات فرضا او نفلا. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/۳۰)، ط: رشیدیة)

☆ ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۳۱)، ط: سعید

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۱۵۶)، ط: سعید

(۳) (وینقضه) خروج نجس منه) أي وینقض الوضوء خروج نجس، فدخل تحت هذه الکلمة جمیع النواقض الحقیقیة. (تبیین الحقائق: کتاب الطهارة، (۱/۷)، ط: امدادیه ملتان)

☆ والحاصل أنّ الصوم یبطل بالدخول والوضوء بالخروج. (شامي: کتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم یرتکب مکروه ملهبه، (۱/۱۳۹)، ط: سعید)

ہونا حرام ہے۔ (۱)

ننگے ہوکر پیشاب پاخانہ کرنا

تمام کپڑے اتار کر پیشاب پاخانہ کرنا بری بات ہے۔

البتہ انگلش کموڈ میں پیشاب پاخانہ کرنے سے پہلے تمام کپڑے اتارنا ضروری ہوتا ہے ورنہ کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں اس لئے مجبوری کی بناء پر اس کی گنجائش ہوگی۔ (۲)

ننگے ہونے کی حالت میں وضو کرنا

ننگے ہونے کی حالت میں وضو کرنے سے وضو ہوجاتا ہے، البتہ مناسب نہیں ہے۔ (۳)

---

(۱) قال العلامة نوح: المستجي لايكشف عورته عند احد للاستجاء فإن كشفها صار فاسقًا؛ لأن كشف العورة حرام، ومرتكب الحرام فاسق. (حاشية الطحطاوي على المراقي : كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستجاء ،(ص: ۳۹)، ط: قديمي)

☜ شامي: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستجاء، مطلب: إذا دخل المستجي في ماء قليل ،(۱/۳۳۸)، ط: سعيد.

☜ حلبي كبير: مناهي الوضوء ،(ص: ۳۸)، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

(۲) ومن الآداب(ان يستر عورته حين فرغ)أي من الاستنجاء والتجفيف لان الكشف كان لضرورة وقد زالت وكشف العورة في الخلوة لغير ضرورة لايستحب لقوله عليه الصلاة والسلام:الله احق ان يستحي منه.

كبيری،آداب الوضوء ،(ص: ۳۱)،ط:سهيل اكيڈمي۔

☜ ومن الآداب ان لايترك عورته مكشوفة يعني بعد الاستجاء.

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول،(۱/۱۱۲)، ط:ادارة القرآن

☜ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستجاء،مطلب في الفرق بين استبراء والاستنقاء، (۱/۳۳۵)، ط:سعيد

(۳) الفقم لتخريجه لحت عنوان:"ننگاهونا"

نہر

کسی شخص کی ذاتی زمین میں نہر ہو، تو دوسرے لوگوں کو پانی پینے سے یا جانوروں کو پانی پلانے سے یا وضو، غسل وغیرہ کرنے سے منع نہیں کر سکتا۔ (۱)

نہر کے کنارے پر پاخانہ پیشاب کرنا

نہر اور تالاب وغیرہ کے کنارے پر پاخانہ پیشاب کرنا مکروہ ہے جب کہ نجاست نہر اور تالاب میں گرے۔ (۲)

نیت

زبان سے وضو کی نیت کرنا مستحب ہے۔ (۳)

---

(۱) اعلم أن المياه أربعة أنواع..... والثالث: ما دخل في المقاسم أي المجاري المملوكة لجماعة مخصوصة وفيه حق الشفة. (ردالمحتار، كتاب احياء الموات، فصل الشرب، (۶/۴۳۸)، ط:سعيد)
⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الشرب، (۵/۳۹۰)، ط:رشيدية
⇦ البحر الرائق، كتاب احياء الموات، مسائل الشرب، (۸/۲۱۳)، ط:سعيد
⇦ (والشفة شرب بني آدم والبهائم) أي استعمالهم الماء للعطش والطبخ والوضوء والغسل ونحوها. (مجمع الأنهر: كتاب إحياء الموات، فصل في الشرب، (۴/۲۳۵)، ط: دار الكتب العلمية)
⇦ شامي: كتاب إحياء الموات، فصل الشرب، (۶/۴۳۸)، ط: سعيد.
(۲) يكره على طرف نهر او بئر او حوض او عين.
البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳)، ط:سعيد
⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط: رشيديه
⇦ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، (۱/۳۴۳)، ط:سعيد
⇦ وكذا اذا بال في اناء ثم صبه في الماء او بقرب النهر فجرى اليه فكله مذموم قبيح منهي عنه. ردالمحتار، كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، مطلب القول مرجح على الفعل، (۱/۳۴۲)، ط:سعيد
⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط: رشيديه
⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳)، ط: سعيد
(۳) (و من آدابه) ...... (والجمع بين نية القلب وفعل اللسان) هذه رتبة وسطى بين من سن =

نیت کیا کرے مسواک کرتے وقت

"مسواک کرتے وقت کیا نیت کرے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۹/۲)

نیل پالش

عورتیں اپنے ناخنوں پر جو پالش لگاتی ہیں، اس پالش کے ناخن پر موجود ہوتے ہوئے وضو اور غسل صحیح نہیں ہوتا، اس لئے کہ اس کی وجہ سے پانی ناخن تک نہیں پہونچتا ہے، ایسی صورت میں عورتوں کی نماز صحیح نہیں ہوتی، اور جتنی نمازیں نیل پالش کے ساتھ وضو کر کے ادا کی ہیں سب کا لوٹانا واجب ہے، ساتھ ساتھ توبہ استغفار بھی کریں۔

اس لئے وضو سے پہلے ریمور وغیرہ سے اتارلیں پھر اس کے بعد وضو کر کے نماز پڑھیں۔[1]

= التلفظ بالنية ومن كرهه لعدم نقله عن السلف.

ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۲۳-۱۲۷)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۸)، ط:رشيدية.

☆ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة فصل من آداب الوضوء أربعة عشر شيئا، (ص:۷۵)، ط:قديمي.

(۱) و اذا كان في أظفاره درن او طين أو عجين او المرأة تصنع الحناء جاز في القروي والمدني و هو صحيح وعليه الفتوى و لو لصق بأصل ظفره طين يابس و بقي قدر رأس ابرة من موضع الغسل لم يجز.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط:سعيد

☆ الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب في أبحاث الغسل، (۱/۱۵۴)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۴)، ط:رشيدية

☆ فما يضعه بعض النساء من طلاء على أظافرهن يمنع وصول الماء الى الأظافر فلايصح الوضوء حتى يزال هذا الطلاء و يغسل ما تحته. (الفقه الحنفي في ثوبه الجديد، أحكام الطهارة، الوضوء، شروط صحة الوضوء، (۱/۲۹)، ط:دار القلم، دمشق) =

نیند

☆ نیند خود وضو توڑنے والی نہیں ہے، البتہ نیند کی حالت میں وضو توڑنے والی بات لاحق ہو سکتی ہے اور نیند کی وجہ سے اس کا علم نہیں ہوتا اس لئے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۱)

☆ مزید ''سونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۴۲۲/۱)

''نیند'' سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

''سونا ناقض وضو ہے یا نہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۴۲۷/۱)

= طوقال النووي: اجتمعت الأئمة على أن من صلى محدثا مع إمكان الوضوء لصلاته باطلة وتجب عليه الإعادة بالإجماع، سواء تعمد ذلک أو نسيه أو جهله على المذهب. (البناية شرح الهداية: كتاب الصلاة، باب الإمامة، قبيل: باب الحدث في الصلاة، (۳۶۸/۲)، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

☆ المجموع شرح المهذب: كتاب الصلاة، باب صفة الأئمة، (۲۶۲/۳)، ط: دار الفكر.

(۱) لأن مناط النقض الحدث لا عين النوم فلما خفي بالنوم أدير الحكم على ما ينتهض مظنة له ولذا لم ينقض نوم القائم والراكع والساجد ونقض في المضطجع لأن المظنة منه ما يتحقق معه الاسترخاء على الكمال وهو في المضطجع لا فيها.

فتح القدير، كتاب الطهارات، (۳۹/۱)، ط: دار الكتب العلمية

☆ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۱۳۴/۱)، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۷/۱)، ط: سعيد

☆ كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مبحث نواقض الوضوء، (۸۳/۱)، ط: مكتبة الحنفية.

واجبات وضو

''وضو کے واجبات'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۷۴/۲)

واش بیسن

''کھڑے ہو کر وضو کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۲/۲)

وتر کی نماز کے لئے تیمم کرنا

وتر کی نماز فوت ہونے کا خوف ہونے کی صورت میں تیمم کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ وتر کی نماز کا بدل قضاء کی صورت میں موجود ہے، لہٰذا وضو کر کے پڑھے۔[1]

ودی

''ودی'' نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[2] (۲۹۵/۲)

---

(۱) (لا) يتيمم (لفوت جمعة ووقت) ولو وترا لفواتها إلى بدل وقيل يتيمم لفوات الوقت قال الحلبي فالأحوط أن يتيمم ويصلي ثم يعيده

قوله (لفواتها) أي هذه المذكورات إلى بدل فبدل الوقتيات والوتر القضاء وبدل الجمعة الظهر فهو بدلها صورة عند الفوات وإن كان في ظاهر المذهب هو الأصل والجمعة خلف عنه خلافا لزفر كما في البحر . (الدر مع الرد، كتاب الطهارة، باب التيمم،مطلب في تقدير الغلوة،(۱/ ۲۴۶)، ط:سعيد)

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ،(۱/ ۱۵۹-۱۵۸)، ط:سعيد

☜ كتاب المبسوط، كتاب الطهارة، باب التيمم،(۱/ ۲۶۰)، ط:المكتبة الغفارية

(۲) و ودي ... وهو ماء أبيض كدر ثخين لا رائحة له يعقب البول ، وقد يسبقه . (قوله : وهو ماء أبيض كدر ثخين) يشبه المني في الثخانة و يخالفه في الكدرة ... وينقض الوضوء . (حاشية الطحطاوي على المراقي : كتاب الطهارة ، فصل عشرة أشياء لايغتسل منها ،(ص: ۱۰۰ ، ۱۰۱)، ط: قديمي) =

وسوسہ ختم کرنے کی ترکیب

''پاکی میں وسوسہ ختم کرنے کی ترکیب'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۰/۱)

وسوسہ ڈالتا ہے شیطان

''شیطان وضو کے وقت لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈال کران کوحیران پریشان اور بے عقل بنادیتا ہے، کبھی یہ خیال ڈالتا ہے کہ پانی سب جگہ نہیں پہونچا، اور کبھی اس وہم میں مبتلا کردیتا ہے کہ وضو کے اعضاء کوایک بار دھویا ہے یا دوبار اور کبھی یہ وسوسہ ڈالتا ہے کہ پانی ناپاک تھا اب دوسرے پانی سے وضو کرنا چاہئے اور کبھی یہ وسوسہ ڈالتا ہے کہ پیشاب کا قطرہ آ گیا ہے اب پھر استنجاء کرو اور دوبارہ وضو کرو۔

غرض کہ وہ مختلف طریقے سے وسوسہ اور وہم میں مبتلا کر کے پانی خرچ کرنے میں اسراف کراتا ہے، اور اعضاء کو مسنون حد سے زیادہ دھلوانا چاہتا ہے۔

لہٰذا اگر وضو کے دوران پانی کے استعمال میں اس قسم کے وسوسے آئیں توان کی طرف خیال اور دھیان نہ دے، نہ اس سے متاثر ہو اور نہ ان کو نکالنے کی کوشش کرے، بلکہ انہیں اپنی حالت پر رہنے دے، اور وضو ایسی توجہ اور اتنے دھیان سے کرے کہ شیطان وسوسہ ڈال کر پریشان کرنے میں کامیاب نہ ہو، اور سنت کی حد سے تجاوز نہ کرپائے۔[1]

= ☜ المذي ينقض الوضوء و كذا الودي ...... والمذي رقيق يضرب الى البياض يخرج خروجه عند ملاعبة مع أهله بالشهوة.

الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰/۱)، ط:رشيدية

☜ ردالمحتار، كتاب الطهارة ،(۱۶۵/۱) ،ط:سعيد

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة ،(۶۱/۱) ،ط:سعيد

(۱) عن أبي بن كعب عن النّبي صلى الله عليه وسلم قال : إنّ للوضوء شيطانًا يقال له : الولهان فاتقوا وسواس الماء . (جامع الترمذي : أبواب الطهارة بباب كراهية الإسراف في الوضوء،(۱۹/۱)، ط: قديمى) =

وسوسہ کا علاج

بعض لوگ حوض پر یا وضو خانہ پر بیٹھ کر وضو کرتے وقت بار بار دسیوں بار ہاتھ منہ دھوتے رہتے ہیں، یہ شیطانی وسوسہ اور وہم ہے، اور شیطانی وسوسہ اور وہم کے

ﮦ (الولهان) بفتحتين مصدر وله يوله ولهانًا وهو ذهاب العقل والتحير من شدة الوجد وغاية العشق فسمي به شيطان الوضوء، إمّا لشدة حرصه على طلب الوسوسة في الوضوء، وإمّا لإلقائه الناس بالوسوسة في مهواة الحيرة حتى يرى صاحبه حيران ذاهب العقل لايدرى كيف يلعب به الشيطان ولم يعلم هل وصل الماء إلى العضو أم لا ؟ وكم مرة غسله ؟ (فاتقوا وسواس الماء) قال الطيبي : أي وسواسه هل وصل الماء إلى أعضاء الوضوء أم لا ؟ وهل غسل مرة أو مرتين وهل هو طاهر او نجس ؟ أو بلغ قلتين أو لا ؟ قال ابن الملك وتبعه ابن حجر : أي وسواس الولهان وضع الماء موضع ضميره مبالغة في كمال الوسواس في شان الماء أو لشدة ملازمته. (مرقاة المفاتيح : كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، (۱۱۷/۲)، ط: رشيديه)

ﮦ (فاتقوا وسواس الماء) ...... أي وسواسًا يفضي إلى كثرة إراقة الماء حالة الوضوء والاستنجاء. والمراد بالوسواس التردد في طهارة الماء ونجاسة بلاظهور علامات النجاسة، ويحتمل أن يراد بالماء البول، أي وساوس البول المفضية إلى الاستنجاء ...... والحديث يدل على كراهية الإسراف في الماء للوضوء وهو أمر مجمع عليه. (مرعاة المفاتيح : كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، (۱۱۹/۲)، ط: إدارة البحوث الإسلامية)

ﮦ فيض القدير للمناوي : رقم الحديث : ۲۷۸۰، حرف الهمزة، (۵۰۳/۲)، ط: مكتبة التجارية الكبرى.

ﮦ شك في بعض وضوئه أعاد ما شك فيه لو في خلاله ولم يكن الشك عادة له وإلا لا، ولو علم أنه لم يغسل عضوا وشك في تعيينه غسل رجله اليسرى لأنه آخر العلم.

وفي الرد: (قوله: شك في بعض وضوئه) أي شك في ترك عضو من أعضائه (قوله: وإلا لا) أي وإن لم يكن في خلاله بل كان بعد الفراغ منه وإن كان أول ما عرض له الشك أو كان الشك عادة له وإن كان في خلاله فلا يعيد شيئا قطعا للوسوسة عنه كما في التاتارخانية وغيرها. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مراعاة الخلاف إذالم يرتكب مكروه مذهبه، (۱۵۰/۱)، ط: سعيد

ﮦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في مسائل الشك، (۱/ ۱۲۲)، ط: ادارة القرآن

ﮦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۳/۱)، ط: رشيدية.

مطابق عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ (۱)

اس کا علاج یہ ہے کہ اچھی طرح تین دفعہ دھونے کے بعد بھی اگر نفس یا شیطان کہے کہ ابھی بھی کچھ جگہ خشک رہ گئی ہے اور دھو وَ! تو یہ بات نہ مانے اور کہے کہ تین مرتبہ اچھی طرح دھونے سے سنت کے مطابق وضو صحیح ہوگیا ہے اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ تین مرتبہ سے زائد دھونے کی صورت میں گناہ ہوگا، ایسا کرنے سے وسوسہ کی بیماری ختم ہوجائے گی۔ (۲)

وسوسہ کی وجہ سے تین مرتبہ سے زائد دھونا

وضو میں وسوسہ ہوتا ہے، مثلاً اعضاء ابھی تک نہیں دھلے، اور ابھی تک پانی سے تر نہیں ہوئے، اس لئے بعض لوگ تین مرتبہ دھونے کے بعد بھی بار بار دھوتے رہتے ہیں یہ شیطانی وسوسہ ہے، اس وسوسہ پر عمل کرنا شیطانی تقاضے پر عمل کرنا ہے،

(۱) عن أبي بن كعب رضي الله عنه، عن النّبي صلى الله عليه وسلم أنّه قال: إنّ للوضوء شيطانًا يقال له: الولهان فاحذروه أو قال: فاتقوه ......

عن عمران بن حصين رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا وسواس الماء فإنّ للماء وسواسًا و شيطانًا. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱۹۷/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب الغسل من الجنابة، باب النهي عن الإسراف في الوضوء، ط: دار الإشاعت)

⇐ كنز العمال: (۳۲۵/۹) رقم الحديث: ۲۶۲۳۷، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني في الوضوء، الفصل الثالث: في محظورات الوضوء، ط: مؤسّسة الرسالة.

⇐ التلخيص الحبير: (۲۹۹/۱) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) ومكروهه لطم الوجه بالماء ...... والإسراف) ومنه الزيادة على الثلاث (فيه) تحريمًا لو بماء النهر والمملوك له. وأمّا الموقوف على من يتطهر به ومنه ماء المدارس فحرام. (الدر المختار: (۱۳۲/۱) كتاب الطهارة، مطلب في الإسراف في الوضوء، ط: سعيد)

⇐ حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۸۰) كتاب الطهارة، فصل في المكروهات، ط: قديمي.

⇐ وفي الحديث: أنّ شيطانًا يقال له: الولهان لا شغل له إلّا الوسوسة في الوضوء، فلايلتفت إلى ذلك. (المبسوط للسرخسي: (۸۶/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل، ط: دار المعرفة.

شیطانی تقاضے پر عمل کرنا جائز نہیں ہے۔

عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی کے وسوسوں سے بچو، پانی کا بھی وسوسہ ہوتا ہے۔ (۱)

وسوسہ کی وجہ سے تین مرتبہ سے زائد دھوتا ہے

"تین بار سے زیادہ دھونا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۶۱/۱)

وضو اور غسل دونوں سے معذور ہو

جو شخص وضو اور غسل دونوں سے معذور ہو وہ جنابت (ناپاکی) کی حالت میں وضو اور غسل دونوں کی نیت سے ایک تیمم کر لے تو کافی ہو جائے گا۔ (۲)

وضو اور غسل دونوں کے لئے ایک ہی تیمم کیا

اگر وضو اور غسل دونوں کے لئے ایک ہی تیمم کیا، تو جب وضو ٹوٹ جائے گا تو وہ تیمم وضو کے حق میں ٹوٹ جائے گا، البتہ جب تک غسل واجب کرنے والی کوئی چیز نہیں پائی جائے گی، تب تک وہ تیمم غسل کے حق میں باقی رہے گا۔ (۳)

(۱) عن عمران بن حصين رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا وسواس الماء فإن للماء وسواسًا و شيطانًا. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱۹۷/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب الغسل من الجنابة، باب النهي عن الإسراف في الوضوء، ط: دار الإشاعت) التلخيص الحبير: (۲۹۹/۱) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) وصح تيمم جنب بنية الوضوء، به يفتى

وفي الرد: فيصح التيمم عن الجنابة بنية رفع الحدث الأصغر كما في العكس.

(الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۴۸/۱)، ط: سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۱/۱)، ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۶/۱)، ط: رشيدية

(۳) فلو تيمم للجنابة ثم أحدث صار محدثا لا جنبا. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم مطلب في الفرق بين الظن وغلبة الظن، (۲۴۸/۱)، ط: سعيد) =

وضو اور غسل کے تیمم میں فرق

وضو اور غسل کے تیمم میں کوئی فرق نہیں ہے، دونوں کا طریقہ ایک ہی ہے صرف نیت کا فرق ہے۔ (۱)

وضو اور غسل کے تیمم میں فرق نہ ہونے کی وجہ

وضو اور غسل کے تیمم میں فرق نہ ہونے کی حکمت یہ ہے کہ جب بے وضو شخص کے لئے تیمم میں ہاتھ اور منہ پر مسح کرنے کے بعد سر اور پاؤں کا مسح ساقط ہو گیا تو جنبی کے تیمم کے لئے ہاتھ اور منہ پر مسح کرنے کے بعد سارے بدن کا مسح کرنا بدرجۂ اولی ساقط ہو جانا چاہئے کیونکہ سارے بدن کا مسح کرنے میں تکلیف اور حرج ہے، اور یہ تیمم کی رخصت اور آسانی کے منافی ہے۔

مزید یہ کہ سارے بدن پر مٹی ملنے سے اللہ تعالی کی افضل مخلوق انسان کو خاک میں لوٹ پوٹ ہونا پڑے گا جس سے جانوروں کے ساتھ مشابہت ہوتی ہے، لہذا جو کچھ شریعت نے مقرر کیا ہے حسن وخوبی اور عدل میں اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہو سکتی ہے۔ (۲)

= ⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۱/۱)، ط:سعيد

⇦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يطل به التيمم و ما لا يبطله، (۲۵٦/۱)، ط:ادارة القرآن

(۱) و التيمم من الجنابة و الحدث سواء يعني فعلا و نية.

الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، باب التيمم، كيفية التيمم، (٦۹/۱)، ط:قديمى

⇦ الهداية، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۵۰/۱)، ط:شركة علمية

⇦ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۸/۱)، ط:سعيد

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۱/۱)، ط:سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲٦/۱)، ط:رشيدية

(۲) وأما كون تيمم الجنب كتيمم المحدث فلما سقط مسح الرأس و الرجلين بالتراب عن المحدث سقط مسح البدن كله بالتراب عنه بطريق الأولى، إذ في ذلک من المشقة والحرج =

وضو اور غسل کے لئے ایک تیمم

کسی پر غسل بھی فرض ہوا، اور وضو بھی نہیں ہے، تو ایک ہی تیمم دونوں کے لئے کافی ہے، دونوں کے لئے الگ الگ تیمم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (۱)

وضو ایک صورت میں فرض نہیں رہتا

اگر کسی کے ہاتھ کہنیوں کے ساتھ اور پیر ٹخنوں کے ساتھ کٹ گئے ہوں، اور منہ زخمی ہو، اور منہ کا دھونا یا مسح کرنا ممکن نہ ہو تو ایسی حالت میں وضو فرض نہیں رہتا۔ (۲)

= والعسر ماينافض رخصة التيمم ، ويدخل أكرم المخلوقات على الله في شبه البهائم إذا تمرغ في التراب ، فالذي جاءت به الشريعة لامزيد في الحسن والحكمة والعدل عليه ، ولله الحمد .
(إعلام الموقعين عن ربّ العالمين : فصل ليس في شئ على خلاف القياس ، فصل : التيمم جار على وفق القياس ،(۱/ ۳۰۱)، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

☆ وإنما لم يفرق بين بدل الغسل والوضوء -ولم يشرع التمرغ -لأن من حق ما لا يعقل معناه بادى الرأى أن يجعل كالمؤثر بالخاصية دون المقدار ، فإنه هو الذى اطمأنت نفوسهم به فى هذا الباب ، ولأن التمرغ فيه بعض الحرج ، فلا يصلح رافعا للحرج بالكلية. (حجة الله البالغة، القسم الثانى فى بيان أسرار ما جاء عن النبى ﷺ تفصيلا، التيمم، الأرض خصت بالتيمم، (ص:۲۰۶)، ط:قديمى)

☆ المصالح العقلية (ص: ۳۱) باب التيمم، ط: دار الإشاعت.

(۱) و صح تيمم جنب بنية الوضوء ، به يفتى
وفي الرد:لو تيمم الجنب عن الوضوء كفى و جازت صلاته ولا يحتاج أن يتيمم للجنابة و كذا عكسه. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم،مطلب في الفرق بين الظن وغلبة الظن، (۱/ ۲۳۸)، ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۵۱)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/ ۲۶)، ط:رشيدية

(۲) وأما الطهارة ففي الظهيرية وغيرها من قطعت يداه ورجلاه وبوجهه جراحة يصلى بلا وضوء ولا تيمم ولا يعيد
وفي الرد: قوله (وبوجهه جراحة) قيد به لأنه لو كان سليما مسحه على الجدار بقصد التيمم ط وسكت عن الرأس لأن أكثر الأعضاء جريح والوظيفة حينئذ التيمم ولكنه سقط لفقد آلته =

وضو ایک ہاتھ سے کرنا

☆ایک ہاتھ سے بھی وضو کرنا درست ہے، مگر سنت کے خلاف ہے، بلاضرورت ایسا نہیں کرنا چاہئے۔ (۱)

☆مزید ''ایک ہاتھ سے وضو کرنا'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔(۱۱۰/۱)

= وهما اليدان اهـ ح. (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۸۰/۱)، ط:سعيد)

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة،باب التيمم، (۱۳۱/۱)، ط:سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، الباب الأول، الفصل الأول، (۵/۱)، ط:رشيدية

(۱) باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة...... عن ابن عباس رضي الله عنه أنه يتوضأ فغسل وجهه أخذ غرفة من ماء فتمضمض بها واستنشق ثم أخذ غرفة من ماء فجعل بها هكذا أضافها إلى يده الأخرى فغسل بها وجهه ...... ثم قال : هكذا رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ . (الصحيح للبخاري: كتاب الوضوء، باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة ،(۲۶/۱)، ط: قديمي)

⇦ قال ابن عباس رضي الله عنه : أتحبون أن أريكم كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ ؟ فدعا بإناء فيه ماء فاغترف غرفة بيده اليمنى فتمضمض واستنشق ، ثم أخذ أخرى فجمع بيديه ثم غسل وجهه ...... الخ . (جمع الفوائد : كتاب الطهارة ، صفة الوضوء ،(۹۵/۱)، ط: مكتبه ابن كثير)

⇦ وفيه دليل الجمع بين المضمضة والاستنشاق بغرفة واحدة وغسل الوجه باليدين جميعًا إذا كان بغرفة واحدة ، لأنّ اليد الواحدة قد لاتستوعبه . (فتح الباري : كتاب الوضوء ، باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة ،(۲۴۱/۱)، ط: دار المعرفة ، بيروت)

⇦ عمدة القاري : كتاب الوضوء ، باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة ،(۳۰۳/۲)، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.

⇦ ومن الآداب ...... وغسل رجليه بيساره.

وفي الرد: يفرغ الماء بيمينه على رجليه و يغسلهما بيساره.

(ردالمحتار، كتاب الطهارة،(۱۳۰/۱)، ط:سعيد)

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث ،(۸/۱)، ط:رشيدية

⇦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه،(۱۱۲/۱-۱۱۱)، ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

⇦ چہرہ ایک ہاتھ سے دھونا اور سر کا مسح ایک ہاتھ سے کرنا خلاف سنت ہے۔(امداد الاحکام،کتاب الطہارۃ، (۳۳۷/۱)، ط:دارالعلوم کراچی۔=

وضو پر قدرت کے باوجود تیمم کرنا

بعض مریض وضو کرنے پر قدرت ہونے کے باوجود تیمم کر لیتے ہیں، یہ جائز نہیں جب تک وضو کرنا مضر نہ ہو تیمم کرنا جائز نہیں ہے، ایسے تیمم سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔(۱)

وضو پر وضو کرنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں

وضو ہونے کے باوجود تازہ وضو کر کے نماز پڑھنے سے دس نیکیاں زائد ملتی ہیں ابوغطیف کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، ظہر کی اذان ہوئی تو انہوں نے وضو کیا اور نماز پڑھی، پھر عصر کی اذان ہوئی پھر انہوں نے وضو کیا اور نماز پڑھی، تو میں نے پوچھا (کہ بظاہر تو آپ کا وضو تھا پھر آپ نے دوبارہ وضو کیوں کیا؟) تو انہوں نے کہا میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرماتے

☜ سوال: فقط داہنے ہاتھ سے بلا عذر وضو تمام کرے جائز ہے یا مکروہ؟

الجواب: اس کی کراہت کی نہ کوئی روایت نظر سے گزری نہ درایت اس کی موجب معلوم ہوتی ہے بلکہ بعضے اعضاء تو دونوں ہاتھ سے دھل بھی نہیں سکتے، جیسے یدین الی المرفقین اور بعضے اعضاء میں تعسر ہے جیسے رجلین اور روایت بھی اکتفاء کے جواز کی موید ہے۔ فی الدر المختار فی الآداب غسل رجلیه بیساره فی ردالمحتار عن شرح الشیخ اسمعیل قال یفرغ الماء بیمینه علی رجلیه ویغسلهما بیساره.

(امداد الفتاوی، کتاب الطهارة، (۱/ ۶۶-۶۵)، ط: مکتبه دار العلوم)

(۱) ومنها عدم القدرة علی الماء ..... والأصل أنه متی أمکنه استعمال الماء من غیر لحوق الضرر فی نفسه أو ماله وجب استعماله. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۸/۱)، ط: رشیدیة)

(۲) ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۲۳۲)، ط: سعید

(۳) البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۱۳۹)، ط: سعید

(۴) ولا یجوز أداء السجدة بالتیمم مع القدرة علی الماء. (المحیط البرهانی، کتاب الصلاة، الفصل الحادی والعشرون: سجدة التلاوة، ط: إدارة القرآن.

ہوئے سنا کہ جو شخص باوضو ہونے کے باوجود وضو کر کے نماز پڑھے گا اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ [1]

وضو توڑنے والی چیز ناپاک ہوتی ہے

''قاعدہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۸/۲)

وضو توڑنے والی چیزیں

جن چیزوں سے وضو ٹوٹتا ہے ان کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جو انسان کے جسم سے نکلیں، دوسری وہ جو اس کو طاری ہوں، جیسے بے ہوشی اور نیند وغیرہ۔

پہلی قسم کی دو صورتیں ہیں: ایک وہ جو خاص حصہ اور مشترک حصہ سے نکلیں جیسے پیشاب پاخانہ وغیرہ، دوسری وہ جو جسم کے باقی مقامات سے نکلیں جیسے خون، الٹی، پیپ وغیرہ۔ [2]

---

(۱) عن أبي غطيف الهذلي قال: كنت عند عبد الله بن عمر، فلما نودي بالظهر توضأ فصلى، فلما نودي بالعصر توضأ، فقلت له، فقال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من توضأ على طهر كتب الله له عشر حسنات. (سنن أبي داود: (۲۰/۱) كتاب الطهارة، باب الرجل يجدد الوضوء من غير حدث، ط: رحمانيه)

☜ سنن ابن ماجه: (ص: ۳۹) أبواب الطهارة، باب الوضوء على الطهارة، ط: قديمي.

☜ شرح معاني الآثار: (۳٦/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء هل يجب لكل صلوة أم لا؟، ط: حقانيه.

(۲) والمعاني الناقضة للوضوء: كل ما خرج من السبيلين، والدم والقيح والصديد إذا خرج من البدن فتجاوز إلى موضع يلحقه حكم التطهير والقيء إذا كان ملء الفم، والنوم مضطجعاً أو متكأً أو مستنداً إلى شيء لو أزيل لسقط عنه، والغلبة على العقل بالإغماء، والجنون، والقهقهة في كل صلاة ذات ركوع وسجود. (مختصر القدوري، كتاب الطهارة، (ص: ٦)، ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۹/۱)، ط: رشيديه

☜ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب: نواقض الوضوء، (۱۳۴/۱)، ط: سعيد

وضوتوڑنے والی چیزیں برابر جاری ہیں

☆اگر کسی شخص کو کوئی ایسا مرض لاحق ہے جس میں وضوتوڑنے والی چیزیں برابر جاری رہتی ہوں اور اس کو کسی نماز کے وقت اتنی مہلت نہیں ملتی کہ وہ اس مرض سے خالی ہو کر نماز پڑھ سکے تو ایسے آدمی کو ہر نماز کے لئے نیا وضو کرنا ضروری ہے، کیونکہ ایسے آدمی کا وضو مرض کی وجہ سے نہیں ٹوٹتا بلکہ وقت نکل جانے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ (۱)

☆اگر کسی کو ایسا مرض لاحق ہے جس میں وضوتوڑنے والی چیزیں برابر جاری رہتی ہیں، تو اس آدمی کے لئے نماز کے مستحب وقت کے آخر تک انتظار کرنا مستحب ہے، شروع وقت میں وضو نہ کرے، اس خیال سے کہ ہوسکتا ہے آخر وقت تک اس کا

(۱) فمن أصيب بمرض من هذه الأمراض، فإنه يكون معذورا، ولكن لا يثبت عنده في ابتداء المرض إلا إذا استمر نزول حدثه متتابعا وقت صلاة مفروضة...... وأما حكمه: فهو أن يتوضأ لوقت كل صلاة، ويصلي بذلك الوضوء ماشاء من الفرائض والنوافل، فلايجب عليه الوضوء لكل فرض، ومتى خرج وقت المفروضة انتقض وضوءه بالحدث السابق على العذر عند خروج ذلك الوقت. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول ونحوه، (۱/۱۰۶)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ المستحاضة ومن به سلس البول او استطلاق البطن او انفلات الريح او رعاف دائم او جرح لايرقأ يتوضئون لكل صلاة ويصلون بذلك الوضوء في الوقت ما شاء وا من الفرائض والنوافل هكذا في البحر الرائق...... ويبطل الوضوء عند خروج وقت المفروضة بالحدث السابق. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۴۱)، ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۱۷)، ط: سعيد

☆ حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۱۵۵)، ط: رشيدية

☆ فالحاصل أن صاحب العذر ابتداء من استوعب عذره تمام وقت صلاة ولو حكما لأن الانقطاع اليسير ملحق بالعدم. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۱۵)، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۴۱)، ط: رشيدية

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، مطلب في أحكام المعذور، (۱/۳۰۵)، ط: سعيد

مرض دور ہو جائے۔[1]

وضو حیض کی حالت میں کیا

"حیض کی حالت میں وضو کیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۳/۱)

وضوخانہ کا پانی باہر لے جانا

مسجد کے وضوخانہ کا پانی نمازیوں کے وضو کے لئے خاص ہے، اس لئے وضوخانہ کا پانی باہر لے جانا درست نہیں ہے، البتہ اگر محلے والوں نے یا وقف کرنے والوں نے نل یا ٹینکی وغیرہ رفاہ عام کے لئے لگایا ہے اور باہر لے جانے کی اجازت ہے تو جائز ہے۔[2]

وضوخانہ کی نالی مسجد کے صحن میں نکالنا

وضوخانہ کی نالی مسجد کے صحن میں نکالنا درست نہیں ہے، اگر مسجد بناتے وقت

(۱) رجل رعف أو سال عن جرحه الدم ينتظر آخر الوقت فان لم ينقطع توضأ و صلى قبل أن يخرج الوقت، كذا في الذخيرة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۴۱/۱)، ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، احكام المعذور، (۳۰۵/۱)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۱۵/۱)، ط: سعيد.

(۲) وفي التوضي من السقاية إذا اتخذها للشرب اختلاف المشايخ، ولو اتخذها للتوضؤ لا يجوز الشرب منه بالإجماع. (البحر الرائق، كتاب الوقف، (۲۵۵/۵)، ط: سعيد.

☆ وحمل ماء السقاية إلى أهله إن كان مأذونا يجوز وإلا فلا. (الفتاوى البزازية على هامش الهندية، كتاب الكراهية، التاسع في المتفرقات، (۳۷۲/۶)، ط: رشيديه.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية، الباب الحادي عشر في الكراهية في الأكل وما يتصل به، (۳۴۱/۵)، ط: رشيديه.

☆ الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، (۴۲۷/۶)، ط: سعيد.

☆ قولهم: شرط الواقف كنص الشارع: أي في المفهوم والدلالة، ووجوب العمل به. (الدر المختار، كتاب الوقف، (۴۳۳/۴، ۴۳۴)، ط: سعيد.

وضوخانہ کی نالی صحن کے نیچے سے بنائی گئی ہے تو جائز ہے، لیکن مناسب پھر بھی نہیں ہے۔(۱)

وضو سردی میں کرنے کا ثواب

”سردی میں وضو کا ثواب“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۴۰۴)

وضو سے سستی دور ہوجاتی ہے

”نفس پر بڑا اثر ہوتا ہے“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۲۸۲)

---

(۱) وإذا أراد الإنسان أن يتخذ تحت المسجد حوانيت غلة لحرمة المسجد أو فوقه ليس له ذلک كذا في الذخيرة. (الفتاوی الهندية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد وما يتعلق به، (۲/ ۳۵۵)، ط: سعيد.

☆ لو بنى فوقه بيتا للإمام لايضر لأنه من المصالح، أما لوتمت المسجدية ثم أراد البناء منع، ولو قال عنيت ذلک لم يصدق تتارخانية، فإذا كان هذا فی الواقف فكيف بغيره فيجب هدمه ولو على جدار المسجد، ولايجوز أخذ الأجرة منه ولا أن يجعل شيئا منه مستغلا ولاسكنی بزازية. (قوله: ولا أن يجعل...... إلخ) ......قلت: وبهذا علم أيضاً حرمة إحداث الخلوات فی المساجد كالتی فی رواق المسجد الأموی، ولاسيما مايترتب على ذلک من تقذير المسجد بسبب الطبخ والغسل ونحوه ورأيت تاليفاً مستقلاً في المنع من ذلک. (الدر مع الرد، كتاب الوقف، مطلب في احكام المسجد، (۴/ ۳۸۵)، ط: سعيد)

☆ ويحرم فيه السوال ويكره الإعطاء...... والوضوء فيما أعد للك.

(قوله: والوضوء)؛ لأن ماءه مستقذر طبعاً، فيجب تنزيه المسجد عنه، كما يجب تنزيهه عن المخاط والبلغم بدائع. (الدر مع الرد، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها، (۱/ ۶۵۹، ۶۶۰)، ط: سعيد)

☆ ويكره الوضوء في المسجد الا أن يكون فی موضع اتخذ لذلک، ولايصلی فيه وفی القدوری: كره ابوحنيفة وابو يوسف الوضوء فی المسجد، وقال محمد: لابأس به اذا لم يكن عليه قذر. (المحيط البرهانی، (۵/ ۳۰۰)، كتاب الإستحسان والكراهية، الفصل الثانی والثلاثون في المتفرقات)

وضو سے شیطان بھاگتا ہے

''شیطان بھاگتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۵۸/۲)

وضو سے گناہ جھڑ جاتے ہیں

حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت میں ہے کہ وضو سے گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں کہ جیسے درخت کے پتے (بعض موسم میں) جھڑ جاتے ہیں۔[1]

وضو سے گناہ معاف

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو وضو کرے اور (سنن وآداب کی رعایت کرتے ہوئے) اچھی طرح وضو کرے تو اس کے جسم سے گناہ نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کے ناخنوں کے نیچے سے (بھی نکل جاتے ہیں)۔[2]

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو

---

(۱) إذا توضأ العبد تحاط عنه ذنوبه كما تحاط ورق هذه الشجرة . هب سلمان . (كنز العمال : (۲۸۳/۹) رقم الحديث : ۲٦۰۳۰، حرف الطاء ، كتاب الطهارة من قسم الأقوال ، الباب الثاني في فضائل الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة .

☜ شعب الايمان للبيهقي : (۲۵٦/۳) رقم الحديث : ۲۳۸۲، الطهارات ، ط: مكتبة الرشد .

☜ تحفة الأحوذي : (۳۰/۱) أبواب الطهارة ، باب ماجاء في فضل الطهور ، ط: دار الكتب العلمية .

(۲) عن عثمان بن عفان رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من توضأ فأحسن الوضوء ، خرجت خطاياه من جسده حتى تخرج من تحت أظفاره . (صحيح مسلم : (۱۲۵/۱) كتاب الطهارة ، باب خروج الخطايا مع ماء الوضوء ، ط: قديمي)

☜ مشكاة المصابيح : (ص : ۳۸) كتاب الطهارة ، الفصل الأوّل ، ط: قديمي .

☜ مسند أحمد : (۵۱٦/۱) رقم الحديث : ۴۷٦ ، مسند عثمان بن عفان رضي الله عنه ، ط: مؤسسة الرسالة .

فرمایا: پھر فرمایا جو میری طرح وضو کرے گا اس کے پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔[1]

وضو صحیح ہونے کی شرطیں

وضو صحیح ہونے کی شرطیں یہ ہیں:

① تمام اعضاء پر پانی کا پہونچ جانا، اگر کوئی جگہ بال برابر بھی خشک رہ جائے گی تو وضو نہیں ہوگا۔

② جسم پر ایسی چیز کا نہ ہونا جس کی وجہ سے جسم پر پانی نہ پہونچ سکے۔ مثلاً وضو کے اعضاء پر چربی یا خشک موم لگا ہوا ہو، یا انگلی میں تنگ انگوٹھی ہو، تو وضو نہیں ہوگا۔

③ جن حالتوں میں وضو جاتا رہتا ہے، اور جو چیزیں وضو کو توڑ دیتی ہیں وضو کی حالت میں ان چیزوں کا نہ ہونا، بشرطیکہ وہ آدمی معذور نہ ہو، معذور کا وضو ان حالتوں کے ساتھ بھی صحیح ہو جاتا ہے۔

جیسے کسی کو پیشاب کا مرض ہو، اور ہر وقت پیشاب کا قطرہ آتا رہتا ہے اور وضو کے بعد اکیلے میں فرض پڑھنے کا وقت نہیں ملتا ہے اور قطرہ آجاتا ہے، تو اس کا وضو اسی حالت میں درست ہے، حیض یا نفاس والی عورت وضو کرے تو وضو درست نہیں، جنبی وضو کرے تو وضو نہیں ہوگا، پیشاب اور پاخانہ کرتے وقت وضو کرے تو وضو نہیں ہوگا۔[2]

[1] عن حمران مولیٰ عثمان بن عفان قال: رأيت عثمان بن عفان قاعدا في المقاعد فدعا بوضوء فتوضأ، ثم قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في مقعدي هذا توضأ مثل وضوئي هذا، ثم قال: من توضأ مثل وضوئي هذا غفر له ما تقدم من ذنبه. (سنن ابن ماجه: (ص: ٢٥) أبواب الطهارة، باب ثواب الطهور، ط: قديمي)

☆ صحيح ابن حبان: (٢/٧٥) رقم الحديث: ٣٦٠، كتاب البر والإحسان، ذكر الزجر عن الاغترار بالفضائل التي رويت للمرء على الطاعات، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ كنز العمال: (٩/٣٢٣) رقم الحديث: ٢٦٧٩٦، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأفعال، باب الوضوء، فضله، ط: مؤسسة الرسالة.

[2] فأما شروط صحة الوضوء فقط فمنها أن يكون الماء طهورا وقد تقدم بيان الطهور في =

وضو غسل کے بعد کرنا

"غسل کے بعد وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۵/۲)

وضو غسل کے دوران ٹوٹ جاتا ہے

"غسل کے دوران وضو ٹوٹ جائے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۶/۲)

وضو قبر پر کرنا

"قبر پر وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۳/۲)

وضو کا باقی ماندہ پانی

وضو کا باقی ماندہ پانی کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے والد حضرت علی رضی

= "مباحث المياه "ويكفي أن يكون طهورا في ظن المتوضئ منه ومنها أن يكون المتوضئ مميزا فلا يصح وضوء صبي غير مميز وهذه صورة فرضية قد يحتاج إليها من يقول :إن الصبي يمنع من مس المصحف إذا لم يكن متوضئا ومنها أن لا يوجد حائل يمنع وصول الماء إلى العضو الذي يراد غسله فإذا كان على اليد أو الوجه أو الرجل أو الراس شيء يمنع وصول الماء إلى ظاهر الجلد فإن الوضوء لا يصح .مثلا إذا كان على العين عماص لا ينفذ منه الماء إلى الجلد .فإن الوضوء لا يصح وكذا إذا كان على الوجه أو اليد قطعة دهن جامدة أو قطعة شمع أو عجين أو نحو ذلك .فإن الوضوء لا يصح ومنها أن لا يوجد من المتوضئ ما ينافي الوضوء مثل أن يصدر منه ناقض للوضوء في أثناء الوضوء .فلو غسل وجهه ويديه مثلا ثم أحدث فإنه يجب عليه أن يبدأ الوضوء من أوله إلا إذا كان من أصحاب الأعذار الآتي بيانها فإذا كان مصابا بسلس البول ونزلت منه قطرة أو قطرات أثناء الوضوء فإنه لا يجب عليه استئناف الوضوء كما ستعرفه في مبحثه ..... ومنها نقاء المرأة من دم الحيض والنفاس فلايجب الوضوء على حائض ولانفساء ولايصح منهما بحيث إذا توضأت وهي حائض ثم ارتفع حيضها فإن وضوء ها لايعتبر لعدم صحته.(كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني (۳۹/۱) ط: داراحياء التراث)

ـ ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في اعتبارات المركب التام، (۸۸/۱)، ط:سعيد

ـ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۹/۱)، ط:سعيد.

اللہ عنہ نے وضو کیا اور وضو کا باقی ماندہ پانی کھڑے ہو کر پیا، میں نے تعجب کیا، مجھے دیکھا اور کہا تعجب مت کرو، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا جو میں نے کیا۔[1]

---

(۱) أخبرنا إبراهيم بن الحسن المقسمي قال : أنبأنا حجاج قال : قال ابن جريج : حدثني شيبة أن محمد بن علي أخبره قال: أخبرني أبي علي، أنّ الحسين بن علي قال : دعاني أبي عليّ بوضوء فقربته له، فبدأ فغسل كفيه ثلاث مرات قبل أن يدخلهما في وضوئه، ثم مضمض ثلاثا واستنثر ثلاثا، ثم غسل وجهه ثلاث مرات، ثم غسل يده اليمنى إلى المرفق ثلاثا ثم اليسرى كذلك، ثم مسح برأسه مسحة واحدة، ثم غسل رجله اليمنى إلى الكعبين ثلاثا، ثم اليسرى كذلك، ثم قام قائمًا، فقال : ناولني فناولته الإناء الّذي فيه فضل وضوئه فشرب من فضل وضوئه قائمًا، فعجبت فلما رآني قال : لاتعجب، فإنّي رأيت أباك النّبي صلى الله عليه وسلم يصنع مثل ما رأيتني صنعت يقول لوضوئه هذا و شرب فضل وضوئه قائمًا. (سنن النسائي : (۲۸/۱) كتاب الطهارة، باب صفة الوضوء، ط: قديمي)

☆ شرح معاني الآثار: (۳۳۰/۲) كتاب الكراهية، باب صفة الوضوء، ط: رحمانيه.

☆ إعلاء السنن : (۱۳۱/۱) كتاب الطهارة، باب استحباب شرب الماء الّذي فضل عن الوضوء قائمًا، ط: إدارة القرآن.

☆ مصنف عبد الرزاق : (۴۰/۱) رقم الحديث : ۱۲۳، كتاب الطهارة، باب الوضوء من غسله، ط: إدارة القرآن.

☆ مصنف ابن أبي شيبة : (۱٦/۱) رقم الحديث : ۵۳، كتاب الطهارات، في الوضوء كم هو مرة، ط : مكتبة الرشد، الرياض.

☆ السنن الكبرى للبيهقي : (۷۵/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه، باب قراءة من قرأ وأرجلكم نصبًا وخفضًا، ط: دار الإشاعت.

☆ مسند أحمد : (۳۱۱/۲) رقم الحديث : ۱۰۵۰، مسند الخلفاء الراشدين، مسند علي بن أبي طالب رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ جامع الترمذي: (۱۷/۱) أبواب الطهارة، باب في وضوء النبي صلى الله عليه وسلم، ط: سعيد.

☆ سنن أبي داود : (۲۷/۱) كتاب الطهارة، باب صفة وضوء النّبي صلى الله عليه وسلم، ط: رحمانيه.

☆ شامي : (۱۳۰/۱) كتاب الطهارة، مطلب في الغرة والتحجيل، ط: سعيد.

☆ السعاية : (۱۸٦/۱) كتاب الطهارة، استحباب مسح الرقبة، ط: سعيد. =

وضو کا بچا ہوا پانی

وضو کے بچے ہوئے پانی سے استنجاء کرنا جائز ہے لیکن نہ کرنا بہتر ہے۔ (۱)

وضو کا بچا ہوا پانی پینے کا راز

☆ وضو کا بچا ہوا پانی پینے میں راز یہ ہے کہ جس طرح انسان جسم کے ظاہری اعضاء پر پانی ڈال کر ظاہری اعضاء کے گناہوں سے توبہ کرنے والا اور مغفرت کا طالب ہوتا ہے، ایسے ہی وضو کرنے والے کی طرف سے وضو کا بقیہ پانی پینے سے یہ اشارہ ہوتا ہے کہ اے میرے اللہ! جس طرح تو نے میرے ظاہر کو پاک کیا اسی طرح

= ⇐ صحيح ابن خزيمة : (۱/۱۰۱) رقم الحديث : ۲۰۲ ، كتاب الوضوء ، باب ذكر الدليل على انّ مسح النّبي صلى الله عليه وسلم على القدمين كان وهو طاهر لامحدث ، ط: المكتب الإسلامي، بيروت)

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه:قال: كان النبي ﷺ إذا أتى الخلاء أتيته بماء في تور أو ركوة فاستنجى ثم مسح يده على الأرض ثم أتيته بإناء آخر فتوضأ.(سنن أبي داود، كتاب الطهارة،باب الرجل يدلك يده بالأرض إذااستنجى،(۱/۱۸)، ط:رحمانيه.

⇐ (ثم أتيته بإناء آخر):ليتوضأ به (فتوضأ) بالماء . ليس المعنى أنه لا يجوز التوضؤ بالماء الباقي من الاستنجاء أو بالإناء الذي استنجى به . وإنما أتى بإناء آخر لأنه لم يبق من الأول شيء أو بقي قليل . والإتيان بالإناء الآخر اتفاقي كان فيه الماء فأتي به . وقال بعض العلماء : قد يؤخذ من هذا الحديث أنه يندب أن يكون إناء الاستنجاء غير إناء الوضوء .(عون المعبود،كتاب الطهارة،باب الرجل يدلك يده بالأرض إذااستنجى، (۱/٦٨)،ط:المكتبة السلفية بالمدينة المنورة.

⇐ مرعاة المفاتيح، كتاب الطهارة،باب الخلاء، الفصل الثاني،(۱/٦٦)،ط:ادارة البحوث الإسلامية.

⇐ ويستفاد من هذا الحديث فائدتان ... والثانية:أن يكون إناء الوضوء غير إناء الاستنجاء وهذا أيضاً مستحب فمن توضأ من الإناء الذي استنجى فيه جاز .(شرح أبي داود للعيني، كتاب الطهارة،باب الرجل يدلك يده بالأرض اذااستنجى ،(۱/۱۳۵، ۱۳٦)،ط:مكتبة الرشد.

⇐ بہشتی زیور، استنجے کا بیان، حصہ دوم، (ص:۱۲۸)، ط: میر محمد کتب خانہ۔

میرے باطن کو پاک اور صاف کردے۔ [1]

☆ وضو کے پانی میں ایک خاص طرح کی برکت اور نیک تاثیر پیدا ہوجاتی ہے، اس لئے وضو کا بچا ہوا پانی اگر پیاس ہو تو پی لینا چاہئے، اور یہ پانی کھڑے ہو کر پینا بھی جائز ہے۔ [2]

وضو کا بقیہ پانی

وضو کے بقیہ پانی سے استنجاء اور استنجے کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا درست ہے۔ [3]

---

(۱) (المصالح العقلیہ، باب الوضوء، (ص: ۲۳)، ط: دار الاشاعت.

(۲) وعن ابی حیة قال رأیت علیا توضأ فغسل کفیه حتی انقاهما ثم مضمض ثلاثا واستنشق ثلاثا وغسل وجهه ثلاثا وذراعیه ثلاثا ومسح برأسه مرة ثم غسل قدمیه إلی الکعبین ثم قام فأخذ فضل طهوره فشربه وهو قائم ثم قال احببت أن اریکم کیف کان طهور رسول الله صلی الله علیه وسلم .رواه الترمذی والنسائی(مشکاة المصابیح، ص: ۴۶، کتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثانی،ط: قدیمی)

☆ قال ابن الملک: أما شرب فضله فلأنه ماء أدی به عبادة وهی الوضوء فیکون فیه برکة فیحسن شربه قائما تعلیما للأمة أن الشرب قائما جائز فیه.(مرقاة المفاتیح، کتاب الطهارة،باب سنن الوضوء، الفصل الثانی،(۲/۱۱۰)،ط: رشیدیه.

☆ وأن یشرب بعده من فضل وضوئه) کماء زمزم (مستقبل القبلة قائما) أو قاعدا وفیما عداهما یکره قائما تنزیها وعن ابن عمر کنا نأکل علی عهد النبی صلی الله علیه وسلم ونحن نمشی ونشرب ونحن قیام ورخص للمسافر شربه ماشیا

وفی الرد :وفی السراج ولا یستحب الشرب قائما إلا فی هذین الموضعین فاستفید ضعف ما مشی علیه الشارح کما نبه علیه ح وغیره . (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، (۱/۱۲۹)، ط:سعید)

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط:سعید

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۸)، ط:رشیدیة

(۳) بہشتی زیور، استنجے کا بیان، (ص: ۱۲۹-۱۲۸) دوسرا حصہ، ط: دار الاشاعت

☆ فتاوی دار العلوم دیوبند، کتاب الطهارة، الباب الثالث، فصل اول، (۱/۱۳۸ و ۱۴۰)، ط:دار الاشاعت =

وضو کا بھی شیطان ہوتا ہے

وضو میں شریعت کے خلاف کام کرانے کے لئے جو شیطان مقرر ہے، اس کا نام ولہان ہے اس کا کام یہ ہے کہ وہ تین مرتبہ اچھی طرح دھونے کے بعد بھی وسوسہ ڈالتا ہے، کہ ابھی تک پاک نہیں ہوا، اچھی طرح پانی نہیں پہنچا وغیرہ، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وضو کرنے والا بار بار دھوتا رہتا ہے، تو یاد رہے کہ یہ شیطانی وسوسہ ہے اس سے بچنا چاہیے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ وضو کا بھی شیطان ہوتا ہے جسے ولہان کہا جاتا ہے، اس سے بچو، اس سے بچو۔ (۱)

وضو کا پانی

لوگوں کے وضو کے لئے جو پانی رکھا ہوا اس کو پینا درست ہے۔ (۲)

= ویتنزل علیکم من السماء ماء لیطهر کم به، دل بعبارته علی کون ماء المطر مطهرا و بدلالته علی کون سائر المیاه المطلقة مثله مطهرة مالم یعرض لها عارض یزیل ذلک الحکم عنها.
الحلبی الکبیر بالشرط الاول الطهارة من الحدث، فصل فی بیان احکام المیاه، (ص: ۷۷)، ط: مکتبه نعمانیه

⇐ وانظر أیضا تحت العنوان: "وضو کا بچا ہوا پانی"۔

(۱) عن ابي بن كعب رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: إنّ للوضوء شيطانًا يقال له: الولهان فاحذروه او قال: فاتقوه. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱/۱۹۷) كتاب الطهارة، جماع أبواب الغسل من الجنابة، باب النهي عن الإسراف في الوضوء، ط: دار الإشاعت)

⇐ سنن ابن ماجه: (ص: ۳۴) أبواب الطهارة، باب ماجاء في القصد في الوضوء و كراهية التعدي فيه، ط: قديمي.

⇐ مشكاة المصابيح: (ص: ۴۷) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، ط: قديمي.

⇐ فاتقوا أي احذروا (وسواس الماء) قال الطيبي أي وسواسه، هل وصل الماء إلى أعضاء الوضوء أم لا؟ وهل غسل مرة أو مرتين؟ (مرقاة المفاتيح: (۲/۱۷۴) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، ط: دار الفكر)

(۲) فذكر أن ما سبل للوضوء يجوز الشرب منه وكان الفرق ان الشرب اهم لانه لاحياء النفوس=

وضو کا تیمم کب ٹوٹتا ہے؟

"تیمم جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۲۹/۱)

وضو کا خلیفہ تیمم ہونے کی وجہ

"تیمم کو وضو اور غسل کا خلیفہ ٹھہرانے کی وجہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔

وضو کا طریقہ

☆اگر وضو کرنے کے لئے وضو خانہ بنا ہوا ہے تو اس پر بیٹھ کر اور اگر وضو خانہ بنا ہوا نہیں ہے تو برتن یا لوٹے میں پانی لے کر اونچے مقام پر قبلہ رو ہو کر بیٹھے (۱) اور دل میں یہ ارادہ کرے کہ میں یہ وضو خالص اللہ تعالیٰ کی خوشی اور ثواب کے لئے کرتا ہوں، صرف بدن صاف کرنا، اور منہ ہاتھ دھونا مقصود نہیں۔ (۲)

= بخلاف الوضوء لان له بدلا فيأذن صاحبه بالشرب منه عادة لانه انفع. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ،(۲۵۳/۱)، ط:سعيد)

○ حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الطهارة، باب التيمم،(۱۳۳/۱)، ط:رشيدية

○ بہشتی زیور، کتاب الطہارة، پانی کے استعمال کے احکام، گیارھواں حصہ ،(۸۵۹/۱)، ط:دارالاشاعت

(۱)(والجلوس فى مكان مرتفع) تحرزا عن الماء المستعمل وعبارة الكمال:وحفظ ثيابه من المتقاطر وهى اشمل. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، آداب الوضوء،(۱۲۷/۱)، ط:سعيد)

○ (ومن الآداب ان يجلس المتوضى مستقبل القبلة عند غسل سائر الأعضاء......وان يكون جلوسه على مكان مرتفع.(حلبى كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۱)، ط:سهيل اكيڈمى.

○ حاشية الطحطاوى على المراقى، كتاب الطهارة، فصل فى آداب الوضوء أربعة عشر شيئا، (ص:۷۵)، ط:قديمى.

○ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث ،(۹/۱)، ط:رشيدية

(۲)(البداية بالنية) اى نية عبادة لا تصح إلا بالطهارة كوضوء او رفع حدث او امتثال امر اصرحوا بانها بدونها ليس بعبادة ويأثم بتركها. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب الفرق بين النية والقصد والعزم، (۱۰۵/۱-۱۰۷)، ط:سعيد) =

☆ پھر "بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْإِسْلَام" پڑھ کر داہنے چلّو میں پانی لے اور دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک مل کر دھوئے، اسی طرح تین بار کرے۔ (۱)

☆ پھر داہنے ہاتھ کے چلو میں پانی لے کر کلی کرے، اور مسواک کو داہنے ہاتھ میں اس طرح پکڑے کہ چھوٹی انگلی مسواک کے سرے پر اور انگوٹھا دوسرے سرے کے قریب رکھے، اور باقی انگلیاں مسواک کے اوپر ہوں، اور اوپر کے دانتوں کو لمبائی میں داہنی طرف سے ملتا ہوا بائیں طرف لائے، پھر اسی طرح نیچے کے دانتوں کو لمبائی میں داہنی طرف سے مسواک سے ملتا ہوا بائیں طرف لائے، پھر مسواک کو منھ سے نکال کر نچوڑ ڈالے اور دھو کر پھر اسی طرح ملے، اسی طرح تین بار ملے، اور اس کے بعد دو دفعہ اور کلی کرے، تاکہ تین کلیاں پوری ہو جائیں، تین سے زیادہ بھی نہ ہوں، کلی اس طرح کرے کہ پانی حلق تک پہونچ جائے یعنی غرغرہ

= ⇐ فآداب الوضوء (الجلوس في مكان مرتفع ...... والنية) اى استصحابها كما في الفتح ولذا عبر بقوله باستصحابها إلى أن المنوى واحد، وهو امتثال الأمر مثلا. (حاشية الطحطاوى على المراقي، كتاب الطهارة، فصل في آداب الوضوء أربعة عشر شيئا، (ص: ٧٦)، ط: قديمى).

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (١/ ٢٣٣)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (١/ ٨)، ط: رشيدية

(١) (وَسُنَنُهُ)...... (الْبُدَاءَةُ بِالنِّيَّةِ) ...... (وَ) الْبُدَاءَةُ (بِالتَّسْمِيَةِ) اى بأن يقول قبل الوضوء بسم الله العظيم، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْإِسْلَام ...... (وَ) الْبُدَاءَةُ (بِغَسْلِ الْيَدَيْنِ إلَى الرُّسْغَيْنِ). (درر الحكام شرح غرر الأفكار، كتاب الطهارة، (١/ ١٠)، ط: دار الكتب العلمية.

⇐ قوله (وسنته) ...... قوله (غسل يديه إلى رسغيه ابتداء) يعني غسل اليدين ثلاثا إلى رسغيه في ابتداء الوضوء سنة والرسغ منتهى الكف عند المفصل (كالتسمية) ...... ولفظها ...... بسم الله العظيم والحمد لله على دين الاسلام.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/ ١٦-١٧)، ط: سعيد

⇐ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (١/ ١١٠-١١١)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (١/ ٦)، ط: رشيدية

کرے، اگر روزہ دار نہ ہو۔ [1]

☆ کلی کرتے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھا جائے: "اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ، وَذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ"۔

☆ ناک میں پانی لیتے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھا جائے: "اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَاتُرِحْنِیْ رَائِحَةَ النَّارِ"۔ [2]

---

(۱) (وغسل الفم) أى استيعابه ولذا عبر بالغسل أو للاختصار (بمياه) ثلاثة (والأنف) ببلوغ الماء المارن (بمياه) وهما سنتان مؤكدتان مشتملتان على سنن خمس الترتيب والتثليث وتجديد الماء وفعلهما باليمنى (والمبالغة فيهما) بالغرغرة ومجاوزة المارن (لغير الصائم) لاحتمال الفساد. (الدر المختار، كتاب الطهارة، مطلب فى منافع السواك، (۱/۱۱۵-۱۱۶)، ط:سعيد)

د البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۱)، ط:سعيد

د الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۶)، ط:رشيدية

(والسواك) سنة مؤكدة كما فى الجوهرة عند المضمضة وقيل قبلها وهو للوضوء عندنا إلا بأنه ..... والله ثلاث فى الأعالى وثلاث فى الأسافل (بمياه) ثلاثة

(و) ندب إمساكه (بيمناه) وكونه لينا مستويا بلا عقد فى غلظ الخنصر وطول شبر ويستاك عرضا لا طولا ..... ولا يقبضه بل ينصبه وإلا فخطر الجنون قهستانى ..... وعند فقده أو فقد أسنانه تقوم الخرقة الخشنة أو الأصبع مقامه كما يقوم العلك مقامه للمرأة مع القدرة عليه.

وفي الرد: قوله (وندب إمساكه بيمناه) ..... وفى البحر والنهر والسنة فى كيفية أخذه أن يجعل الخنصر أسفله والإبهام أسفل رأسه وباقى الأصابع فوقه كما رواه ابن مسعود. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في دلالة المفهوم، (۱/۱۱۳-۱۱۵)، ط:سعيد

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۰)، ط:سعيد

ﷺ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط:رشيدية

(۲) (و) من الآداب (أن يتشهد) أى يأتى بالشهادتين (عند غسل كل عضو) قال فى فتاوى الزاهدى: يسمى عند كل عضو ويقول: اشهد ان لا إله إلا الله واشهد أن محمدا عبده ورسوله (وأن يدعو) عند غسل كل عضو (بما جاء فى الآثار عن) السلف الصالحين فيقول بعد التسمية ..... اللهم اعنى على ذكرك وشكرك وتلاوة كتابك ..... وعند الاستنشاق ..... =

پھر داہنے ہاتھ کے چلو میں پانی لے کر ناک میں اس طرح کہ نتھنوں کی جڑ تک پانی پہونچ جائے بشرطیکہ روزہ دار نہ ہو، اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرے، اس طرح تین بار کرے اور ہر بار نیا پانی ہو۔[1]

☆ پھر دونوں ہاتھوں کے چلو میں پانی لے کر تمام منہ کو مل کر دھوئے، اس طرح کہ کوئی جگہ بال برابر بھی خشک نہ رہے۔[2]

پھر اگر احرام میں نہ ہو تو ڈاڑھی کا خلال بھی کرے اس طرح کہ داہنے ہاتھ کے چلو میں پانی لے کر ڈاڑھی کی جڑ تک تر کرے اور ہاتھ کی پشت گردن کی طرف

= اللهم أرحني رائحة الجنة وارزقني من نعيمها ولا ترحني رائحة النار. (حلبي كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۱، ۳۲)، ط: سهيل اكيڈمي.

⇐ فيقول بعد التسمية عند المضمضة اللهم أعني على تلاوة القرآن وذكرك وشكرك وحسن عبادتك وعند الاستنشاق اللهم أرحني رائحة الجنة ولا ترحني رائحة النار.

(ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۲۷/۱)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۹/۱)، ط: رشيدية

(۱) (و) من الآداب (أن يمضمض...... ويستنشق) أى يصعد الماء في أنفه (بيده اليمنى) لأنها من جملة الطهور (ويمتخط ويستنثر بيده اليسرى). (حلبي كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۲)، ط: سهيل اكيڈمي)

(وغسل الفم) أى استيعابه ولذا عبر بالغسل أو للاختصار (بمياه) ثلاثة (والأنف) ببلوغ الماء المارن (بمياه) وهما سنتان مؤكدتان مشتملتان على سنن خمس الترتيب والتثليث وتجديد الماء وفعلهما باليمنى (والمبالغة فيهما) بالغرغرة ومجاوزة المارن (لغير الصائم) لاحتمال الفساد. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱۱۵/۱-۱۱۶)، ط: سعيد)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۱/۱)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني (۶/۱) ط: رشيدية

(۲) (غسل الوجه مرة وهو من مبدأ سطح جبهته الى أسفل ذقنه طولا وما بين شحمتي الأذنين عرضا فيجب غسل المياقي ومابين العذار والأذن) لدخوله في الحد. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في اعتبارات المركب التام، (۹۶/۱-۹۷)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۳/۱-۴)، ط: رشيدية

⇐ حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۱۵)، ط: سهيل اكيڈمي

کر کے انگلیاں بالوں میں ڈال کر نیچے سے اوپر کی جانب لے جائے، اسی طرح دو مرتبہ اور منہ دھوئے اور ڈاڑھی کا خلال کرے تاکہ پورا منہ تین مرتبہ دُھل جائے اور تین بار ڈاڑھی کا خلال ہو جائے اور منہ دھوتے وقت "بسم اللّٰہ" اور کلمہ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھتا جائے: "اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ". (۱)

☆ پھر داہنے چلو میں پانی لے کر دائیں ہاتھ کی کہنی تک بہادے، اور مل کر دھوئے کہ ایک بال برابر جگہ بھی خشک نہ رہ جائے، اگر انگلی میں انگوٹھی ہے تو اس کو حرکت دیدے اگرچہ انگوٹھی ڈھیلی ہو۔

اسی طرح عورت اپنے چھلوں، کنگن، چوڑی وغیرہ کو حرکت دے، اسی طرح

---

(۱) (وتخليل اللحية) لغير المحرم بعد التثليث ويجعل ظهر كفه إلى عنقه قوله (لغير المحرم) أما المحرم فمكروه، نهر. قوله (بعد التثليث) أى تثليث غسل الوجه، إمداد. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب فى منافع السواک، (۱/۱۱۷)، ط: سعيد)

☆ (قوله: ويجعل ظهر كفه) فى المنح: وكيفيته على وجه السنة أن يدخل أصابع اليد فى فروجها التى بين شعراتها من أسفل إلى فوق بحيث يكون كف اليد الخارج وظهرها إلى المتوضئ اهـ. (حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/۷۱)، ط: المكتبة العربية.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۲۲) ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط: رشيدية

(و) من الآداب (أن يتشهد) أن يأتى بالشهادتين (عند غسل كل عضو ...... وأن يدعو) عند غسل كل عضو (بما جاء من الآثار عن) السلف الصالحين فيقول .... عند غسل الوجه: اللهم بيض وجهى يوم تبيض وجوه وتسود وجوه. (حلبى كبير، آداب الوضوء، ص: ۳۱، ۳۲)، ط: سهيل اكيدمى)

☆ وعند غسل الوجه اللهم بيض وجهى يوم تبيض وجوه وتسود وجوه رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۲۷)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۹)، ط: رشيدية

دومرتبہ دا ہنی ہاتھ کواور دھوئے پھر اسی طرح بائیں ہاتھ کو کہنی تک تین بار دھوئے۔ (۱)

اور داہنا ہاتھ دھوتے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھتا جائے: "اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِيَمِيْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا يَّسِيْرًا".

اور بایاں ہاتھ دھوتے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھے: "اَللّٰهُمَّ لَاتُعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَامِنْ وَرَاءِ ظَهْرِیْ". (۲)

☆ پھر دونوں ہاتھوں کو پانی میں تر کر کے پورے سر کا مسح اس طرح کرے کہ

---

(۱) (فرض الوضوء......غسل الوجه مرة) ......(وَالْيَدَيْنِ ......فَرَادَى) وَكَيْفِيَّتُهُ عَلَى مَا فِي الْكَافِي وَغَيْرِهِ: أَنْ يأخذ الماء بشماله ويصب على يمينه ثلاثا ثم يأخذ بيمينه ويصب على اليسرى كذلك .(مرة بالمرفقين)وهو ملتقى عظم العضد،والذراع.(درر الحكام شرح غرر الأفكار، كتاب الطهارة،(۱/۶،۹)ط:دار إحياء الكتب العربية.

☆ (وَالثَّانِي:غَسْلُ الْيَدَيْنِ) وَالْمِرْفَقَانِ يَدْخُلَانِ فِي الْغَسْلِ عِنْدَ عُلَمَائِنَا الثَّلَاثَةِ ...... وَفِي مَجْمُوعِ النَّوَازِلِ تَحْرِيكُ الْخَاتَمِ سُنَّةٌ إنْ كَانَ وَاسِعًا وَفَرْضٌ إنْ كَانَ ضَيِّقًا بِحَيْثُ لَمْ يَصِلْ الْمَاءُ تَحْتَهُ. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، الفصل الأول في فرائض الوضوء، (۱/۳)، ط:رشيديه.

☆ ومن آدابه......... وتحريك خاتمه الواسع،ومثله القرط،وكذا الضيق إن علم وصول الماء وإلا فرض.(الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب الفرض أفضل من النفل إلا في مسائل،(۱/۱۲۶)،ط:سعيد.

☆ وَمِنْهَا (أي من سنن الوضوء) تَكْرَارُ الْغَسْلِ ثَلَاثًا فِيمَا يُفْرَضُ غَسْلُهُ نَحْوَ الْيَدَيْنِ وَالْوَجْهِ وَالرِّجْلَيْنِ. كَذَا فِي الْمُحِيطِ.(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء،الفصل الثاني في سنن الوضوء،(۱/۷)،ط:رشيديه.

(۲) (و)من الآداب(أن يتشهد)أن يأتي بالشهادتين(عند غسل كل عضو)......وأن يدعو عند غسل كل عضو(بما جاء في الآثار عن) السلف الصالحين فيقول......عند غسل اليد اليمنى اللهم اعطني كتابي بيميني وحاسبني حسابا يسيرا وعند غسل اليد اليسرى اللهم لاتعطني كتابي بشمالي ولا من وراء ظهري.(حلبي كبير،آداب الوضوء،(ص: ۳۱،۳۲)،ط:سهيل اكيڈمی. طرد المحتار، كتاب الطهارة،مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/۱۲۷)، ط:سعيد.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۹)، ط:رشيدية.

دونوں ہتھیلیوں کو انگلیوں سمیت سر کے اگلے حصے پر رکھ کر آگے سے پیچھے لے جائے اور پیچھے سے آگے لے آئے، اور ان ہی ہاتھوں سے (اگر خشک نہ ہو گئے ہوں اور اگر خشک ہو گئے ہوں تو دوسری دفعہ پانی میں تر کر کے) کانوں کا مسح اس طرح کرے کہ چھوٹی انگلی دونوں کانوں کے سوراخ میں ڈالے اور سر کا مسح کرتے وقت "بسم اللّٰہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھے: "اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِکَ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّاظِلُّ عَرْشِکَ"۔ (۱)

(۱) (ومسح كل رأسه مرة) مستوعبة فلو تركه وداوم عليه أثم.
قوله (مستوعبة)...... وتكلموا في كيفية المسح والأظهر ان يضع كفيه وأصابعه على مقدم رأسه ويمدهما إلى القفا على وجه يستوعب جميع الرأس ثم يمسح أذنيه بأصبعيه اهـ (الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۲۰-۱۲۱)، ط: سعيد)
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۶)، ط: سعيد
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/ ۷)، ط: رشيدية
☆ (وأذنيه) معا ولو (بمائه) لكن لو مس عمامته فلا بد من ماء جديد
وفي الرد: قوله (وأذنيه) أي باطنهما بباطن السبابتين وظاهرهما بباطن الإبهامين قهستاني قوله (معا) أي فلا تيامن فيهما كما سيذكره قوله (ولو بمائه) قال في الخلاصة لو أخذ للأذنين ماء جديدا فهو حسن وذكره منلا مسكين رواية عن أبي حنيفة
(قوله: لكن...... إلخ) ذكره في شرح المنية، ولعله محمول على ما إذا انعدمت البلة بمس العمامة، قال في الفتح: وإذا انعدمت البلة لم يكن بد من الأخذ. اهـ (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۲۱-۱۲۲)، ط: سعيد)
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۶)، ط: سعيد
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/ ۷)، ط: رشيدية
☆ (و) من الآداب (أن يتشهد) أي يأتي بالشهادتين (عند غسل كل عضو)...... وأن يدعو) عند غسل كل عضو (بما جاء في الآثار عن) السلف الصالحين فيقول...... عند مسح الرأس اللهم حرم شعري وبشري على النار وأظلني تحت ظل عرشك يوم لاظل إلا ظلك. (حلبي كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۱، ۳۲)، ط: سهيل اكيڈمي.
☆ وعند مسح رأسه: اللهم أظلني تحت عرشك يوم لا ظل إلا ظل عرشك. (شامي، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/ ۱۲۷)، ط: سعيد. =

اور سر کا مسح ایک ہی بار کرے، باقی اعضاء کے مانند تین بار نہ کرے۔[1]

اور کانوں کے مسح کے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھے: "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ". [2]

☆ پھر دائیں ہاتھ سے دائیں پیر پر پانی ڈالے، اور بائیں ہاتھ سے تین بار دھوئے، اور ہر بار اس کی انگلیوں کا بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے خلال کرتا جائے، اور خلال دائیں پیر کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے، پھر بایاں پیر تین بار دھوئے، اور ہر بار اس کی انگلیوں کو بھی بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے خلال کرتا جائے، اور بائیں پیر کے انگوٹھے سے شروع کرے، اور دایاں پیر دھوتے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھے: "اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِيْ عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ يَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ".

= ☜ الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، الفصل الثالث في المستحبات، (۹/۱)، ط: رشيديه.

(۱) (ومكروهه لطم الوجه)...... (وتثليث المسح بماء جديد) أما بماء واحد فمندوب لو مسنون. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في التمسح بمنديل، (۱/۱۳۱-۱۳۳)، ط: سعيد)

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱)، ط: سعيد

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الرابع، (۹/۱)، ط: رشيدية

(۲) والتسمية عند غسل كل عضو والدعاء بالوارد عنده. قوله: والتسمية)...... وزاد في المنية التشهد.

(قوله: والدعاء بالوارد فيقول بعد التسمية...... عند مسح رأسه اللهم أظلني تحت عرشك يوم لا ظل إلا ظل عرشك وعند مسح أذنيه اللهم اجعلني من الذين يستمعون القول فيتبعون أحسنه وعند مسح عنقه اللهم أعتق رقبتي من النار. (الدر مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱۲۷/۱)، ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۹/۱)، ط: رشيدية.

☜ حلبي كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۲،۳۱)، ط: سهيل اكيدمي.

اور بایاں پیر دھوتے وقت "بسم اللّٰہ" اور کلمۂ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھے:

"اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِيْ مَغْفُوْرًا وَسَعْيِيْ مَشْكُوْرًا وَتِجَارَتِيْ لَنْ تَبُوْرَ". (۱)

اب وضو تمام ہو چکا ہے، اگر کوئی مجبوری اور عذر نہیں ہے تو وضو خود ہی کرے کسی دوسرے سے نہ کرائے اور ایک عضو دھونے کے بعد خشک ہونے سے پہلے فوراً دوسرا عضو دھو ڈالے، اگر برتن یا لوٹے سے وضو کرنے کے بعد کچھ پانی بچ جائے تو

---

(۱) ومن السنّة عند غسل الرجلين أن يأخذ الإناء بيمينه ويصبه على مقدم رجله الأيمن ويدلكه بيساره، فيغسلها ثلاثا، ثم يفيض الماء على مقدم رجله الأيسر ويدلكه بيساره. (المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الأول في الوضوء، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه، (۱/ ۱۷۷، ۱۷۸)، ط: ادارة القرآن.

☆ في بداية الهداية من آداب الوضوء: ثم اغسل رجلك اليمنى مع الكعبين، وتخلل بخنصر يدك اليسرى أصابع رجلك اليمنى مبتدئا من خنصرها حتى تختم الخنصر اليسرى، ويدخل الاصبع من أسفل. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول في الوضوء، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه، (۱/ ۲۲۴)، ط: مكتبه فاروقيه.

☆ فتح القدير، كتاب الطهارات، (۱/ ۲۶)، ط: رشيديه.

☆ والثالث غسل الرجلين، ويدخل الكعبان في الغسل عند علمائنا الثلاثة والكعب هو العظم الناتئ في الساق الذي يكون فوق القدم، كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، (۱/ ۵)، ط: رشيدية)

☆ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، (۱/ ۹۸)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۳)، ط: سعيد

والتسمية عند غسل كل عضو والدعاء بالوارد عنده.

قوله: (والتسمية)...... وزاد في المنية التشهد...... وعند غسل رجله اليمنى اللهم ثبت قدمي على الصراط يوم تزل الأقدام وعند غسل اليسرى اللهم اجعل ذنبي مغفورا وسعيي مشكورا وتجارتي لن تبور (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/ ۱۲۷)، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/ ۹)، ط: رشيدية

☆ حلبي كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۱، ۳۲)، ط: سهيل اكيدمى.

پیاس ہونے کی صورت میں کھڑے ہوکر پی لے۔ (۱)

پھر کلمۂ شہادت پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْنَ۔ (۲)

(۱) (والولاء) بكسر الواو غسل المتأخر أو مسحه قبل جفاف الأول بلا عذر حتى لو فنى ماؤه فمضى لطلبه لا بأس به ومثله الغسل والتيمم. (الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/۱۲۲-۱۲۳)، ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۷)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۸)، ط:رشيدية

☆ وأن يشرب بعده من فضل وضوئه (كماء زمزم (مستقبل القبلة قائما) أو قاعدا وفيما عداهما يكره قائما تنزيها وعن ابن عمر كنا نأكل على عهد النبي صلى الله عليه وسلم ونحن نمشي ونشرب ونحن قيام ورخص للمسافر شربه ماشيا

وفي الرد :وفي السراج ولا يستحب الشرب قائما إلا في هذين الموضعين فاستفيد ضعف ما مشى عليه الشارح كما نبه عليه ح وغيره. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة،مطلب في مباحث الشرب قائما، (۱/۱۲۹)، ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۸)، ط:رشيدية

☆ (ومن آدابه) ...... (وعدم الاستعانة بغيره) إلا لعذر وأما استعانته عليه الصلاة والسلام بالمغيرة فلتعليم الجواز.

وحاصله أن الاستعانة في الوضوء ان كانت بصب الماء أو استقائه أو احضاره فلا كراهة بها أصلا ولو بطلبه وان كانت بالغسل والمسح فتكره بلا عذر. (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/ ۱۲۷-۱۲۶)، ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۸)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۸)، ط:رشيدية

(۲) (ومن الآداب أن يقول عند تمامه) أي تمام الوضوء......(اللهم اجعلني من =

یہی وضو ہے کہ جس کی نسبت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ اگر کوئی میرا جیسا وضو کرے تو اس کے اگلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (۱)

☆ وضو کے بعد سورۂ "انا انزلنا" پڑھنا صحیح حدیث سے ثابت نہیں، بعض مشائخ کرام کے معمولات میں اس کا اور بعض دیگر دعائیں پڑھنے کا ذکر ملتا ہے، اس لئے اس کا التزام کرنا اور مستحب سمجھنا درست نہیں، باقی اگر مستحب اور سنت سمجھ کر نہ پڑھے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ (۲)

= التوابین...... واجعلنی من المتطهرین واجعلنی من عبادک الصالحین واجعلنی من الذین لاخوف علیهم ولاهم یحزنون. (حلبی کبیر، آداب الوضوء، (ص: ۳۵)، ط: سهیل اکیڈمی.

☆ شامی، کتاب الطهارة، مطلب فی بیان ارتقاء الحدیث الضعیف...... الخ، (۱/ ۱۲۸، ۱۲۹)، ط: دار الفکر بیروت.

☆ روح البیان، سورة المائدة، الآیة: ۶، (۲/ ۳۵۲)، ط: دار الفکر بیروت.

(۱) وعنه (عثمان رضی الله عنه) انه توضأ...... ثم قال: رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم توضأ نحو وضوئی هذا ثم قال: من توضأ وضوئی هذا ثم یصلی رکعتین لایحدث نفسه فیها بشیء إلا غفرله ما تقدم من ذنبه. (مشکاة المصابیح، کتاب الطهارة، (ص: ۳۹)، ط: قدیمی.

☆ الصحیح للبخاری، کتاب الوضوء، باب الوضوء ثلاثا ثلاثا، (۱/ ۲۷، ۲۸)، ط: قدیمی.

☆ الصحیح لمسلم، کتاب الطهارة، باب صفة الوضوء وکماله، (۱/ ۱۱۹، ۱۲۰)، ط: قدیمی.

(۲) وروی أیضا من قرأ إنا أنزلنا علی أثر الوضوء مرة کتبه الله من الصدیقین ومن قرأها مرتین کتبه الله من الشهداء ومن قرأها ثلث مرات یحشره الله تعالی مع الأنبیاء انتهی، وفی المصنوع فی معرفة الموضوع لعلی القاری حدیث من قرأ فی الفجر بألم نشرح وألم تر لم یرمد. قال السخاوی لا أصل له، وکذا قراءة إنا أنزلنا عقیب الوضوء لاأصل له وهو مفوت سنة وأراد السخاوی لاأصل له فی المرفوع وإلا فقد ذکره أبو اللیث السمرقندی وهو إمام جلیل وأما قوله هو مفوت سنة أی سنة الوضوء ولیس له سنة مستقلة کما حققه الغزالی وإنما یستحب أن یصلی بعد کل وضوء ولم یشترط أحد فوریة صلاة بعده وینافی قراءة سورة وغیرها انتهی، وفی الحلیة: سئل عن أحادیث ذکرها أبو اللیث فی مقدمته فی فضل قراءة سورة القدر بعد الوضوء شیخنا الحافظ ابن حجر العسقلانی، فأجاب بأنه لم یثبت منها شیء عن رسول الله صلی الله علیه وسلم لامن قوله ولافعله والعلماء یتساهلون فی ذکر الحدیث الضعیف والعمل به فی فضائل الأعمال، انتهی. (السعایة، کتاب الطهارة، (۱/ ۱۸۳)، ط: سعید). =

☆وضو کرنے کے بعد کلمۂ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف دیکھنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔

☆وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے یہ دعا پڑھے: "سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُاَنْ لَااِلٰهَ اِلَّااَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ وَاَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ"۔ [۱]

☆جو شخص وضو کرتے ہوئے مذکورہ دعائیں پڑھتا ہے اس کے لئے مغفرت کا ایک پرچہ لکھ کر اور پھر اس پر مہر لگا کر رکھ دیا جاتا ہے، قیامت کے دن تک اس کی مہر نہ توڑی جائے گی۔ [۲]

= ⇐ حلبی کبیر، آداب الوضوء، (ص: ۳۶)، ط: سہیل اکیڈمی.

⇐ حاشیہ امداد الفتاوی، کتاب الطھارۃ، عنوان: وضو کے بعد (انا انزلنا) پڑھنا"، ط: دارالعلوم کراچی.

(۱) عن عقبة بن عامر الجهني رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه...... قال عند قوله: فأحسن الوضوء ثم رفع نظره إلى السماء. (سنن أبي داود، كتاب الطهارة، باب يقول الرجل إذا توضأ، (۱/ ۲۶)، ط: امدادیہ ملتان.

⇐ مسند أحمد برقم الحديث: ۱۲۱ مسند عمر بن الخطاب رضي الله عنه، (۱/ ۱۹)، ط: مؤسسة قرطبة، القاهرة.

⇐ وزاد في المنية: وأن يقول بعد فراغه: سبحانك اللهم وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك، وأشهد أن محمدا عبدك ورسولك ناظرا إلى السماء. (شامي، كتاب الطهارة، مطلب في بيان ارتقاء الحديث الضعيف إلى مرتبة الحسن، (۱/ ۱۲۸) ط: سعيد.

⇐ حلبی کبیر، آداب الوضوء، (ص: ۳۵)، ط: سہیل اکیڈمی.

(۲) عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من توضأ فأسبغ الوضوء، ثم قال عند فراغه من وضوئه: سبحانك اللهم وبحمدك، أشهد أن لا إله إلا أنت، أستغفرك اللهم وأتوب إليك، ختم عليها بخاتم فوضعت تحت العرش فلم يكسر إلى يوم القيامة. (عمل اليوم والليلة لابن السني، رقم الحديث: ۳۰، باب مايقول إذا فرغ من وضوئه، (ص: ۳۱)، ط: دار القبلة للثقافة الإسلامية.

⇐ مصنف عبدالرزاق برقم الحديث: ۶۰۲۳، كتاب فضائل القرآن، باب تعليم القرآن وفضله، (۳/ ۳۷۷)، ط: ادارة القرآن. =

وضو کا فائدہ

☆ جب وضو کے بعد طہارت کی کیفیت نفس میں مضبوط اور راسخ ہو جاتی ہے، تو ہمیشہ کے لئے فرشتہ والے نور کا ایک شعبہ اس میں ٹھہر جاتا ہے، اور بہیمیت اور جانور پنے کی تاریکی کا حصہ مغلوب ہو جاتا ہے۔

☆ گناہ اور سستی کی وجہ سے جو روحانی نور اور سرور اعضاء سے سلب ہو جاتا ہے، وضو کرنے سے وہ روحانی نور و سرور دوبارہ ان اعضاء میں لوٹ آتا ہے، یہی روحانی نور قیامت کے دن وضو کے اعضاء پر واضح اور نمایاں طور پر چمکے گا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "قیامت کے دن میدان حشر میں میری امت جب آئے گی تو وضو کے آثار سے ان کے ہاتھ، پاؤں اور چہرے روشن ہوں گے، اس لئے تم میں سے جو کوئی اپنی روشنی بڑھا سکے وہ بڑھائے۔"[1]

= ت: كنز العمال، رقم الحديث: ٢٦٠٨٠، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الفصل الثاني: في آداب الوضوء، (٢٩٧/٩)، ط: مؤسسة الرسالة.

ث اتحاف السادة المتقين، كتاب أسرار الطهارة، كيفية الوضوء، (٣٦٨/٢)، ط: مؤسسة التاريخ العربي.

(١) وإذا استقرت في النفس وتمكنت منها تقررت فيها شعبة من نور الملائكة، وانقهرت شعبة من ظلمة البهيمية وهو معنى كتابة الحسنات وتكفير الخطايا، وإذا جعلت رسما نفعت من غوائل الرسوم، وإذا حافظ صاحبها على ما فيها من هيآت يؤاخذ الناس بها أنفسهم عند الدخول على الملوك وعلى النية المستصحبة والأذكار نفعت من سوء المعرفة، وإذا عقل الإنسان أن مله كماله، فآداب جوارحه حسبما عقل من غير داعية حسية وأكثر من ذلك كانت تمرينا على انقياد الطبيعة للعقل والله أعلم. (حجة الله البالغة، القسم الأول، المبحث الخامس، باب أسرار الوضوء والغسل، (١٣٦/١)، ط: دار الجيل.)

ت أقول: النظافة المؤثرة في جلاء النفس تقدس النفس وتلحقها بالملائكة، وتنسي كثيرا من الحالات الدنسية، فجعلت خاصيتها خاصية للوضوء الذي هو شبحها ومظنتها وعنوانها. قوله صلى الله عليه وسلم: إن أمتي يدعون يوم القيامة غراً محجلين من آثار الوضوء، فمن استطاع منكم أن يطيل غرته فليفعل. (حجة الله البالغة، القسم الثاني: في بيان أسرار ما جاء عن النبي صلى الله عليه وسلم من أبواب الطهارة، صفة الوضوء، (٢٩٥/١)، ط: دار الجيل. =

وضو کامل کرنا ضروری ہے

اگر جماعت ہو رہی ہے تب بھی وضو کامل طور پر کرے، وضو کی سنتوں کو پورا کرنا ضروری ہے، اگرچہ جماعت ختم ہو جائے۔ (۱)

وضو کرتے وقت مسواک کرنا

وضو کرتے وقت مسواک کرنا سنت ہے، خواہ وضو پر وضو کیا جائے یا وضو نہ ہونے کی صورت میں وضو کیا جائے۔ (۲)

= وحدثنی هارون بن سعید الأیلی حدثنی ابن وهب قال أخبرنی عمرو بن الحارث عن سعید بن أبی هلال عن نعیم بن عبد الله أنه رأى أبا هریرة یتوضأ فغسل وجهه ویدیه حتى كاد یبلغ المنكبین ثم غسل رجلیه حتى رفع إلى الساقین ثم قال سمعت رسول الله صلى الله علیه وسلم. یقول إن أمتی یأتون یوم القیامة غرا محجلین من أثر الوضوء فمن استطاع منكم أن یطیل غرته فلیفعل. (الصحیح لمسلم، كتاب الطهارة، باب استحباب اطالة الغرة و التحجیل فی الوضوء، (۱/۱۵۹)، ط: رحمانیة)

(۱) ..... فقال رسول الله صلى الله علیه وسلم: ویل للأعقاب من النار اسبغوا الوضوء. (الصحیح لمسلم، كتاب الطهارة، باب وجوب غسل الرجلین بكمالهما، (۱/۱۵۸)، ط: رحمانیة)

ﷺ أی اتموه باتیان جمیع فرائضه وسننه واكملوا واجباته.. (مرقاة المفاتیح شرح المشكاة، كتاب الطهارة، باب ، الفصل، (۱/۳۱۰)، ط: المكتب الاسلامی)

⇦ عن عبد الله بن عمر قال رجعنا مع رسول الله صلى الله علیه وسلم من مكة الى المدینة حتى اذا كنا بماء بالطریق تعجل قوم عند العصر فتوضؤا وهم عجال فانتهینا الیهم واعقابهم تلوح لم یمسها الماء فقال رسول الله صلى الله علیه وسلم ویل للاعقاب من النار اسبغوا الوضوء. (مشكاة المصابیح، كتاب الطهارة باب سنن الوضوء، الفصل، (۱/۳۶)، ط: قدیمی)

(۲) والسواک معطوفا على ما قبله ...... ثم قیل إنه مستحب لأنه لیس من خصائص الوضوء وصححه الزیلعی وغیره وقال فی الفتح إنه الحق لكن فی شرح المنیة الصغیر وقد عده القدوری والأكثرون من السنن وهو الأصح اهـ قلت وعلیه المتون... (وهو للوضوء عندنا) أی سنة للوضوء. (رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب فی دلالة المفهوم، (۱/۱۱۳)، ط: سعید)

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۰)، ط: سعید

ﷺ مرقاة المفاتیح، كتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (۱/۸۱)، ط: رشیدیة

وضو کرتے ہوئے قبلہ کی طرف تھوکنا

"تھوکنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۱۹/۱)

وضو کرسکتا ہے غسل نہیں کرسکتا

جو مریض وضو کرسکتا ہے مگر عذر یا بیماری کی وجہ سے غسل نہیں کرسکتا تو وہ پانی سے وضو کرے اور غسل کے لئے تیمم کرے۔ (۱)

وضو کر کے سونے کی فضیلت

"سوتے وقت وضو کی فضیلت" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۹/۱)

وضو کر کے مسجد جانا

گھر سے وضو کر کے نماز کے لئے چلنے والے کو چلتے ہی نماز کا ثواب ملنا شروع ہو جاتا ہے، جیسے مسجد میں نماز کا انتظار کرنے سے نماز کا ثواب ملتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص وضو کر کے گھر سے چل کر مسجد آتا ہے، تو وہ گویا نماز میں ہوتا ہے۔ (۲)

---

(۱) ويجوز التيمم اذا خاف الجنب اذا اغتسل بالماء ان يقتله البرد او يمرضه هذا اذا كان خارج المصر اجماعا فان كان في المصر فكذا عند ابي حنيفة خلافا لهما والخلاف فيما اذا لم يجد ما يدخل به الحمام فان وجد لم يجز اجماعا وفيما اذا لم يقدر على تسخين الماء فان قدر لم يجز، هكذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۸/۱)، ط:رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز، (۲۳۳/۱)، ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۳/۱)، ط:سعيد

(۲) وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا توضأ احدكم في=

اس سے معلوم ہوا کہ گھر سے وضو کر کے نماز کے لئے آنا مسجد میں آ کر وضو کرنے سے افضل اور بہتر ہے، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ آج کل لوگ مسجد میں آ کر وضو کرنے کے عادی ہو گئے ہیں، اور گھر سے باوضو آنے کی فضیلت سے محروم ہو رہے ہیں، کاش اس نقصان کا احساس کر لیتے۔

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

وضو کر کے مسجد جانے پر اللہ خوش ہوتا ہے

"اللہ خوش ہوتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۷/۱)

وضو کر کے مسجد جانے کی فضیلت

"باوضو مسجد جانے کی فضیلت" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۷/۱)

وضو کرنا چاندی کے برتن سے

"سونے کے برتن سے وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤٢٧/١)

وضو کرنا چاندی کے لوٹے سے

"سونے کے برتن سے وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤٢٧/١)

= بينه ثم أتى المسجد كان في الصلاة حتى يرجع الحديث . (الترغيب والترهيب : (۸۳/۱) رقم الحديث : ۴۵۴ ، كتاب الصلاة ، الترهيب من البصاق في المسجد الخ ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

ت صحيح ابن خزيمة : (۲۲۶/۱) رقم الحديث : ۴۳۹ ، كتاب الصلاة ، باب النهي عن التشبيك بين الأصابع عند الخروج ، ط: المكتب الإسلامي ، بيروت

ب المستدرك على الصحيحين للحاكم : (۳۲۲/۱) رقم الحديث : ۷۴۴ ، كتاب الطهارة ، ومن كتاب الإمامة وصلاة الجماعة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت .

وضو کرنا سونے کے برتن سے

"سونے کے برتن سے وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۴۲۷)

وضو کرنا سونے کے لوٹے سے

"سونے کے برتن سے وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۴۲۷)

وضو کرنا مستحب ہے ان موقعوں پر

مندرجہ ذیل امور کو ادا کرنے سے پہلے وضو کرنا مستحب ہے:

① دعا سے قبل وضو کرنا مستحب ہے، ② سونے سے پہلے، ③ جنبی کے لئے کھانے پینے اور سونے سے پہلے، ④ جنابت میں غسل کرنے میں تاخیر ہونے کی صورت میں، ⑤ جنابت کے بعد دوبارہ ہمبستری کرنے سے پہلے، ⑥ نیند سے بیدار ہونے کے بعد، ⑦ ہر نماز کے آغاز میں جب کہ پہلے سے باوضو ہو تو وضو کرنا، ⑧ زبانی طور پر قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے وضو کرنا مستحب ہے، اور قرآن مجید کو ہاتھ سے پکڑ کر پڑھنے کے لئے وضو کرنا واجب ہے، اگر پہلے سے وضو نہیں ہے، ⑨ حدیث پاک کے سبق اور اس کی روایت کے لئے، ⑩ نکاح کے خطبہ سے پہلے، ⑪ قبر اطہر کی زیارت سے پہلے، ⑫ مسجد نبوی میں داخل ہونے سے پہلے، ⑬ وقوف عرفہ کے لئے، ⑭ صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے سے پہلے، ⑮ غصہ آنے کے وقت، ⑯ جنازہ اٹھا کر آنے کے بعد، ⑰ غیبت اور ہر گناہ کے بعد۔

ان تمام موقعوں پر وضو کرنا مستحب ہے۔[1]

---

[1] باب الوضوء عند الدعا، فيه ابو موسى قال: دعا النبي صلى الله عليه وسلم بماء فتوضا به، ثم رفع يديه، فقال: اللّٰهم اغفر لعبيد ابي عامر، ورأيت بياض ابطيه، فقال: اللّٰهم اجعله يوم القيامة فوق كثير من خلقك من الناس. قال المؤلف: فيه استعمال الوضوء عند الدعاء، وعند=

وضو کرنے کو ہر حال میں لازم سمجھنا

بعض لوگ ایسے بیمار ہوتے ہیں کہ پانی استعمال کرنا ان کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے یا بیماری میں اضافہ کا سبب بنتا ہے، اس حالت میں تیمم کرنا جائز ہوتا ہے، لیکن اس کے باوجود تیمم نہیں کرتے، وضو ہی کرتے ہیں چاہے مرض بڑھنے کی وجہ سے جان بھی نکل جائے، یہ غلو ہے، اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے دی ہوئی سہولت کو قبول نہ کرنا گستاخی اور بے ادبی ہے، کیونکہ جس طرح وضو کرنا اللہ تعالیٰ کا حکم ہے، تیمم کرنا بھی اللہ کا حکم ہے، بندہ کا کام اللہ تعالیٰ کا حکم ماننا ہے، دل کی چاہت اور صفائی کو دیکھنا نہیں، بندگی اس بات کا نام ہے کہ جس وقت اللہ کی جانب سے جو حکم ہو دل و جان سے اس کی اطاعت کرے۔[1]

= ذكر الله، وذلك من كمال أحوال الداعي والذاكر، ومما يرجى له به الإجابة لتعظيمه لله تعالىٰ وتنزيهه له حين لم يذكره إلا على طهارة (شرح البخاري لابن بطال: (١٢٣/١٠) كتاب الوضوء، باب الوضوء عند الدعاء، ط: مكتبة الرشد)

: والقسم الثالث وضوء مندوب في أحوال كثيرة　ونذب الوضوء للنوم على طهارة وأيضًا إذا استيقظ منه أي النوم　وبعد كلام غيبة　وبعد كل خطيئة　وغسل ميت وحمله ... ولوقت كل صلوة　وقبل غسل الجنابة　وللجنب عند إرادة أكل و شرب و نوم ومعاودة وطء وللغضب　ولقراءة قرآن وقراءة حديث و روايته　ودراسة علم شرعي، وأذان وإقامة وخطبة ولو خطبة نكاح، وزيارة النبي صلى الله عليه وسلم　ودخول مسجده و وقوف بعرفة ... وللسعي بين الصفا والمروة. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ٨٣ـ٨٥) كتاب الطهارة، فصل في أوصاف الوضوء، ط: قديمى)

(١) إتحاف السادة المتقين: (٣٧٣،٣٧٢/٢) كتاب أسرار الطهارة، كتاب قضاء الحاجة، كيفية الوضوء، ط: مؤسسة التاريخ العربي.

، قوله صلى الله عليه وسلم: إن الصعيد الطيب وضوء المسلم وإن لم يجد الماء عشر سنين ، أقول المقصود منه سد باب التعمق، فان مثله يتعمق فيه المتعمقون ويخالفون حكم الله في الترخيص. (حجة الله البالغة، القسم الثاني في بيان أسرار ما جاء عن النبي ﷺ تفصيلا، التيمم، الأرض خصت بالتيمم، (ص: ٣٠٩)، ط: قديمى) =

وضو کرنے کے بعد استنجاء کرنا

☆اگر ڈھیلے یا ٹشو وغیرہ سے استنجاء کر کے وضو کر لیا اور وضو کرنے کے بعد یاد آنے پر پانی سے بھی دھو لیا تو اگر نجاست نے مخرج (نکلنے کی جگہ) سے تجاوز نہیں کیا، تو پہلا وضو درست ہے، دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

☆اور اگر نجاست مخرج (سوراخ) سے دائیں بائیں اوپر نیچے پھیلی نہیں تو پانی سے استنجاء کرنا سنت ہے، اور اگر نجاست مخرج سے تجاوز کر گئی تو اگر ایک درہم کی مقدار سے زائد نہیں ہے تو دھونا واجب ہے اور اگر ایک درہم کی مقدار سے زائد ہے تو دھونا فرض ہے۔[1]

اگر نجاست ایک درہم کی مقدار سے زائد تھی اور ڈھیلہ اور ٹشو وغیرہ سے

= إن الله تعالى يحب أن تقبل رخصه كما يحب العبد مغفرة ربه. (الحديث)

لينبغي استعمال الرخصة في مواضعها عند الحاجة لها سيما العالم يقتدى به وإذا كان من أصر على مندوب ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان فكيف بمن أصر على بدعة فينبغي الأخذ بالرخصة الشرعية فإن الأخذ بالعزيمة في موضع الرخصة تنطع كمن ترك التيمم عند العجز عن استعمال الماء فيفضي به استعماله إلى حصول الضرر. (فيض القدير للمناوي، رقم الحديث: ۱۸۸۱، حرف الهمزة، (۲/ ۲۹۳)، ط: المكتبة التجارية الكبرى.

[1] (وعفا) الشارع (عن قدر درهم) وإن كره تحريما فيجب غسله وما دونه تنزيها فيسن وفوقه مبطل فيفرض.

وفي الرد: قال في شرح المنية ولنا أن القليل عفو إجماعا إذ الاستنجاء بالحجر كاف بالإجماع وهو لا يستأصل النجاسة ...... والأقرب أن غسل الدرهم وما دونه مستحب مع العلم به والقدرة على غسله، فتركه حينئذ خلاف الأولى، نعم الدرهم غسله آكد مما دونه فتركه أشد كراهة كما يستفاد من غير ما كتاب من مشاهير كتب المذهب ففي المحيط يكره أن يصلي ومعه قدر درهم أو دونه من النجاسة عالما به لاختلاف الناس فيه. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۳۱٦-۳۱۷)، ط: سعيد)

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۲۳۲)، ط: سعيد

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثاني، (۱/ ۳٦)، ط: رشيدية

صاف کرنے کے بعد وضو کرکے نماز شروع کردی اور پانی سے دھویا نہیں تھا تو اگر پانی سے نہ دھونے کی بات نماز کے درمیان یاد آئی تو اس صورت میں نماز باطل ہوجائے گی، لہٰذا نماز توڑ دے اور دھو کر وضو کرکے نماز دوبارہ پڑھے۔

اور اگر نجاست درہم کی مقدار سے زائد نہیں تھی بلکہ درہم کی مقدار کے برابر تھی اور پانی کے بغیر ڈھیلہ اور ٹشو وغیرہ سے صاف کرکے نماز شروع کردی تو نماز مکروہ تحریمی ہوگی، اور دھو کر وضو کرکے نماز دوبارہ پڑھے، اور اگر نجاست بمقدار درہم سے کم تھی تو نماز مکروہ تنزیہی ہوگی۔ (۱)

وضو کرنے کے بعد یاد آیا کہ خاص مقام کو پانی سے دھونا ہے

پیشاب یا پاخانہ کرنے کے بعد ڈھیلہ سے استنجاء کرلیا تھا لیکن پانی سے پاک نہیں کیا اور وضو کرلیا، اس کے بعد یاد آیا کہ چھوٹا یا بڑا استنجاء پانی سے پاک کرنا ہے، اس صورت میں پانی سے پاک کرنے کے بعد دوبارہ وضو کرلینا بہتر ہے، تاکہ اختلاف سے نکل جائے۔ (۲)

---

(۱) ومراده من العفو صحة الصلاة بدون إزالته لا عدم الكراهة لما في السراج الوهاج وغيره إن كانت النجاسة قدر الدرهم تكره الصلاة معها إجماعا وإن كانت أقل وقد دخل في الصلاة نظر إن كان في الوقت سعة فالأفضل إزالتها واستقبال الصلاة وإن كانت تفوته الجماعة ..... والظاهر أن الكراهة تحريمية لتجويزهم رفض الصلاة لأجلها ولا ترفض لأجل المكروه تنزيها وسوى في فتح القدير بين الدرهم وما دونه في الكراهة ورفض الصلاة وكذا في النهاية والمحيط وفي الخلاصة ما يقتضي الفرق بينهما فإنه قال وقدر الدرهم لا يمنع ويكون مسيئا وإن كان أقل فالأفضل أن يغسلها ولا يكون مسيئا . (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۲۸/۱)، ط:سعيد)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۳۳۸/۱)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، بالباب السابع، الفصل الثالث، (۴۸/۱)، ط:رشيدية

(۲) (لا) ينقضه (مس ذكر) لكن يغسل يده ندبا (وامرأة) وامرد لكن يندب للخروج من الخلاف لا سيما للإمام لكن بشرط عدم لزوم ارتكاب مكروه مذهبه. =

وضو کرنے کے دوران وضو توڑنے والی چیز پیش آگئی

اگر وضو کرنے کے دوران وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش آگئی مثلاً منہ اور دونوں ہاتھ دھونے کے بعد ہوا خارج ہوگئی، تو وضو دوبارہ شروع سے کرے، لیکن معذور ہونے کی حالت میں دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ (۱)

= وفي الرد: قوله (لكن يغسل يده ندبا) لحديث من مس ذكره فليتوضأ أي ليغسل يده جمعا بينه وبين قوله صلى الله عليه وسلم :هل هو إلا بضعة منك حين سئل عن الرجل يمس ذكره بعد ما يتوضأ وفي رواية في الصلاة أخرجه الطحاوي وأصحاب السنن إلا ابن ماجه وصححه ابن حبان وقال الترمذي إنه أحسن شيء يروى في هذا الباب وأصح ويشهد له ما أخرجه الطحاوي عن مصعب بن سعد: قال كنت آخذا على أبي المصحف فاحتككت فأصبت فرجي؟فقلت: نعم فقال قم فاغسل يدك وقد ورد تفسير الوضوء بمثله في الوضوء مما مسته النار وتمامه في الحلية والبحر أقول: ومفاده استحباب غسل اليد مطلقا كما هو مفاد إطلاق المبسوط خلافا لما استفاده في البحر من عبارة البدائع من تقييده بما إذا كان مستنجيا بالحجر كما أوضحه في النهر. (ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذالم يرتكب مكروه مذهبه، (۱۴۷/۱)، ط:سعيد)

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۳۵/۱)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۳/۱)، ط:رشيدية

(۱) فأماشروط صحة الوضوء فقط فمنها أن يكون الماء طهورا......ومنها:أن لا يوجد من المتوضئ ما ينافي الوضوء مثل أن يصدر منه ناقض الوضوء في أثناء الوضوء .فلو غسل وجهه ويديه مثلاً ثم أحدث فإنه يجب عليه أن يبدأ الوضوء من أوله .إلا إذا كان من أصحاب الأعذار الآتي بيانها .فإذا كان مصاباً بسلس البول .ونزلت منه قطرة أو قطرات أثناء الوضوء فإنه لا يجب عليه استئناف الوضوء. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة،شروط الوضوء،(۵۵/۱)،ط:مكتبة الحقيقة.

☆ وأما شرائطها فذكر العلامة الحلبي في شرح منية المصلي أنه لم يطلع عليها صريحة في كلام الأصحاب وإنما تؤخذ من كلامهم وهي تنقسم إلى شروط وجوب وشروط صحة ...... والثانية أربعة مباشرة الماء المطلق الطهور لجميع الأعضاء وانقطاع الحيض و انقطاع النفاس وعدم التلبس في حالة التطهير بما ينقضه في حق غير المعذور بذلك اهـ (البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۹/۱)، ط:سعيد)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في اعتبارات المركب التام،(۸۸/۱)، ط:سعيد.

وضو کرنے میں مدد لینا

عذر کے بغیر کسی دوسرے سے وضو کرنے میں مدد نہیں لینی چاہئے۔[1]

وضو کرنے والے کو سلام کرنا

وضو کرنے والے کو سلام کرنا درست ہے، جبکہ وہ دعا نہ پڑھ رہا ہو ورنہ مکروہ ہے۔[2]

---

(۱) (ومن آدابه) ...... (وعدم الاستعانة بغيره) إلا لعذر وأما استعانته عليه الصلاة والسلام بالمغيرة فلتعليم الجواز.

و حاصله أن الاستعانة في الوضوء ان كانت بصب الماء أو استقائه أو احضاره فلا كراهة بها اصلا و لو بطلبه وان كانت بالغسل و المسح فتكره بلا عذر. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة،مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/ ۱۲۶-۱۲۷)، ط: سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۸)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/ ۸)، ط: رشيدية

نوٹ: وضو میں مدد سے عام طور پر یہ مراد لی جاتی ہے کہ مدد کرنے والا پانی ڈالے اور وضو کرنے والا خود وضو کرے، یہ مکروہ نہیں، بلکہ مکروہ یہ ہے کہ وہ اعضاء دھوئے۔

(۲) فآداب الوضوء (الجلوس في مكان مرتفع)...... وعدم التكلم بكلام الناس) لأنه يشغله عن المأثور بلاضرورة. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة،فصل من آداب الوضوء أربعة عشر شيئا، (ص: ۷۵)، ط: قديمي)

☆ حلبي كبير، آداب الوضوء، (ص: ۳۱)، ط: سهيل اكيڈمي

☆ سلامك مكروه على من ستسمع　　ومن بعد ما أبدي يسن ويشرع

مصل وتال ذاكر ومحدث　　خطيب ومن يصغي إليهم ويسمع

قوله: ذاكر) فسره بعضهم بالواعظ لأنه يذكر الله تعالى ويذكر الناس به، والظاهر انه أعم، فيكره السلام على مشتغل بذكر الله تعالى بأي وجه كان رحمتي. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة،باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب: المواضع التي يكره فيها السلام، (۱/ ۶۱۶)، ط: سعيد.

وضو کی ابتداء میں "بسم اللہ" پڑھنا

وضو شروع کرتے وقت "بسم اللہ" پڑھنا سنت ہے، اگر کسی نے وضو کے شروع میں قصداً یا بھول سے "بسم اللہ" نہیں پڑھا تو اس کے وضو پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، تاہم بار بار جان بوجھ کر ترک کرنا مناسب نہیں ہے۔ (۱)

وضو کی تعریف

وضو کا معنی لغت میں خوبی اور پاکیزگی ہے، اور شریعت کی اصطلاح میں خاص خاص مثلاً چہرہ، ہاتھ اور پاؤں پر خاص طریقے سے پانی کا استعمال کرنا اور سر کا مسح کرنا ہے۔

یعنی شریعت میں خاص طریقے سے پاکیزگی حاصل کرنی ہے جس سے ظاہری، حسی اور باطنی معنوی پاکیزگی حاصل ہوتی ہو۔ (۲)

---

(۱) والبداءة بالتسمية(أي من سنن الوضوء). (الدر مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/۱۰۸)، ط:سعيد)

☜ وترك السنة لا يوجب فساداً ولا سهواً بل اساءة لو عامداً غير مستخف، وقالوا: الاساءة دون الكراهة. (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، (۱/۴۷۳)، ط:سعيد)

☜ وأما السنة فهي ما واظب عليها النبي صلى الله عليه وسلم مع الترك بلا عذر مرة أو مرتين وحكمها الثواب وفي تركها العتاب لا العقاب.

قوله: لا العقاب) لكن إذا اعتاد الترك فعليه إثم يسير دون إثم ترك الواجب. (حاشية الطحطاوي على المراقي، كتاب الطهارة، فصل من آداب الوضوء أربعة عشر شيئا، (ص:۷۵)، ط:قديمي.

☜ (قوله كالتسمية) أي كما أن التسمية سنة في الابتداء مطلقا.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۸)، ط:سعيد

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۶)، ط:رشيدية

(۲) الوضوء لغة معناه الحسن والنظافة. وهو اسم مصدر، لأن فعله إما أن يكون توضأ، فيكون مصدره التوضؤ، وإما أن يكون فعله وضؤ: فيكون مصدره الوضاءة - بكسر الواو - فيقال: وضؤ، ككرم، وضاءة بمعنى حسن ونظف، فالوضوء على كل حال اسم للنظافة، أو للوضاءة =

وضو کی جگہ پر پیشاب پاخانہ کرنا

جہاں پر لوگ وضو کرتے ہیں وہاں پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۱)

وضو کی دعائیں

وضو کے دوران جو دعائیں پڑھی جاتی ہیں ان کے بارے میں "وضو کا طریقہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۱۵/۲)

وضو کی سنتیں

① نیت کرنا۔

= (وهذا المعنى عام يشمل المعنى الشرعي، لأن المعنى الشرعي نظافة مخصوصة، فترتب عليه الوضاءة الحسية، والمعنوية، أما معناه في الشرع، فهو استعمال الماء في أعضاء مخصوصة، وهي الوجه واليدان، الخ، بكيفية مخصوصة. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة مباحث الوضوء، المبحث الأول: في تعريف الوضوء، (۱/ ۵۰)، ط: مكتبة الحقيقة.

↩ والوضوء مأخوذ من الوضاءة وهي النظافة والحسن وقد وضؤ يوضؤ وضاءة فهو وضيء كذا في طلبة الطلبة وفي المغرب إنه بالضم المصدر وبالفتح الماء الذي يتوضأ به اهـ

وفي الاصطلاح الشرعي غسل الأعضاء الثلاثة ومسح ربع الرأس. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۱)، ط: سعيد)

↩ وأصل الوضوء من الوضاءة وهي الحسن والنظافة، وسمي وضوء الصلاة وضوءا لأنه ينظف المتوضئ ويحسنه، وكذلك الطهارة أصلها النظافة والتنزه. (شرح النووي للمسلم، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۵۰)، ط: رحمانيه)

↩ مرقاة المفاتيح، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۱/ ۸)، ط: رشيدية

(۱) (وكذا يكره) هذه تعم التحريمية والتنزيهية ..... (..... أو) يبول (في موضع يتوضأ) هو (أو يغتسل فيه) لحديث لا يبولن أحدكم في مستحمه فإن عامة الوسواس منه.

الدر المختار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، مطلب القول مرجح على الفعل، (۱/ ۳۴۲-۳۴۴)، ط: سعيد

↩ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۲۴۳)، ط: سعيد

↩ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/ ۵۰)، ط: رشيدية

اور نیت میں زبان سے کچھ کہنا ضروری نہیں بلکہ دل سے یہ ارادہ کرے کہ میں صرف ثواب اور اللہ کی خوشی کے لئے وضو کرتا ہوں، ہاتھ پیر اور منہ صاف کرنے کے لئے وضو نہیں کر رہا ہوں، (۱) اگر نیت کے الفاظ زبان سے بھی ادا ہو جائیں تو بہتر ہے تا کہ دل وزبان ایک ہو۔ (۲)

② بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْإِسْلَامِ پڑھ کر وضو شروع کرنا۔ (۳)

③ منہ دھونے سے پہلے دونوں ہاتھوں کا گٹوں کے ساتھ ایک بار دھونا، اور جب ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوئے تو ہاتھوں کو پھر یہیں سے دھونا چاہئے۔ (۴)

---

(۱) (البداية بالنية) أى نية عبادة لا تصح إلا بالطهارة كوضوء أو رفع حدث أو امتثال أمر وصرحوا أنها بدونها ليس بعبادة ويأثم بتركها (الدر المختار، كتاب الطهارة، مطلب الفرق بين النية والقصد والعزم، (۱/۱۰۵–۱۰۷)، ط: سعيد)

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۳)، ط: سعيد

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۸)، ط: رشيدية

(۲) (و من آدابه) (والجمع بين نية القلب وفعل اللسان) هذه رتبة وسطى بين من سن التلفظ بالنية ومن كرهه لعدم نقله عن السلف. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في تعم مندوبات الوضوء، (۱/۱۲۴–۱۲۷)، ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۸)، ط: رشيدية

☜ تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، (۱/۷)، ط: امداديه ملتان.

(۳) (و) البداءة (بالتسمية) قولا، وتحصل بكل ذكر، لكن الوارد عنه عليه الصلاة والسلام "باسم الله العظيم، والحمد لله على دين الاسلام" (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب سائر بمعنى باقي لا بمعنى جميع، (۱/۱۰۸)، ط: سعيد.)

☜ (الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، (۱/۵)، ط: حقانيه)

☜ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة، فصل في سنن الوضوء، (ص: ۶۷)، ط: قديمي.

(۴) قوله: غسل اليدين ثلاثا) يعني إلى الرسغ وهو منتهى الكف عند المفصل ويغسلها قبل الاستنجاء وبعده هو الصحيح وهو سنة تنوب عن الفرض حتى إنه لو غسل ذراعيه من غير ان يعيد غسل كفيه أجزاه. (الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، (۱/۵)، ط: حقانيه.) =

④ تین بار کلی کرنا، اور کلی کرتے وقت ہر دفعہ نیا پانی ہو، اور منہ بھر کر ہو، اور کلی میں اس قدر مبالغہ کرے کہ پانی حلق کے قریب تک پہونچ جائے بشرطیکہ روزہ دار نہ ہو، اگر روزہ دار ہو تو کلی میں اس قدر مبالغہ نہ کرے۔[1]

⑤ کلی کرتے وقت مسواک کرنا۔

مسواک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مسواک داہنے ہاتھ میں اس طرح لے کہ مسواک کے ایک سرے کے قریب انگوٹھا اور دوسرے سرے کے نیچے آخری انگلی، اور درمیان میں اوپر کی جانب اور انگلیاں رکھے، اور مٹھی باندھ کر نہ پکڑے۔

اور پہلے اوپر کے دانتوں کی چوڑائی میں داہنی طرف مسواک کرے، پھر بائیں طرف اسی طرح مسواک کرے، پھر نیچے کے دانتوں میں اسی طرح دانتوں کی چوڑائی میں داہنی طرف، پھر بائیں طرف مسواک کرے، اور ایک بار اس طرح مسواک کرنے کے بعد مسواک کو منہ سے نکال کر نچوڑے اور نئے پانی سے بھگو کر پھر

= ☆ والبداءة بغسل اليدين الطاهرتين ثلاثا قبل الاستنجاء وبعده.

قوله: ثلاثا ---قال في الحلية: والظاهر أنه لو نقص غسلهما عن الثلاث كان آتيا بالسنة تاركا لكمالها على أنه في رواية عند أصحاب السنن الأربع لحديث المستيقظ "أنه صلى الله عليه وسلم قال: مرتين أو ثلاثا" وقال الترمذي حسن صحيح. (الدر مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في دلالة المفهوم، (۱/ ۱۱۰)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱٦-۱۷)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/ ٦)، ط: رشيدية

(۱) (وغسل الفم) أي استيعابه ولذا عبر بالغسل أو للاختصار (بمياه) ثلاثة (والأنف) ببلوغ الماء المارن (بمياه) وهما سنتان مؤكدتان مشتملتان على سنن خمس الترتيب والتثليث وتجديد الماء وفعلهما باليمنى (والمبالغة فيهما) بالغرغرة ومجاوزة المارن (لغير الصائم) لاحتمال الفساد.

الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۱۵-۱۱٦)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۱)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/ ٦)، ط: رشيدية

اسی طرح مسواک کرے، اسی طرح تین بار کرے، اس کے بعد مسواک کو دھو کر دیوار وغیرہ سے کھڑی کرکے رکھ دے، زمین پر ویسے ہی نہ رکھے، دانتوں کی لمبائی میں مسواک نہیں کرنی چاہئے (یعنی مسواک کو دانتوں پر دائیں بائیں چلانا چاہئے اوپر نیچے نہیں چلانا چاہئے)

اگر مسواک نہ ہو یا دانت نہ ہوں تو کپڑے یا انگلی سے مسواک کا کام لینا چاہئے۔[1]

⑨ ناک میں تین بار پانی لینا اور ہر بار نیا پانی ہو، اور اس قدر مبالغہ کیا جائے کہ پانی نتھنوں کی جڑ تک پہنچ جائے بشرطیکہ روزہ دار نہ ہو۔[2]

⑩ منہ دھونے کے بعد تین بار ڈاڑھی کا خلال کرنا بشرطیکہ داڑھی گھنی ہو، اور وہ شخص حج یا عمرہ کے احرام میں نہ ہو، کیونکہ احرام کی حالت میں ڈاڑھی کا خلال کرنا منع ہے تاکہ بال نہ ٹوٹیں۔[3]

---

(۱) (والسواک) سنة مؤكدة كما في الجوهرة عند المضمضة وقيل قبلها وهو للوضوء عندنا إلا إذا نسيه ...... وأقله ثلاث في الأعالي وثلاث في الأسافل (بمياه) ثلاثة (و) ندب إمساكه (بيمناه) وكونه لينا مستويا بلا عقد في غلظ الخنصر وطول شبر ويستاك عرضا لا طولا ...... ولا يمصه بل ينصبه وإلا فخطر الجنون قهستاني ...... وعند فقده أو فقد أسنانه تقوم الخرقة الخشنة أو الأصبع مقامه كما يقوم العلك مقامه للمرأة مع القدرة عليه

وفي الرد: قوله (وندب إمساكه بيمناه) ...... وفي البحر والنهر والسنة في كيفية أخذه أن يجعل الخنصر أسفله والإبهام أسفل رأسه وباقي الأصابع فوقه كما رواه ابن مسعود. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة،مطلب في دلالة المفهوم، (۱/۱۱۳-۱۱۵)، ط:سعيد)

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۰)، ط:سعيد

ﷺ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط:رشيدية

(۲) انظر رقم الحاشية: ۵

(۳) (وتخليل اللحية) لغير المحرم بعد التثليث ويجعل ظهر كفه إلى عنقه =

⑧ ہاتھوں کو انگلیوں کی طرف سے دھونا، کہنیوں کی طرف سے نہیں دھونا چاہئے۔ (1)

⑨ کہنیوں تک تین بار دھونے کے بعد ہاتھوں کی انگلیوں کا تین بار خلال کرنا۔
ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال کرنا اس وقت مسنون ہے کہ جب انگلیوں کی گھائی میں ہاتھ دھوتے وقت پانی پہنچ جائے اور اگر پانی نہ پہنچے تو پانی پہنچانا فرض ہے، اور یہی کیفیت پیر کے انگلیوں کے خلال کی بھی ہے۔
اور ہاتھوں کی انگلیوں کو خلال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ہاتھ کی پشت دوسرے ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر اوپر کے ہاتھ کی انگلیاں نیچے کے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر کھینچ لے۔

⑩ تین بار پیر دھوتے وقت پیر کی انگلیوں کا ہر بار خلال کرنا، پیر کی انگلیوں کا خلال بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے کرنا چاہئے، اس طرح کہ داہنے پیر کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے اور بائیں پیر کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے۔ (۲)

= (قوله: لغير المحرم) أما المحرم فمكروه، نهر. (قوله: بعد التثليث) أي تثليث غسل الوجه، إمداد. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في منافع السواك، (۱/۱۱۷)، ط: سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۲)، ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط: رشيدية

(۱) ويسن البداءة بالغسل من رؤوس الأصابع في اليدين والرجلين، لأن الله تعالىٰ جعل المرافق والكعبين غاية الغسل فتكون منتهى الفعل كما فعله النبي صلى الله عليه وسلم. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة، فصل في سنن الوضوء، (ص: ۷۳)، ط: قديمي.

المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الأول في الوضوء، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه، (۱/۱۷۸)، ط: ادارة القرآن.

تحفة الفقهاء، كتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.

(۲) (و) تخليل (الأصابع) اليدين بالتشبيك والرجلين بخنصر يده اليسرى بادئا بخنصر رجله اليمنى وهذا بعد دخول الماء خلالها فلو منضمة فرض =

⑪ پورے سر کا ایک بار مسح کرنا، اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ انگلی اور ہتھیلیوں کے ساتھ پانی میں تر کر کے سر کے آگے کے حصے پر رکھ کر پیچھے لے جائے اور پھر پیچھے سے آگے لے آئے۔ (۱)

⑫ سر کے مسح کے بعد کانوں کا مسح کرنا، اور کانوں کے مسح کے لئے ہاتھ کو پانی میں دوبارہ تر کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ سر کے مسح کے لئے تر کرنا کانوں کے مسح کے لئے بھی کافی ہے، ہاں اگر سر کے مسح کے بعد عمامہ یا ٹوپی یا ایسی چیز چھوئے جس سے ہاتھوں کی تری جاتی رہے تو پھر دوبارہ تر کر لے۔

کانوں کے مسح کا طریقہ یہ ہے کہ چھوٹی انگلی کو کان کے سوراخ میں ڈال کر حرکت دے اور شہادت کی انگلی سے کان کے اندرونی حصے پر اور انگوٹھے سے ان کی پشت پر مسح کرے۔ (۲)

= وفي الرد: قوله: وتخليل الأصابع) هو سنة مؤكدة اتفاقا...... وفيه رأى في البحر عن الظهيرية: أن التخليل إنما يكون بعد التثليث، لأنه من سنة التثليث. اهـ

قوله (وهذا) أي وكون التخليل سنة قوله (فرض) أي التخليل لأنه حينئذ لا يمكن إيصال الماء إلا به فافهم . (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة مطلب في منافع السواك، (۱/۱۱۷-۱۱۸)، ط: سعيد)

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۲)، ط: سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط: رشيدية

(۱) (ومسح كل رأسه مرة) مستوعبة فلو تركه ودارم عليه أثم.

قوله (مستوعبة)...... وتكلموا في كيفية المسح والأظهر أن يضع كفيه وأصابعه على مقدم رأسه ويمدهما إلى القفا على وجه يستوعب جميع الرأس ثم يمسح أذنيه بأصبعيه اهـ . (الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/۱۲۰-۱۲۱)، ط: سعيد)

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۶)، ط: سعيد

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط: رشيدية

(۲) (وأذنيه) معا ولو (بمائه) لكن لو مس عمامته فلا بد من ماء جديد

وفي الرد: قوله (وأذنيه) أي باطنهما بباطن السبابتين وظاهرهما بباطن الإبهامين قهستاني قوله=

⑬ ہر عضو کا تین بار اس طرح دھونا کہ ہر بار پورا دھل جائے، اور اگر ایک بار آدھا پھر دوسری بار باقی آدھا دھویا تو یہ دوبارہ نہیں ہوگا بلکہ ایک ہی بار ہوگا۔ (۱)

⑭ وضو ترتیب سے کرنا یعنی پہلے دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک دھوئے، پھر کلی کرے، پھر ناک میں پانی لے، پھر منہ دھوئے، پھر داڑھی کا خلال کرے، پھر ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوئے، پھر انگلیوں کا خلال کرے، پھر سر کا مسح کرے، پھر کانوں کا مسح کرے، پھر پیروں کو دھوئے اور اس دوران انگلیوں کا خلال بھی کرے۔ (۲)

= (معا) أى فلا ثيامن فيهما كما سيذكره قوله (ولو بمائه) قال في الخلاصة لو أخذ للاذنين ماء جديدا فهو حسن وذكره منلا مسكين رواية عن أبى حنيفة

الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۲۱-۱۲۲)، ط: سعيد

☆ قوله: وأذنيه بمائه)أى بماء الرأس وفي المجتبى: يمسحها بالسبابتين داخلهما وبالابهامين خارجهما وهو المختار كذا في المعراج، وعن الحلواني وشيخ الاسلام يدخل الخنصر في أذنيه ويحركهما. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲٦)، ط: سعيد).

☆ حاشية الطحطاوى على المراقي، كتاب الطهارة، فصل في سنن الوضوء، (ص: ۷۲)، ط: قديمي.

(۱) وتثليث الغسل) المستوعب ولا عبرة للغرفات ولو اكتفى بمرة إن اعتاده أثم وإلا لا

وفي الرد: قوله (ولا عبرة للغرفات) أى الغير المستوعبة قال في البحر والسنة تكرار الغسلات المستوعبات لا الغرفات اهـ

الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۱۸)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۳)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/ ۷)، ط: رشيدية

(۲) ومنها الترتيب وهو أن يبدأ الفرائض بغسل الوجه، ثم بغسل اليدين إلى المرفقين ثم بمسح الرأس ثم بغسل الرجلين إلى الكعبين كما ذكر الله تعالى في قوله: فاغسلوا وجوهكم وأيديكم إلى المرافق وامسحوا برؤوسكم وأرجلكم إلى الكعبين. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة (۱/ ۷۲) كتاب الطهارة، مبحث سنة الوضوء تعريف السنة...... الخ، ط: مكتبة الحقيقة) =

⑮ داہنے عضو کو بائیں عضو سے پہلے دھونا۔ [1]

⑯ ایک عضو دھونے کے بعد خشک ہونے سے پہلے دوسرے عضو کو دھونا، ہاں اگر کسی ضرورت کی وجہ سے خشک ہو جائے تو مضائقہ نہیں۔ [2]

⑰ دھونے کے وقت اعضاء کو ہاتھ سے ملنا اور ہاتھ کا اعضاء پر پھیرنا۔ [3]

= والترتيب) المذكور في النص وعند الشافعي رضي الله عنه فرض وهو مطالب بالدليل

وفي الرد: قوله (المذكور في النص) أي الترتيب الذكري في آية الوضوء

الدرالمختارمع الرد، كتاب الطهارة، (١/١٢٢)، ط:سعيد

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٧)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (١/٨)، ط:رشيدية

[1] (التيامن) في اليدين والرجلين ولو مسحا لا الأذنين والخدين

قوله (التيامن) أي البداءة باليمين لما في الكتب الستة كان عليه الصلاة والسلام يحب التيامن في كل شيء حتى في طهوره وتنعله وترجله وشأنه كله

الدرالمختارمع الرد، كتاب الطهارة،مطلب في تيمم مندوبات الوضوء، (١/١٢٣)، ط:سعيد

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٧)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (١/٨)، ط:رشيدية

[2] (والولاء) بكسر الواو غسل المتأخر أو مسحه قبل جفاف الأول بلا عذر حتى لو فنى ماؤه فمضى لطلبه لا بأس به ومثله الغسل والتيمم

الدرالمختارمع الرد، كتاب الطهارة، (١/١٢٢-١٢٣)، ط:سعيد

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٧)، ط:سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (١/٨)، ط:رشيدية

[3] ومن السنن الدلك

وفي الرد: قوله (الدلك) أي بإمرار اليد ونحوها على الأعضاء المغسولة، حلية .

الدرالمختارمع الرد، كتاب الطهارة،مطلب لافرق بين المندوب والمستحب والنفل والتطوع، (١/١٢٣)، ط:سعيد

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٩)، ط:سعيد

☆ حلبي كبير سنن الوضوء،(ص:٢٧)،ط:سهيل اكيڈمي.

وضو کی وجہ سے گناہ دھل جاتے ہیں

''گناہ دھل جاتے ہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱٦٨/۲)

وضو کے اعضاء دھونے میں ترتیب کا لحاظ رکھنا

وضوء کے اعضاء دھونے اور مسح کرنے میں ترتیب کا لحاظ رکھنا سنت ہے فرض نہیں ہے۔ (۱)

وضو کے اعضاء کے شمار کے بارے میں قاعدہ

''قاعدہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۸/۲)

وضو کے باقی ماندہ پانی میں شفا ہے

اگر کسی برتن یا لوٹے وغیرہ میں پانی لے کر وضو کیا، اور وضو کے بعد کچھ پانی باقی رہ گیا تو اس کو کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے، ایسے پانی کو شفاء کی نیت سے پینے سے ہر قسم کی بیماری میں شفاء ہوتی ہے، شیخ عبدالغنی نابلسی رحمہ اللہ جو جلیل القدر مشائخ میں سے ہیں، اور تین سو سے زائد کتابوں کے مصنف ہیں، اور شام کی مبارک زمین میں مدفون ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں جب بھی بیمار ہوا اور میں نے وضو کے باقی ماندہ پانی

(۱) واتفق المالكية، والحنفية على أن الترتيب بين أعضاء الوضوء ليس بفرض بل هو سنة فيصح غسل اليدين مثلا قبل غسل الوجه وهكذا. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، خلاصة لما تقدم من فرائض الوضوء، (۱/ ٦٨)، ط: مكتبة الحقيقة)

(و) والترتيب) المذكور في النص وعند الشافعي رضي الله عنه فرض وهو مطالب بالدليل وفي الرد: قوله (المذكور في النص) أي الترتيب الذكرى في آية الوضوء. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۲۲)، ط: سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۷)، ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/ ۸)، ط: رشيدية

کو شفاء کی نیت سے پیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء سے نوازا، مجرب ہے۔ (۱)

وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُاَنْ لَّااِلٰہَ اِلَّااَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ وَاَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّداًعَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ۔ (۲)

وضو کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنا

''آیۃ الکرسی پڑھنا وضو کے بعد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۶۹/۱)

(۱) والحاصل أنّ انتفاء الكراهة في الشرب قائمًا في هذين الموضعين محل كلام فضلاً عن استحباب القيام فيهما ، ولعل الأوجه عدم الكراهة إن لم نقل بالاستحباب ؛ لأنّ ماء زمزم شفاء وكذا فضل الوضوء . وفي شرح هدية ابن العماد لسيدي عبد الغني النابلسي : ومما جربته أني إذا أصابني مرض أقصد الاستشفاء بشرب فضل الوضوء فيحصل لي الشفاء ، وهذا دأبي اعتمادًا على قول الصادق صلى الله عليه وسلم في هذا الطب النبوي الصحيح . (شامي: (۱۳۰/۱) كتاب الطهارة ، قبيل : مطلب في الفرة والتحجيل ، ط: سعيد)

(۲) عن عمر بن الخطاب قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من توضأ فأحسن الوضوء ثم قال أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمدا عبده ورسوله اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين فتحت له ثمانية أبواب الجنة يدخل من أيها شاء .

سنن الترمذي، أبواب الطهارة، باب فيما يقول بعد الوضوء، (۱۸/۱)، ط: قديمى

☜ قوله (وأن يقول بعده) زاد في المنية وغيرها أو في خلاله لكن قال في الحلية إن الوارد في السنة بعده متصلا بما تقدم من ذكر الشهادتين كما هو في رواية الترمذي اهـ

وزاد في المنية وأن يقول بعد فراغه سبحانك اللهم وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك وأشهد أن محمدا عبدك ورسولك ناظرا إلى السماء . (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في بيان ارتقاء الحديث الضعيف الى مرتبة الحسن ، (۱۲۸/۱)، ط:سعيد)

☜ حاشية الطحطاوى على المراقي، كتاب الطهارة، فصل من آداب الوضوء أربعة عشر شيئا، (ص:۷۷)، ط: قديمى.

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۷/۱-۲۸)، ط: سعيد

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۸/۱)، ط: رشيدية

وضو کے بعد پانی خشک کرنا

''پانی کو تولیہ وغیرہ سے خشک کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۵۷)

وضو کے بعد تشبیک منع ہے

''تشبیک'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۱۵)

وضو کے بعد خوشبو کا استعمال

''خوشبو کا استعمال'' عوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۲۶)

وضو کے بعد درود شریف پڑھنا

''درود شریف پڑھنا وضو کے بعد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۳۹)

وضو کے بعد دو رکعت سے جنت واجب ہو جاتی ہے

''جنت واجب ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۸۳)

وضو کے بعد رومالی پر پانی چھڑکنا

''رومالی پر پانی چھڑکنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۷٤)

وضو کے بعد شرمگاہ پر نمی دیکھی

''شرمگاہ پر نمی دیکھی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/٤۷)

وضو کے بعد صابن لگانا

''صابن لگانا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/٦۲)

وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف دیکھنا

''آسمان کی طرف دیکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۶۳/۱)

وضو کے بغیر نماز پڑھنا

وضو کے بغیر نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

وضو کے پانی کا چھینٹا

''پانی کا چھینٹا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۶/۱)

وضو کے پانی کے قطرے

وضوکرنے کے بعد مسجد میں داخل ہوتے وقت مسجد کے فرش پر جو وضو کے

---

(۱) عن ابن عمر : عن النبی صلی الله علیه و سلم قال لا تقبل صلاة بغیر طهور و لا صدقة من غلول . (سنن الترمذي، أبواب الطهارة، باب ما جاء لا تقبل صلاة بغیر طهور (۹۰/۱)، ط: رحمانیه)

☜ حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبد الرزاق بن همام حدثنا معمر بن راشد عن همام بن منبه أخی وهب بن منبه قال هذا ما حدثنا أبو هریرة عن محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم . فذکر أحادیث منها وقال رسول الله صلی الله علیه وسلم - لا تقبل صلاة أحدکم إذا أحدث حتی یتوضأ. (الصحیح لمسلم، کتاب الطهارة، باب وجوب الطهارة للصلاة، (۱۵۲/۱)، ط: رحمانیه)

☜ قلت وبه ظهر أن تعمد الصلاة بلا طهر غیر مکفر کصلاته لغیر القبلة أو مع ثوب نجس وهو ظاهر المذهب کما فی الخانیة وفی سیر الوهبانیة وفی کفر من صلی بغیر طهارة مع العمد خلف فی الروایات یسطر

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، (۸۱/۱)، ط: سعید

☜ (هی) ستر (طهارة بدنه) أی جسده لدخول الأطراف فی الجسد دون البدن فلیحفظ (من حدث) بنوعیه وقدمه لأنه أغلظ (وخبث) مانع کذلک

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، (۴۰۲/۱)، ط: سعید

پانی کے قطرے گرتے ہیں وہ ناپاک نہیں ہوتے۔ (۱)

وضو کے پانی میں خاص طرح کی برکت ہوتی ہے

''وضو کا بچا ہوا پانی پینے کا راز'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۲/۲)

وضو کے چمکدار نشانات سے امت کی پہچان

''امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہچان'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۸/۱)

وضو کے ختم پر دعاء توبہ پڑھنے کا راز

☆ وضو میں ساتوں اندامول کو دھونا سات قسم کے گناہوں کو ترک کرنے کی طرف اشارہ ہے، اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کی صورت، اور ظاہر و باطن کی صفائی کی درخواست، اور زبان حال کی دعا ہے، اس کے بعد توبہ کی دعا کو زبان سے پڑھنا اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے کے لئے بہت ہی زیادہ مناسب ہے، کیونکہ جب انسان کا ظاہر پانی سے پاک ہوجاتا ہے تو یہ اس کی فطرت کا تقاضہ ہے کہ اس کا دل بھی اسی طرح پاک اور صاف ہوجائے مگر وہاں اللہ تعالیٰ کی قدرت کے سوا کسی کی رسائی نہیں اس لئے وضو کے بعد توبہ کی دعاء پڑھتے ہیں۔ (۲)

---

(۱) (أو) بماء (استعمل لـ) اجل (قربة) اى ثواب ولو مع رفع حدث ...... (أو) لأجل (رفع حدث) ولو مع قربة كوضوء محدث (أو) لأجل (إسقاط فرض) ...... (إذا انفصل عن عضو وإن لم يستقر) في شيء ...... (وهو طاهر).

وفي الرد: قوله (وهو طاهر الخ) رواه محمد عن الإمام وهذه الرواية هي المشهورة عنه واختارها المحققون قالوا عليها الفتوى لا فرق في ذلك بين الجنب والمحدث.

ردالمحتار، كتاب الطهارة باب المياه، مبحث الماء المستعمل، (۲۰۰/۱)، ط: سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۹۶/۱)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۲۲/۱)، ط: رشيدية

(۲) والله سبحانه بحكمته جعل الدخول عليه موقوفا على الطهارة، فلا يدخل المصلي عليه =

☆ اور دعائے توبہ ''وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے یہ دعا پڑھے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۴۷/۲)

وضو کے درمیان کے گناہ معاف

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جو وضو کرتے ہوئے باتیں نہ کرے، اور یہ پڑھے اس کے وضو کے درمیان کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ. (۱)

= حتى يتطهر. وكذلك جعل الدخول إلى جنته موقوفا على الطيب والطهارة، فلا يدخلها إلا طيب طاهر. فهما طهارتان: طهارة البدن، وطهارة القلب. ولهذا شرع للمتوضئ أن يقول عقيب وضوئه: "أشهد أن لا إله إلا الله، وأشهد أن محمدا عبده ورسوله. اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين". فطهارة القلب بالتوبة، وطهارة البدن بالماء. فلما اجتمع له الطهران صلح للدخول على الله تعالى، والوقوف بين يديه ومناجاته. (إغاثة اللهفان من مصايد الشيطان، الباب التاسع: في طهارة القلب من أدرانه ونجاسته، (۵۶/۱)، ط: مكتبة المعارف.

☆ المصالح العقلية، باب الوضوء، (ص: ۲۱)، ط: دار الإشاعت.

(۱) وروى عثمان بن عفان رضي الله عنه أنه قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من توضأ فغسل يديه ثم مضمض ثلاثًا، واستنشق ثلاثًا، وغسل وجهه ثلاثًا ويديه إلى المرفقين ثلاثًا، ومسح رأسه ثلاثًا، ثم غسل رجليه، ثم لم يتكلم حتى يقول: أشهد أن لا إله إلا الله وحده لاشريك له، وأشهد أنّ محمدًا عبده ورسوله، غفرله ما بين الوضوءين. (الترغيب والترهيب: (۶۹/۱) رقم الحديث: ۳۵۵، كتاب الطهارة، الترغيب في كلمات يقولهن بعد الوضوء، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

☆ كنز العمال: (۲۹۷/۹) رقم الحديث: ۲۶۰۸۱، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني، الفصل الثاني: في آداب الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ سنن الدار قطني: (۱۶۰/۱) رقم الحديث: ۳۰۵، كتاب الطهارة، باب تثليث المسح، ط: مؤسسة الرسالة.

وضو کے درمیان وضو ٹوٹ جائے

اگر وضو کرتے ہوئے بیچ میں وضو ٹوٹ جائے مثلاً ہوا خارج ہو جائے یا خون نکل کر بہہ جائے تو پھر شروع سے وضو کرنا ضروری ہے، ورنہ وضو صحیح نہیں ہوگا۔

حضرت معمر نے قتادہ سے روایت کیا ہے کہ وضو پورا ہونے سے پہلے وضو ٹوٹ جائے (مثلاً چہرہ یا ہاتھ دھونے کے بعد درمیان ریح خارج ہوگئی) تو پھر بالکل شروع سے وضو کرے۔[1]

وضو کے درمیان یا بعد کی ایک دعا

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرما رہے تھے، میں نے یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَ وَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَ بَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ.[2]

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے گناہ معاف فرما، ہمارے گھر کو کشادہ بنا، ہمارے رزق میں برکت عطا فرما۔

---

(۱) عن معمر، عن قتادة رضي الله عنه قال: إذا أحدث الرجل قبل أن يتم وضوءه استأنف الوضوء. (مصنف عبد الرزاق: (۱/۱۸۱) رقم الحديث: ۷۰۵، كتاب الطهارة، باب الرجل يحدث بين ظهراني وضوئه، ط: المكتب الإسلامي بيروت)

☜ عن ابن جريج قال: قال عطاء: إن توضأ رجل ففرغ من بعض أعضائه وبقي بعض فأحدث وضوء مستقبل. (مصنف عبد الرزاق (۱/۱۸۱) رقم الحديث: ۷۰۳، كتاب الطهارة باب الرجل يحدث بين ظهر اني وضوئه، ط: ادارة القرآن.

(۲) عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه قال: أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم بوضوء، فتوضأ، سمعته يدعو ويقول: اللّٰهم اغفر لي ذنبي ووسّع لي في داري وبارك لي في رزقي. (الأذكار للنووي: (ص: ۱۱۸، ۱۱۹) رقم الحديث: ٦٦٠، باب مايقول على وضوئه، ط: دار ابن كثير) =

وضو کے دوران اذان کا جواب دینا

اگر وضو کے دوران اذان شروع ہو جائے تو اذان کا جواب بھی دیتے رہیں، اور وضو بھی کرتے رہیں۔ (۱)

وضو کے دوران باتیں کرنا

وضو کے دوران بلاضرورت باتیں کرنا مکروہ ہے، البتہ ضروری بات کرنا بلاکراہت جائز ہے۔ (۲)

= ⇐ عمل اليوم والليلة لابن السني: (ص:۵۹) رقم الحديث: ۲۸، باب مايقول بين ظهراني الوضوء، ط: دار القبلة، بيروت.

⇐ اتحاف الخيرة المهرة: (۱/۳۳۱) رقم الحديث: ۵۸۱، كتاب الطهارة، باب مايقال بعد الوضوء، ط: دار الوطن.

(۱) عن أبي سعيد الخدري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما يقول المؤذن. (الصحيح لمسلم، كتاب الصلاة، باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه، (۱/۱۶۶)، ط: قديمي)

⇐ صحيح البخاري، كتاب الأذان، باب ما يقول اذا سمع المنادى، (۱/۸۶)، ط: قديمي

⇐ (ويجيب) وجوبا وقال الحلواني ندبا والواجب الإجابة بالقدم (من سمع الأذان) ...... (بأن يقول) بلسانه (كمقالته) ...... (إلا في الحيعلتين) فيحوقل (وفي الصلاة خير من النوم) فيقول صدقت وبررت ويندب القيام عند سماع الأذان بزازية ولم يذكر ...... (فيقطع قراءة القرآن لو) كان يقرأ (بمنزله ويجيب) لو أذان مسجده كما يأتي (ولو بمسجد لا) لأنه أجاب بالحضور وهذا متفرع على قول الحلواني وأما عندنا فيقطع ويجيب بلسانه مطلقا والظاهر وجوبها باللسان لظاهر الأمر في حديث إذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول. (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الأذان، (۱/۳۹۶-۳۹۹)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الصلاة، الباب الثاني، (۱/۵۷)، ط: سعيد

(۲) ويكره التكلم بكلام الناس لأنه يشغله عن الأدعية.

قوله: ويكره التكلم بكلام الناس) مالم يكن لحاجة تفوته بتركه. (حاشية الطحطاوي على المراقي، كتاب الطهارة، فصل في المكروهات، (ص: ۸۱)، ط: قديمي. =

وضو کے دوران کوئی حصہ خشک رہ جائے

''خشک رہ گیا''عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۲۰/۱)

وضو کے دوران منقول دعاؤں کی تحقیق

''اعضاءِ وضو کی دعاؤں کی تحقیق''عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۳/۱)

وضو کے ذریعہ کون سے گناہ معاف ہوتے ہیں

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا''جس نے وضو کیا اور اچھی طرح سے کیا تو اس کے جسم کے تمام گناہ دور ہو جاتے ہیں، یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے تک کے گناہ صاف ہو جاتے ہیں۔

تشریح:جسم اور روح میں نہایت ہی قریبی تعلق ہے، اس وجہ سے کسی ایک پر جو کیفیت طاری ہوگی، اس سے قدرتی طور پر دوسرا متاثر ہوتا ہے، نیکی اور بدی کا تعلق روح سے ہے، نیک اعمال سے نورانیت اور بدعملیوں سے ظلماتی اثرات روح پر پڑتے ہیں اور ان چیزوں کے اچھے اور برے اثرات سے جسم بھی ضرور متاثر ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ وضو ایک نیکی ہے اس کا تعلق اصل کے اعتبار سے روح سے ہے، اس وضو کے ذریعہ بدعملیوں کے ان ظلماتی اثرات کی صفائی ہو جاتی ہے جو روح کے توسط سے جسم پر بھی آئے ہوتے ہیں۔

حدیث شریف کے الفاظ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ پلکوں کی جڑوں

= ⇐ (و) عدم (التكلم بكلام الناس) إلا لحاجة لقوله

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱۲٦/۱)، ط:سعيد

ت الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول. الفصل الثالث، (۸/۱)، ط:سعيد

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱)، ط:سعيد

اور ناخنوں کے نیچے تک کے گناہ وضو سے دھل جاتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ گناہ صرف روح ہی کو ناپاک نہیں کرتا بلکہ جسم پر بھی روح کا یہ میل جسمانی میل کی طرح جم جاتا ہے، جس کو وضو اور اسی طرح دوسری نیکیاں دھوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان یہ ہے "ان الحسنات یذهبن السیئات" (بلاشبہ نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں) سورۂ ہود۔

روزانہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ معمولی گرد وغبار تو ذرا جھاڑنے جھٹکنے یا تھوڑا سا پانی بہا دینے سے صاف ہو جاتا ہے، لیکن جو میل زیادہ گہری جمی ہوتی ہے اس کے لئے رگڑنا، مسلنا، صابن وغیرہ لگانا ضروری ہوتا ہے، اسی طرح گناہوں کے بھی مختلف درجات ہیں، معمولی درجے کے چھوٹے گناہ تو دن رات کی عبادت اور وضو نماز وغیرہ کے ذریعہ معاف ہو جاتے ہیں، لیکن بڑے گناہوں کی صفائی کے لئے یہ چیزیں کافی نہیں ہوتیں انہیں دھونے کے لئے توبہ، استغفار اور ندامت وشرمندگی کے آنسوؤں کے قطروں کی ضرورت ہوتی ہے۔

مختلف اعمال صالحہ پر جو گناہوں کی معافی کی بشارت ہوتی ہے اس سے چھوٹے چھوٹے گناہ مراد ہوتے ہیں، اور بڑے گناہوں کی معافی کے لئے اللہ کے سامنے توبہ کرنا بھی ضروری ہے، اس لئے نیک اعمال کے ساتھ ساتھ توبہ واستغفار کا بھی اہتمام کرنا چاہئے۔ (۱)

---

(۱) عن عثمان بن عفان رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من توضأ فأحسن الوضوء خرجت خطاياه من جسده حتى تخرج من تحت أظفاره. (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب خروج الخطايا مع ماء الوضوء، (۱/ ۱۵۸)، ط: رحمانيه)

= وعن عبد الله الصنابحيّ رضى الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا توضأ العبد فمضمض خرجت الخطايا من فيه، فإذا استنثر خرجت الخطايا من أنفه، فإذا غسل وجهه خرجت الخطايا من وجهه حتى تخرج من تحت أشفار عينيه، فإذا غسل يديه خرجت الخطايا من يديه حتى تخرج من تحت أظفار يديه، فإذا مسح برأسه خرجت الخطايا من رأسه حتى تخرج =

وضو کے ساتھ سونا فرشتہ کے ساتھ سونا ہے

''فرشتہ کے ساتھ سونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۳/۲)

وضو کے شروع میں پہلے ہاتھ دھونا مسنون

''شروع میں ہاتھ دھونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۵۱/۲)

= من اذنيه، فإذا غسل رجليه خرجت الخطايا من رجليه حتى تخرج من تحت أظافر رجليه، ثم كان مشيهُ إلى المسجد وصلاته نافلة. (الترغيب والترهيب برقم الحديث: ۲۹٦، كتاب الطهارة، الترغيب في الوضوء وإسباغه، (۱/ ٦۱)، ط: دار الكتب العلمية.

ﻫ (خرجت خطاياه) هو محمول على الحقيقة بناء على أن الخطايا جواهر متعلقة ببدن الإنسان تتصل به وتنفصل عنه، لا اعراض كما قيل، قال السيوطي في قوت المغتذي: الظاهر حمله على الحقيقة، ثم حقق ذلك بأحاديث تدل على أن الذنوب جواهر وأجسام، ووافقه شيخنا في شرح الترمذي....ثم الظاهر عموم الخطايا، والعلماء خصصوها بالصغائر المتعلقة بحقوق الله للتوفيق بين الأدلة، فإن منها ما يقتضي الخصوص. (مرعاة المفاتيح، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۲/ ۵)، ط: ادارة البحوث الإسلامية.

ﻫ قوله حتى يخرج نقيا من الذنوب) اختلفوا في هذه الذنوب هل هي صغائر فقط دون الكبائر أو ما يعمهما فاختار المتأخرون أنها الصغائر فقط، لأن الحسنات يذهبن السيئات. (معارف السنن، أبواب الطهارة، باب ماجاء في فضل الوضوء، (۱/ ۳۷)، ط: سعيد.

ﻫ قوله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " من تَوَضَّأ فأحسن الوضُوء خرجت خطاياه من جسده حَتَّى تخرج من أظْفَاره "أَقُول: النَّظَافَة المؤثرة فِي جذر النَّفس، تقدس النَّفس، وتلحقها بِالْمَلَائِكَة، وتنسى كثيرا من الْحَالَات الدنية فَجعلت خاصيتها خاصية للْوُضُوء الَّذِي هُوَ شبحها ومظنتها وعنوانها. (حجة الله البالغة، القسم الثاني: في بيان أسرار ماجاء عن النبي صلى الله عليه وسلم تفصيلا من أبواب الطهارة، صفة الوضوء، (۱/ ۲۹۵) ط: دار الجيل)

ﻫ خرجت خطاياه) تمثيل وتصوير لبراءته، لكن هذا العام خص بالصغائر المتعلقة بحقوق الله تعالى لما يأتي "مالم يأت كبيرة" وللإجماع على ماحكاه ابن عبدالبر على أن الكبائر لاتكفر إلا بالتوبة وأن حقوق الآدميين منوطة برضاهم كذا نقله ابن حجر. (مرقاة المفاتيح، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۲/ ۹)، ط: رشيديه.

وضو کے شروع میں "بسم اللہ" پڑھنا

☆ وضو کے شروع میں "بسم اللہ" پڑھنا سنت ہے۔ (۱)

☆ اگر کسی نے "بسم اللہ" پڑھے بغیر وضو کر لیا تو وضو ہو جائے گا، اور ظاہری طہارت حاصل ہو جائے گی اور اس وضو سے نماز پڑھنے سے نماز بھی ہو جائے گی، لیکن وضو کامل نہیں ہوگا، اور سنت پر عمل کرنے کے ثواب سے محروم ہو جائے گا۔ (۲)

☆ علامہ نووی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب "الاذکار" میں لکھا ہے کہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پوری پڑھنا مستحب ہے، اور اگر صرف "بسم اللہ" پڑھے گا تب بھی کافی

(۱) والبداءة بالتسمية (أي من سنن الوضوء). (الدر المختار: (۱۰۸/۱) كتاب الطهارة، مطلب بمعنى بالي لا بمعنى جميع، ط: سعيد)

☆ الفتاوىٰ الهندية: (۶/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل، الفصل الثاني في سنن الوضوء ط: رشيديه.

☆ تبيين الحقائق: (۳،۳/۱) كتاب الطهارة، ط: امداديه.

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاصلوٰة لمن لا وضوء له ولا وضوء لمن لم يذكر اسم الله تعالىٰ. (سنن أبي داود: (۲۵/۱) كتاب الطهارة، باب في التسمية على الوضوء، ط: رحمانيه)

☆ سنن ابن ماجه: (ص: ۳۲) أبواب الطهارة، باب ماجاء في التسمية في الوضوء، ط: قديمي.

☆ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا وضوء – أي كاملاً – لمن لم يذكر اسم الله عليه. وقال القاضي: هذه الصيغة حقيقة في نفي الشيء، ويطلق مجازًا على نفي الاعتداد به لعدم صحته، كقوله عليه الصلاة والسلام: ولاصلوٰة إلاّ بطهور، وعلى نفي كماله كقوله عليه الصلاة والسلام: لاصلاة لجار المسجد إلاّ في المسجد. وهاهنا محمول على نفي الكمال: (مرقاة المفاتيح: (۱۰۶،۱۰۵/۲) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، ط: رشيديه)

☆ ترك السنة لا يوجب فسادًا ...... بل إساءة لو عامدًا غير مستخف، وقالوا: الإساءة أدون من الكراهة. (الدر المختار مع الرد: (۴۷۳/۱) كتاب الصلاة، مطلب: في قولهم الإساءة دون الكراهة، ط: سعيد)

☆ ويحتمل لا وضوء له متكاملاً في الثواب. (طحاوي: (۱۴/۱) كتاب الطهارة، باب التسمية على الوضوء، ط: حقانيه)

ہو جائے گا۔ [۱]

☆ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو فرماتے تو پانی کو ہاتھ پر رکھتے اور ''بسم اللہ'' پڑھتے، ابوبدر نے کہا جب آپ وضو کے لئے کھڑے ہوتے تو بسم اللہ پڑھتے، ہاتھ پر پانی ڈالتے۔ [۲]

وضو کے شروع میں کیا دعا پڑھے

وضو کے شروع میں پڑھنے کے لئے مختلف الفاظ منقول ہیں، اور وہ الفاظ یہ ہیں:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ''بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ'' [۳] اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ''بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَ تَمَامَ الصَّلَاةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِکَ وَ تَمَامَ مَغْفِرَتِکَ'' ۔ [۴]

---

(۱) بسم أن يقول في أوله : بسم الله الرحمن الرحيم ، وإن قال : بسم الله ، كفى . (الأذكار للنووي: (ص: ۱۱۳) باب مايقول على وضوئه ، ط: دار ابن كثير ، بيروت)

(۲) عن عائشة رضي الله عنه قالت : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم : إذا مس طهوره يسمى الله ، وقال ابو زيد : كان يقوم إلى الوضوء ، فيسمى الله ثم يفرغ الماء على يديه . (سنن الدار قطني : (۱۲۱/۱) رقم الحديث : ۲۲۳ ، كتاب الطهارة ، باب التسمية على الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة ، بيروت)

☆ نصب الراية : (۱۵/۱) كتاب الطهارة ، ط: مؤسسة الريان .

☆ السعاية : (۱۰۹/۱) كتاب الطهارة ، بيان سنة الابتداء بالتسمية ، ط: سعيد .

(۳) وعن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : يا أبا هريرة إذا توضأت فقل : بسم الله والحمد لله ...... الحديث . (مجمع الزوائد : (۲۲۰/۱) رقم الحديث : ۱۱۱۲ ، كتاب الطهارة ، باب التسمية عند الوضوء ، ط:

☆ كنز العمال : (۳۵۳/۹) رقم الحديث : ۲۶۹۳۱ ، حرف الطاء ، كتاب الطهارة من قسم الأفعال ، باب الوضوء ، أذكار الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة .

☆ البناية شرح الهداية : (۱۹۳/۱) كتاب الطهارة ، سنن الطهارة ، ط: دار الكتب العلمية .

(۴) عن علي رضي الله عنه أنه قال : قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم : يا علي إذا توضأت =

امام طحاوی سے "بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الإسْلَام"[1] پڑھنا منقول ہے۔

علامہ عینی نے مجتبی کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ وضو کے شروع میں "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، بِاسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الإسْلَام"[2] پڑھے۔

وضو کے طبی فوائد

''طبی فوائد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۶۵/۲)

وضو کے فرائض

وضو کے چار فرض ہیں: ① منہ کا دھونا۔ ② دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت

= فقل: بسم الله، اللّهم إنّي أسألك تمام الوضوء، و تمام الصلاة، و تمام رضوانك، وتمام مغفرتك. (إتحاف الخيرة المهرة: (۳۲۸/۱) كتاب الطهارة، باب التسمية عند الوضوء، ط: دار الوطن، الرياض)

⇦ كنز العمال: (۳۶۹/۹) رقم الحديث: ۲۶۹۹۳، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأفعال، باب الوضوء، أذكار الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة.

⇦ المطالب العالية: (۲۵۲/۲) كتاب الطهارة، باب الذكر على الوضوء، ط: دار العاصمة.

(۱) قال الطحاوي: هو ان يقول: بسم الله العظيم والحمد لله على دين الإسلام، هو المنقول عن السلف. (العناية في شرح الهداية: (۱۹/۱) كتاب الطهارة، ط: رشيديه)

⇦ البناية شرح الهداية: (۱۹۳/۱) كتاب الطهارة، سنن الطهارة، ط: دار الكتب العلمية.

⇦ المحيط البرهاني: (۱۷۰/۱) كتاب الطهارة، الفصل الأوّل في الوضوء، ط: إدارة القرآن.

(۲) وفي المجتبى: لوقال: بسم الله الرحمن الرحيم، بسم الله العظيم، والحمد لله على دين الإسلام لحسن. (البناية شرح الهداية: (۱۹۴/۱) كتاب الطهارة، سنن الطهارة، ط: دار الكتب العلمية)

⇦ اللباب في شرح الكتاب: (۳۴/۱) كتاب الطهارة، ط: قديمى.

⇦ السعاية (۱۰۸/۱) كتاب الطهارة، بيان سنة الابتداء بالتسمية ط: سعيد.

دھونا۔ ③ سر کا مسح کرنا۔ ④ دونوں پیروں کا ٹخنوں سمیت دھونا۔
ان چار اعضاء میں سے تین کو دھونے اور ایک کو مسح کرنے کا نام وضو ہے۔[1]

تفصیل:

① پہلا فرض تمام منہ کا ایک مرتبہ دھونا، خواہ وضو کرنے والا خود دھوئے یا کوئی دوسرا دھلوائے یا خود بخود دھل جائے، جیسے کوئی شخص دریا، ندی یا تالاب میں غوطہ لگائے، یا بارش کا پانی چہرے پر پڑ جائے اور تمام منھ دھل جائے۔

☆ اور تمام منہ سے مراد وہ سطح ہے جو اوپر پیشانی کی ابتداء سے نیچے ٹھوڑی تک اور دونوں اطراف میں دونوں کانوں کے درمیان میں ہے۔

☆ آنکھ کا جو گوشہ ناک کے قریب ہے اس کا دھونا فرض ہے، اور اکثر اس پر میل آجاتا ہے اس کو دور کر کے پانی پہونچانا ضروری ہے۔

☆ چہرے کے ساتھ جو سطح کان اور رخسار کے درمیان میں ہے اس کا دھونا بھی فرض ہے، خواہ داڑھی نکلی ہو یا نہیں۔

☆ اگر ٹھوڑی پر داڑھی کے بال نہ ہوں یا ہوں مگر اس قدر کم ہوں کہ کھال نظر آئے تو ٹھوڑی دھونا فرض ہے، اور اگر ٹھوڑی پر داڑھی کے بال اس قدر زیادہ ہوں کہ کھال نظر نہ آئے تو ٹھوڑی دھونا فرض نہیں ہے۔

☆ ہونٹ کا جو حصہ ہونٹ بند ہونے کے بعد نظر آتا ہے اس کا دھونا فرض

---

[1] والخلاصة: أن أركان الوضوء المتفق عليها أربعة: غسل الوجه واليدين والرجلين مرة واحدة والمسح بالرأس مرة واحدة. (الفقه الإسلامي وأدلته، القسم الأول: العبادات، الباب الأول: الطهارات، الفصل الرابع، المطلب الثاني فرائض الوضوء، (۱/ ۲۱۴)، ط: دار الفكر.

[2] الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، فرائض الوضوء، (۱/ ۵۸)، ط: مكتبة الحقيقة.

[3] الاختيار لتعليل المختار، كتاب الطهارة، (۱/ ۷)، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

ہے۔(۱)

② دوسرا فرض دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت ایک مرتبہ دھونا، خواہ وضو کرنے

(۱) (غسل الوجه) أى إسالة الماء مع التقاطر ولو قطرة وفى الفيض أقله قطرتان فى الأصح (مرة) لأن الأمر لا يقتضى التكرار (وهو) مشتق من المواجهة واشتقاق الثلاثى من المزيد إذا كان أشهر فى المعنى شائع كاشتقاق الرعد من الارتعاد واليم من التيمم (من مبدأ سطح جبهته) أى المتوضىء بقرينة المقام (إلى أسفل ذقنه) أى منبت أسنانه السفلى (طولا) كان عليه شعر أو لا عدل عن قولهم من قصاص شعره الجارى على الغالب إلى المطرد ليعم الأغم والأصلع والأنزع (وما بين شحمتى الأذنين عرضا) وحينئذ (فيجب غسل المياقى) وما يظهر من الشفة عند انضمامها (وما بين العذار والأذن) لدخوله فى الحد وبه يفتى (لا غسل باطن العينين) والأنف والفم وأصول شعر الحاجبين واللحية والشارب ونيم ذباب للحرج.

قوله: وأصول شعر الحاجبين) يحمل هذا على ما إذا كان كثيفين، أما إذا بدت البشرة فيجب...... وكذا يقال فى اللحية والشارب. (الدر المختار مع الرد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب فى فرض القطعى والظنى، (۱/ ۹۵ – ۹۸)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/ ۳ و ۴)، ط: رشيدية

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۱/ ۸۷ و ۸۸)، ط: ادارة القرآن

⇐ (وإذا نسى المتوضئ مسح رأسه فأصابه ماء المطر مقدار ثلاثة أصابع فمسحه بيده، أو لم يمسحه أجزاه عن مسح الرأس)، وكذلك الجنب إذا وقف فى المطر الشديد حتى غسله، وقد أنقى فرجه، وتمضمض، واستنشق، وكذلك المحدث إذا جرى الماء على أعضاء وضوئه؛ لأن الماء مطهر بنفسه قال الله تعالى: {وأنزلنا من السماء ماء طهورا}، والطهور الطاهر فى نفسه المطهر لغيره فلا يتوقف حصول التطهر به على فعل يكون منه كالنار فإنه لا يتوقف حصول الاحتراق بها على فعل يكون من العبد، وإذا ثبت هذا فى المغسول ثبت فى الممسوح بطريق الأولى؛ لأنه دون المغسول، والمعتبر فيه إصابة البلة، وعلى هذا الأصل قلنا بجواز الوضوء، والغسل من الجنابة بدون النية. (المبسوط للسرخسى، باب الوضوء والغسل، (۱/ ۷۲)، ط: دار المعرفة بيروت).

⇐ الأصل المعروف بالمبسوط للشيبانى، كتاب الصلاة، باب الوضوء والغسل من الجنابة، (۱/ ۵۲)، ط: ادارة القرآن.

⇐ والآلة لم تقصد إلا لايصال إلى المحل فإذا أصابه من المطر قدر الفرض أجزاه. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۳)، ط: سعيد

والا خود دھوئے یا کوئی دوسرا دھلوائے یا کسی اور طریقہ سے دھل جائیں، دونوں ایک مرتبہ ملا کر دھوئے یا الگ الگ دھوئے۔[(۱)]

☆اگر انگلیوں کی گھائی میں خلال کے بغیر پانی نہ پہونچے تو خلال کرنا فرض ہے۔[(۲)]

☆اگر کسی آدمی کے ایک جانب پورے دو پاؤں، یا دو ہاتھ ہوں تو وہ اگر دونوں ہاتھوں میں سے ہر ایک سے کام لیتا ہے اور چیزوں کو پکڑ سکتا ہے اور اٹھا سکتا ہے تو دونوں ہاتھوں کا دھونا فرض ہے، اسی طرح اگر دونوں پاؤں میں سے ہر ایک سے کام لیتا ہے، چل سکتا ہے تو دونوں پاؤں کو دھونا فرض ہے، اور اگر دونوں سے کام نہیں لے سکتا تو اگر دونوں جڑے ہوئے انگوٹھے ہوں تب بھی دونوں کا دھونا فرض ہے، اور اگر ملے ہوئے نہ ہوں بلکہ جدا ہوں تو صرف اسی کا دھونا فرض ہے جو کام دیتا ہے۔[(۳)]

---

(۱) (وغسل اليدين)...... (مرة) لما مر (مع المرفقين والكعبين) على المذهب وما ذكروا أن الثابت بعبارة النص غسل يد ورجل والأخرى بدلالته . (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه، (۱/۹۸)، ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۳)، ط: رشيدية

☜ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۱/۸۹)، ط: ادارة القرآن

(۲) وهذا بعد دخول الماء خلالها فلو منضمة فرض

وفي الرد: قوله (وهذا) أي وكون التخليل سنة ، قوله (فرض) أي التخليل لأنه حينئذ لا يمكن إيصال الماء إلا به فافهم (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في منافع السواك (۱/۱۱۸)، ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۱/۷)، ط: رشيدية

☜ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، نوع منه في بيان سنن الوضوء و آدابه، (۱/۱۰۹)، ط: ادارة القرآن

(۳) ولو خلق له يدان ورجلان فلو يبطش بهما غسلهما ولو بأحدهما فهي الأصلية فيغسلها.

وفي رد المحتار: (قوله: فلو يبطش)... والبطش قاصر على اليدين فلو قال: ويمشي بهما نظرا

ہاتھ پیر کے درمیان سے اگر دوسرا ہاتھ پیر جڑا (ملا ہوا) ہو تو اس کا دھونا فرض ہے بشرطیکہ اس مقام سے جڑا ہوا ہو جس کا دھونا وضو میں فرض ہے، مثلاً ہاتھ میں کہنی یا کہنی کے نیچے جڑا ہو، پیر میں ٹخنے کے نیچے سے جڑا ہو تو دھونا فرض ہے، اور اگر کہنی یا ٹخنے کے اوپر سے جڑا ہو تو اس قدر حصہ کا دھونا فرض ہے جو کہنی یا ٹخنے کے حصے کے مقابل میں ہو۔ (۱)

③ تیسرا فرض سر کے چوتھائی حصے کا مسح کرنا (۲)

= الى الرجلين لكان حسناً. ط ... والظاهر أنه يعتبر البطش أولاً، فان بطش بهما وجب غسلهما والا فان كانتا تامتين متصلتين وجب غسلهما وان كانتا منفصلتين لا يجب الا غسل الأصلية التى يبطش بها وهو حسن جمعاً بين العبارتين. (ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب فى معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، (۱/ ۱۰۲)، ط: سعيد)

☆ والظاهر أنه يعتبر البطش أولاً فان بطش بهما وجب غسلهما والا فان كانتا تامتين متصلتين وجب غسلهما وان كانتا منفصلتين لا يجب الا غسل الأصلية التى يبطش بها ، وهو حسن جمعاً بين العبارتين.

حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/ ٦۵)، ط:رشيديه

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۱۳) ط:سعيد

(۱) وكذا الزائدة ان نبتت من محل الفرض كأصبع عكف زائدين والا فما حاذى منها محل الفرض غسله ومالا فلا لكن يندب. مجتبى. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۰۲)، ط: سعيد)

☆ ويجب غسل كل ما كان مركبا على أعضاء الوضوء من الأصبع الزائدة والكف الزائدة ، كذا فى السراج الوهاج. ولو خلق له يدان على المنكب فالتامة هى الأصلية يجب غسلها والأخرى زائدة فما حاذى منها محل الفرض يجب غسله والا فلا. كذا فى فتح القدير.. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة ، الباب الأول فى الوضوء، الفصل الأول فى فرائض الوضوء، (۱/ ۳)، ط: رشيديه)

☆ حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الطهارة ،(۱/ ٦۵)، ط: رشيدية.

(۲) (ومسح ربع الرأس مرة) فوق الأذنين . (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب فى معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، (۱/ ۹۹)، ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/ ۵)، ط:رشيدية

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۱/ ۹۰)، ط:ادارة القرآن

④ چوتھا فرض دونوں پیروں کو ٹخنوں سمیت ایک مرتبہ دھونا فرض ہے، بشرطیکہ چمڑے کا موزہ پہنے ہوئے نہ ہو،[1] اگر پاؤں کی انگلیوں کی گھائی میں خلال کے بغیر پانی نہ پہونچے تو خلال کرنا فرض ہے۔[2]

☆ اگر پیروں پر چمڑے کے موزے پہنے ہوتو مسافر کے لئے تین دن تین رات اور مقیم کے لئے ایک دن ایک رات تک مسح کرنا جائز ہے،[3] اور اگر پیروں پر چمڑے کا موزہ نہ ہوتو پیروں کا دھونا فرض ہے، اور جو لوگ پیروں پر موزہ ہو یا نہ ہو ہر حال میں مسح کے قائل ہیں ان کا قول بالکل درست نہیں کیونکہ یہ قرآن وحدیث کے سراسر خلاف ہے۔[4]

---

(۱) (وغسل اليدين)...... (والرجلين) البادیتين السليمتين فإن المجروحتين والمستورتين بالخف وظيفتهما المسح (مرة) لما مر

وفي الرد: (البادیتين) أي الظاهرتين اللتين لا خف عليهما. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، (۹۸/۱)، ط: سعيد)

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۵/۱)، ط: رشيدية

⇦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، (۹۳/۱)، ط: ادارة القرآن

(۲) انظر رقم الحاشية: ۳ على الصفحة السابقة.

(۳) ويجوز للمقيم يوما وليلة وللمسافر ثلاثة أيام ولياليها، لقوله عليه السلام: يمسح المقيم يوما وليلة والمسافر ثلاثة أيام ولياليها. (الهداية، كتاب الطهارات، باب المسح على الخفين، (۵۷/۱)، ط: المصباح).

⇦ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (ص: ۱۳۱)، ط: قديمي.

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الخامس في المسح على الخفين، (۳۳/۱)، ط: رشيديه.

(۴) ولا عبرة بقوم تجارت بهم الأهواء، فأنكروا غسل الرجلين متمسكين بظاهر الآية، فإنه لا فرق عندي بين من قال بهذا القول ومن أنكر غزوة بدر أو أحد مما هو كالشمس في رابعة النهار. (حجة الله البالغة، القسم الثاني في بيان أسرار ما جاء عن النبي صلى الله عليه وسلم تفصيلا، من أبواب الطهارة، صفة الوضوء، (۲۹٦/۱)، ط: دار الجيل). =

وضو کے فوائد

وضو انسان کو ظاہری، باطنی گناہ اور غفلت ترک کرنے پر آگاہ کرتا ہے، اگر نماز وضو کے بغیر پڑھنے کی اجازت ہوتی، تو انسان غفلت کے پردہ میں ڈوبا رہتا، اور سستی اور غفلت میں نماز میں داخل ہو جاتا، دنیاوی ہموم، غموم اور کاموں میں مشغول رہ کر نشیلے آدمی کی طرح ہو جاتا اس لئے غفلت اور سستی کے نشہ کو اتارنے کے لئے وضو کا حکم دیا گیا، تاکہ انسان باخبر اور باحضور ہو کر اللہ کے آگے کھڑا ہو۔ (۱)

وضو کے قابل پانی ہے اور غسل بھی واجب ہے

اگر کسی آدمی پر غسل واجب ہے، اور اس کے پاس صرف وضو کے قابل پانی ہے، غسل کے لائق پانی نہیں ہے، تو اس صورت میں نماز کے لئے وضو اور غسل کے لئے تیمم کرنا جائز ہے، خواہ پہلے تیمم کرے یا پہلے وضو کرے اور پھر جنابت کے لئے تیمم کرے دونوں طرح جائز ہے۔ (۲)

= ☆ وعن عطاء ما علمت ان احدا من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم مسح على القدمين، فهذا إجماع من الصحابة على وجوب الغسل وهو يؤيد الأحاديث الصحيحة الظاهرة بمن جوز المسح على القدمين من الشيعة ومن شذ وقرأ الحسن وأرجلكم بالرفع بمعنى وأرجلكم مغسولة. (حلبی كبير فرائض الوضوء، (ص: ١٦)، ط: سهيل اكيڈمی).

☆ شرح النووي على المسلم، كتاب الطهارة، باب وجوب غسل الرجلين، (١٢٣/١)، ط: قديمی.

(١) وفقه ذلك أنها ظاهرة تسرع اليها الأوساخ وهي التي ترى و تبصر عند ملاقاة الناس بعضهم لبعض و أيضا التجربة شاهدة بأن غسل الأطراف و رش الماء على الوجه والرأس ينبه النفس من نحو النوم والغشي المثقل تنبيها قويا وليرجع الانسان في ذلك الى ما عنده من التجربة والعلم والى ما أمر به الأطباء في تدبير من غشي عليه أو أفرط به الاسهال والفصد.

حجة الله البالغة، القسم الأول، المبحث الخامس، باب أسرار الوضوء والغسل، (١٦٦-١٦٧/١)، ط: قديمی

(٢) وفي الهندية إذا كان للجنب ماء يكفي لبعض أعضائه أو للوضوء تيمم ولم يجب عليه =

وضو کے متعلق ایک جامع دعا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کی دعا سکھاتے ہوئے فرمایا: جب تم وضو شروع کرو تو یہ دعا پڑھو:

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الإِسْلَامِ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ إِذَا اَعْطَيْتَهُمْ شَكَرُوْا وَإِذَا ابْتَلَيْتَهُمْ صَبَرُوْا.

اور جب تم اپنے ستر کے مقام کو دھوؤ تو تین مرتبہ یہ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ.

اور جب کلی کرو یہ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى تِلَاوَةِ ذِكْرِكَ.

اور ناک صاف کرو تو یہ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِيْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ.

اور جب چہرہ دھوؤ تو یہ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ.

= صرفه إليه إلا إذا تيمم للجنابة ثم أحدث فإنه يجب عليه الوضوء لأنه قدر على ماء كاف ولا يجب عليه التيمم لأنه بالتيمم خرج عن الجنابة إلى أن يجد ماء كافيا للغسل كذا في شرح الطحاوي وغيره اهـ. (الدر المختار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۲)، ط:سعيد)

ﭫ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۰)، ط:رشيدية

ﭫ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر من هذا الفصل في مسائل المتفرقات، (۱/ ۲٦۱)، ط:ادارة القرآن

اور جب دایاں ہاتھ دھوؤ تو یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ آتِنِيْ کِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ وَحَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَسِيْرًا.

اور جب بایاں ہاتھ دھوؤ تو یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ لَاتُعْطِنِيْ کِتَابِيْ بِشِمَالِيْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِيْ.

اور جب سر کا مسح کرو تو یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِکَ.

اور جب کان کا مسح کرو تو یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُ اَحْسَنَهٗ.

اور جب پیر دھوؤ تو یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِيْ سَعْيًا مَشْکُوْرًا وَذَنْبًا مَغْفُوْرًا وَتِجَارَةً لَنْ تَبُوْرَ.

اور پھر آسمان کی طرف سر اٹھا کر کہو:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَفَعَهَا بِغَيْرِ عَمَدٍ.

فرشتے تمہارے سرہانے پڑھی ہوئی دعاؤں کو لکھیں گے اور اس پر مہر لگا کر آسمان پر لے جائیں گے، اور عرش کے نیچے رکھ دیں گے، قیامت تک اس بند مہر کو کوئی نہ کھولے گا۔ [1]

---

(1) عن أبي إسحاق السبيعي رفعه إلى علي بن أبي طالب: علمني رسول الله صلى الله عليه وسلم كلمات أقولهن عند الوضوء فلم أنسهن، كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أتى بماء فغسل يديه قال: بسم الله العظيم والحمد لله على الإسلام، اللّهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين، واجعلني من الذين إذا أعطيتهم شكروا وإذا ابتليتهم صبروا، فإذا غسل فرجه قال: اللّهم حصن فرجي للآلاء، وإذا تمضمض قال: اللّهم أعنّي على تلاوة ذكرك، وإذا استنشق =

(نوٹ) اگرچہ یہ دعائیں مستند طور پر ثابت نہیں ہیں، ان کو ضعیف اور منکر بھی کہا گیا ہے، مگر متعدد طرق سے حدیث اور فقہ کی کتابوں میں موجود ہیں۔ علامہ نووی نے ان دعاؤں کو اسلاف سے منقول کہا ہے، اس لئے ان دعاؤں کو پڑھنا نہ صرف جائز بلکہ بہتر ہے۔[1]

وضو کے مستحبات

وضو میں چودہ مستحب ہیں:

① وضو کرنے کے لئے کسی اونچے مقام پر بیٹھنا تاکہ استعمال کیا ہوا پانی جسم اور کپڑوں پر نہ پڑے۔[2]

= قال : اللّٰهم ارحني رائحة الجنة ، وإذا غسل وجهه قال : اللّٰهم بيّض وجهي يوم تبيض وجوه وتسود وجوه ، وإذا غسل يمينه قال : اللّٰهم آتني كتابي بيميني و حاسبني حسابًا يسيرًا ، وإذا غسل شماله قال : اللّٰهم لاتعطني كتابي بشمالي ولا من وراء ظهري ، وإذا مسح رأسه قال : اللّٰهم غشّني برحمتک ، وإذا مسح أذنيه قال : اللّٰهم اجعلني من الّذين يستمعون القول فيتّبعون أحسنه ، وإذا غسل رجليه قال : اللّٰهم اجعل لي سعيًا مشكورًا وذنبًا مغفورًا وتجارة لن تبور ، ثم رفع رأسه إلى السماء فقال : الحمد لله الّذي رفعها بغير عمد ، قال النّبي صلى الله عليه وسلم : والملک قائم على رأسه يكتب مايقول في ورقة ثم يختمه فيضعه تحت العرش فلايفک خاتمه إلى يوم القيامة . (كنز العمال : (۳۶۶/۹) رقم الحديث : ۲۶۹۹۱ ، حرف الطاء ، كتاب الطهارة من قسم الأفعال ، باب الوضوء ، أذكار الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة)

: البدر المنير : (۲۷۱/۲) الحديث الحادي والستون ، ط: دار الهجرة الرياض .

(۱) وأمّا الدعاء على أعضاء الوضوء فلم يجئ فيه شئ عن النّبي صلى الله عليه وسلم وقد قال الفقهاء : يستحب فيه دعوات جاءت عن السلف . (الأذكار للنووي : (ص: ۱۱۷، ۱۱۸) باب مايقول على وضوئه ، ط: دار ابن كثير)

٭ البدر المنير : (۲۸۰/۲) الحديث الحادي والستون ، ط: دار الهجرة الرياض .

(۲) (والجلوس في مكان مرتفع) تحرزا عن الماء المستعمل وعبارة الكمال وحفظ ثيابه من القاطر وهي أشمل . (الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة مطلب في تتميم مندوبات الوضوء : (۱۲۴/۱ - ۱۲۷) ، ط: سعيد) =

⑫ وضو کرتے وقت قبلہ رو ہو کر بیٹھنا۔ (۱)

⑬ اگر کوئی عذر اور مجبوری نہیں تو وضو کرتے وقت اعضاء دھوتے ہوئے کسی سے مدد نہ لینا بلکہ خود ہی دھونا، ہاں اگر کوئی عذر اور مجبوری ہے تو دوسرے سے مدد لینے میں کوئی قباحت نہیں ہے، اسی طرح اگر کوئی دوسرا آدمی پانی دیتا جائے اور وضو کے اعضاء کو خود دھوئے تو بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ (۲)

⑭ اعضاء کو جہاں تک دھونا فرض یا واجب ہے، اس سے تھوڑا سا زیادہ دھونا۔ (۳)

= ⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۹)، ط:سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۹)، ط:رشيدية

(۱) (ومن آدابه) ..... (استقبال القبلة). (الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في تعميم مندوبات الوضوء، (۱/۱۲۳ –۱۲۵)، ط:سعيد)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۸)، ط:سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۸)، ط:رشيدية

(۲) (وعدم الاستعانة بغيره) إلا لعذر وأما استعانته عليه الصلاة والسلام بالمغيرة فلتعليم الجواز.

وحاصله أن الاستعانة في الوضوء إن كانت بصب الماء أو استقائه أو إحضاره فلا كراهة بها أصلا ولو بطلبه وإن كانت بالغسل والمسح فتكره بلا عذر ولذا قال في التاتر خانية من الآداب أن يقوم بأمر الوضوء بنفسه ولو استعان بغيره جاز بعد أن لا يكون الغاسل غيره بل يغسل بنفسه.

(الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/۱۲۶ –۱۲۷)، ط:سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۸)، ط:سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۸)، ط:رشيدية

(۳)، ومن الآداب تعاهد موقيه وكعبيه وعرقوبيه وأخمصيه وإطالة غرته وتحجيله

قوله (وإطالة غرته وتحجيله) لما في الصحيحين عن أبي هريرة رضي الله عنه قال سمعت رسول الله يقول إن أمتي يدعون يوم القيامة غرا محجلين من آثار الوضوء فمن استطاع منكم أن يطيل غرته فليفعل وفي رواية فمن استطاع منكم فليطل غرته وتحجيله حلية وبه علم أن قول الشارح وتحجيله بالجر عطفا على غرته وفي البحر وإطالة الغرة تكون بالزيادة على الحد =

⑤ داہنے ہاتھ سے کلّی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا۔

⑥ بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔ (۱)

⑦ انگوٹھی وغیرہ اگر ایسی ہو کہ جسم تک پانی پہنچنے سے منع کرے تو اُسے حرکت دینا۔ (۲)

⑧ کانوں کے مسح کے وقت چھوٹی انگلی کو دونوں کانوں کے سوراخ میں ڈالنا۔ (۳)

= المحدود وفي الحلية والتحجيل يكون في اليدين والرجلين وهل له حد لم أقف فيه على شيء لأصحابنا ونقل النووي اختلاف الشافعية فيه على ثلاثة أقوال الأول أنه يستحب الزيادة فوق المرفقين والكعبين بلا توقيت الثاني إلى نصف العضد والساق الثالث إلى المنكب والركبتين قال والأحاديث تقتضي ذلك كله اهـ ونقل ط الثاني عن شرح الشرعة مقتصرا عليه. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في الغرة والتحجيل، (۱۳۰/۱)، ط: سعيد

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۸/۱)، ط: سعيد

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۹/۱)، ط: رشيدية

(۱) واعلم أن المذكور منها هنا ستا وثلاثون وشرحا نيف وعشرون ولنذكر ما بقي منها من الفتح والخزائن فمنها كما في الفتح ... والامتخاط باليسرى ... وزاد في وغسل الفم والأنف باليمنى. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في تتمة مندوبات الوضوء، (۱۲۳/۱ – ۱۲۵)، ط: سعيد)

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱)، ط: سعيد

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الرابع، (۹/۱)، ط: رشيدية

(۲) (وتحريك خاتمه الواسع) ومثله القرط وكذا الضيق إن علم وصول الماء وإلا فرض. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱۲۶/۱)، ط: سعيد

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۸/۱)، ط: سعيد

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۵/۱)، ط: رشيدية

(۳) (ومن آدابه) ... (وإدخال خنصره) المبلولة (صماخ أذنيه) عند مسحهما. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱۲۵/۱)، ط: سعيد)

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱)، ط: سعيد

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۷/۱)، ط: رشيدية

⑨ پیر دھوتے وقت داہنے ہاتھ سے پانی ڈالنا اور بائیں ہاتھ سے ملنا۔(۱)

⑩ سردیوں کے موسم میں پہلے ہاتھ پیروں کو تر ہاتھ سے ملنا تاکہ تمام عضو دھوتے وقت پانی آسانی سے پہنچ جائے کیونکہ بعض مرتبہ پیر پھٹے ہوئے ہوتے ہیں پانی کا پہنچانا مشکل ہوتا ہے۔(۲)

⑪ ہر عضو کو دھوتے وقت یا مسح کرتے وقت "بسم اللہ" اور کلمۂ شہادت پڑھنا اور عبادت کی نیت کرنا۔

⑫ وضو میں اور وضو کے بعد جو دعائیں احادیث شریف میں آئی ہیں ان کا پڑھنا۔(۳)

قوله (وغسل رجليه بيساره) لعل المراد به دلكهما باليسار لما قدمناه أنه يندب إفراغ الماء بيمينه ثم رأيت في شرح الشيخ إسماعيل قال يفرغ الماء بيمينه على رجليه ويغسلها بيساره اهـ واخرج السيوطي في الجامع الصغير عن أبي هريرة رضي الله عنه إذا توضأ أحدكم فلا يغسل أسفل رجليه بيده اليمنى. (رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في الغرة والتحجيل، (۱/۱۳۰)، ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط:سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۸)، ط:رشيدية

قوله (وبلهما الخ) أي الرجلين لكن في البحر عند الكلام على غسل الوجه عن خلف بن أيوب أنه قال ينبغي للمتوضيء في الشتاء أن يبل أعضاءه بالماء شبه الدهن ثم يسيل الماء عليها لأن الماء يتجافى عن الأعضاء في الشتاء اهـ . (رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في التمسح بمنديل، (۱/۱۳۱)، ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۸)، ط:سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۹)، ط:رشيدية

(والتسمية . كما مر (عند غسل كل عضو) وكذا الممسوح (والدعاء بالوارد عنده) أي عند كل عضو وقد رواه ابن حبان وغيره عنه عليه الصلاة والسلام من طرق قال محقق الشافعية الرملي فيعمل به في فضائل الأعمال وإن أنكره النووي

قوله: والتسمية كما مر)... وزاد في المنية: التشهد هنا أيضا. . (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱/۱۲۷)، ط:سعيد) =

⑬ وضو کے بچے ہوئے پانی کا کھڑے ہو کر پینا۔ [۱]

وضو کے مکروہات

① جو چیزیں وضو میں مستحب ہیں ان کے خلاف کرنے سے وضو مکروہ ہو جاتا ہے۔

② پانی ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا۔

③ پانی ضرورت سے کم خرچ کرنا۔

④ وضو کرنے کے دوران بلا عذر دنیوی باتیں کرنا۔

⑤ بلا عذر دوسرے سے وضو کے اعضاء دھلانا۔

⑥ منہ اور دوسرے اعضاء پر زور سے پانی کے چھینٹے مارنا۔

⑦ وضو کے اعضاء کو تین بار سے زیادہ دھونا۔

⑧ سر کا نئے نئے پانی سے تین بار مسح کرنا۔

⑨ وضو کے بعد ہاتھوں کا پانی جھٹکنا۔ [۲]

= ؎ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۸/۱)، ط: سعيد

؎ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۷/۱)، ط: رشيدية

(۱) وان يشرب بعده من فضل وضوئه (كماء زمزم) (مستقبل القبلة قائما) او قاعدا ولما عداهما يكره قائما تنزيها وعن ابن عمر كنا ناكل على عهد النبي صلى الله عليه وسلم ونحن نمشي ونشرب ونحن قيام ورخص للمسافر شربه ماشيا

وفي الرد: وفي السراج ولا يستحب الشرب قائما إلا في هذين الموضعين فاستعبد ضعف ما مشى عليه الشارح كما نبه عليه ح وغيره

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الشرب قائما (۱۲۹/۱)، ط: سعيد

؎ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱)، ط: سعيد

؎ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۸/۱)، ط: رشيدية

(۲) فمكروهات الوضوء، كراهة تحريمية هي ترك سنة مؤكدة من السنن التي تقدم ذكرها، =

....

= ومكروهاته كراهة تنزيهية هي ترك مندوب أومستحب أوفضيلة من الأمور التي ذكرناها تحت ذلك العنوان.(كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة،مباحث الوضوء، مكروهات الوضوء، (١/ ٨١)، ط: مكتبة الحقيقة.

: ويكره للمتوضئ ...... الإسراف في صب الماء...... والتقتير ......فيه،وضرب الوجه به، والتكلم بكلام الناس،و الاستعانة بغيره من غير عذر.

قوله: والتكلم بكلام الناس)مالم يكن لحاجة تفوته بتركه.(مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة، فصل في المكروهات، (ص: ٨٠، ٨١)،ط:قديمي).

: وأما مكروهاته فمنها:أن ينفض يديه،ذكره في الدراية،لماروى أنه صلى الله عليه وسلم قال:إذا توضأتم فلاتنفضوا أيديكم فإنها مراوح الشياطين.(البناية شرح الهداية، كتاب الطهارة،مكروهات الوضوء،(١/ ٢٥٥)،ط:دار الكتب العلمية).

: (ومكروهه لطم الوجه) أو غيره (بالماء) تنزيها والتقتير (والإسراف) ومنه الزيادة على الثلاث (فيه) تحريما لو بماء النهر والمملوك له وأما الموقوف على من يتطهر به ومنه ماء المدارس فحرام (وتثليث المسح بماء جديد) أما بماء واحد فمندوب أو مسنون

وفي الرد: قوله (أو غيره) أي غير الوجه من الأعضاء كما في الحاوي ولعل المصنف اقتصر على الوجه لما له من مزيد الشرف...... قوله (والتقتير) أي بأن يقرب إلى حد الدهن ويكون التقاطر غير ظاهر بل ينبغي أن يكون ظاهرا ليكون غسلا بيقين في كل مرة من الثلاث شرح المنية ...... قوله (والإسراف) أي بأن يستعمل منه فوق الحاجة الشرعية لما أخرج ابن ماجه وغيره عن عبد الله بن عمرو بن العاص أن رسول الله مر بسعد وهو يتوضأ فقال ما هذا السرف فقال أفي الوضوء إسراف فقال نعم وإن كنت على نهر جار حلية ...... قوله (ومنه) أي من الإسراف الزيادة على الثلاث أي في الغسلات مع اعتقاد أن ذلك هو السنة. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة،مطلب في التمسح بمنديل،(١/ ١٣١ - ١٣٢)، ط:سعيد)

: البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/ ٢٩)، ط:سعيد

: (وعدم الاستعانة بغيره) إلا لعذر وأما استعانته عليه الصلاة والسلام بالمغيرة فلتعليم الجواز (و)عدم(التكلم بكلام الناس)إلا لحاجة تفوته.(الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة،مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (١/ ١٢٦)، ط:سعيد)

. البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/ ٢٨)، ط:سعيد

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الرابع، (١/ ٩)، ط:رشيدية

وضو کے واجبات

مسئلہ: وضو میں چار واجب ہیں:

① بھنویں یا ڈاڑھی یا مونچھ اگر اس قدر گھنی ہوں کہ ان کے نیچے کی جلد چھپ جائے اور نظر نہ آئے تو ایسی صورت میں اس قدر بالوں کا دھونا واجب ہے جتنی سے جلد چھپی ہوئی ہے باقی بال جو جلد کے آگے بڑھ گئے ہیں ان کا دھونا واجب نہیں۔[1]

② کہنیوں کا دھونا واجب ہے۔[2]

③ چوتھائی سر کا مسح کرنا واجب ہے۔[3]

۱۔ فوجب غسله قبل نبات الشعر فاذا نبت الشعر يسقط غسل ما تحته عند عامة العلماء كثيفا كان الشعر أو خفيفا لأن ما تحته خرج أن يكون وجها لأنه لا يواجه اليه وكذلك لا يجب ايصال الماء الى ما تحت شعر الحاجبين و الشارب اهـ والمراد بالخفيفة التي لاترى بشرتها أما التي ترى بشرتها فانه يجب ايصال الماء الى ما تحتها كذا في فتح القدير ..... وصرح الولوالجي في باب الكراهية على أن المفتى به أنه لا يجب ايصال الماء الى ماتحته كالحاجبين البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۱)، ط:سعيد)

- الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه (۱/۹۷)، ط:سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول ، الفصل الأول، (۱/۳)، ط:رشيدية

۲۔ (وغسل اليدين) ... (مع المرفقين والكعبين) على المذهب وما ذكروا أن الثابت بعبارة النص غسل يد ورجل والأخرى بدلالته ومن البحث في إلى وفي القراء تين في ارجلكم قال في البحر لا طائل تحته بعد انعقاد الإجماع على ذلك.. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه، (۱/۹۸)، ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۸)، ط:سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۳)، ط:رشيدية

۳۔ والمفروض في مسح الرأس مقدار الناصية ، كذا في الهداية والمختار في مقدار الناصية ربع الرأس كذا في الاختيار شرح المختار . (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۵)، ط:رشيدية) =

④ فقہاء کرام نے وضو اور غسل کے احکام میں فرض اور واجب کی تفصیل نہیں کی ہے دونوں کو ایک ہی جگہ جمع کر دیا ہے بلکہ بعض فقہاء نے واجبات کو بھی فرض ہی کے عنوان سے بیان کیا ہے، اور بعض فقہاء نے یہ بھی لکھ دیا ہے کہ وضو اور غسل میں کوئی واجب نہیں ہے اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ وضو اور غسل میں واجب اور فرض دونوں عمل میں برابر ہیں، جیسا کہ فرض چھوٹنے سے وضو اور غسل نہیں ہوتا ویسا ہی واجب چھوٹنے سے بھی وضو اور غسل نہیں ہوتا، مگر دونوں میں فرق ہے مثلاً دونوں ہاتھوں کا دھونا فرض ہے اور کہنیوں کا دھونا واجب ہے، اسی طرح سر کا مسح کرنا فرض ہے اور چوتھائی سر کا مسح کرنا واجب ہے، اسی طرح دونوں پیروں کا دھونا فرض ہے اور دونوں ٹخنوں کا دھونا واجب ہے، اب جن فقہاء نے فرض اور واجب میں فرق کیا ہے انہوں نے دونوں کو الگ الگ بیان کیا ہے اور جن فقہاء نے دونوں میں فرق نہیں کیا ہے انہوں نے دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت اور دونوں پیروں کو ٹخنوں سمیت دھونا اور چوتھائی سر کے مسح کو فرض لکھا ہے۔ (۱)

= ردالمحتار، کتاب الطهارة، (۱/۹۹)، ط:سعید

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۱۳)، ط:سعید

أفاد انه لا واجب للوضوء ولا للغسل وإلا لقدمه

قوله (افاد الخ) حيث ذكر السنن عقب الأركان هنا وفي الغسل ولم يذكر لهما واجبا ولو لم يكن كلامه مفيدا ذلك لقدم ذكر الواجب على السنن لأنه أقوى فمقتضى الصناعة تقديمه وأراد بالواجب ما كان دون الفرض في العمل وهو أضعف نوعي الواجب لا ما يشمل النوع الآخر وهو ما كان في قوة الفرض في العمل لأن غسل المرفقين والكعبين ومسح ربع الرأس من هذا النوع الثاني وكذا غسل الفم والأنف في الغسل لأن ذلك ليس من الفرض القطعي الذي يكفر جاحده تأمل. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في السنة وتعريفها، (۱/۱۰۳)، ط:سعيد)

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۱۱)، ط:سعید

حلبی کبیر، فرائض الوضوء، (ص:۱۴)، ط:سہیل اکیڈمی.

وضو کے وقت معذور کیا نیت کرے

''معذور وضو کے وقت کیا نیت کرے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۱/۲)

وضو گھر سے کر کے مسجد جانے کا ثواب

باوضو گھر سے مسجد جانے پر حج کا ثواب'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۶/۱)

وضو میں اعضاء کو رگڑ کر دھونا

''رگڑ کر دھونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۶۹/۱)

وضو میں ایک ہاتھ سے منہ دھونا

''ایک ہاتھ سے منہ دھونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۹/۱)

وضو میں پہلے دایاں دھوئے

''دایاں دھوئے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۳۶/۱)

وضو میں دوسرے سے مدد لینا

وضو میں دوسروں سے مدد لینے کی دو صورتیں ہیں:

① وضو کے لئے پانی تیار کر کے لانا، مثلاً لوٹا بھر کر گرم یا ٹھنڈا پانی لانا یا ٹیوب ویل سے پانی نکالنے کے لئے دبانا وغیرہ۔

① اعضاء دھوتے یا مسح کرتے وقت مدد لینا یعنی بلا عذر اپنے اعضاء کو خود نہیں دھوتا بلکہ دوسروں سے دھلاتا ہے۔

تو ان میں سے پہلی صورت میں مدد لینا مکروہ نہیں ہے، البتہ دوسری صورت میں بلا عذر مدد لینا مکروہ ہے۔[1]

(۱) وحاصله ان الاستعانة فى الوضوء ان كانت بصب الماء او استقائه او احضاره فلا كراهة

وضو میں زائد پانی بہانا

پانی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، ضرورت سے زائد خرچ کرنا اللہ کی نعمت کو ضائع کرنا ہے، اور یہ نعمت کی ناشکری ہونے کی وجہ سے درست نہیں ہے، بعض لوگ جب نلوں سے وضو کرتے ہیں تو نلوں کو کھلا چھوڑ دیتے ہیں، پانی ضائع ہوتا رہتا ہے، اور وضو بھی کرتے رہتے ہیں، یہ اسراف ہونے کی وجہ سے حرام اور گناہ ہے، ہاں گرمی کے زمانے میں پانی سے ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے بدن پر، اعضاء وجوارح پر پانی بار بار گرانا اسراف نہیں ہے۔ (۱)

= بها أصلا ولو بطلبه وإن كانت بالغسل والمسح فتكره بلا عذر ولذا قال في التاتر خانية من الآداب أن يقوم بأمر الوضوء بنفسه ولو استعان بغيره جاز بعد أن لا يكون الغاسل غيره بل يغسل بنفسه (الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، (۱۲۶/۱ -۱۲۷)، ط: سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۸/۱)، ط: سعيد

ومن الآداب أن يقوم بأمر الوضوء بنفسه لحديث عمر رضي الله عنه قال ان لانستعين على وضوء نا ومع هذا لو استعان بغيره جاز بعد ان لايكون الغاسل غيره بل يغسل بنفسه وقد صح ان رسول الله صلى الله عليه وسلم استعان بالمغيرة بصب الماء ورسول الله صلى الله عليه وسلم كان يغسل. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، آداب الوضوء، (۱۱۲/۱)، ط: ادارة القرآن)

عن عبد الله بن عمر قال: رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلاً يتوضأ، فقال: لاتسرف لاتسرف. ومن الآيات الدالة على منع الإسراف قوله تعالى: ﴿ولا تسرفوا إنّه لايحبّ المسرفين﴾، فإنّه بعمومه يدلّ على أنّ الإسراف مطلقًا منهي عنه، فثبت من هذا كله أنّ نفس الإسراف في الوضوء حرام ...... واعلم أنّ للإسراف في الوضوء صور أحدها أن يسيل الماء على الأعضاء سيلانًا من غير حاجة وهو تضييع للماء مع مفاسد مارة. (السعاية: (۱۸۳/۱، ۱۸۵) كتاب الطهارة، استحباب مسح الرقبة، ط: سعيد)

(و مكروهه: لطم الوجه ...... بالماء ...... والإسراف) ومنه الزيادة على الثلاث (فيه) تحريمًا لو بماء النهر والمملوك له. وأمّا الموقوف على من يتطهر به، ومنه ماء المدارس فحرام. (قوله: والإسراف) أي بأن يستعمل منه فوق الحاجة الشرعية. (الدر مع الرد: (۱۳۲/۱) كتاب الطهارة، مطلب في الإسراف في الوضوء، ط: سعيد) =

